جب
دنیا
ریزہ ریزہ ہو جائے گی
ڈاکٹر محمد بن عبدالرحمن العریفی
www.KitaboSunnat.com
دارالسلام
کتاب و سنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ

جب
دُنیا
ریزہ ریزہ ہو جائے گی!
ڈاکٹر محمد عبد الرحمن العریفی
ترجمہ
قاری محمد اقبال عبد العزیز

پوسٹ بکس:22743 الریاض:11416 سعودی عرب فون:4043432-4033962 1 00966 فیکس:4021659
E-mail: darussalam@awalnet.net.sa, riyadh@dar-us-salam.com
Website:www.darussalamksa.com

• الریاض۔ العلیا۔ فون:4614483 01 فیکس:4644945 • الملز فون:4735220 01 فیکس:4735221 • سویلم فون:2860422 01
• جدوب الریاض: موبائل: 0503459695-0505196736 • قصیم (بریدہ): فون/فیکس:3696124 06 موبائل:0503417156
• مکہ مکرمہ: موبائل:0502839948-0506640175 • مدینہ منورہ فون: 8234446 04 فیکس:8151121 موبائل:0503417155
• جدہ فون: 6879254 02 فیکس: 6336270 • الخبر فون:8692900 03 فیکس:8691551
• خمیس مشیط فون/فیکس:3908027 04 موبائل:0500887341 • خمیس مشیط فون/فیکس:2207055 07 موبائل:0500710328

شارجہ فون:5632623 6 00971 — امریکہ • ہوسٹن فون:7220419 713 001 • نیویارک فون:6255925 718 001
لندن فون:4885 539 208 0044 — آسٹریلیا فون:4040 9758 2 0061

پاکستان (ہیڈ آفس ومرکزی شوروم)

• 36- لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور
فون:7110081-7111023-7232400-7240024 42 0092 فیکس:7354072 موبائل:0322-8484569
• غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون:7120054 فیکس:7320703 موبائل:0322-4439150
• Y-260 بلاک کمرشل ایریا، فیز III ڈیفنس، لاہور فون:042-5084895 موبائل:0321-4212174
Website: www.darussalampk.com E-mail: info@darussalampk.com
اسلام آباد F-8 مرکز، اسلام آباد فون/فیکس:2281513 51 0092 موبائل:5370378 0321
کراچی مین طارق روڈ، (D.C.HS / 110,111-Z) ڈالمن مال سے (بہادر آباد کی طرف) دوسری گلی، کراچی
فون:4393936 21 0092 فیکس:4393937 موبائل:0321-2441843

مكتبة دار السلام، ١٤٣١ هـ
فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية اثناء النشر
العريفي ، محمد عبدالرحمن
نهاية العالم. / محمد عبدالرحمن العريفي - الرياض ، ١٤٣١
٦٥٤ :ص مقياس ١٤x٢١ ، سم
ردمك: ٩٧٨-٦٠٣-٥٠٠-٠٦٤-٢
(النص باللغة الاوردية)
١- علامات القيامه ٢- السمعيات ١. العنوان
ديوي ٢٤٣ ١٤٣١/٩٢٧٤
رقم الإيداع: ١٤٣١/٩٢٧٤
ردمك: ٩٧٨-٦٠٣-٥٠٠-٠٦٤-٢

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

مضامین

honesty

honesty

honesty

honesty

عرض ناشر

عملی لحاظ سے کوئی کتنا ہی گیا گزرا مسلمان ہو، وہ بھی اس ایمان و یقین سے مشرف و منور ہے کہ قرآن کریم اللہ کا کلام ہے اور اللہ کے آخری رسول حضرت محمد ﷺ کے ارشادات حرف بحرف سچے موتیوں کی طرح دائمی آب و تاب رکھتے ہیں اور اٹل حقائق پر مبنی ہیں۔ فی الجملہ آپ ﷺ کا ہر قول اور عمل سچائی کا ایسا مینارۂ نور ہے جسے زمانے اور زندگی کی کوئی گردش کبھی بے نور نہیں کر سکتی۔ لہٰذا ظہورِ قیامت (The Day of Judgement) کے لیے آپ ﷺ جو کچھ فرما گئے ہیں اس پر ہمارا اٹل ایمان ہے۔ یہ دن آ کر رہے گا۔ قرآن کریم کے فرمان اور رسول اللہ ﷺ کے ارشادات کے بعد اب ہمیں اس بارے میں کسی اور دلیل کی کوئی ضرورت نہیں...... لیکن اتنی بڑی حقیقت سے ایسے روشن خیال مسلمانوں اور غیر مسلموں کو کس طرح روشناس کرایا جائے جو سامنے کی حقیقت کو بھی نقد و نظر کے ترازو میں تولتے ہیں۔ اور ایک واضح بات بھی عقلی دلیل کے بغیر قبول نہیں کرتے؟

ان سے عرض ہے۔ ذرا صحنِ گلستان پر نظر ڈالیے۔ خزاں کے جھونکے آتے ہیں تو سارا باغ کتنا ویران ہو جاتا ہے۔ پودے مرجھا جاتے ہیں، سبزہ و گُل اُجڑ جاتے ہیں، ہرے بھرے پتے زرد رُو ہو کر جھڑ جاتے ہیں۔ ڈالیاں ننگی ہو جاتی ہیں، فضا سنسان ہو جاتی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے سارے چمن زار پر موت کی پرچھائیاں چھا گئی ہیں۔ ایسے میں وہ کون ہے جو رحمت کی گھٹائیں بھیج کر بہاروں کے قافلے لاتا ہے اور مُردہ باغوں میں زندگی کی رُوح پھونک کر انھیں دوبارہ شاداب کر دیتا ہے؟ ایسی زبردست قدرت والے احکم الحاکمین کے لیے مرے ہوئے انسانوں کو از سرِ نو زندہ کر دینا کون سا مشکل کام ہے؟

وہ یقیناً ایسا ہی کرے گا اور قیامت کے دن سب کے سامنے اپنا تختِ جلال بچھا دے گا۔

کیا آپ نہیں دیکھتے کہ انسان دو مختلف جنسوں میں تقسیم ہے۔ ایک جنس مرد ہے اور دوسری جنس عورت ہے۔ اگر یہ دوئی نہ ہو، عورت اور مرد شادی کے بندھن میں ایک جوڑی نہ بنیں تو انسانی نسل کی بقا کا کوئی امکان باقی نہیں رہے گا۔ جنگل کے درندے، فضاؤں کے پرندے، پہاڑوں کی بستیاں، میدانوں کی آبادیاں، سمندروں کی مخلوق اور حشرات الارض سب اسی تضاد و توافق، دوئی اور جوڑی کے قانونِ قدرت کے تحت وجود میں آئے ہیں۔ اگر یہاں عورت اور مرد کی دوئی اور یک جائی سے اولاد کا سلسلہ جاری ہے تو اسی کارخانۂ زندگی میں شام و سحر کے الٹ پھیر، اور دن رات کی گردش سے نظامِ عالم قائم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں کوئی چیز اکہری نہیں۔ ہر چیز دوہری ہے۔ ہر گوشے میں دوئی اور جوڑی موجود ہے، یہاں زندگی ہے تو موت بھی ہے۔ اجالا ہے تو تاریکی بھی ہے۔ سیاہی ہے تو سفیدی بھی ہے۔ رات ہے تو دن بھی ہے۔ سردی ہے تو گرمی بھی ہے۔ خزاں ہے تو بہار بھی ہے۔ شمال ہے تو جنوب بھی ہے۔ مشرق ہے تو مغرب بھی ہے۔ بدی ہے تو نیکی بھی ہے۔ ظلمت ہے تو نور بھی ہے، جھوٹ ہے تو سچائی بھی ہے۔ ٹھیک اسی طرح یہ دنیا ہے تو آخرت بھی ہے!

اگر عالمِ آخرت نہ ہو۔ اگر یوم قیامت نہ ہو۔ نیکی کی جزا نہ ہو، بدی کی سزا نہ ہو تو پھر اس فانی دنیا کی زندگی سراسر لغو، کھیل تماشا اور دفترِ بے معنی ہے۔ دنیا کا صحیح مفہوم قیامت کے دن پر ایمان ہی کی بدولت اجاگر ہوتا ہے۔ جو لوگ آخرت کے قائل نہیں، وہ عقل و بصیرت سے خالی ہیں۔ دنیا کی زندگی اتنی بودی اور فانی ہے جیسے چار گھڑی کا کھیل تماشا...... کیا یہ سارا کارخانۂ ہستی صرف اس لیے بنایا گیا ہے کہ چند دنوں تک کھیلو کودو اور پھر سب کچھ ختم ہو جائے؟ اگر اعمال کے نتائج و ثمرات کے لیے آخرت کی زندگی نہ ہو تو

یہاں جو کچھ ہے وہ لہو ولعب سے زیادہ کچھ نہیں، قرآن کریم نے اس بارے میں جابجا بڑے بلیغ اشارے کیے ہیں۔ خاص طور پر سورۃ الانعام کی آیت 26 سے لے کر آیت 30 تک جو کچھ فرمایا ہے، وہ اس قدر واضح اور روشن ہے کہ ہماری نگاہِ ظاہر بین سے سارے پردے ہٹا کر قیامت کا نقشہ پوری طرح اُجاگر کر دیتا ہے۔ ارشاد فرمایا:

''کافر کہتے ہیں کہ ساری زندگی بس یہی دنیا کی زندگی ہے، ہمیں مر کر پھر نہیں اٹھنا۔ اے انسان! اگر تو ان لوگوں کو اس حالت میں دیکھے جب یہ قیامت کے دن اپنے رب کے حضور کھڑے کیے جائیں گے تو تُو بڑا تعجب کرے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا: تم مرنے کے بعد جی اٹھنے کا انکار کرتے تھے۔ اب تم مرنے کے بعد پھر جی اٹھے ہو۔ بتلاؤ کیا یہ حقیقت نہیں ہے؟ یہ لوگ کہیں گے: ہاں! پروردگار کی قسم...... اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم دنیا میں اس اخروی زندگی کا انکار کرتے رہے۔ اب اس کی پاداش میں عذاب کا مزہ چکھو۔ یقیناً وہ لوگ تباہی و بربادی میں پڑ گئے جنھوں نے مرنے کے بعد اللہ سے ملاقات کو جھٹلایا۔''

قرآن کریم اللہ رب العزت کی وحدانیت، ربوبیت اور رحمت کی صفاتِ عالیہ کے بعد سب سے زیادہ وضاحت سے اللہ تعالیٰ کی شانِ عدالت ہی بیان کرتا ہے۔ وہ بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شانِ عدل کے ظہور کا سب سے بڑا دن قیامت کا دن ہوگا۔ اس دن ہر شخص اپنے اعمال نامے کے اندراجات دیکھے گا۔ اپنی کرنی کا پھل پائے گا اور ﴿فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ۝﴾ کا نظارۂ انصاف دیکھ کر دنگ رہ جائے گا۔

محترم قارئین! یہاں تک جو کچھ عرض کیا، اس پس منظر میں مجھے دنیائے عرب کے معروف دانشور، ڈاکٹر محمد بن عبدالرحمٰن العریفی کی یہ کتاب ''**نهاية العالم**'' بہت پسند آئی۔

ڈاکٹر صاحب بہت بڑے عالم دین ہیں۔ جدید زندگی کے مسائل سے باخبر ہیں۔ آج کے انسان کی الجھنیں اچھی طرح سمجھتے ہیں اور پیچیدہ معاملات کی گرہ کھول کر دینی زندگی کے نقوش اُجاگر کرنے کا سلیقہ خوب جانتے ہیں۔ ان کی یہ کتاب قیامت کی نشانیاں بتا کر انسان کی اصل ذمہ داری یاد دلاتی ہے۔ اسی لیے یہ زیادہ سے زیادہ توجہ اور احترام سے مطالعے کی مستحق ہے۔ جلیل القدر مصنف نے قرآن وسنت کی روشنی میں جس محنت اور باریک بینی سے یہ آگہی بخش کتاب لکھی ہے، اسی محنت اور سلیقے سے ہمارے فاضل رفیق ادارہ قاری محمد اقبال عبدالعزیز نے اس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ اور دارالسلام کے سینئر ریسرچ سکالر اور معروف مترجم مولانا محمد خالد سیف نے اس پر نظر ثانی کا حق خوب ادا کیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے قیامت کی جو نشانیاں بیان فرمائیں۔ ان میں سے کئی نشانیاں اپنے ظہور کے بعد اوراق تاریخ پر اپنے نقوش ثبت کر گئیں۔ کئی نشانیاں سامنے نظر آ رہی ہیں اور کئی مستقبل کے پردے سے جھانک رہی ہیں۔ محترم مصنف نے ظہور دجال، نزولِ مسیح، یاجوج ماجوج کے نمودار ہونے کے علاوہ مشرق ومغرب کے بدکاروں کو زمین میں دھنسا دینے کے واقعات، مغرب سے سورج طلوع ہونے کی علامت اور اُس بھڑکتی ہوئی آگ کا ہوشربا منظر بیان کیا ہے جو قیامت کے دن لوگوں کو ہانک کر حشر کے میدان میں لے جائے گی۔ ﴿فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ ۝﴾

اس کتاب کی پروف خوانی ادارے سے منسلک علمائے کرام کی معتمد ٹیم میں سے مفتی عبدالولی خان، قاری عمار فاروق سعیدی، مولانا محمد عمران صارم، مولانا ساجد الرحمٰن اور حافظ محمد ندیم نے کی۔ ڈیزائننگ جناب شہزاد صاحب نے اور ان کی معاونت جناب ہارون الرشید نے کی ہے۔ مدیر دارالسلام لاہور عزیزم حافظ عبدالعظیم اسد کی ہمہ جہت

نگرانی اور مساعیٔ جمیلہ کے نتیجے میں اب یہ کتاب منظرِ عام پر آرہی ہے۔ اس کتاب میں علاماتِ قیامت اُجاگر کرنے کے لیے نہایت خوبصورت روشن و رنگین تصاویر اور 40 نادر نقشے بھی دیئے گئے ہیں، یہ تصاویر اور نقشے اس کتاب کا خاص امتیاز ہیں۔

پانی، ہوا، سورج کی کرنوں اور چاند کی چاندنی کی طرح ہدایت کی روشنی پانا بھی ہر انسان کا قدرتی حق ہے۔ دارالسلام دنیا کے ہر انسان تک اللہ کی رحمت کا پیغام اور اسوۂ حسنہ کی تجلیاں پہنچانا اپنا اولین فرض سمجھتا ہے۔ اسی غایت کے پیشِ نظر ہم نے زیرِنظر کتاب کا بہت آسان اور دلنشین انگریزی میں ترجمہ بھی شائع کیا ہے۔ جو محترم خواتین و حضرات عربی اور اردو سے بیگانہ ہیں وہ اس کتاب کے انگریزی کے نہایت خوبصورت ایڈیشن سے بخوبی مستفید ہو سکتے ہیں۔

ہر محترم بھائی اور بہن سے درخواست ہے کہ یہ کتاب خود بھی پڑھیے اور اپنے اہلِ خانہ کو بھی پابندی سے سنائیے۔ آج ہی سے اپنی قوتِ ارادی کی تربیت کیجیے۔ خواہشات و جذبات کے ہیجان سے بچیے۔ اللہ کے آگے جھک جائیے۔ اور نیکیوں کا توشہ اکٹھا کرنا شروع کر دیجیے۔ اس کا صلہ یہ ملے گا کہ کل آپ قیامت کی ہلچل اور ہجوم میں جدھر سے بھی گزریں گے پروردگار کا دستِ رحمت آپ کے تصور سے بڑھ کر آپ کا خیر مقدم کرے گا۔

خادم کتاب وسنت

عبدالمالک مجاہد

اکتوبر 2010ء

مینیجنگ ڈائریکٹر دارالسلام لاہور، ریاض

مقدمہ

«اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِينَ، نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِينَ، أَفْضَلُ الصَّلَاةِ وَأَزْكَى التَّسْلِيمِ۔ أَمَّا بَعْدُ:

عصر حاضر میں رطب ویابس سب خلط ملط ہو کر رہ گیا ہے اور نوبت یہاں تک آ پہنچی ہے کہ بک سٹورز پر دستیاب کتب میں اور انٹرنیٹ پر محض وہم و گمان اور اندازے سے مستقبل کے ان واقعات کو بیان کیا جاتا ہے، جن کی بنیاد ان آیات و احادیث پر ہے، جن میں مستقبل کے ان واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جو علاماتِ قیامت سے متعلق ہیں۔

جیسے جیسے اسلام اور ملت اسلامیہ کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے، لوگوں نے ان ناموافق حالات سے نکلنے کی راہ تلاش کرنی شروع کر دی ہے۔ کبھی آپ ظہورِ مہدی کی خبر سنتے ہیں تو کبھی یہود و نصاریٰ کے خلاف اہلِ اسلام کے اس عظیم معرکے کی جس کی اطلاع احادیث میں دی گئی ہے اور کبھی یہ خبر کہ مشرق یا مغرب میں کچھ لوگ زمین میں زندہ دھنس گئے ہیں، وغیرہ۔

کچھ عرصہ قبل ایک افریقی ملک میں جانے کا اتفاق ہوا تو میں نے دیکھا کہ ان کے ہاں ایک شخص ظاہر ہوا ہے جس کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ مسیح عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ہے اور

آسمان سے نازل ہوا ہے۔

میں نے ان حالات میں ضروری خیال کیا کہ علاماتِ قیامت کی درست تعبیر وتشریح کردی جائے اور لوگوں کو ان کے صحیح معنی ومفہوم سے آگاہ کردیا جائے، زیرِ نظر کتاب اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے پیش کی جارہی ہے۔

میں ان حضرات کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں، جنھوں نے اس کتاب کو پریس میں جانے سے قبل گہری توجہ سے پڑھا اور اپنے قیمتی ملاحظات اور آراء سے نوازا۔ ان حضرات علماء کرام میں سرِفہرست ڈاکٹر سلمان بن فہد العودہ، شیخ ڈاکٹر عبدالعزیز آل عبداللطیف، محدثِ عصر شیخ عبدالعزیز الطریفی حفظہ اللہ اور بعض دوسرے کرم فرما شامل ہیں۔ ان تمام شخصیات کی میرے ساتھ شفقت اور حسن سلوک ناقابل فراموش ہے۔ میں بارگاہِ الٰہی میں دعا گو ہوں کہ وہ اس کتاب کو نفع کا باعث بنائے، اسے خالصتاً اپنی رضا کے لیے قبول فرمائے اور اسے ایک ایسا نفع بخش علم بنادے، جو روزِ قیامت ہمارے حق میں شہادت دے۔ آمین

ڈاکٹر محمد بن عبدالرحمٰن العریفی

استاذ عقیدہ ومعاصر ادیان ومذاہب

ملک سعود یونیورسٹی۔ ریاض

رکنِ اعلیٰ کمیٹی برائے اسلامی ذرائع ابلاغ

محرم 1431ھ 2010ء

موبائل: 966505845140

ای میل: Moharifxie@gmail.com

اظہارِ تشکر

میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں، جنھوں نے اس کتاب کی طباعت واشاعت میں مدد فرمائی خصوصاً برادرم پروفیسر محمد بن عبدالکریم العمادی، برادرم پروفیسر عبدالرحمٰن بن سلمان الحلافی اور سعودی ٹیلی کام کارپوریشن (STC)، میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ ان سب کو عظیم اجر وثواب عطا فرمائے اور اس کتاب کو ایسا علم نافع بنادے، جو روزِ قیامت ہم سب کے بارے میں شہادت دے۔ آمین!

●●●●

علاماتِ قیامت کے بارے میں تالیف کا مقصد؟

کسی بھی معاملے کے بارے میں جب انسان گفتگو کرے اور تحقیق سے کام لے، تو ضروری ہے کہ اس تحقیق اور عمل کے نتیجہ میں کچھ ثمرات وفوائد بھی حاصل ہوں۔

سوال: کیا علامات قیامت کی تحقیق ومعرفت کے ہماری عملی زندگی میں واقعی کچھ فوائد ہیں، یا یہ محض معلومات ہی ہیں، جنھیں ایک انسان اپنے علمی ذخیرے میں اضافہ کے لیے جمع کرتا رہتا ہے اور روزمرہ کی عملی زندگی میں ان کی کوئی خاص تاثیر نہیں ہے؟

جواب: امرِ واقع یہ ہے کہ قرآن مجید اور سنتِ مطہرہ میں علاماتِ قیامت کا ذکر موجود ہے اور انسان کی عملی زندگی میں اس کے متعدد فوائد وثمرات ظاہر ہوتے ہیں، جن میں سے کچھ درج ذیل ہیں:

① ایمان بالغیب کی مضبوطی، یہ عقیدہ ایمان کے چھ ارکان میں سے ایک ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ﴾ [1]

''وہ لوگ جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں۔''

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

[1] البقرة 2:3.

«أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوا أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيُؤْمِنُوا بِي وَبِمَا جِئْتُ بِهٖ، فَإِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ عَصَمُوا مِنِّي دِمَائَهُمْ وَ أَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ»

''مجھے لوگوں سے قتال کرنے کا حکم دیا گیا ہے تا آنکہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور مجھ پر اور میری لائی ہوئی شریعت پر ایمان لے آئیں، جب وہ ایسا کریں گے تو مجھ سے اپنے خون اور مال محفوظ کر لیں گے سوائے ان کے حق کے اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہوگا۔'' [1]

ایمان بالغیب کے معنی یہ ہیں کہ ہر اس چیز پر کامل ایمان ویقین رکھا جائے، جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یا اس کے رسول ﷺ نے خبر دی ہو اور وہ خبر صحیح طریق سے آپ ﷺ سے منقول ہو، چاہے اس کا مشاہدہ ہم نے کیا ہو یا نہ کیا ہو، ہم اس بات کا یقین رکھیں کہ یہ بات سچ اور حق ہے اور انھی چیزوں میں سے علاماتِ قیامت بھی ہیں، مثلاً: خروجِ دجّال، نزولِ عیسیٰ ابنِ مریم علیہما السلام، یاجوج وماجوج کا نکلنا، خروجِ دَابّہ (ایک عجیب الخلقت جانور کا نکلنا)، مغرب سے طلوعِ آفتاب اور اسی طرح کی دیگر علامات جو صحیح دلائل سے ثابت ہیں۔

② علاماتِ قیامت کے بارے میں جاننے کا ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ آدمی اپنے نفس کو مسلسل اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر آمادہ کرتا ہے اور روزِ قیامت کے لیے

[1] صحيح مسلم، الإيمان، حديث:21.

اپنے آپ کو تیار کرتا ہے۔ ان کے ذکر سے غافل لوگ بیدار اور توبہ پر آمادہ ہوتے ہیں، یہ چیز انھیں دنیا کی طرف مائل نہیں ہونے دیتی۔ امام الانبیاء محمد مصطفیٰ ﷺ نے اپنی حیاتِ مبارکہ میں علاماتِ قیامت میں سے جب بھی کسی نشانی کا مشاہدہ فرمایا تو آپ نے اپنے اصحاب کو اسی انداز پر تیار کیا۔ ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دفعہ نبی کریم ﷺ ان کے پاس گھبرائے ہوئے آئے اور فرمایا:

«وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هٰذِهِ»

”عربوں کے لیے اس شر اور فتنہ سے تباہی ہے جو بہت قریب آپہنچا ہے۔ آج یاجوج وماجوج کی دیوار میں اتنا سوراخ پڑ گیا ہے۔“ پھر آپ نے انگشت شہادت اور درمیانی انگلی سے حلقہ بنایا۔ [1]

③ علاماتِ قیامت میں متعدد شرعی احکام اور فقہی مسائل بھی بیان ہوئے ہیں، دجال کے زمین میں ٹھہرنے کے واقعہ میں بیان ہوا ہے کہ ایک دن سال کے برابر اور ایک دن مہینہ کے برابر ہوگا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نبی کریم ﷺ سے دجال کے ان طویل ایام کے بارے میں سوال کیا جو وہ زمین پر بسر کرے گا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا اس طویل دن میں ایک دن کی (پانچ) نمازیں کافی ہوں گی؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”نہیں بلکہ تم اوقات کا اندازہ

[1] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3346، وصحيح مسلم، الفتن، حديث:2880

کر کے عام دنوں کے دورانیے کے مطابق نمازوں کا وقت متعین کر لینا۔“[1]

ہمیں نبی کریم ﷺ کے اس فرمانِ گرامی قدر سے معلوم ہوا کہ وہ مسلمان جو ایسے ممالک میں رہائش پذیر ہوں، جہاں دن اور رات کئی مہینوں پر محیط ہوتے ہیں، وہ نمازیں کس طرح ادا کریں۔

④ نبی کریم ﷺ نے تمام علاماتِ قیامت کے بارے میں امت کو آگاہ فرما دیا، حالانکہ یہ تمام امور غیبی ہیں، انھیں محض ظن وتخمین سے معلوم نہیں کیا جا سکتا، اسی طرح یہ امور نبی کریم ﷺ کی نبوت و رسالت کی صداقت کی بھی دلیل ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ۝﴾

”وہ غیب کا جاننے والا ہے، اور اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا، سوائے اس رسول کے جسے وہ پسند کر لے تو اس کے آگے اور پیچھے نگہبان مقرر کر دیتا ہے۔“[2]

⑤ علاماتِ قیامت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ ہم جان لیتے ہیں کہ ان واقعات کا سامنا شرعی طریقے سے کیسے کرنا ہے اور اس طرح معاملے کے خلط ملط ہونے کا امکان نہیں رہتا، مثلاً: ہمیں دجال کے بارے میں تفصیل کے ساتھ خبر دی گئی ہے حتیٰ کہ اس کی آنکھوں، اس کی پیشانی اور ان چیزوں کے بارے میں بھی جو اس کے پاس ہوں گی، آگاہ

---

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2937. [2] الجن 72:26,27.

علاماتِ قیامت کے بارے میں بنیادی اصول

علاماتِ قیامت کے موضوع پر قدیم وجدید علماء نے بے شمار کتب تصنیف کی ہیں اور یہ سلسلہ ہنوز جاری وساری ہے۔ وقتاً فوقتاً ٹی وی چینلز، ریڈیو اور انٹرنیٹ پر علامات قیامت کے بارے میں بحث وتمحیص ہوتی رہتی ہے مگر اس سلسلے میں وارد نصوص کے سمجھنے میں بعض لوگ خلطِ بحث اور اضطراب میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

میں نے اس تناظر میں یہ ضروری خیال کیا کہ علاماتِ قیامت اور ان کے بارے میں وارد نصوص شرعیہ کے ساتھ تعامل سے متعلق کچھ بنیادی اصولوں کو بیان کر دیا جائے۔

① استدلال کے لیے صرف قرآنی آیات اور صحیح احادیث پر انحصار کیا جائے، اس لیے کہ یہی دو ایسے ذرائع ہیں، جن سے غیبی چیزوں کے بارے میں درست اطلاع مل سکتی ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝﴾

''کہہ دیجیے کہ آسمانوں اور زمین والوں میں سے اللہ کے سوا کوئی بھی غیب کا علم نہیں رکھتا اور وہ (تمھارے معبود تو یہ بھی) نہیں جانتے کہ کب

وہ (زندہ کرکے) اٹھائے جائیں گے۔"[1]

نیز ارشاد ہے:

﴿عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ○ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ﴾

"(وہی) عالم الغیب ہے سو وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا، سوائے اس رسول کے جسے وہ پسند فرمائے۔"[2]

اللہ تعالیٰ نے دینی مصلحتوں کے پیشِ نظر اپنے نبی حضرت محمد ﷺ کو بھی غیب کی بعض باتوں سے مطلع فرمایا، جن میں سے اَشراطِ (علاماتِ) قیامت بھی ہیں اور غیب کی ان باتوں کا تعلق مستقبل سے ہے۔

اگر علاماتِ قیامت کی پہچان اسرائیلی روایات سے یا خوابوں سے کی جائے یا پھر سیاسی واقعات کو بلا دلیل علاماتِ قیامت میں شمار کیا جائے، تو یہ طرزِ عمل بالکل نامناسب ہے۔

اسی طرح یہ بھی از حد ضروری ہے کہ جس نص کو آپ بطورِ دلیل پیش کر رہے ہوں، وہ صحیح سند سے ثابت ہو خواہ وہ نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب ہو یا آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک کی طرف۔

آج کل علامات قیامت کے موضوع کو لوگوں میں جوش و خروش پیدا کرنے، کتابوں کی تجارت کو فروغ دینے اور ان کے قارئین کی تعداد میں اضافہ کرنے کی خاطر، غریب، شاذ اور اوہام واحلام پر مبنی باتیں شامل کرنے کا ایک رواج سا چل نکلا ہے۔ اسی نوعیت کی ایک دلچسپ عبارت جو میں نے پڑھی، یوں ہے: ترکی میں

---

[1] النمل 65:27. [2] الجن 27,26:72.

استنبول کے ایک کتب خانہ ''دار الکتب الاسلامیہ'' میں تیسری صدی ہجری کے ایک نایاب مخطوطے میں ایک منفرد روایت بیان ہوئی ہے کہ حضرت ابوہریرہ، ابن عباس اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم بیان کرتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس بات کو بیان کرنے سے ڈرتے تھے مگر جب موت کا وقت آیا تو علم چھپانے کے گناہ سے بچنے کے لیے انھوں نے اسے بیان کیا اور حاضرین سے کہا: میرے پاس آخری زمانے میں ہونے والی جنگوں کے بعض واقعات پر مبنی ایک خبر ہے۔ انھوں نے کہا: ضرور سنائیے اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، چنانچہ انھوں نے اپنی بات اس طرح شروع کی:

1300ھ کے پانچویں یا چھٹے عشرے میں مصر میں ناصر نامی ایک حکمران ہوگا، عرب اسے بہادر آدمی کے خطاب سے پکاریں گے، لیکن اللہ تعالیٰ اسے پے در پے جنگوں میں ذلیل و رسوا کرے گا اور کوئی اس کی مدد کو نہیں آئے گا۔ جب اللہ تعالیٰ مصر کی حقیقی مدد کرنا چاہے گا تو اس کے محبوب مہینوں میں اسے فتح نصیب ہو جائے گی۔ مصر والے اور عرب گندمی رنگ کے ایک شخص پر راضی ہو جائیں گے، جس کا نام سادات ہوگا، اس کے باپ کا نام انور ہوگا لیکن وہ غمزدہ شہر میں مسجدِ اقصیٰ کے غاصبوں سے صلح کرلے گا۔

عراق میں ایک جابر حکمران ہوگا، اس کی ایک آنکھ میں تھوڑا سا ضعف ہوگا، اس کا نام صدام ہوگا۔ اور وہ اپنے ٹکرانے والے ہر شخص کو صدمہ پہنچائے گا۔ دنیا اس کے لیے ایک چھوٹی سی کمین گاہ میں جمع کردی جائے گی، وہ اس میں داخل ہو جائے

گا اور اس کے لیے صرف اسلام ہی میں بھلائی ہوگی، اس میں خیر اور شر دونوں ہوں گے اور بربادی ہے ہر اس شخص کے لیے جو امانت دار مہدی سے خیانت کرے گا۔

1420ھ یا 1430ھ میں امانت دار مہدی کا ظہور ہوگا، وہ ساری دنیا سے جنگ کرے گا۔ اس کے مقابلے میں گمراہ، غضبِ الٰہی کے شکار اور منافقین جبل مجدون کے قریب اِسراومعراج کی سرزمین میں جمع ہو جائیں گے اور دناءت اور مکر کی ملکہ زانیہ نکلے گی، جس کا نام امریکا ہوگا، وہ دنیا کو اس زمانے میں گمراہی اور کفر کی طرف راغب کرے گی اور یہود اس دن بہت اعلیٰ مقام پر فائز ہوں گے، وہ پورے بیت المقدس اور مقدس شہر کے مالک ہوں گے، ان کا قبضہ سوائے سخت برفانی علاقوں اور سخت گرمی والے علاقوں کے ایسے تمام شہروں پر بھی ہوگا، جو بحری یا ہوائی راستوں پر آتے ہیں۔ مہدی دیکھے گا کہ پوری دنیا برے مکر کے ساتھ اس کے خلاف ہے۔ اس کو یقین ہوگا کہ اللہ کی تدبیر سب سے سخت ہے۔ پوری کائنات اللہ تعالیٰ کی ہے، اسی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے اور اسی کی طرف سب کا ٹھکانا ہے۔ پوری دنیا اس کے لیے ایک درخت کی طرح ہے اور وہ اس کی جڑوں اور شاخوں کا مالک ہے۔ اللہ تعالیٰ ان پر بدترین پتھر برسائے گا، ان پر زمین، سمندر اور آسمان کو جلا دے گا، آسمان ان پر بدترین بارش برسائے گا اور تمام اہلِ زمین کفار پر لعنت کریں گے، اور اللہ تعالیٰ ہر نوع کے کفر کے زوال کا حکم دے گا۔[1]

[1] كشف المكنون في الرد على كتاب هرمجدون: 58، نیز دیکھیے: المهدي وفقه أشراط الساعة: 636.

نوٹ: اس باب میں ثقہ علماء کی طرف رجوع کیا جائے۔

جس شخص کے دل میں علامتِ قیامت کے بارے میں کوئی خیال پیدا ہو، اس کے لیے واجب ہے کہ وہ اس کے اظہار سے قبل اس معاملے کو اہلِ علم کی خدمت میں پیش کرے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۝﴾

''اگر تمھیں معلوم نہ ہو تو اہلِ علم سے پوچھ لیا کرو۔''[1]

نیز ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَ اِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا۝﴾

''اگر یہ لوگ اسے رسول (اللہ ﷺ) کے اور اپنے میں سے بات کی تہہ کو پہنچنے والے لوگوں کے حوالے کر دیتے تو اس کی حقیقت وہ لوگ معلوم کر لیتے جو نتیجہ اخذ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو معدودے چند کے سوا تم سب شیطان کے پیروکار بن جاتے۔''[2]

امت کے سلف صالح کا یہی طریقہ تھا۔ اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جو صحابیِ رسول حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

''ایک دفعہ میں کوفہ میں تھا تو اچانک بتلایا گیا کہ دجال ظاہر ہو گیا ہے، ہم

[1] الأنبيآء 7:21. [2] النسآء 83:4.

حضرت حذیفہ بن اسید کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے، جب وہ حدیث بیان کر رہے تھے۔ میں نے کہا: دجال تو ظاہر ہو چکا ہے۔ انھوں نے کہا: بیٹھ جاؤ۔ میں بیٹھ گیا۔ اتنے میں کسی قبیلے کا ایک سردار بھی آ گیا۔ اس نے بھی کہا: کچھ سنا آپ لوگوں نے! دجال تو ظاہر ہو چکا ہے اور لوگ اسے مار رہے ہیں۔ حذیفہ نے اس سے بھی یہی کہا: بیٹھ جاؤ، وہ بھی بیٹھ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد یہ اعلان کیا گیا: کوئی دجال نہیں نکلا، یہ سب ایک رنگ ساز کا ڈھونگ تھا۔ ہم نے حضرت حذیفہ سے عرض کیا: ابوسریحہ! آپ نے ہمیں اسی لیے بٹھایا ہوگا کہ آپ کے پاس دجال کے بارے میں علم ہے تو پھر ہمیں کچھ بتلائیے۔ انھوں نے فرمایا: ''اگر دجال تمھارے دور میں ظاہر ہوا تو آج کے بچے تو اسے پتھر ماریں گے، دجال تو اس زمانے میں نکلے گا، جب لوگوں میں باہمی حسد اور بغض بہت بڑھ جائے گا۔ ان کی دینی حالت بہت پتلی ہو جائے گی اور آپس میں اختلاف کی کثرت ہوگی، وہ بآسانی پانی کے ہر چشمے پر پہنچ جائے گا اور زمین اس کے لیے اس طرح لپیٹ دی جائے گی جس طرح مینڈھے کی کھال لپیٹ دی جاتی ہے۔''...... الحدیث۔ [1]

لوگوں سے ان کی ذہنی سطح کے مطابق ہی بات کی جائے

علاماتِ قیامت کے بارے میں گفتگو کرنے والے کئی لوگ عوام الناس یا نومسلموں کے سامنے وہ احادیث اور گفتگو بیان کرنے لگتے ہیں جو ان کی عقلوں سے بالا ہوتی ہے۔

[1] المستدرك للحاكم: 4/529.

اس سلسلے میں مشہور قاعدہ یہ ہے کہ ہر وہ بات جو آپ کے علم میں ہے قابلِ بیان نہیں اور نہ ہی ہر صحیح بات نشر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، اس لیے کہ عقلیں انھیں سمجھنے سے قاصر ہوتی ہیں یا اس لیے کہ وہ ان چیزوں کے ساتھ مناسب رویہ اختیار نہیں کرتے، یا اس کلام کا کوئی غلط مطلب لے لیتے ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے: ''لوگوں سے وہی بات کہو جسے وہ پہچانتے ہوں، کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ اور اس کے رسول کی تکذیب کی جائے؟''[1]

ایک دوسری روایت کے الفاظ اس طرح ہیں: ''اے لوگو! کیا تم پسند کرتے ہو کہ اللہ اور اس کے رسول کو جھٹلایا جائے؟ لوگوں سے وہی بات بیان کرو جسے وہ پہچانتے ہوں اور ایسی چیز چھوڑ دو جسے وہ نہ جانتے ہوں۔''[2]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''اگر آپ کسی قوم کے سامنے کوئی ایسی بات پیش کرتے ہیں جو ان کی ذہنی سطح سے بلند ہو تو یہ ان میں سے بعض لوگوں کے لیے فتنہ بن سکتی ہے۔''[3]

[1] صحيح البخاري، العلم، قبل الحديث: 127. امام شاطبی اس حدیث کا مفہوم بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں: یعنی علم کی فراہمی لوگوں کے فہم کے ساتھ مشروط کر دی گئی ہے، چنانچہ کبھی ایک مسئلے کا بیان کسی قوم کے لیے مناسب ہوتا ہے اور وہی مسئلہ دوسری قوم کے لیے نامناسب ہوتا ہے۔

[2] صحيح مسلم في مقدمة الصحيح: 76/1.

[3] صحيح مسلم، المقدمة، باب النهي عن الحديث بكل ما سمع .

علاماتِ قیامت کی نصوص کو پیش آمدہ واقعات پر منطبق کرنے کے قواعد

ماضی قریب اور بعید کے دینی ضعف کے زمانوں میں علاماتِ قیامت کی احادیث کو پیش آنے والے واقعات پر منطبق کرنے کی سعی کی گئی بلکہ بعض اوقات تو بعض واقعات کے متعلق پورے وثوق سے کہا گیا کہ یہ علاماتِ قیامت سے تعلق رکھتے ہیں، لہٰذا میں نے یہ مناسب سمجھا کہ احادیث کو پیش آمدہ واقعات پر منطبق کرنے کے بارے میں کچھ قواعد وضوابط بیان کردیے جائیں۔

پہلا قاعدہ: ہم سے شریعت کا ہرگز یہ مطالبہ نہیں کہ علاماتِ قیامت کی احادیث کو پیش آنے والے واقعات پر ضرور منطبق کریں چونکہ ہر انسان فطری طور پر اپنے ایام و واقعات کے متعلق تمام حواس کے ذریعے سے پیش آمدہ واقعات کا مشاہدہ کرتا رہتا ہے، لہٰذا یہ واقعات جس طرح اس انسان پر اثر انداز ہوتے ہیں، اس طرح کسی دوسرے کو متاثر نہیں کرتے۔ دیگر لوگ ماضی کے واقعات اور حالات کو اپنے حواس اور شعور میں اس طرح محفوظ نہیں رکھ سکتے، جس طرح وہ انسان رکھتا ہے جس کے ساتھ متعلقہ واقعات پیش آئے ہوں، چنانچہ انسان زمانۂ حاضر کے واقعات کو اہم سمجھتا ہے، اسی بنا پر اس کے لیے عصرِ حاضر کے چھوٹے مصائب بھی

ماضی کے ہولناک مصائب سے بڑھ کر ہوتے ہیں۔ جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے:

يَا زَمَانًا بَكَيْتُ مِنْهُ
فَلَمَّا صِرْتُ فِي غَيْرِهِ بَكَيْتُ عَلَيْهِ

''میں زمانے کے شدائد سے گھبرا کر روتا رہا لیکن جب میں دوسرے زمانے میں داخل ہوا تو میں اسی گزشتہ زمانے کو یاد کر کے رونے لگا۔''

بچشمِ خود مشاہدہ کرنے والا شخص علاماتِ قیامت اور اپنے مشاہدات سے پیشتر کے حالات کو اپنے لیل ونہار پر منطبق کرتا رہتا ہے، اگرچہ تاریخِ انسانی میں گزرے ہوئے واقعات ان سے کہیں زیادہ عظیم اور ہولناک ہوتے ہیں مگر چونکہ ان گزشتہ واقعات کا اس کی موجودہ زندگی پر کوئی زیادہ اثر نہیں ہوتا اور اس لیے بھی کہ یہ شخص جانتا ہی نہیں کہ ماضی میں کس طرح کے واقعات پیش آئے تھے۔

اہلِ علم ومعرفت وتقویٰ کے لیے علاماتِ قیامت اور ان کو حالات و واقعات پر منطبق کرنے کے بارے میں اجتہاد کرنا جائز ہے، جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ''ابن صیاد'' کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اپنے اجتہاد سے کہا کہ یہ دجال ہے، جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر رضی اللہ عنہ کی اس بات پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔

اگر اس اجتہاد کے نتیجے میں امتِ مسلمہ کی صفوں میں انتشار و افتراق پیدا ہوتا ہو، یا اس اجتہاد کے خلاف واضح شرعی دلائل موجود ہوں تو انسان کو نہ صرف اس سے منع کیا گیا ہے بلکہ اس کے بارے میں زجر وتوبیخ بھی کی گئی ہے اِلَّا یہ کہ اس

کے پاس کوئی دلیل ہو۔ مثال کے طور پر اگر اس اجتہاد کے نتیجے میں باہمی قتال شروع ہو جائے، فتنہ سر اٹھالے، عزتیں پامال ہونے لگیں یا آپس کا اتحاد زیروزبر ہوجائے، تو ایسا اجتہاد بغیر کسی پختہ شرعی دلیل کے جائز نہیں ہوسکتا۔

علامات قیامت کے بارے میں وارد احادیث کو دیکھنے والے بعض حضرات ماضی و حال کے تمام واقعات و حالات کا جائزہ لینے کے مشتاق ہوتے ہیں اور وہ ایسی احادیث کو جن میں مستقبل کے واقعات کی پیشین گوئی کی گئی ہے، موجودہ حالات وواقعات سے جوڑنے کی کوشش کرتے ہیں، مثلاً: جب یہ حدیث ان کی نظر سے گزرتی ہے: «يُوشِكُ أَهْلُ الْعِرَاقِ أَنْ لَا يُجْبٰى إِلَيْهِمْ قَفِيزٌ [1] وَلَا دِرْهَمٌ......» ”قریب ہے کہ عراق والوں کے پاس (عجم کی جانب سے) کوئی غلہ اورنقدی نہ پہنچنے پائے......“ [2]

تو یہ کہتے ہیں: دیکھیے یہ قیامت کی نشانی ہے اور یہ واقع ہو چکی ہے جب 1410ھ بمطابق 1990ء میں امریکہ (عجم) کی طرف سے عراق کا اقتصادی محاصرہ کرلیا گیا تھا۔

اگرچہ اس بات کا قوی احتمال ہے کہ حدیث میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہو مگر

[1] قفیز: پیمانوں کی ایک قسم ہے، جسے اہلِ عراق استعمال کیا کرتے تھے، جیسا کہ آج ہم کلوگرام وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔ [2] ابونضرہ سے روایت ہے کہ ہم جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے کہ آپ نے فرمایا: قریب ہے کہ اہلِ عراق کے پاس کوئی غلہ درہم نہ پہنچے۔ ہم نے عرض کی کہ یہ پابندی کس طرف سے ہوگی۔ انھوں نے فرمایا: ان کے لیے یہ پابندی عجمیوں کی طرف سے ہوگی۔ پھر انھوں نے فرمایا: قریب ہے کہ اہلِ شام کے پاس کوئی دینار اور کوئی غلہ نہ پہنچے۔ ہم نے عرض کی: یہ پابندی کس کی طرف سے ہوگی؟ انھوں نے جواب دیا کہ رومیوں کی طرف سے۔ (صحیح مسلم)

احادیث کو اس طرح وثوق سے حالات وواقعات پر منطبق کرنا اور پھر اسے بالجزم بیان کر دینا صحیح نہیں۔

اس سے بھی بڑی غلطی بعض اہلِ علم کی طرف سے دنیا کی عمر کو متعین کرنا ہے۔ بعض نے کہا: دنیا کی عمر 900 برس باقی ہے اور بعض نے کہا: ہزار (1000) برس۔ یہ بات جن علماء کے قول کے طور پر مشہور ہو گئی ہے، ان میں امام سیوطی، امام سخاوی اور بعض دیگر حضرات شامل ہیں۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ کسی علامت کے بارے میں واضح اور ظاہر شرعی دلیل کے بغیر پورے وثوق اور اعتماد سے کہنا کہ یہ واقعہ قیامت کی علامت ہے اور فلاں برس یہ علامت واقع ہو چکی ہے، جائز نہیں ۔جیسا کہ بہت سے لوگوں نے مہدی والی احادیث کو بعض مخصوص شخصیات پر منطبق کیا، پورے وثوق سے کہا کہ فلاں شخص مہدی ہے اور پھر اس دعوے کے نتیجے میں کئی فتنے رونما ہوئے، خوں ریزیاں ہوئیں اور حکمرانوں کے خلاف بغاوت کی گئی۔

اس قسم کی تحریروں کی مثالیں:

کتاب «أسرار الساعة» کے مؤلف رقمطراز ہیں: ''دجال کو ایران میں ظہورِ مہدی سے قبل حکومت عطا کی جائے گی، پھر بیان کرتے ہیں کہ یہ دجّال محمد خاتمی ہے (مؤلف انھیں آیت اللہ گورباچوف کا نام دیتا ہے۔)''[1]

ایک اور مؤلف نے اپنی کتاب ''المسیح الدجال'' میں لکھا ہے: ''یہ بات

[1] كتاب (أسرار الساعة) تأليف: فهد السالم.

پورے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ وہ مہدی جس کا امت کو انتظار ہے صدام حسین ہی تھا۔" [1]

کتاب "ہر مجدون" کے مؤلف امین محمد جمال لکھتے ہیں: بعض احادیث میں سفیانی نامی جس شخص کا ذکر ملتا ہے، اس سے مراد صدام حسین ہے۔

کتاب "أشراط الساعة وهجوم الغرب" کے مؤلف کا خیال ہے کہ سفیانی سے مراد اردن کے سابق حکمران شاہ حسین ہیں۔ [2]

ان دعووں میں سے کسی ایک پر بھی یقین کرنا اور پھر اسے تعیین اور وثوق کے ساتھ بیان کرنا درست نہیں ہے۔ اگر کسی پیش آمدہ واقعہ کے بارے میں واضح دلائل وقرائن اس بات کی تصدیق کر رہے ہوں کہ حدیث میں جس علامتِ قیامت کا ذکر ہے، موجودہ واقعہ مکمل طور پر اسی کے مطابق ہے اور اس کے علامتِ قیامت ہونے میں کسی قسم کا شک وشبہ باقی نہ رہے تو پھر ان واقعات پر علاماتِ قیامت کی احادیث کو منطبق کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اگرچہ اس امر کا امکان ہمیشہ باقی رہے گا کہ دیگر واقعات جو ان سے مشابہ یا ان سے زیادہ واضح ہوں، ان پر احادیث کو منطبق کر دیا جائے۔

اس کی بعض مثالیں

① امام مسلم رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے کہ سیدہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کے بیٹے عبداللہ

---

[1] صدام کو 10 ذوالحج 1427ھ/2007ء کو قتل کر دیا گیا تھا۔ کتاب "المسیح الدجال" کے مؤلف کا نام سعید ایوب ہے۔ مؤلف نے یہ بات صدام حسین کے دورِ حکمرانی میں کہی تھی۔ [2] اردن کے بادشاہ شاہ حسین 1420ھ/ 7 فروری 1999ء کو فوت ہوئے، کتاب "أشراط الساعة وهجوم الغرب" کے مؤلف کا نام فہد سالم ہے۔

ابن زبیر رضی اللہ عنہما کو جب حجاج بن یوسف ثقفی کے لشکر نے قتل کیا تو انھوں نے حجاج (جو ابن زبیر رضی اللہ عنہما کو شہید کرنے والے لشکر کا قائد تھا) سے مخاطب ہو کر کہا: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے بیان کیا تھا کہ قبیلہ ثقیف میں ایک کذاب اور ایک خون بہانے والا ظالم پیدا ہوگا۔ کذاب کو تو ہم دیکھ چکے اور سفاک قاتل میرے خیال میں تمھارے سوا کوئی نہیں۔'' حجاج یہ بات سن کر اٹھ کھڑا ہوا اور اس نے سیدہ اسماء کی بات کا کوئی جواب نہ دیا۔ [1]

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''سیدہ اسماء نے جس کذاب کو دیکھنے کی بات کی، اس سے مراد مختار بن ابی عبید ثقفی تھا جو انتہا درجے کا جھوٹا تھا۔ اس کا بدترین جھوٹ یہ تھا کہ اس نے دعوی کیا کہ جبریل اس کے پاس آتا ہے۔ علمائے امت اس امر پر متفق ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان میں ''کذاب'' سے مراد مختار بن ابی عبید ثقفی ہے اور ''مبیر'' یعنی سفاک قاتل سے مراد حجاج بن یوسف ثقفی ہے۔ واللہ اعلم۔ [2]

② صحیح مسلم میں حدیث ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ ارض حجاز سے ایک آگ نہ نکلے جس سے بُصریٰ [3] میں اونٹوں کی گردنیں روشن ہو جائیں گی۔'' [4]

یہ آگ ظاہر ہو چکی ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ تین ماہ تک موجود رہی تھی، یہاں تک کہ مدینہ کی عورتیں اس کی روشنی میں سوت کاتنے کا کام کر لیتی تھیں۔

---

[1] صحیح مسلم، الفضائل، حدیث: 2515. [2] شرح صحیح مسلم للنووي، فضائل الصحابة، حدیث: 2545. [3] یہ حوران کا شہر ہے جو آج کل ملک شام کا حصہ ہے۔ [4] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2902.

امام ابوشامہ اس واقعہ کی کیفیت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ 3- جمادی الآخرہ 654ھ بمطابق 29 مئی 1256ء میں بدھ کی رات کو مدینہ منورہ میں ایک ہولناک آواز سنائی دی۔ اس کے بعد زلزلہ آیا، جس سے زمین، دیواریں، چھتیں اور دروازے لرز اٹھے اور جمعہ کے دن تک وقفے وقفے سے کانپتے رہے، پھر اچانک بنو قریظہ کے قریب سیاہ پتھروں والی زمین میں ایک بہت بڑی آگ ظاہر ہوئی، جسے ہم اندرون شہر سے اپنے گھروں میں بیٹھ کر دیکھ رہے تھے۔ ہمیں یوں محسوس ہوا کہ اس ہولناک آگ سے تمام وادیاں بھر گئی ہیں اور وہ وادی شظا میں پانی کی گزرگاہ تک پہنچ گئی ہے۔ اس آگ سے بڑی بڑی بلند چنگاریاں بھی نکل رہی تھیں۔"[1]

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "ہمارے عہد (654ھ) میں مدینہ منورہ میں ایک آگ نکلی، مدینہ کی مشرقی جانب پتھروں والی سیاہ زمین کے پیچھے سے ظاہر ہونے والی یہ آگ بہت ہولناک تھی۔ اس کے ظہور کی خبریں تواتر سے بیان کی گئی ہیں۔"[2]

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "مجھے بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ آگ وہی ہے، جو مدینہ کے اردگرد ظاہر ہوئی تھی اور امام قرطبی اور دیگر علمائے کرام بھی یہی سمجھتے ہیں۔"[3]

③ امام احمد نے اپنی مسند میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے کہ

---

[1] دیکھیے امام قرطبی کی کتاب (التذکرۃ، ص: 527) [2] شرح صحیح مسلم للنووي، الفتن، حدیث: 2902. [3] فتح الباري شرح صحیح البخاري، الفتن، حدیث: 7119.

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت اس وقت قائم ہوگی جب فتنے ظاہر ہوں گے، جھوٹ کی کثرت ہوگی، بازار قریب قریب بن جائیں گے، (یعنی ان کی کثرت ہوگی) زمانہ قریب ہوجائے گا اور ''ہرج'' بہت زیادہ ہو جائے گا'' عرض کیا گیا: اے اللہ کے رسول! یہ ''ہرج'' کیا چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''قتل اور خونریزی۔'' [1]

شیخ ابن باز رحمہ اللہ ''فتح الباری'' پر اپنی تعلیق میں فرماتے ہیں: ''حدیث میں مذکور ''تقارب'' کی زیادہ مناسب تفسیر ہمیں موجودہ دور میں یہ معلوم ہوئی ہے کہ شہر اور ملک ایک دوسرے کے قریب ہو چکے ہیں اور ان میں ہوائی جہازوں، گاڑیوں اور دیگر ذرائع ابلاغ کی وجہ سے مسافت طے کرنے کی مدت کم ہوگئی ہے۔'' واللہ اعلم۔

دوسرا قاعدہ: علامات، قیامت سے عرصہ دراز قبل بھی واقع ہوسکتی ہیں:

اشراطِ قیامت وہ علامات ہیں جو قربِ قیامت پر دلالت کرتی ہیں، خواہ یہ علامات وقوعِ قیامت کے قریب ہوں یا اس سے دور ہوں۔ مثال کے طور پر نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

«بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ» وَ قَرَنَ بَيْنَ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى.

''میں اور قیامت اس طرح ایک ساتھ مبعوث کیے گئے ہیں، جس طرح یہ دونوں (انگلیاں)'' اور پھر آپ ﷺ نے اپنی شہادت کی اور درمیانی انگلی کو ملا کر صحابۂ کرام کو دکھلایا۔ [2]

---

[1] مسند أحمد: 520/2. [2] صحيح البخاري، الطلاق، حديث: 5301، وصحيح مسلم، الفتن، حديث: 2951.

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی بعثت اور آپ ﷺ کی وفات قیامت کے قریب ہونے کی نشانیاں ہیں۔ گو اس کے بعد واقع ہونے والی علامات، قیامت کے اور بھی زیادہ قریبی زمانے سے تعلق رکھتی ہیں۔

ہم علاماتِ قیامت کو زمانۂ وقوع کے اعتبار سے درجہ ذیل اقسام میں تقسیم کرسکتے ہیں:

① ان میں سے کچھ تو ایسی ہیں جو عین اسی طریقے سے واقع ہو چکی ہیں، جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے بارے میں خبر دی ہے، مثلاً: آپ ﷺ کی بعثت اور وفات نیز جھوٹے نبیوں کا ظہور وغیرہ۔

② کچھ ایسی ہیں کہ ان کا ابتدائی حصہ واقع ہو چکا ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کا باقی حصہ واقع ہوتا رہے گا، جیسا کہ بازاروں کا ایک دوسرے کے قریب ہونا، کتابت کا عام ہو جانا اور قتل وغارت کی کثرت۔*

③ کچھ علامات قیامت ایسی ہیں جو ابھی تک واقع نہیں ہوئیں اور بعد میں واقع ہوں گی جیسے خروج دابہ اور خروج دجال وغیرہ۔*

تیسرا قاعدہ: علامات قیامت کی پیش آمدہ واقعات پر غلط تطبیق کے نقصانات:

① **بغیر دلیل کے بے سروپا باتیں:**

جب آپ وثوق سے یہ کہتے ہیں کہ حدیث میں وارد فلاں علامت فلاں صورت میں واقع ہو چکی ہے تو یہ بات واضح دلیل یا شرعی قرینہ یا استدلال کی محتاج ہوتی

* یہ علامات آگے چل کر علاماتِ صغریٰ کے عنوان کے تحت نمبر: 16، 55 اور 68 پر آئیں گی۔
* یہ علامات آگے چل کر علاماتِ کبریٰ کے عنوان کے تحت نمبر: 1 اور 8 پر آئیں گی۔

ہے، حالانکہ اس کے بارے میں کوئی دلیل یا قرینہ موجود نہیں ہوتا۔ ایک سچے مومن کے لیے جسے تحقیق وجستجو کا حکم دیا گیا ہے، یہ زیبا نہیں ہے کہ وہ امورِ شریعت اور اخبارِ شریعت کے بارے میں بغیر علم کے اپنی زبان کھولے۔

② غیر شرعی فعل کا ارتکاب یا شرعی فعل کا ترک:

بعض لوگ ایسی کتب کا مطالعہ کرتے ہیں جن میں خروجِ مہدی کا ذکر ہوتا ہے اور بعض اوقات ان کتب کے مؤلفین وثوق سے کہہ دیتے ہیں کہ فلاں شخص مہدی ہے تو کتاب کے قارئین مہدی کا بڑی شدت سے انتظار شروع کر دیتے ہیں اور اپنے روزمرہ کے معاملات کو ظہورِ مہدی سے منسلک کر لیتے ہیں۔ حتی کہ بعض حضرات گھوڑا اور تلوار خرید کر رکھ لیتے ہیں تاکہ وہ آنے والے دنوں میں مہدی کے ساتھ مل کر اہلِ باطل کے خلاف لڑائیوں میں شرکت کر سکیں۔

بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنی شادی یا مکان کی تعمیر محض اس لیے ترک کر دیتے ہیں کہ خروجِ دجال کا زمانہ تو سر پر آن پہنچا، لہٰذا اب ان بکھیڑوں میں پڑنے کی ضرورت ہی کیا ہے!

③ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی تکذیب:

اگر حتمی طور پر یہ طے کر لیا جائے کہ مہدی فلاں شخص ہی ہے اور بعد میں یہ ثابت ہو جائے کہ یہ بات غلط تھی تو اس کا نقصان یہ ہوگا کہ لوگ مہدی کے ذکر والی احادیث ہی کا انکار کر دیں گے۔ اسی طرح اگر دیگر علاماتِ قیامت کو بھی مکمل تنقیح وتحقیق کے بغیر ہی واقعات پر منطبق کر دیا جائے تو اس سے بھی لوگ ان کے بارے میں وارد احادیث کا انکار کر دیں گے۔

”أشراطُ الساعة“ کا معنی ومفہوم

الأشراط: یہ ”شرط“ کی جمع ہے اور ”شرط“ کے معنی علامت کے ہوتے ہیں، أَشْرَاطُ السَّاعَةِ کا مطلب ہے قیامت کی علامات اور اس کے اسباب، یعنی یہ وہ علامات ہیں جن کے بعد قیامت واقع ہوجائے گی۔ [1]

الساعة: اس سے مراد وہ وقت ہے جس میں قیامت واقع ہوگی۔ اس کا نام ”الساعة“ یعنی ”گھڑی“ اس لیے رکھا گیا کہ یہ گھڑی اچانک لوگوں کے سر پر آ کھڑی ہوگی اور ساری مخلوق ایک ہی چیخ کے ذریعے مر جائے گی۔ [2]

علاماتِ قیامت کی اقسام

علاماتِ قیامت کو دو قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

پہلی قسم

چھوٹی نشانیاں، اور ان کی دو قسمیں ہیں:

اول

وقوعِ قیامت سے بہت پہلے کی علامات: یہ وہ علامات ہیں، جو بہت پہلے

---

[1] الصحاح للجوهري، مادہ: شرط، والنهاية لابن الأثير، مادة: شرط .

[2] النهاية لابن الأثير، مادة: سوع .

واقع ہو چکی ہیں اور انھیں قیامت کے وقوع پذیر ہونے سے بہت پہلے ہونے کی وجہ سے چھوٹی علامات کہا جاتا ہے، مثلاً: نبیِ کریم ﷺ کی بعثت، چاند کا دو ٹکڑے ہونا اور مدینہ میں ایک ہولناک آگ کا ظاہر ہونا۔ *

دوم

متوسط علامات: یہ ایسی علامات ہیں جو ظاہر تو ہو چکی ہیں مگر تا حال ختم نہیں ہوئیں بلکہ ان میں کثرت و اضافہ ہو رہا ہے اور یہ علامات بہت ہی زیادہ ہیں۔ یہ ''علاماتِ صغریٰ'' یعنی چھوٹی نشانیاں ہیں، جیسا کہ آگے ذکر آئے گا۔ ان میں بعض یہ ہیں: لونڈی کا اپنی مالکہ کو جنم دینا، برہنہ پا، ننگے بدن، بکریوں کے چرواہوں کا بلند و بالا عمارتیں بنانے میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا اور تیس جھوٹے مدعیانِ نبوت دجالوں کا ظاہر ہونا۔ *

دوسری قسم

علاماتِ کبریٰ: یہ وہ علامات ہیں جن کے ظاہر ہونے کے بعد جلد ہی قیامت قائم ہو جائے گی، یہ دس نشانیاں ہیں اور تا حال ان میں سے کوئی ایک نشانی بھی ظاہر نہیں ہوئی۔ حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک مرتبہ آپس میں بات چیت کر رہے تھے کہ نبیِ کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف

* ان علامات کا ذکر آگے نمبر: 1، 3 اور 13 پر آئے گا۔

* ان علامات کا ذکر نمبر آگے چل کر نمبر :11، 19 اور 21 کے تحت آئے گا۔

لائے، آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ کس بارے میں بات چیت کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کیا: اللہ کے رسول! ہم قیامت کے بارے میں گفتگو کر رہے ہیں، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سنو! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ اس سے قبل تم دس نشانیاں نہ دیکھ لو، پھر آپ ﷺ نے درج ذیل علامات کا ذکر فرمایا:

① دھواں

② دجال

③ خروجِ دابہ (عجیب الخِلقت جانور کا ظہور)

④ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا

⑤ عیسیٰ علیہ السلام کا نزول

⑥ خروجِ یاجوج وماجوج

اور تین جگہ زمین کے دھنسنے کے واقعات پیش آئیں گے:

⑦ مشرق میں زمین کا دھنس جانا۔

⑧ مغرب میں زمین کا دھنس جانا۔

⑨ جزیرۃ العرب میں زمین کا دھنس جانا۔

⑩ سب سے آخر میں جو علامت ظاہر ہوگی وہ یہ ہے کہ یمن سے ایک آگ نکلے گی، وہ لوگوں کو میدانِ محشر کی طرف ہانک کر لے جائے گی۔[1]

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2901. ان علامات کا مفصل ذکر آگے دوسرے حصے (علاماتِ کبریٰ) میں آئے گا۔

بعض دیگر احادیث میں کچھ اور علامات کا ذکر بھی آیا ہے، ان میں مہدی کا ظاہر ہونا، کعبہ کا گرایا جانا، قرآنِ کریم کا زمین سے اٹھا لیا جانا شامل ہیں، جیسا کہ آگے ان احادیث کا ذکر آئے گا۔ [1]

1 ان علامات کی تفصیل آئندہ صفحات میں علاماتِ صغریٰ کے بیان میں نمبر: 121، 126 اور 131 پر آئے گی۔

علامات صغریٰ

پہلی قسم، وہ علامات جو واقع ہو چکی ہیں:

1. ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی بعثت۔
2. رسول اللہ ﷺ کی وفات۔
3. چاند کا دو ٹکڑے ہو جانا۔
4. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور کا ختم ہو جانا۔
5. فتح بیت المقدس۔
6. بکریوں کی قعاص[1] کی سی بیماری سے لوگوں کی بکثرت موت۔
7. انواع واقسام کے فتنوں کا کثرت سے ظہور۔
8. سیٹلائٹ چینلز کی بھرمار۔
9. آپ ﷺ کی جنگِ صفین کے بارے میں پیشین گوئی۔
10. خوارج کا ظہور۔

[1] قُعَاص جانوروں کی ایک بیماری ہے جس سے ان کی ناک بہنے لگتی ہے اور وہ اچانک مرجاتے ہیں۔(فتح الباری:6/334)

11 جھوٹے مدعیانِ نبوت کا ظاہر ہونا۔

12 امن وخوشحالی کی کثرت۔

13 حجاز کے علاقے سے ایک بڑی آگ کا ظہور۔

14 ترکوں سے جنگ۔

15 کوڑے برسانے والے ظالم حکمرانوں کا ظہور۔

16 قتل وخونریزی کی کثرت۔

17 دیانت داری کا خاتمہ۔

18 سابقہ امتوں کے طریقوں کی پیروی۔

19 لونڈی کا اپنی مالکہ کو جنم دینا۔

20 ایسی عورتوں کا ظاہر ہونا جو کپڑے پہننے کے باوجود ننگی ہوں گی۔

21 برہنہ پا، ننگے بدن، چرواہوں کا بلند وبالا عمارتوں کے بنانے میں مقابلہ بازی کرنا۔

22 خاص خاص لوگوں کو سلام کہنا۔

23 تجارت کا بہت پھیل جانا۔

24 خاوند کی تجارت میں عورت کی شراکت۔

25 بعض تاجروں کا پوری مارکیٹ پر تسلط۔

26 جھوٹی گواہی۔

27 سچی گواہی کو چھپانا۔

28 جہالت کا چارسو پھیل جانا۔

29 نت نئی بیماریوں اور بخل کی کثرت۔

30 قطع رحمی۔

31 پڑوسی سے برا سلوک۔

32 بے حیائی اور فحاشی کا عام ہو جانا۔

33 امانت دار کو خائن سمجھا جانا اور مناصب کا بددیانتوں کے سپرد کیا جانا۔

34 معززین کا فوت ہو جانا اور گھٹیا اور رذیل لوگوں کی کثرت۔

35 مال کے حلال وحرام ہونے کے بارے میں لاپروائی۔

36 مالِ فے کی اغنیاء ورؤساء میں بندر بانٹ۔

37 امانت کو غنیمت سمجھنا۔

38 لوگوں کا اپنے اموال کی زکاۃ خوش دلی سے نہ نکالنا۔

39 غیر اللہ کے لیے علم سیکھنا۔

40 بیوی کی فرماں برداری اور ماں کی نافرمانی۔

41 دوستوں کو قریب کرنا اور ماں باپ کو دور کرنا۔

42 مساجد میں آوازیں بلند کرنا۔

43 قبائل کی قیادت وسیادت فساق وفجار کے ہاتھ میں آجانا۔

44 کمینے لوگوں کا قوم کا سردار بن جانا۔

45 آدمی کی عزت محض اس کے شر سے بچنے کے لیے کرنا۔

46 زنا کو حلال سمجھنا۔

47 مردوں کا ریشم کو حلال سمجھ لینا۔

48 شراب کو حلال سمجھنا۔

49 گانے اور آلات موسیقی کے استعمال کو جائز سمجھنا۔

50 لوگوں کا موت کی تمنا کرنا۔

51 ایسے حالات پیدا ہونا کہ صبح کو آدمی مومن ہوگا اور شام کو کافر۔

52 مساجد میں نقش ونگار کی کثرت اور ان پر فخر۔

53 گھروں کی بے جا تزئین وآرائش۔

54 آسمانی بجلیوں کی کثرت۔

55 کتابت کی کثرت واشاعت۔

56 چرب زبانی اور دروغ گوئی سے مال کمانا اور پر تکلف گفتگو پر فخر کرنا۔

57 قرآن کے سوا دیگر کتب کی کثرت سے اشاعت وترویج۔

58 قاریوں کی کثرت اور علماء وفقہاء کی قلت۔

59 کم عمروں سے علم حاصل کرنا۔

60 ناگہانی اموات کی کثرت ہونا۔

61 بے وقوفوں کی حکومت۔

62 زمانے کا قریب ہو جانا۔

63 لوگوں کی ترجمانی کے منصب پر کم عقل کا فائز ہو جانا۔

64 کمینہ صفت لوگوں کے پاس دولت کی کثرت۔

65 لوگوں کا مساجد کو گزرگاہ بنالینا۔

66 مہر کی مقدار پہلے بہت زیادہ اور پھر بہت کم ہو جانا۔

67 گھوڑوں کی قیمت میں پہلے ہوش ربا اضافہ اور پھر بہت کمی واقع ہو جانا۔

68 مراکزِ تجارت کے باہمی فاصلے حیرت انگیز طور پر کم ہو جانا۔

69 اقوامِ عالم کا ملتِ اسلامیہ پر ٹوٹ پڑنا۔

70 لوگوں کا نماز کی امامت سے گریز کرنا۔

71 مومن کے خوابوں کا سچ ثابت ہونا۔

72 جھوٹ کی کثرت۔

73 لوگوں کے درمیان باہمی نفرت وکدورت کا پیدا ہونا۔

74 زلزلوں کی کثرت۔

75 عورتوں کی کثرت۔

76 مردوں کی قلت۔

77 فحاشی وعریانی کا عام ہونا اور اس کا علانیہ طور پر ارتکاب۔

78 قرآنِ مجید کی تلاوت پر اجرت وصول کرنا۔

79 لوگوں میں موٹاپا عام ہو جانا۔

80 لوگوں کا بلاطلب گواہی پر تیار ہونا۔

81 ایسے لوگوں کا ظاہر ہونا جو نذر تو مانیں گے مگر اس کو پورا نہیں کریں گے۔

82 طاقتور کا کمزور کو کھا جانا۔

83 اللہ کی نازل کردہ شریعت کے مطابق فیصلے نہ ہونا۔

84 رومیوں کی کثرت اور عربوں کی قلت ہو جانا۔

دوسری قسم، وہ علامات جو تا حال ظاہر نہیں ہوئیں:

85 لوگوں کے پاس مال کی کثرت۔

86 زمین کا اپنے مدفون خزانے اگل دینا۔

87 لوگوں کی شکلوں کا مسخ ہونا۔

88 بعض مقامات کا زمین میں دھنس جانا۔

89 بعض لوگوں پر پتھروں کی بارش۔

90 ایسی بارش کا نزول جس سے مٹی اور پتھر کے گھر بچ نہ سکیں گے۔

91 آسمان سے بارش تو ہوگی مگر اس سے نباتات پیدا نہ ہوں گی۔

92 ایسے فتنے کا ظہور جو تمام عربوں کو ہلاک کر دے گا۔

93 مسلمانوں کی مدد کے لیے درختوں کا کلام کرنا۔

94 مسلمانوں کی نصرت کے لیے پتھروں کا کلام کرنا۔

95 مسلمانوں کا یہودیوں سے جنگ کرنا۔

96 دریائے فرات کے اندر سے سونے کا پہاڑ ظاہر ہونا۔

97 آدمی فسق و فجور نہ کرے گا تو اسے عاجز و درماندہ ہونے کا طعنہ دیا جائے گا۔

98 جزیرۃ العرب میں دوبارہ چراگاہوں اور نہروں کا پیدا ہونا۔

99 مستقل چمٹنے والے فتنے کا ظہور۔

100 خوشحالی وفراوانی کے فتنے کا ظہور۔

101 تاریک اور اندھے فتنے کا ظہور۔

102 ایسا زمانہ آجانا، جس میں ایک سجدہ دنیا اور اس کے تمام خزانوں سے بہتر ہوگا۔

103 پہلی رات کے چاند کا معمول سے بڑا نظر آنا۔

104 ملکِ شام کی طرف ہجرت کی کثرت۔

105 مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان ایک عظیم معرکہ برپا ہونا۔

106 قسطنطنیہ کی (دوبارہ) فتح۔

107 مالِ وراثت کا وارثوں میں تقسیم نہ کیا جانا۔

108 لوگوں کا مالِ غنیمت سے خوش نہ ہونا۔

109 لوگوں کا پرانے ہتھیاروں اور سواریوں کی طرف لوٹ آنا۔

110 بیت المقدس کی آبادی کا بڑھ جانا۔

111 مدینہ طیبہ کی بے آبادی اور اس کا سکان وزائرین سے خالی ہوجانا۔

112 مدینہ شریر لوگوں کو اس طرح نکال باہر کرے گا جس طرح بھٹی لوہے کا زنگ اتار دیتی ہے۔

113 پہاڑوں کا اپنی جگہ سے ٹل جانا۔

114 قحطان سے ایک شخص کا ظہور جس کی لوگ اطاعت کریں گے۔

115 جہجاہ نامی ایک شخص کا خروج۔

116 درندوں اور جمادات کا گفتگو کرنا۔

117 کوڑے کا گفتگو کرنا۔

118 جوتے کے تسمے کا بات کرنا۔

119 آدمی کی ران کا اپنے گھر والوں کی خبریں بتلانا۔

120 قیامت سے قبل اسلام کا دنیا سے معدوم ہو جانا۔

121 قرآن مجید کا مصاحف سے اور حفاظ کے سینوں سے اٹھا لیا جانا۔

122 بیت اللہ پر حملہ آور ہونے والے سارے لشکر کا زمین میں دھنسنا۔

123 حج کا متروک ہو جانا۔

124 بعض قبائلِ عرب کا دوبارہ بت پرستی اختیار کر لینا۔

125 قبیلۂ قریش کا مکمل طور پر خاتمہ۔

126 حبشہ کے ایک شخص کے ہاتھوں کعبہ کا انہدام۔

127 مومنوں کی روحیں قبض کرنے کے لیے پاکیزہ ہوا کا چلنا۔

128 شہرِ مکہ میں بلند و بالا عمارات کھڑی ہو جانا۔

129 امت کے آخری زمانے کے لوگوں کا پہلوں پر لعنت کرنا۔

130 نئی نئی سواریوں کی ایجاد۔

131 امام مہدی کا تشریف لانا۔

علاماتِ صغریٰ
(قیامت کی چھوٹی نشانیاں)

ضروری بات

یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ علامات قیامت دو طرح کی ہیں: علاماتِ صغریٰ (چھوٹی نشانیاں) اور علاماتِ کبریٰ (بڑی نشانیاں) اور دونوں میں فرق یہ ہے کہ بڑی نشانیاں جب واقع ہو جائیں گی تو ان کے فوراً بعد قیامت واقع ہو جائے گی۔ ان علامات کے زبردست اثرات کو سب لوگ شدت سے محسوس کریں گے۔ جہاں تک چھوٹی نشانیوں کا تعلق ہے تو یہ وقوعِ قیامت سے کافی عرصہ پہلے سے وقتاً فوقتاً مختلف علاقوں میں واقع ہوتی رہتی ہیں۔ بعض لوگوں کو ان کا شعور ہوتا ہے اور بعض کو نہیں۔

ہم قیامت کی علاماتِ صغریٰ کے ذکر سے بات شروع کریں گے اور اس سلسلے میں وارد کتاب وسنت کے دلائل بھی ذکر کریں گے۔ ہماری کوشش ہوگی کہ جو حدیث بھی درج کی جائے، اس کے انتخاب میں دقت اور صحت کا خاص خیال رکھا جائے نیز آثارِ صحابہ بھی وہی ذکر کیے جائیں جو صحیح سند سے ثابت ہوں۔

1- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی بعثت

نبیِ کریم ﷺ نے اپنی امت کو آگاہ فرمایا ہے کہ آپ ﷺ کی بعثت قربِ قیامت کی دلیل اور نشانی ہے۔ یہ قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سب سے پہلی نشانی ہے۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: «بُعِثْتُ وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ» ”مجھے اور قیامت کو اس طرح ایک ساتھ بھیجا گیا ہے جس طرح یہ دو انگلیاں آپس میں ملی ہوئی ہیں۔“ [1]

[1] صحيح البخاري، التفسير، حديث:4936، وصحيح مسلم، الفتن، حديث:2951.

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ مجھے قیامت کے آغاز میں بھیجا گیا ہے۔ [1]

امام قرطبی ﷫ فرماتے ہیں: قیامت کی پہلی نشانی نبیِ کریم ﷺ کا تشریف لانا ہے کیونکہ آپ ﷺ نبیِ آخر الزماں ہیں اور آپ ﷺ کے اور قیامت کے درمیان کوئی اور نبی آنے والا نہیں ہے۔ [2]

[1] اسے امام حاکم ﷫ نے الکنیٰ میں روایت کیا ہے۔ علامہ البانی ﷫ نے سلسلہ صحیحہ (حدیث: 808) میں اسے صحیح قرار دیا ہے۔ اس حدیث میں مذکور الفاظ نسم الساعة کے معنی ہیں قیامت کے آغاز میں۔ نسیم کے اصل معنی ہلکی ہوا کے ابتدائی حصے کے ہوتے ہیں۔

[2] التذكرة للقرطبي: 309/2.

2 ۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات

آپ ﷺ کی وفات کا دھچکا قُربِ قیامت کی ابتدائی علامات میں سے ہے۔

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''میں غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ ﷺ چمڑے کے ایک خیمے میں تشریف فرما تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت سے پہلے چھ نشانیاں شمار کرلو۔ ① میری وفات۔ ② پھر بیت المقدس کی فتح۔ ③ پھر وہ زبردست موت جو تم میں بکری کی قعاص بیماری کی طرح پھیل جائے گی۔ ④ پھر مال کی کثرت، حتیٰ کہ ایک شخص کو سو دینار دیے جائیں گے مگر پھر بھی وہ راضی نہ ہوگا۔ مطلب یہ ہے کہ لوگوں کے پاس مال کی کثرت ہو جائے گی اور وہ غنی ہو جائیں گے، یہاں تک کہ ایک شخص ہزاروں دینار سے کم رقم پر خوش نہ ہوگا۔ ⑤ پھر ایک ایسا فتنہ نمودار ہوگا جو عربوں کے ہر گھر میں داخل ہو جائے گا۔ ⑥ پھر تمھاری بنو اصفر (روم، یورپ اور امریکہ کے لوگوں) سے صلح ہو جائے گی مگر وہ تم سے بدعہدی کریں گے اور تمھاری طرف

اسی (80) جھنڈوں تلے جمع ہو کر آئیں گے اور ہر جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار فوجی ہوں گے۔[1]

رسول اللہ ﷺ کی وفات اہلِ اسلام کے لیے عظیم ترین سانحہ تھا۔ جب آپ ﷺ کی وفات ہوئی تو مدینہ میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی آنکھوں کے سامنے اندھیرے چھا گئے تھے۔

آپ کی وفات کے ساتھ ہی آسمان سے وحی کی آمد کا سلسلہ منقطع ہو گیا اور ملتِ اسلامیہ میں فتنوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ بعض قبائل کا اسلام سے مرتد ہو جانا اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی۔

[1] صحيح البخاري، الجزية والموادعة، حديث: 3176.

3۔ چاند کا دو ٹکڑے ہو جانا

اللہ تعالیٰ اپنی مقدس کتاب میں فرماتے ہیں:

﴿ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ○ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ○ ﴾

''قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔ اور اگر یہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ تو پہلے سے چلا آنے والا جادو ہے۔'' [1]

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ ان آیات کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ انشقاق قمر کا یہ واقعہ رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں پیش آیا تھا۔ جیسا کہ صحیح سند سے ثابت متواتر احادیث میں اس کا ذکر موجود ہے۔ علمائے امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ واقعہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں پیش آیا تھا اور یہ آپ ﷺ کے حیرت انگیز معجزات میں سے ایک ہے۔ [2]

---

[1] القمر 54:1،2۔ [2] تفسیر ابن کثیر، القمر 54:1،2۔

مسجد الحرام، جس کے پیچھے جبل ابوقبیس نظر آرہا ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''اہلِ مکہ نے نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مطالبہ کیا کہ آپ انھیں کوئی نشانی دکھائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں چاند کا دو ٹکڑوں میں بٹ جانا دکھلایا۔'' [1]

خلائی اداروں کی طرف سے شائع کردہ تصویر میں چاند کی سطح پر گڑھے واضح ہیں۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''ایک مرتبہ ہم مِنٰی میں نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ اچانک چاند پھٹا اور وہ دو ٹکڑوں میں بٹ گیا۔ ایک ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے جا گرا اور دوسرا آگے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: ''گواہ رہنا'' [2]

---

[1] صحيح البخاري، المناقب، حديث: 3637، و صحيح مسلم، صفات المنافقين، حديث: 2802. [2] صحيح البخاري، المناقب، حديث: 3636، وصحيح مسلم، صفات المنافقين، حديث: 2800.

4 - صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا دنیا سے چلے جانا

نبی کریم ﷺ کی ذاتِ گرامی کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اس امت کے افضل ترین لوگ ہیں۔ حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"آسمان کے ستارے آسمان کے لیے امن وسلامتی (کی ضمانت) ہیں۔ جب ستارے ختم ہو جائیں گے تو وہ (قیامت) آجائے گی جس کا وعدہ کیا گیا ہے اور میں اپنے صحابہ کے لیے امن وسلامتی ہوں، جب میں چلا جاؤں گا تو صحابہ پر وہ حالت آجائے گی جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔ اور میرے صحابہ امت کے لیے امن وسلامتی کی ضمانت ہیں۔ جب صحابہ چلے جائیں گے تو امت کو وہ (اختلاف وانتشار) پیش آجائے گا جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔"[1]

[1]. صحیح مسلم، فضائل الصحابة، حدیث: 2531

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ

- نبی کریم ﷺ نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے دنیا سے چلے جانے کو قیامت کی دو نشانیوں کے ساتھ ملا کر بیان فرمایا...... ایک نبی کریم ﷺ کی وفات اور دوسری ستاروں کا جھڑ جانا اور شہابیوں کا گرنا۔
- احادیث سے یہ بات بھی ثابت ہے کہ اس دنیا سے نیک لوگ ایک ایک کر کے اٹھا لیے جائیں گے اور بالآخر بدترین لوگوں پر قیامت قائم کی جائے گی۔

5-

فتحِ بیت المقدس

جب نبیِ کریم ﷺ کی بعثت ہوئی تو اس وقت بیت المقدس پر سلطنتِ روم کے عیسائیوں کا قبضہ تھا۔ سلطنتِ روم اس وقت بہت طاقتور اور با اختیار حکومت تھی۔ انھی حالات میں نبیِ کریم ﷺ نے مسلمانوں کے ہاتھوں بیت المقدس کے فتح ہونے کی خوشخبری سنائی اور اسے قیامت کی نشانیوں میں شمار کیا، جیسا کہ عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ نبیِ کریم ﷺ نے فرمایا: چھ نشانیاں قیامت سے پہلے شمار کرلو اور ان میں سے ایک نشانی آپ نے فتحِ بیت المقدس کو قرار دیا۔ [1]

بیت المقدس سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں 16 ھ/ 637ء میں فتح ہوا، آپ نے اسے کفر سے پاک کردیا اور اس میں ایک مسجد بنادی۔

بیت المقدس دوبار فتح ہوا، ایک بار سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں اور دوسری بار سلطان صلاح الدین ایوبی کے عہدِ حکومت (583ھ/1178ء) میں۔ اور ایک بار پھر اللہ کے حکم سے یہ ایک مومن جماعت کے ہاتھوں فتح ہوگا حتیٰ کہ درخت

1 صحيح البخاري، الجزية والموادعة، حديث: 3176

اور پتھر بھی بول کر کہیں گے: ”اے مسلمان! اے اللہ کے بندے! یہ ایک یہودی میرے پیچھے چھپا ہوا ہے۔ آؤ اسے جلدی سے قتل کر ڈالو۔“[1]

اگلے صفحات میں ان شاء اللہ بیت المقدس ہی کے سلسلے میں اہلِ اسلام اور یہودیوں کے درمیان ہونے والے بعض معرکوں کا ذکر آئے گا۔[2]

1 صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2921.

2 دیکھیے: علامات صغریٰ میں علامت نمبر: 95۔

6 ۔ بکریوں کی قُعَاص جیسی بیماری سے لوگوں کی بکثرت موت

طاعون کا وائرس

یہ بھی علاماتِ قیامت میں سے ہے۔ اور اس حدیث میں موجود ایک لفظ مُوتَانٌ، مبالغے کا صیغہ ہے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ موت بکثرت واقع ہوگی۔ جس طرح کہ وبائی امراض سے ہوتی ہے اور لوگ سیکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں موت کا شکار ہوجاتے ہیں۔

کہا گیا ہے کہ یہ علامت طاعونِ عمواس [1] کی صورت میں واقع ہوچکی ہے۔ طاعون ایک وبائی بیماری ہوتی ہے، اس میں ایک پھوڑا یا سوزش جسم کے کسی حصے میں ظاہر ہوتی ہے اور اس کے ساتھ مریض کو شدید درد اور بے چینی ہوتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں پھیلنے والے طاعون عمواس کا مقام

[1] عمواس بیت المقدس کے قریب فلسطین میں ایک بستی کا نام ہے۔ دیکھیے: معجم البلدان، مادة: عمواس

گلٹی دار یا خیار کی طاعون، جو کہ اس مرض کی شدید ترین قسم ہے

یہ مرض حد درجہ متعدی اور مہلک ہے۔

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قیامت سے پہلے چھ چیزیں شمار کرلینا'' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں «مُوتَانٌ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ» [1] یعنی وبائی امراض سے کثرت اموات کا ذکر بھی فرمایا کہ جس طرح سے بکریوں کے ریوڑ کے ریوڑ متعدی بیماری کی نذر ہو جاتے ہیں، اسی طرح انسانوں کی اموات ہوں گی۔

امت اسلامیہ میں یہ واقعہ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں فتحِ بیت المقدس (16ھ) کے بعد (18ھ) میں واقع ہو چکا ہے، جبکہ سرزمینِ شام میں طاعون کا مرض پھوٹ پڑا اور اللہ کی مخلوق بڑی کثرت سے موت کے منہ میں چلی گئی حتی کہ پچیس ہزار مسلمان بھی اس کا شکار ہو گئے۔

اس وبا میں بہت سے جلیل القدر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم بھی اس جہانِ فانی سے رخصت ہو گئے۔ ان

[1] صحيح البخاري، الجزية والموادعة، حديث: 3176.

میں سیدنا معاذ بن جبل، ابو عبیدہ، شرحبیل بن حسنہ، فضل بن عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہم اور بعض دوسرے حضرات بھی شامل تھے۔

«قُعَاصُ الْغَنَم» ایک بیماری ہے، جو جانور کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے، اس کی ناک سے ایک مادہ خارج ہونے لگتا ہے اور وہ آناً فاناً مر جاتا ہے۔ نبیِ کریم ﷺ نے موت کی اس کثرت کو «قُعَاصُ الْغَنَم» سے تشبیہ اس لیے دی ہے کہ طاعون میں بھی بدن میں ایک ایسا ہی زخم ہوتا ہے۔ جس سے ایک سیال مادہ خارج ہوتا ہے اور مریض اس کے باعث موت کے منہ میں چلا جاتا ہے۔

جو کوئی اپنے دین پر کاربند رہے گا وہ اس شخص کی طرح ہوگا جس نے ہاتھ میں آگ کا انگارہ پکڑ رکھا ہو۔

7۔ انواع واقسام کے فتنوں کا کثرت سے ظہور

یہ ایسی علامت ہے جو عصر حاضر میں واضح ہو رہی ہے اور انسان انواع واقسام کے فتنوں میں بری طرح گھر گیا ہے۔ ان فتنوں پر ایک نظر ڈالنے سے جو کچھ سامنے آتا ہے، اس میں سے بعض درج ذیل ہیں:

بدنظری کا فتنہ اس دور میں زوروں پر ہے۔ سیٹلائٹ ٹی وی چینلز، فحش میگزین، انٹرنیٹ کی حیا باختہ ویب سائٹس، ویڈیو، موبائل اور کمپیوٹر سی ڈیز کے ذریعے جو فحش تصاویر اور فلمیں ایک دوسرے کو ارسال کی جاتی ہیں، یہ اور اسی طرح کے دوسرے بے شمار فتنے ہیں۔ جو شخص اللہ کا خوف اور اس کی تعظیم بجالاتے ہوئے انھیں چھوڑ دے اور ان سے بچ جائے تو اسے اللہ تعالیٰ ایمان کی حلاوت نصیب فرمائے گا۔ جسے وہ اپنے دل کی گہرائی میں محسوس کرے گا۔

اسی طرح حرام مال کا فتنہ ہے۔ سود، رشوت، نشہ آور اشیاء کی فروخت اور حرام لباس کی تجارت سے جو پیسہ کمایا جاتا ہے، یہ سب اس دور کے فتنے ہیں۔ حرام مال کھانے والے کی دعا اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا اور ایسے شخص کو سخت سزا کی وعید سنائی گئی ہے۔ اسی طرح حرام لباس کا فتنہ ہے چاہے وہ مردوں میں ہو یا عورتوں میں، اس سے بچنا ضروری ہے۔ زمانہ حاضر میں فتنوں کی اس قدر کثرت ہو چکی ہے کہ اگر کوئی متقی اور پاکدامن رہنے کی کوشش کرتا ہے تو وہ لوگوں کے درمیان اجنبی سا نظر آتا ہے۔

«اَلْفِتَنُ» فتنہ کی جمع ہے، اس کے معنی امتحان اور آزمائش کے ہیں۔ ہر مکروہ اور ناپسندیدہ چیز کے لیے یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے بہت سے ایسے ہولناک فتنوں کی خبر دی ہے کہ جن میں ایک مسلمان پر حق خلط ملط ہو جائے گا۔ جب بھی کوئی فتنہ رونما ہو گا تو مومن کہے گا: یہ فتنہ میری ہلاکت کا باعث بنے گا۔ پھر جیسے ہی یہ فتنہ غائب ہو گا، اس کی جگہ کوئی دوسرا فتنہ آ جائے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، أَوْيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيعُ دِينَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا»

''اندھیری شب جیسے فتنوں کے سیلاب سے پہلے پہلے نیک اعمال کر لو۔ آدمی صبح کے وقت تو مومن ہو گا لیکن شام ہونے سے پہلے کافر ہو جائے گا یا شام کے وقت تو مومن ہو گا مگر صبح ہونے سے قبل وہ کافر ہو چکا

ہوگا۔ آدمی معمولی سے دنیاوی فائدے کے عوض اپنا دین فروخت کردے گا۔"[1]

حدیث کے معنی

اس حدیث میں ترغیب دی گئی ہے کہ اس وقت کے آنے سے پہلے جب نیک عمل کرنا بے حد مشکل ہو جائے گا، نیک عمل کرلو۔ پے در پے رونما ہونے والے اور مشغول کردینے والے فتنوں کے اس دور سے پہلے جو اندھیری رات کی طرح ہوگا اور چاندنی کا اس میں نشان نہیں ہوگا، نیک اعمال بجالاؤ۔

آپ ﷺ نے ان فتنوں کی سنگینی اور شدت کا احساس اس طرح دلایا کہ آدمی شام کے وقت تو مومن ہوگا اور صبح ہوتے ہوتے کافر ہو جائے گا۔ یا صبح کے وقت تو مومن ہوگا اور شام ہوتے ہوتے کافر ہو جائے گا یہ اس وجہ سے ہوگا کہ فتنے بہت عظیم اور ہولناک ہوں گے، ان کی وجہ سے انسان میں ایک ہی دن میں یہ تبدیلی رونما ہوجائے گی۔

[1] صحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 118.

8 - سیٹلائٹ چینلز کی بھرمار

آج کم از کم تیرہ ہزار سیٹلائٹ چینلز فضا سے نشریات دے رہے ہیں۔ جو فتنوں اور بلاؤں کے انتشار کا ذریعہ بنے ہوئے ہیں۔ گزشتہ حدیث میں ان فتنوں کی طرف ایک عمومی اشارہ موجود ہے۔ جس میں آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ «بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ......» لیکن بعض دیگر احادیث میں ان چینلز اور ان کی برائیوں کی طرف نسبتاً واضح اشارہ بھی ملتا ہے۔ امام ابن ابی شیبہ نے اپنی ''مصنف'' میں صحیح سند کے ساتھ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ذکر کی ہے کہ انھوں نے فرمایا: «لَيُوشِكَنَّ أَنْ يُصَبَّ عَلَيْكُمْ شَرٌّ مِنَ السَّمَاءِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْفَيَافِيَ»[1] ''مجھے خدشہ ہے کہ تم پر آسمان سے شر نازل ہو گا جو (فیافی) تک پہنچ جائے گا۔'' کہا گیا: ابوعبداللہ! یہ (فیافی) کیا ہیں؟ فرمایا: بے آباد بنجر زمینیں۔

[1] المصنف لابن أبي شيبة: 15/110.

عربوں کی لغت میں لفظ «السماء» ہر اس چیز کے لیے بولا جاتا ہے جو انسان کے اوپر ہوتی ہے۔ لغت کی مشہور کتاب (لسان العرب) میں ہے کہ ''سماء ہر وہ چیز ہے جو بلند ہو اور آپ پر سایہ فگن ہو۔'' [1]

ٹی وی سیٹ ہر اس فتنے اور مخربِ اخلاق لہو ولعب کا استقبال کرتا ہے جو مصنوعی سیارے اس تک پہنچاتے ہیں حتی کہ آج جنگلوں اور صحراؤں میں خیمے بھی اس فتنے سے محفوظ نہیں رہ سکے۔

ایک صحرا میں خیمے کے قریب نصب ڈش انٹینا

[1] لسان العرب، مادۃ: سما.

9۔ آپ ﷺ کی جنگِ صفین کے بارے میں پیشین گوئی

علامات قیامت میں وہ جنگیں اور معرکے بھی شامل ہیں جن کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے خبر دی ہے خواہ یہ جنگیں مسلمانوں اور کفار کے درمیان ہوں یا خود مسلمانوں ہی کے درمیان ہوں۔ مسلمانوں کے مابین معرکوں میں سے ایک جنگِ صفین بھی ہے۔ جو سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کی فوجوں کے درمیان (36ھ) میں ہوئی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيمَتَانِ تَكُونُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيمَةٌ، وَ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک دو عظیم جماعتیں آپس میں لڑائی نہ کرلیں۔ ان کے درمیان قتل وخونریزی کا ایک عظیم معرکہ بپا ہوگا۔ حالانکہ دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہوگا۔''[1]

تنبیہ: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان پیدا ہونے والے فتنے کے بارے میں اہلِ سنت کا موقف:

نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم عام بشر تھے۔ چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے ہاں بھی وہ سب کچھ ہوا جو دیگر عام انسانوں کے ہاں ہوتا ہے۔ وہ اجتہاد بھی کرتے تھے، ان سے خطا بھی واقع ہو جاتی تھی، آپس میں چپقلش بھی ہو جاتی تھی، بلکہ کبھی نوبت جنگوں تک بھی پہنچ جاتی تھی۔ تمام اہلِ سنت کا اس امر پر مکمل اور قطعی اتفاق ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم تمام لوگوں سے بڑھ کر نیک، صالح اور نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و سنت سے قریب ترین تھے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان جو اختلافات واقع ہوئے، ان کے بارے میں اہلِ سنت کا متفقہ موقف یہ ہے کہ مُشاجراتِ صحابہ پر مکمل خاموشی اختیار کی جائے۔ ان میں سے کسی کے بارے میں بھی لب کشائی نہ کی جائے۔ ان کے باہمی جھگڑوں کو موضوعِ

[1] صحیح البخاري، الفتن، حدیث: 7121، وصحیح مسلم، الفتن، حدیث: 157 بعد الحدیث: 2888.

بحث نہ بنایا جائے بلکہ ان سے صرفِ نظر کیا جائے اور اختلافات کی نشر و اشاعت نہ کی جائے۔ ان جھگڑوں کو عوام الناس کے درمیان اچھالنا امت کے درمیان فتنوں کے سر اٹھانے کا باعث بنتا ہے اور لوگوں کے دلوں میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں سوئے ظن پیدا ہوتا ہے۔

نجات یافتہ گروہ اہلِ سنت کا مسلک یہی ہے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں زبانیں بند رکھی جائیں اور سب کا احترام کیا جائے۔

10۔ خوارج کا ظہور

قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ امت میں نبیِ کریم ﷺ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے منہج اور طریقے کے خلاف کچھ فرقے پیدا ہو جائیں گے۔ انھی میں سے ایک فرقہ خوارج بھی ہے۔ یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جماعت کے لوگ تھے جو ان کے ساتھ مل کر لڑائیوں میں شریک ہوتے تھے۔ پھر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ''تحکیم'' کا معاملہ پیش آیا تو یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اطاعت سے منحرف ہو گئے اور کوفہ کے قریب ''حروراء'' نامی ایک بستی میں آباد ہو گئے۔

ان کے عقائد

① وہ لوگ کبیرہ گناہوں کے مرتکب (مثلاً: زنا کرنے والے اور شراب پینے

والے......) کو کافر اور دائمی جہنمی سمجھتے تھے۔ان کا یہ اعتقاد واضح گمراہی ہے۔ کیونکہ حق بات یہ ہے کہ اگر مسلمان سے کبیرہ گناہ سرزد ہو جائے تو اسے کافر نہیں کہا جاسکتا۔ بلکہ وہ اپنے اس گناہ کی وجہ سے نافرمان اور فاسق قرار دیا جائے گا اور اس پر لازم ہے کہ وہ توبہ کرے اور ایسے کاموں سے باز آجائے۔

② وہ حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما دونوں کو کافر سمجھتے تھے اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک کثیر تعداد جو تحکیم کے فیصلے پر رضامند ہوگئی تھی، وہ سب ان کے نزدیک کافر تھی۔

③ وہ فاسق حکمرانوں کے ساتھ لڑائی کرنا بھی ضروری سمجھتے تھے، خواہ انھوں نے کفر کا ارتکاب نہ بھی کیا ہو۔

وہ اہلِ علم ہونے کے دعویدار تھے۔ عبادات میں بہت سخت مشقت اٹھاتے تھے۔ انھی کا بڑا ایک شخص ''ذوالخویصرہ'' [1] تھا جس کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: «يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ» ''یہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے (بہت تیز) تیر شکار سے (بالکل صاف آر پار) نکل جاتا ہے۔''

[1] حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں مال تقسیم فرما رہے تھے۔ اسی موقع پر بنوتمیم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص، جس کا نام ''ذوالخویصرہ'' تھا، آیا اور کہنے لگا: اے محمد! یہ مال انصاف سے تقسیم کیجیے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو تباہ ہو! یہ بتا کہ اگر میں عدل نہیں کروں گا تو پھر کون عدل کرے گا۔ اگر میں اللہ کا رسول ہو کر عدل نہ کروں تو میں ناکام و نامراد ہو جاؤں گا۔ یہ دیکھ کر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے: اللہ کے رسول! مجھے اجازت دیجیے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ◂◂

خوارج کے ظہور کا آغاز؟

جب جنگِ صفین اختتام پذیر ہوئی اور اہلِ شام و اہلِ عراق کی دونوں جماعتوں کا تحکیم پر اتفاق ہو گیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کوفہ کی جانب روانہ ہوئے تو راستے میں خوارج نے ان سے علیحدگی اختیار کر لی۔ لشکر میں ان کی تعداد آٹھ ہزار تھی اور بعض روایات کے مطابق یہ سولہ ہزار تھے۔ یہ لوگ الگ ہو کر حروراء میں ٹھہر گئے۔ سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے انھیں سمجھانے کے لیے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو بھیجا، انھوں نے ان منحرفین سے مناظرہ کیا۔

◂◂ ''اسے جانے دو، اس کے کچھ ایسے ساتھی ہیں کہ تم میں ایک شخص ان کی نماز کے مقابلے میں اپنی نماز کو معمولی خیال کرے گا اور اپنے روزے کو ان کے روزے کے مقابلے میں بے وقعت جانے گا۔ یہ لوگ قرآن کی تلاوت تو بہت کریں گے مگر قرآن ان کے گلے سے اتر کر دل تک نہیں پہنچے گا۔ یہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر (تیزی) سے شکار سے آر پار ہو جاتا ہے۔ وہ تیر کے بھالے کو دیکھیں گے تو اس میں کچھ نہ ہوگا۔ پھر اس کے بانس کو دیکھیں گے تو وہاں بھی کچھ نہ ہوگا۔ پھر اس کی لکڑی کو دیکھیں گے تو وہاں بھی کچھ نہ پائیں گے۔ پھر اس کے پر کو دیکھیں گے تو وہاں بھی کچھ نہ ہوگا۔ وہ تو لید اور خون میں سے تیزی سے گزر چکا۔ (مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کو پتہ بھی نہ چلے گا اور یہ اپنی کرتوتوں کے باعث اسلام سے خارج ہو جائیں گے۔ جس طرح ایک شکاری کسی ہرن کا شکار کرتا ہے۔ اس کا تیر جانور کے جسم میں داخل ہو کر دوسری جانب تیزی سے نکل جاتا ہے۔ شکاری یہ سمجھ رہا ہوتا ہے کہ تیر جانور کو لگا ہی نہیں حالانکہ وہ اس کے جسم سے پار ہو چکا ہوتا ہے۔) ان کی نشانی ایک سیاہ فام شخص ہوگا۔ اس کا ایک بازو (کہنی اور کندھے کا درمیانی حصہ) عورت کے پستان کی طرح ہو گا یا گوشت کے اس ٹکڑے کی طرح ہو گا جو مضطرب اور متحرک رہتا ہے۔ یہ گروہ اس وقت ظاہر ہو گا جب لوگوں میں اختلاف رونما ہو چکا ہو گا۔ (صحیح البخاري، المناقب، حديث: 3610، وصحيح مسلم، الزكاة، حديث: 1064)

مناظرہ: ابنِ عباس کہتے ہیں: جب خوارج لشکرِ علی سے علیحدہ ہوئے تو وہ ایک گھر میں جمع ہو گئے۔ ان کی تعداد چھ ہزار تھی۔ انھوں نے آپس میں مشورہ کیا اور اس امر پر متفق ہو گئے کہ انھیں حضرت علی کے خلاف جنگ کے لیے نکلنا چاہیے۔ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تسلسل سے آتے اور خبریں دیتے کہ خوارج ان کے خلاف جنگ کی تیاریاں کر رہے ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے: انھیں چھوڑ دو، جب تک وہ میرے خلاف جنگ شروع نہ کریں گے تب تک میں بھی انھیں کچھ نہیں کہوں گا۔ مگر وہ ضرور نکلیں گے اور جنگ کریں گے۔ ایک دن میں ظہر کی نماز کے وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: اے امیر المومنین! آج ظہر کی نماز ذرا ٹھنڈی کر کے (تاخیر سے) ادا کیجیے۔ ہو سکتا ہے آج میں خوارج کے پاس جاؤں اور انھیں سمجھانے کی کوشش کروں۔

وہ کہنے لگے: مجھے اندیشہ ہے کہ وہ تمھیں نقصان پہنچائیں گے۔

میں نے عرض کی: اللہ نے چاہا تو ایسا ہرگز نہ ہوگا۔

میں چونکہ خوش اخلاق تھا اور کسی کو ایذا نہیں دیتا تھا، اس لیے امیر المومنین نے مجھے اجازت دے دی۔ میں نے ایک بہترین خوبصورت یمنی لباس زیبِ تن کیا اور خوب بن سنور کر دوپہر کے وقت ان کے پاس جا پہنچا۔

میں ایسے لوگوں کے پاس گیا کہ میں نے ان سے بڑھ کر عبادت گزار نہیں دیکھے۔ ان کی پیشانیاں سجدوں کے نشانات سے مزین تھیں۔ کثرتِ عبادت سے ان کے

ہاتھ اونٹ کے اس حصے کی طرح ہو گئے تھے جو زمین پر لگنے کی وجہ سے سخت ہو جاتا ہے۔ انھوں نے صاف ستھری قمیصیں پہن رکھی تھیں۔ ان کے چہرے ان کی شب بیداری کے شاہد تھے۔ میں نے انھیں سلام کہا۔

کہنے لگے: مرحبا، ابنِ عباس! کیسے آنا ہوا؟

ابنِ عباس: میں تمھارے پاس انصار و مہاجرین اور رسول اللہ ﷺ کے داماد علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی طرف سے نمائندہ بن کر آیا ہوں۔ سنو! ان لوگوں کی موجودگی میں قرآن مجید نازل ہوا اور وہ اس کی تفسیر و تاویل کا تم سے زیادہ علم رکھتے ہیں۔

ان میں سے ایک گروہ کہنے لگا: قریش سے جھگڑا نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ تو فرما چکا ہے: ﴿بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ﴾ [1] ”بلکہ وہ ہیں ہی جھگڑالو لوگ۔“

ان میں سے دو یا تین آدمی کہنے لگے: ہم ان سے بات کر لیتے ہیں۔

ابنِ عباس: تمھیں نبیِ کریم ﷺ کے داماد پر اور مہاجرین و انصار پر جو اعتراضات ہیں لاؤ پیش کرو۔ ان لوگوں پر قرآن نازل ہوا، تم میں کوئی بھی ایسا نہیں جو ان سے بڑھ کر قرآن کا عالم ہو۔

خوارج: ہمیں ان پر تین اعتراضات ہیں۔

ابنِ عباس: بیان کرو۔

خوارج: پہلا اعتراض یہ ہے کہ انھوں نے اللہ کے حکم کے مقابلے میں انسانوں کو منصف بنایا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان کتاب اللہ میں موجود ہے کہ

[1] الزخرف 58:43.

﴿إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ﴾ [1] ''حکم اللہ کے سوا کسی کا نہیں۔''اب اللہ کے اس فرمان کے بعد انسانوں کو کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ کسی کو حَکَم بنائیں۔

ابنِ عباس: یہ تو ایک بات ہوئی، دوسری کیا ہے؟

خوارج: انھوں نے ایک گروہ سے لڑائی کی، ان کے لوگوں کو قتل بھی کیا لیکن نہ تو کسی کو قید کیا نہ مالِ غنیمت جمع کیا۔اگر وہ لوگ مومن تھے تو پھر انھوں نے ہمارے لیے ان سے لڑائی کرنا کیسے جائز قرار دیا اور ان میں سے کسی کو قیدی بھی نہ بنانے دیا؟

ابن عباس: تیسری چیز بیان کرو۔

خوارج: انھوں نے صلح کا معاہدہ لکھتے وقت اپنے نام سے امیر المومنین کا لفظ مٹا دیا، اگر وہ امیر المومنین نہیں ہیں تو پھر کیا وہ امیر الکافرین ہیں؟

ابنِ عباس: کوئی اور بات؟

خوارج: بس اتنی باتیں کافی ہیں۔

ابن عباس: جہاں تک تمھارا یہ کہنا ہے کہ انھوں نے اللہ کی شریعت کے معاملے میں انسانوں کو حَکَم بنایا تو میں اللہ کی کتاب سے کچھ آیات تلاوت کرتا ہوں جو تمھاری بات کی تردید کریں گی۔ اگر ایسا ہوا تو کیا تم اپنے موقف سے دست بردار ہو جاؤ گے؟

خوارج: جی ہاں بالکل۔

ابن عباس: اللہ تعالیٰ نے ایک خرگوش کے معاملے میں جس کی قیمت ایک

[1] الأنعام 6:57.

چوتھائی درہم سے زیادہ نہیں ہوتی، اپنے حکم سے فیصلہ تحویل کر کے انسانوں کے سپرد کر دیا ہے۔ میں نے یہ آیت کریمہ پڑھی:

﴿ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ ﴾

"اے ایمان والو! (وحشی) شکار کو حالت احرام میں قتل نہ کرو۔ جو شخص تم میں سے جان بوجھ کر اس کو قتل کرے گا تو اس پر فدیہ واجب ہوگا جو کہ اس جانور کے مساوی ہوگا جس کو اس نے قتل کیا ہے۔ اس کا فیصلہ تم میں سے دو عادل شخص کر دیں۔" [1]

مرد اور عورت کے معاملے میں فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَھْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَھْلِهَا ﴾

"اگر تمھیں مرد و عورت کے معاملے میں اَن بَن کا خوف ہو تو ایک منصف مرد کے رشتہ داروں میں سے اور ایک منصف عورت کے گھر والوں میں سے مقرر کرو۔" [2]

میں تمھیں اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا آدمیوں کی تحکیم ایک خرگوش کے قتل اور عورت کے معاملہ میں افضل ہے یا مسلمانوں کے باہمی معاملات کی درستی اور خونریزی روکنے کے لیے افضل ہے؟

خوارج: بلکہ یہی افضل ہے۔

---

[1] المآئدۃ 95:5. [2] النسآء 35:4.

ابن عباس: یہ بات ختم ہوگئی؟

خوارج: جی ہاں۔

ابن عباس: جہاں تک تمھارا یہ کہنا ہے کہ انھوں نے لڑائی کی اور مخالفین کو قید نہیں کیا اور نہ ہی مال غنیمت پر قبضہ کیا تو مجھے یہ بتاؤ کیا تم اپنی ماں ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو قیدی بنانے کے لیے تیار ہو جاتے؟ اللہ کی قسم! اگر تم نے یہ کہا کہ وہ ہماری ماں نہیں تو تم اسلام ہی سے نکل جاؤ گے۔ اور اگر تم نے یہ کہا کہ ہاں ہم انھیں گرفتار کرنے اور ان کے ساتھ لونڈیوں جیسا سلوک کرنے کے روادار ہیں تو تب بھی تم اسلام سے خارج ہو جاؤ گے۔ تم دونوں صورتوں میں گمراہی کا شکار ہو جاؤ گے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ﴾

”نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مومنین پر خود ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھنے والے ہیں اور پیغمبر کی بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں۔“ [1]

ابن عباس: کیا یہ بات تم نے تسلیم کر لی؟

خوارج: جی ہاں۔

ابن عباس: جہاں تک تمھاری اس بات کا تعلق ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے نام سے امیر المومنین کا لفظ مٹا دیا تو تم لوگ اچھی طرح جانتے ہو کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے روز مشرکین کے نمائندوں ابوسفیان بن حرب اور سہیل بن عمرو کے ساتھ صلح نامہ تحریر کروایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ

1 الأحزاب 6:33.

صلح کی شرائط تحریر کریں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لکھا: ''اس تحریر کی رو سے محمد رسول اللہ نے قریشِ مکہ سے صلح کی ہے۔'' مشرکین نے اس پر کہا: اللہ کی قسم! ہم نہیں جانتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اگر ہم جانتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو آپ سے کبھی لڑائی ہی نہ کرتے۔ اس پر نبیِ کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! تو جانتا ہے کہ میں رسول اللہ ہوں۔ اے علی! اسے مٹا دیں اور لکھیں کہ یہ وہ معاہدہ ہے جس کے مطابق محمد بن عبداللہ نے صلح کی ہے۔ اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ حضرت علی سے کہیں زیادہ افضل و برتر ہیں اور اگر انھوں نے صلح کی خاطر اپنے نام سے رسول اللہ کا لفظ مٹا دیا تو حضرت علی کے لیے ایسا کرنا کیونکر ناجائز ہوسکتا ہے؟

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے دلائل سے لاجواب ہوکر دو ہزار خارجی تائب ہوگئے اور باقی سب لڑائی کے لیے نکلے مگر سب کے سب قتل کردیے گئے۔ [1]

اس بحث ومناظرے کے نتیجے میں بعض خوارج نے خلیفۃ المسلمین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اطاعت کو دوبارہ قبول کرلیا، جبکہ باقی اپنی گمراہی پر قائم رہے۔ حضرت علی نے کوفہ کی مسجد میں ان سے خطاب کیا تو وہ مسجد کے کونوں سے بولے: «لَا حُكْمَ إِلَّا لِلّٰهِ» انھوں نے یہ بھی کہا: آپ شرک کے مرتکب ہوئے ہیں، اس لیے کہ آپ نے لوگوں کو حَكَمْ بنایا مگر کتاب اللہ کو حَكَمْ نہ بنایا۔

سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے ان کے جواب میں فرمایا: ہم تم سے تین باتوں کا وعدہ کرتے ہیں:

---

[1] المصنف لعبد الرزاق: 157/10، والمستدرك للحاكم: 150/2 اور اسے امام حاکم نے بخاری ومسلم کی شرائط کے مطابق صحیح قرار دیا ہے۔

① ہم تمھیں مساجد میں آنے سے نہیں روکیں گے۔

② ہم مال فے میں سے تمھارا حصہ نہیں روکیں گے۔

③ ہم تم سے لڑائی کرنے میں پہل نہیں کریں گے، بشرطیکہ تم خود ہی شروفساد شروع نہ کردو۔

اس کے بعد انھوں نے ایک جگہ ڈیرا جما لیا اور جو بھی مسلمان ان کے قریب سے گزرتا اسے پکڑ کر قتل کر دیتے۔ان کی دست درازی اس حد تک بڑھی کہ انھوں نے جلیل القدر صحابی حضرت عبداللہ بن خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کو بھی قتل کر دیا اور ان کی اہلیہ محترمہ کا پیٹ پھاڑ دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو کہلا بھیجا کہ وہ بتلائیں کہ انھیں کس نے قتل کیا ہے؟ جواب میں خارجیوں نے کہا: ہم سب نے اسے قتل کیا ہے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جنگ کی تیاری کی اور نہروان کے مقام پر ایک بھرپور لڑائی میں ان کو بدترین شکست سے دوچار کیا۔

11 ۔ جھوٹے مدعیانِ نبوت کا ظہور

علاماتِ قیامت میں سے ایسے دجال و کذاب لوگوں کا ظہور بھی ہے جو نبوت کا دعویٰ کریں گے اور اپنی خرافات اور باطل باتوں کے ذریعے فتنہ پیدا کریں گے۔ نبی کریم ﷺ نے امت کو خبر دی ہے کہ ان جھوٹے مدعیانِ نبوت کی تعداد تیس کے قریب ہوگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُبْعَثَ دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ قَرِيبًا مِنْ ثَلَاثِينَ كُلُّهُمْ

فتنۂ ارتداد اور منکرین زکاۃ کے خلاف جنگیں

■ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ ■ خالد بن سعید رضی اللہ عنہ ■ عرفجہ بن ہرثمہ رضی اللہ عنہ ■ علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ ■ عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ

■ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ ■ شرجیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ ■ مہاجر بن ابی امیہ رضی اللہ عنہ ■ سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ

يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ)

''قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ تیس کے قریب جھوٹے دجال ظاہر نہ ہوجائیں۔ ان میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔''[1]

یہ علامت بھی ظاہر ہو چکی ہے۔ زمانۂ قدیم وجدید میں بہت سے مدعیان نبوت سامنے آ چکے ہیں۔ کچھ بعید نہیں کہ کانے بڑے دجال (اللہ ہمیں اس کے فتنہ سے محفوظ رکھے) کی آمد سے پہلے پہلے نبوت کے کچھ اور دعویدار بھی سامنے آ جائیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک روز خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''اللہ کی قسم! قیامت قائم نہ ہوگی جب تک تیس جھوٹے دجال ظاہر نہ ہو جائیں، اس سلسلے کی آخری کڑی کانا مسیح دجال ہوگا۔''[2]

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی، جب تک میری امت کے کچھ قبائل دوبارہ مشرکین سے نہ مل جائیں اور وہ بتوں کی پوجا نہ کرلیں۔ میری امت میں تیس جھوٹے ظاہر ہوں گے ان میں سے ہر ایک گمان کرے گا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔''[3]

---

[1] صحيح البخاري، المناقب، حديث: 3609. [2] مسند أحمد : 16/5. [3] سنن أبي داود، الفتن والملاحم، حديث: 4252، و جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2219، وهو حديث صحيح.

اسی طرح ایک اور حدیث میں نبیِ کریم ﷺ نے ستائیس مدعیانِ نبوت کے ظہور کی خبر دی ہے، ان میں سے چار خواتین ہوں گی، ان میں سے ہر ایک دعویٰ کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبیِ کریم ﷺ نے فرمایا:

''میری امت میں ستائیس جھوٹے دجال مدعیانِ نبوت پیدا ہوں گے، ان میں سے چار عورتیں بھی ہوں گی، میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔'' [1]

ان لوگوں کی بڑی تعداد ماضی میں ظاہر ہو چکی ہے:

① رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ کے آخری ایام میں یمن میں اسود عنسی نے اسلام سے مرتد ہو کر اپنے نبی ہونے کا اعلان کر دیا۔ اس کا ارتداد عہدِ رسالت میں واقع ہونے والا سب سے پہلا ارتداد تھا۔ اس کے جنگجو ساتھیوں نے تین یا چار ماہ میں پیش قدمی کر کے یمن کے تمام علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ نبی کریم ﷺ نے یمن کے مخلص مسلمانوں کی طرف پیغام ارسال کیا کہ وہ اس جھوٹے دجال کو قتل کر دیں۔ انھوں نے نبیِ کریم ﷺ کے حکم پر لبیک کہتے ہوئے اس کی بیوی کی مدد سے اسے قتل کر دیا۔ اس کی بیوی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتی تھی۔ اسود نے اس خاتون کے شوہر کو قتل کر کے زبردستی اس سے شادی کر لی تھی۔ اس کے قتل کے ساتھ ہی یمن میں اسلام اور اہل اسلام کو غلبہ حاصل ہو گیا۔ یمن

[1] مسند أحمد: 396/5، والطبراني في المعجم الكبير: 170/3.

کے مسلمانوں نے یہ ساری روداد نبی کریم ﷺ کی طرف لکھ بھیجی مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو (رات ہی) وحی کے ذریعے خبر دے دی تھی اور آپ نے اپنے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو ساری صورت حال سے آگاہ فرما دیا تھا۔ اس جھوٹے شخص کا زمانۂ نبوت صرف تین یا چار ماہ پر محیط تھا۔

② جھوٹے مدعیانِ نبوت میں سے ایک طلیحہ بن خویلد اسدی بھی تھا۔ مسلمانوں کی اس سے کئی لڑائیاں ہوئیں۔ بالآخر وہ صدق دل سے مسلمان ہو گیا اور لشکر اسلامی میں شامل ہو گیا۔ اس نے اللہ کی راہ میں کفر کے ساتھ متعدد معرکوں میں بڑی جوانمردی سے حصہ لیا اور آخر کار نہاوند کی جنگ میں خلعت شہادت سے سرفراز ہوا۔

③ انھی میں سے ایک مدعی نبوت مسیلمہ کذاب بھی تھا، اس کا دعویٰ تھا کہ اس کے پاس صرف رات کے اندھیرے میں وحی آتی ہے۔ خلیفۂ اول سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کی سرکوبی کے لیے ایک لشکر حضرت خالد بن ولید، عکرمہ بن ابی جہل اور شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہم کی سربراہی میں روانہ کیا۔ مسیلمہ نے اسلامی لشکر کا مقابلہ چالیس ہزار جنگجوؤں کے ساتھ کیا۔ دونوں فوجوں کے درمیان متعدد خونریز معرکے ہوئے اور بالآخر شکست مسیلمہ اور اس کے لشکر کا مقدر بنی۔ مسیلمہ وحشی بن حرب رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں واصلِ جہنم ہوا، حق کو فتح نصیب ہوئی اور توحید کا علم بلند ہوا۔

④ مدعیان نبوت میں ایک عورت سجاح بنت حارث تغلبیہ بھی تھی۔ اس کا تعلق عرب کے عیسائیوں سے تھا۔ اس نے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد نبوت کا

دعوی کیا۔ اس کے اپنے قبیلے کے اور دیگر قبائل کے لوگوں کی ایک کثیر تعداد اس کی ہمنوا بن گئی۔ سجاح اپنے لشکر کے ساتھ اردگرد کے قبائل سے لڑائیاں کرتی ہوئی مسلسل پیش قدمی کرتی رہی حتی کہ یمامہ پہنچ گئی۔ وہاں اس نے مسیلمہ کی نبوت کو تسلیم کرلیا اور اس سے شادی بھی کرلی۔ جب مسیلمہ واصل جہنم ہوگیا تو وہ واپس اپنی قوم بنوتغلب میں چلی آئی، پھر وہ مسلمان ہوگئی اور اسلام پر خوب جمی رہی، پھر وہ بصرہ منتقل ہوگئی اور وہیں وفات پائی۔

⑤ عہد تابعین اور اس کے بعد کے زمانے میں نبوت کے جو جھوٹے دعویدار منظر عام پر آئے، ان میں ایک نام مختار بن عبید ثقفی کا ہے۔ اس نے اعلان نبوت سے پہلے شیعہ مذہب کا لبادہ اوڑھا اور جب شیعہ کی ایک بڑی تعداد اس کی پیروکار بن گئی تو اس نے کہا: مجھ پر تو جبریل وحی لے کر نازل ہوتا ہے۔ اس کے اور مصعب بن زبیر رضی اللہ عنہ کے لشکروں کے درمیان متعدد جنگیں ہوئیں جن میں مختار مارا گیا۔

⑥ انھی میں سے ایک دجال حارث بن سعید کذاب بھی ہے۔ یہ دمشق میں ایک عابد وزاہد شخص کی حیثیت سے معروف ہوا۔ پھر اس نے دعویٰ کردیا کہ وہ نبی ہے۔ جب اسے معلوم ہوا کہ اس کی خبر خلیفہ عبدالملک بن مروان تک پہنچ گئی ہے تو وہ روپوش ہوگیا۔ اہل بصرہ میں سے ایک شخص نے اس کا کھوج لگا لیا اور اس تک پہنچنے میں کامیاب ہوگیا۔ وہ حارث سے ملا اور اس پر ظاہر کیا کہ وہ بھی اس پر ایمان لاچکا ہے۔ حارث نے اپنے نوکروں چاکروں کو ہدایات جاری کردیں کہ

یہ شخص جب بھی میرے پاس آنا چاہے، اسے نہ روکا جائے۔ اس آدمی نے ساری صورت حال سے عبدالملک کو مطلع کر دیا۔ خلیفہ نے اس کی ہمراہی میں فوجی دستے روانہ کر دیے۔ انھوں نے حارث کو گرفتار کر کے خلیفہ کے روبرو پیش کر دیا۔ عبد الملک نے بعض علماء وفقہاء کو ہدایت کی کہ وہ اسے سمجھائیں کہ یہ اس کا شیطانی وہم تھا۔ وہ اپنے ان فاسد خیالات سے تائب ہو جائے مگر اس نے انکار کر دیا اور اپنی بات پر اڑا رہا۔ چنانچہ خلیفہ نے اسے قتل کر دیا۔

مرزا غلام احمد قادیانی

⑦ عصر حاضر میں قریباً ایک صدی قبل ہندوستان میں ایک شخص ظاہر ہوا، اس کا نام مرزا غلام احمد قادیانی تھا۔ اس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور کہا کہ اس پر آسمان سے وحی نازل ہوتی ہے۔ اس کا یہ بھی کہنا تھا: اللہ نے مجھے خبر دی ہے کہ تم اسی (80) برس تک اس دنیا میں زندہ رہو گے۔ لوگوں کی ایک خاصی تعداد اس کی پیروکار بن گئی۔ مگر علمائے حق نے اس کا تعاقب کیا۔ اس کے خود ساختہ دلائل کا بھرپور جواب دیا اور واضح کیا کہ وہ نبی نہیں، بلکہ دجال اور کذاب ہے۔ ان حضرات علمائے کرام میں سے مرزا غلام احمد قادیانی کی تردید میں سب سے زیادہ

خدمات جس شخصیت نے سرانجام دیں، وہ جلیل القدر عالم حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمہ اللہ تھے۔ وہ مرزا غلام احمد قادیانی کے سب سے شدید ناقد اور پیچھا کرنے والے تھے۔

سن 1326ھ بمطابق 1908ء میں غلام احمد قادیانی نے مولانا ثناء اللہ امرتسری کو مباہلے کا چیلنج دیا اور دعویٰ کیا کہ ہم دونوں میں سے جو جھوٹا ہو گا وہ سچے کی زندگی میں مر جائے گا۔ مرزا قادیانی نے دعا کی: یا اللہ! ہم دونوں میں سے جو جھوٹا ہو اسے سچے کی زندگی میں موت سے دوچار کر اور اس پر طاعون کی ایسی بیماری مسلط فرما جو اس کی موت کا سبب بن جائے۔ اس دعا کے ایک برس بعد مرزا اپنی بددعا کا شکار ہو گیا۔ مرزا کا سسر بیان کرتا ہے کہ مرزا کا مرض جب بہت بڑھ گیا تو اس نے مجھے نیند سے جگایا، میں اس کی طرف گیا اور دیکھا کہ وہ تکلیف کی شدت سے سخت بے چین تھا۔ اس نے مجھے مخاطب کرتے ہوئے کہا: مجھے ہیضہ کی بیماری لگ گئی ہے، یہ اس کی آخری بات تھی اور پھر وہ اس کے بعد کوئی واضح لفظ اپنی زبان سے ادا نہ کر سکا اور مر گیا۔[1]

[1] خود مولانا ثناء اللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ردِ مرزائیت میں اپنا پہلا رسالہ ''الہاماتِ مرزا'' میں نے بڑی محنت سے لکھا جو اتنا مقبول ہوا کہ بڑے بڑے مصنفوں نے اس کی عبارات اپنی تصنیفات میں ◄◄

نقل کیں۔ پنجاب کے پیر صاحب گولڑہ نے ''سیف چشتیائی'' میں اور حیدر آباد دکن کے مولانا انوار اللہ مرحوم نے ''افادۃ الافہام'' میں الہامات مرزا سے فائدہ حاصل کیا۔ میرا یہ طریق کلام مرزا صاحب قادیانی کو ایسا ہوا کہ انھوں نے بحکم تنگ آمد بجنگ آمد مندرجہ ذیل اشتہار دیا:

مولوی ثناء اللہ صاحب کے ساتھ آخری فیصلہ

بسم الله الرحمن الرحيم، نحمده و نصلي على رسوله الكريم.

﴿وَيَسْتَنْبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ﴾

بخدمت مولوی ثناء اللہ صاحب، السلام علٰی من اتبع الهدٰی، مدت سے آپ کے پرچہ اہل حدیث میں میری تکذیب اور تفسیق کا سلسلہ جاری ہے۔ ہمیشہ مجھے آپ اپنے پرچہ میں مردود، دجال، مفسد کے نام سے منسوب کرتے ہیں اور دنیا میں میری نسبت یہ شہرت دیتے ہیں کہ یہ شخص مفتری، کذاب اور دجال ہے اور اس شخص کا دعویٰ مسیح موعود ہونے کا سراسر افترا ہے۔ میں نے آپ سے بہت دکھ اٹھایا اور صبر کرتا رہا۔ مگر میں چونکہ دیکھتا ہوں کہ میں حق کے پھیلانے کے لیے مامور ہوں اور آپ بہت سے افترا میرے پر کرکے دنیا کو میری طرف سے روکتے ہیں اور مجھے گالیوں اور تہمتوں اور ان الفاظ سے یاد کرتے ہیں جن سے بڑھ کر کوئی سخت لفظ نہیں ہوسکتا۔ اگر میں ایسا ہی کذاب اور مفتری ہوں جیسا کہ اکثر اوقات اپنے ہر پرچہ میں مجھے یاد کرتے ہیں، تو میں آپ کی زندگی میں ہی ہلاک ہوجاؤں گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ مفسد اور کذاب کی بہت عمر نہیں ہوتی اور آخر وہ ذلت اور حسرت کے ساتھ اپنے اشد دشمنوں کی زندگی میں ہی ناکام ہلاک ہوجاتا ہے۔ اس کا ہلاک ہونا ہی بہتر ہے تاکہ خدا کے بندوں کو تباہ نہ کرے اور اگر میں کذاب اور مفتری نہیں ہوں اور خدا کے مکالمہ اور مخاطبہ سے مشرف ہوں اور مسیح موعود ہوں، تو میں خدا کے فضل سے امید رکھتا ہوں کہ آپ سنت اللہ کے موافق مکذبین کی سزا سے نہیں بچیں گے۔ پس اگر وہ سزا جو انسان کے ہاتھوں سے نہیں بلکہ محض خدا کے ہاتھوں سے جیسے طاعون، ہیضہ وغیرہ مہلک بیماریاں آپ پر میری زندگی میں ہی وارد نہ ہوئیں تو میں خدا کی طرف سے نہیں۔ یہ کسی الہام یا وحی کی بنا پر پیش گوئی نہیں بلکہ محض دعا کے طور پر میں نے اپنے خدا سے فیصلہ چاہا ہے اور میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ اے میرے مالک بصیر وقدیر جو علیم وخبیر ہے، جو میرے دل کے حالات سے واقف ہے، اگر یہ دعویٰ مسیح موعود ہونے کا محض میرے نفس کا افترا ہے اور میں تیری نظر میں مفسد اور کذاب ہوں اور دن رات افترا کرنا میرا

کام ہے تو اے میرے پیارے مالک میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ صاحب کی زندگی میں مجھے ہلاک کر اور میری موت سے ان کو اور ان کی جماعت کو خوش کر دے۔ آمین! مگر اے میرے کامل اور صادق خدا اگر مولوی ثناء اللہ ان تہمتوں میں جو مجھ پر لگاتا ہے، حق پر نہیں تو میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ میری زندگی میں ہی ان کو نابود کر مگر نہ انسانی ہاتھوں سے بلکہ طاعون و ہیضہ امراضِ مہلکہ سے بجز اس صورت کے کہ وہ کھلے طور میرے روبرو اور میری جماعت کے سامنے ان تمام گالیوں اور بدزبانیوں سے توبہ کرے جن کو وہ فرض منصبی سمجھ کر ہمیشہ مجھے دکھ دیتا ہے۔ آمین یا رب العالمین۔ میں ان کے ہاتھوں سے بہت ستایا گیا اور صبر کرتا رہا مگر اب میں دیکھتا ہوں کہ ان کی بدزبانی حد سے گزر گئی، وہ مجھے ان چوروں اور ڈاکوؤں سے بھی بدتر جانتے ہیں جن کا وجود دنیا کے لیے سخت نقصان رساں ہوتا ہے۔ انھوں نے اپنی تہمتوں اور بدزبانیوں میں آیت ﴿ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ﴾ پر بھی عمل نہیں کیا۔ اور تمام دنیا سے مجھے بدتر سمجھ لیا اور دور دور ملکوں تک میری نسبت یہ پھیلا دیا کہ یہ شخص درحقیقت مفسد اور ٹھگ اور دکاندار اور کذاب اور مفتری اور نہایت درجہ کا بدآدمی ہے۔ سو اگر ایسے کلمات حق کے طالبوں پر بداثر نہ ڈالتے تو میں ان تہمتوں پر صبر کرتا۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ اپنی تہمتوں کے ذریعے سے میرے سلسلہ کو نابود کرنا چاہتا ہے، اور اس عمارت کو منہدم کرنا چاہتا ہے جو تو نے میرے آقا اور میرے بھیجنے والے اپنے ہاتھ سے بنائی ہے، اس لیے اب میں تیرے ہی تقدس اور رحمت کا دامن پکڑ کر تیری جناب میں ملتجی ہوں کہ مجھ میں اور ثناء اللہ میں سچا فیصلہ فرما اور جو تیری نگاہ میں حقیقت میں مفسد اور کذاب ہے اس کو صادق کی زندگی میں ہی دنیا سے اٹھا لے یا کسی اور سخت آفت میں جو موت کے برابر ہو مبتلا کر۔ اے میرے مالک تو ایسا ہی کر۔ آمین ثم آمین۔ ﴿ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴾ بالآخر مولوی صاحب سے التماس ہے کہ وہ میرے اس مضمون کو اپنے پرچہ میں چھاپ دیں اور جو چاہیں اس کے نیچے لکھ دیں اب فیصلہ خدا کے ہاتھ میں ہے، (الراقم عبد اللہ الصمد مرزا غلام احمد مسیح موعود عافاہ اللہ وأید، مرقومہ یکم ربیع الاول 1325ھ مطابق 15 اپریل 1907ء)

(مولانا ثناء اللہ کہتے ہیں کہ) یہ تو ہے مرزا صاحب کی دعائے آخری فیصلہ کے اشتہار کا نفسِ مضمون اور اب ہم بتاتے ہیں کہ اس دعا کے قبول ہونے کا کیا قرینہ ہے۔

مرزا صاحب کہتے ہیں: مجھے بار بار خدا نے مخاطب کر کے فرمایا کہ جب تو دعا کرے تو میں تیری

قیامت تک اسی طرح جھوٹے دجال مدعیان نبوت کا یکے بعد دیگرے ظہور ہوتا رہے گا حتی کہ ان کی وہ تعداد پوری ہو جائے گی جس کی صادق و مصدوق ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ نے ہمیں خبر دی ہے۔ حتی کہ اس سلسلے کی آخری کڑی مسیح دجال ہوگا جو آخری زمانے میں ظاہر ہوگا (ہم اس کی آزمائش سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں)۔ پھر سیدنا عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام تشریف لائیں گے، وہ اس کو قتل کر دیں گے اور اس کے فتنے کو بھی نابود کر دیں گے۔ [1]

ایک اشکال

سوال: بعض لوگ اس بات میں اشکال کا شکار ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے تو

سنوں۔" (ضمیمہ نمبر:5 تریاق القلوب)

نیز فرمایا کہ خدا کی طرف سے مجھے الہام ہوا ہے: "جب کہ تو نے مجھے مخاطب کر کے کہا کہ میں تیری ہر ایک دعا کو قبول کروں گا مگر شرکاء (برادری) کے بارے میں نہیں، تبھی سے میری روح ہر وقت دعاؤں کی طرف دوڑتی ہے۔ (تریاق القلوب، ضمیمہ نمبر:5، خزائن: 386/15)

نیز مرزا صاحب کے الفاظ ہیں: ثناء اللہ کے متعلق جو لکھا گیا ہے، یہ دراصل ہماری طرف سے نہیں بلکہ خدا ہی کی طرف سے اس کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ ایک دفعہ ہماری توجہ اس کی طرف ہوئی اور رات کو الہام ہوا "أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ" صوفیا کے نزدیک بڑی کرامت استجابتِ دعا ہی ہے۔ باقی سب اس کی شاخیں ہیں (بدر، 25 اپریل 1907ء)

چنانچہ مرزا اپنی ہی دعا کے نتیجے میں ربیع الاول 1326ھ موافق 26 مئی 1908ء کو مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمہ اللہ کی زندگی میں مرضِ ہیضہ سے ہلاک ہو گیا۔ (تحریکِ ختم نبوت، ڈاکٹر محمد بہاؤ الدین: 105/3-108)۔(خالد سیف)

[1] مسیح دجال اور مسیح ابن مریم کے بارے میں کلام اگلے صفحات میں علامات کبریٰ میں علامت نمبر: 1 اور 2 پر آئے گا۔

جھوٹے دجال مدعیان نبوت کی تعداد تیس بیان فرمائی ہے، جبکہ امر واقع اور تاریخ اس بات کے شاہد ہیں کہ مدعیان نبوت کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔

جواب: اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ نبیِ کریم ﷺ کی مراد صرف وہ ہیں جنھیں حکومت ، شہرت اور پیروکار نصیب ہوئے۔ جہاں تک ایسے لوگوں کا تعلق ہے جو ان چیزوں سے محروم رہے تو ان کو پیغمبر ﷺ کے بیان کردہ تیس لوگوں میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ واللہ اعلم

12۔ امن وخوشحالی کی کثرت

مسلمانوں نے مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ میں ایک عرصہ دشمنوں سے قتال، جنگوں اور معرکہ آرائیوں میں گزارا تھا۔ اس کے باوجود نبی کریم ﷺ نے انھیں بتلایا کہ جیسے جیسے ماہ وسال گزریں گے اور قیامت قریب آتی جائے گی، ویسے ہی امن وامان میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا اور خوشحالی عام ہوتی جائے گی۔ ارشاد رسالت مآب ﷺ ہے:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَعُودَ أَرْضُ الْعَرَبِ مُرُوجًا وَّ أَنْهَارًا، وَ حَتّٰى يَسِيرَ الرَّاكِبُ بَيْنَ الْعِرَاقِ وَ مَكَّةَ لَا يَخَافُ إِلَّا ضَلَالَ الطَّرِيقِ، وَ حَتّٰى يَكْثُرَ الْهَرْجُ، قَالُوا: وَ مَا الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ سرزمین عرب میں دوبارہ باغات اور نہروں کی کثرت نہ ہو جائے، اور یہاں تک کہ ایک سوار عراق سے چل کر مکہ پہنچے گا اور دوران سفر اسے راستہ بھولنے کے سوا کوئی خوف نہ ہوگا [1] اور البتہ ''ہرج'' کی کثرت ہوجائے گی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اللہ کے رسول! یہ فرمایئے کہ ''ہرج'' کیا چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قتل وخونریزی۔'' [2]

---

[1] مطلب یہ ہے کہ اسے دوران سفر چوروں اور ڈاکوؤں کا کوئی اندیشہ نہ ہوگا۔ اسے اگر کوئی خوف ہوگا تو فقط یہ کہ کہیں وہ صحیح راستے سے بھٹک کر کسی دوسرے راستے پر نہ نکل جائے۔ مگر جہاں تک اس کی جان اور مال کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں وہ بالکل بے فکر ہوگا۔

[2] مسند أحمد: 371/2. وقال الهيثمي: رجاله رجال الصحيح .

اس بات کی تائید نبی کریم ﷺ کی اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں آپ ﷺ نے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''اے عدی! کیا تم نے حیرہ [1] دیکھا ہے؟'' عدی نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے دیکھا تو نہیں، البتہ اس کے بارے میں سن ضرور رکھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تمھاری عمر نے وفا کی تو تم دیکھو گے کہ ایک عورت ''حیرہ'' سے اپنی سواری پر بیٹھے گی اور کعبہ پہنچ کر طواف کرے گی۔ اس سفر میں اسے اللہ کے سوا کسی کا خوف نہ ہوگا۔'' [2]

اللہ نے چاہا تو مال کی بہت کثرت ہو جائے گی اور مہدی و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ظلم و ستم کی جگہ عدل و انصاف کا دور دورہ بھی ہوگا۔ [3]

1 حیرہ عراق کا شہر ہے جو کہ کوفہ سے تین میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

2 صحيح البخاري، المناقب، حديث: 3595.

3 اس کی تفصیل علامات صغریٰ کے تحت علامت نمبر: 131 پر اور علامات کبریٰ کے تحت نمبر: 2 پر آئے گی۔

13 ـ حجاز سے ایک بڑی آگ کا ظہور

اللہ کے رسول ﷺ نے جن علامات قیامت کی خبر دی ہے، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ارض حجاز میں مدینہ طیبہ کے قریب ایک زبردست آگ ظاہر ہوگی۔ بعض علماء ومؤرخین نے وثوق سے لکھا ہے کہ یہ آگ (654ھ) میں ظاہر ہو چکی ہے۔

علامہ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ اس واقعے کے بارے میں لکھتے ہیں:

''ارض حجاز سے وہ عظیم آگ ظاہر ہو چکی ہے جس سے بُصری (ملک شام کے شہر حوران) کے اونٹوں کی گردنیں روشن ہو گئی تھیں، جیسا کہ اس کا حدیث میں ذکر ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اس سلسلے میں یہ فرمایا تھا:

654 ہجری میں حرہ رہط میں پھوٹنے والے لاوے کے آثار

قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک ارض حجاز سے ایک ایسی آگ ظاہر نہ ہو جائے جس سے بُصریٰ کے اونٹوں کی گردنیں روشن ہو جائیں گی۔[1]

کہا جاتا ہے کہ یہ آگ تین ماہ تک موجود رہی۔ اور یہ آگ اس قدر شدید تھی کہ مدینہ کی خواتین اس کی روشنی میں سوت کاتا کرتی تھیں۔''[2]

حرہ رہط

علامہ ابو شامہ اس واقعے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جمادی الآخرہ 654ھ کی تین تاریخ اور بدھ کی رات تھی، جب مدینہ

---

[1] صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7118. [2] البداية والنهاية: 13/199.

منورہ میں ایک ہولناک گونج سنائی دی، اس کے بعد زلزلہ آیا، اس نے زمین، دیواروں، چھتوں، لکڑیوں اور دروازوں تک کو لرزا دیا۔ یہ سلسلہ ماہ مذکور میں بدھ کی رات سے شروع ہو کر جمعۃ المبارک کے دن تک جاری رہا۔ پھر اس کے بعد ایک عظیم آگ مدینہ کے مقام

حرہ میں، جو بنو قریظہ کے قریب تھا، ظاہر ہوئی۔ یہ آگ ہمیں مدینہ میں اپنے گھروں میں بیٹھے نظر آ رہی تھی۔ ہمیں یوں محسوس ہوا کہ یہ ہمارے قریب ہی موجود ہے۔ مدینہ کی وادیاں اس آگ سے بھر گئیں۔ آگ ان میں وادی شظا کی جانب یوں چل رہی تھی جس طرح پانی بہتا ہے۔ یہ آگ بلند و بالا عمارات کی طرح بڑی بڑی چنگاریاں پھینک رہی تھی۔" [1]

جبل ملیسا یا ملسا

یہ حرہ میں ایک آتش فشاں پہاڑ ہے جو آج کل پرسکون ہے۔ اس نے آخری

[1] التذکرۃ، ص: 527.

بار 654ھ بمطابق 1256ء میں جوش مارا۔ اس سے پہلے زلزلے کے بہت سے جھٹکے اور ہولناک دھماکے سنائی دیے۔ تاریخی ریکارڈ کے مطابق آتش فشانی کا یہ سلسلہ قریباً 52 روز تک جاری رہا۔ آتشیں لاوا اپنے مرکز سے شمال کی جانب 23 کلومیٹر کی مسافت تک جا پہنچا اور اس کی حدیں مدینہ کے موجودہ ائرپورٹ کے جنوبی کنارے تک پہنچ گئیں، پگھلا ہوا گرم لاوا ایک ایسے مقام پر آکر رک گیا جہاں سے مدینہ طیبہ 12 کلومیٹر کی مسافت پر تھا۔ پھر اس کا رخ شمال کی جانب ہو گیا اور اس کی بلندی سطح سمندر سے (916) میٹر تک پہنچ گئی۔

حرہ رہط

14۔ ترکوں سے جنگ

یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ علاماتِ قیامت میں وہ جنگیں اور معرکے بھی شامل ہیں جن کے بارے میں نبیِ اکرم ﷺ نے خبر دی ہے اور یہ جنگیں مسلمانوں میں آپس میں بھی ہوں گی اور دوسری اقوام کے ساتھ بھی! انھی میں سے مسلمانوں اور ترکوں کے درمیان برپا ہونے والا ایک معرکہ بھی ہے۔[1]

[1] ترکوں کے بائیس قبیلے تھے۔ ذوالقرنین نے اکیس قبائل کے لیے تو دیوار بنا دی تھی مگر ایک قبیلہ بچ گیا تھا وہی ترک کہلائے۔ انھیں ترک اس لیے کہا گیا کہ انھیں دیوار کے باہر تَرْک کر (چھوڑ) دیا گیا اور دیگر قبائل کے ساتھ انھیں بند نہیں کیا گیا تھا۔ (دیکھیے: مرقاۃ المفاتیح: 392/15)

ایک منگول مرد اور عورت کی تصویر

یہ معرکہ عہد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں خلافت بنی امیہ کے اوائل میں واقع ہو چکا ہے، اس میں فرزندان اسلام نے ترکوں کو نہ صرف شکست دی بلکہ ان سے مال غنیمت بھی حاصل کیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا التُّرْكَ، صِغَارَ الْأَعْيُنِ، حُمْرَ الْوُجُوهِ، ذُلْفَ الْأُنُوفِ، كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک تم چھوٹی آنکھوں والے، سرخ چہروں والے، چپٹی ناک والے ترکوں سے قتال نہ کرلو۔ ان کے چہرے گویا ایسی ڈھالیں ہوں گی جن پر چمڑا لگایا گیا ہوتا ہے۔ قیامت

قائم نہ ہوگی جب تک تم ایک ایسی قوم سے قتال نہ کرلو جن کے جوتے بالوں والی جلد سے بنے ہوں گے۔'' [1]

حدیث میں بیان کیے گئے لوگوں سے مراد وہ تاتاری منگول ہیں جنھوں نے 656ھ بمطابق 1258ء میں متعدد اسلامی ممالک میں تباہی پھیلا دی اور بے شمار لوگوں کو خاک وخون میں تڑپا دیا۔ مگر بالآخر حکمت الٰہی کا تقاضا یہ ہوا کہ یہ لوگ اسلام قبول کرکے امت اسلامیہ کا حصہ بن گئے۔

[1] صحيح البخاري، الجهاد والسير، حديث: 2928، و صحيح مسلم، الفتن، حديث: 2912.

15۔ کوڑے برسانے والے ظالم حکمرانوں کا ظہور

ہمارے نبی کریم ﷺ نے جن علامات قیامت کی خبر دی ہے، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ظالم وجابر حکمرانوں کے کارندے لوگوں کو ایسے کوڑوں سے ماریں گے جو گائے کی دم سے مشابہ ہوں گے۔ ان کوڑوں کی مختلف قسمیں ہیں، جن میں چمڑے کے، بجلی کے، ربڑ یا پلاسٹک کے اور درختوں کی شاخوں سے بنے ہوئے کوڑے شامل ہیں۔ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«يَخْرُجُ رِجَالٌ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ الْبَقَرِ يَغْدُونَ فِي سَخَطِ اللّٰهِ وَ يَرُوحُونَ فِي غَضَبِهِ»

''آخری زمانے میں کچھ ایسے لوگ ہوں گے جن کے پاس گایوں کی دموں جیسے کوڑے ہوں گے۔ یہ (ظالم) اللہ کی ناراضی کی حالت میں صبح کریں گے اور اس کے غضب کی حالت میں ہی شام کریں گے۔''[1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

[1] مسند أحمد: 250/5.

''جہنمیوں کی دو قسمیں ایسی ہیں جنھیں میں نے ابھی تک نہیں دیکھا۔ ان میں سے ایک قسم کے لوگ وہ ہیں جن کے پاس گائے کی دم جیسے کوڑے ہوں گے، ان سے وہ لوگوں کو ماریں گے۔'' [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اگر تمھاری عمر نے وفا کی تو بہت ممکن ہے کہ تم ایک ایسی قوم دیکھو جو اللہ کی ناراضی کے عالم میں صبح کرے گی اور اس کی لعنت کی حالت میں شام کرے گی۔ ان کے ہاتھوں میں گائے کی دم جیسے کوڑے ہوں گے۔'' [2]

اس حدیث میں لوگوں کو مارنے کا ذکر نہیں لیکن ان پر اللہ کی ناراضی اور لعنت کا ذکر اس بات کی دلیل ہے کہ وہ لوگوں پر کثرت سے ظلم وزیادتی کریں گے۔

[1] صحیح مسلم، اللباس والزینۃ، حدیث: 2128.

[2] صحیح مسلم، الجنۃ ونعیمھا، حدیث: 2857.

ہیروشیما پر ایٹم بم کے حملے میں ایک لاکھ چالیس ہزار لوگ مارے گئے

16 ۔ قتل وخونریزی کی کثرت

رسول اللہ ﷺ کی بیان کردہ علامات قیامت میں سے ایک یہ بھی ہے کہ قتل وغارت اور خونریزی کی اس قدر کثرت ہو جائے گی کہ ایک وقت آئے گا کہ نہ قتل کرنے والے کو علم ہو گا کہ وہ کیوں قتل کر رہا ہے اور نہ ہی قتل ہونے والے کو علم ہو گا کہ اسے کس پاداش میں قتل کیا جا رہا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَا يَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَأْتِيَ عَلَى النَّاسِ يَوْمٌ لَا

يَدْرِي الْقَاتِلُ فِيمَ قَتَلَ، وَ لَا الْمَقْتُولُ فِيمَ قُتِلَ» ـ فَقِيلَ: كَيْفَ يَكُونُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: «اَلْهَرْجُ، اَلْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ»

''اس اللہ کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! یہ دنیا ختم نہ ہوگی جب تک ایسا دن نہ آجائے کہ جب نہ مارنے والے کو علم ہوگا کہ وہ (اس انسان کو) کیوں قتل کر رہا ہے اور نہ قتل ہونے والے کو معلوم ہوگا کہ اسے کیوں قتل کیا گیا ہے۔ پوچھا گیا: یہ کیسے ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قتل وخوں ریزی کی کثرت کی وجہ سے، اور قاتل اور مقتول دونوں جہنم کا ایندھن بنیں گے۔''[1]

اس خونریزی کی ابتدا سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل سے ہوئی۔ اس کے ساتھ ہی ایسی لڑائیوں کا آغاز ہوگیا جن کے لیے کوئی معقول جواز نہ تھا۔ ان جنگوں میں ہزاروں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا۔ مرورِ ایام کے ساتھ ساتھ جدید تباہ کن اسلحہ کی بھی بھرمار ہو گئی ہے جو آج کل کی ہلاکت خیز جنگوں میں استعمال ہو رہا ہے۔

بعض جنگوں میں ہلاک شدگان کی تعداد

1. پہلی جنگ عظیم میں ڈیڑھ کروڑ انسانوں کو قتل کیا گیا۔
2. دوسری جنگ عظیم میں ساڑھے پانچ کروڑ افراد لقمۂ اجل بنے۔
3. ویت نام کی جنگ میں تیس لاکھ افراد مارے گئے۔
4. روسی خانہ جنگی میں ایک کروڑ آدمی جان سے گئے۔

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث:2908.

⑤ سپین کی خانہ جنگی ایک کروڑ بیس لاکھ انسانوں کا خون پی گئی۔

⑥ عراق ایران جنگ (خلیج کی پہلی جنگ) میں دس لاکھ انسانی جانیں گئیں۔

⑦ عراق پر استعماری قبضے کے دوران دس لاکھ لوگ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

اگر چہ ان میں سے بعض جنگوں پر حدیث کے یہ الفاظ (نہ قتل کرنے والے کو علم ہو گا کہ وہ اس شخص کو کیوں قتل کر رہا ہے) صادق نہیں آتے، تاہم ان کا تذکرہ یہاں قتل وخونریزی کی کثرت کو بیان کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔

17۔ دیانت داری کا انسانی قلوب سے خاتمہ

مناسب آدمی کی مناسب جگہ پر تقرری ہی امت کی بقا، ملکوں اور انسانوں کی اصلاح اور تہذیب وتمدن کے ارتقا کی بنیاد ہے۔ جب امانتیں برباد ہونے لگیں تو پیمانے بدل جاتے ہیں اور لوگوں میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے، حتیٰ کہ نااہل لوگ کلیدی مناصب پر قبضہ جما لیتے ہیں جس کی وجہ سے ہر طرف افراتفری اور بدنظمی کا دور دورہ ہو جاتا ہے۔ ان امور کے بارے میں ہمیں نبی کریم ﷺ آگاہ فرما چکے ہیں۔

امانت کے ضیاع کا سبب، نیتوں میں فتور

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''امانت لوگوں کے دلوں کی گہرائی میں نازل ہوئی تھی، پھر قرآن نازل ہوا اور لوگوں نے امانت کی اہمیت قرآن سے اور سنت سے معلوم کی۔''

پھر آپ ﷺ نے ہمیں بتلایا کہ ایک وقت آئے گا جب امانت لوگوں کے دلوں سے نکال لی جائے گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''آدمی رات کو سوئے گا تو اچانک اس کے دل سے امانت قبض کر لی جائے گی مگر امانت کا کچھ نہ کچھ اثر ایک

نقطے کی مانند دل میں باقی رہ جائے گا۔ پھر اگلی رات وہ سوئے گا تو باقی امانت بھی قبض کر لی جائے گی حتیٰ کہ اس کا معمولی سا اثر باریک چھلکے کی طرح باقی رہ جائے گا۔ جس طرح آپ دہکتے ہوئے انگارے کو اپنے پاؤں پر لڑھکا دیں تو اس پر چھالا پڑ جاتا ہے۔ امانت کا یہ اثر اس چھالے کے بیرونی چھلکے کی طرح نہایت کمزور ہوگا۔ آپ کو پاؤں کا چھالا ابھرا ہوا نظر آتا ہے، حالانکہ حقیقت کے اعتبار سے وہ کچھ بھی

نہیں ہوتا (یہ کہہ کر آپ ﷺ نے بات سمجھانے کے لیے ایک کنکری پکڑ کر اپنے پاؤں پر لڑھکا دی) پھر فرمایا: ایک وقت آئے گا لوگ خرید وفروخت کے لیے نکلیں گے، لیکن ڈھونڈنے کے باوجود انھیں کوئی امانت دار آدمی نہیں ملے گا، حتیٰ کہ یہ کہا جائے گا: فلاں قبیلے میں ایک امانت دار شخص ہے۔ یہاں تک کہ کسی شخص کے بارے میں لوگوں کی رائے یہ ہوگی کہ دیکھو وہ شخص کتنا بہادر ہے! کتنا خوش مزاج ہے! کتنا عقل مند ہے! حالانکہ اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان نہیں ہوگا۔‘‘

حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ’’مجھ پر ایک وقت ایسا بھی آیا کہ میں خرید وفروخت کرتے وقت اس بات کی پروا نہیں کرتا تھا کہ میں جس سے خریداری کر رہا ہوں اس کا دین کیا ہے۔ اگر وہ مسلمان ہوگا تو میرا حق ادا کرے گا اور اگر عیسائی یا یہودی ہوگا تو بھی اپنے وکیل کے ذریعے میرا حق ادا کردے گا۔ مگر آج میں فلاں اور فلاں آدمی کے سوا کسی اور سے خرید وفروخت نہیں کرتا۔‘‘ [1]

جب لوگوں کی اکثریت کے ضمیر خراب ہو جائیں، معاملات نا اہل لوگوں کے سپرد کر دیے جائیں تو امانتیں ضائع ہوں گی اور قیامت قریب آجائے گی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبیِ کریم ﷺ ایک مجلس میں تشریف فرما تھے اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے گفتگو فرما رہے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور اس نے پوچھا: اللہ کے رسول! قیامت کب قائم ہوگی؟ رسول اللہ ﷺ نے اپنی گفتگو جاری رکھی

[1] صحيح البخاري، الرقاق، حديث: 6497، و صحيح مسلم، الايمان، حديث: 143.

اور اعرابی کی طرف متوجہ نہ ہوئے۔ بعض لوگوں نے کہا: آپ ﷺ نے اعرابی کی بات تو سنی ہے مگر اس کے سوال کو پسند نہیں کیا، (اس لیے جواب دینے سے گریز فرما رہے ہیں)۔ دوسروں نے کہا: آپ ﷺ نے بات سنی ہی نہیں۔ جب آپ ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو فرمایا: ''وہ قیامت کے بارے میں سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟'' اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں یہیں ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''سنو! جب امانتیں ضائع کی جانے لگیں تو قیامت کا انتظار کرو۔'' اس نے عرض کیا: امانتیں کیسے ضائع ہوں گی؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب معاملات نا اہل لوگوں کے سپرد کر دیے جائیں تو اس وقت قیامت کا انتظار کرو۔''[1]

قیامت کی یہ نشانی ہماری عملی زندگی میں آج پوری طرح ظاہر ہو چکی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ وزارتوں میں، یونیورسٹیوں میں اور معاشرے میں بہت سی اہم ذمہ داریاں اور وہ مناصب جو براہ راست لوگوں کے معاملات سے تعلق رکھتے ہیں، ان پر زیادہ باصلاحیت، مناسب، امانت دار اور لوگوں کے مسائل کو سمجھنے والے لوگوں کے بجائے ان لوگوں کو فائز کر دیا جاتا ہے جن کی ان اداروں کے سربراہوں اور ذمہ داروں سے ذاتی واقفیت ہوتی ہے یا جن کے ساتھ کسی افسر کا مفاد وابستہ ہوتا ہے۔ وہ اس کی سفارش کر کے اس کو منصب دلوا دیتا ہے۔

جی ہاں! ''جب معاملات نا اہل لوگوں کے سپرد کر دیے جائیں تو قیامت کا انتظار کرو۔''

[1] صحيح البخاري، العلم، حديث: 59.

18۔ سابقہ امتوں کے طریقوں کی پیروی

امت مسلمہ جن بڑے بڑے فتنوں سے دوچار ہے، ان میں سب سے بڑا فتنہ اندھی تقلید اور یہود ونصاریٰ اور دیگر کفار کے اخلاق وعادات کی قابل نفرت مشابہت اختیار کرنا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے اس بات کی خبر دی ہے کہ میری امت کا ایک گروہ سابقہ گمراہ امتوں یہود ونصاریٰ کی عادات و روایات کی تقلید کرے گا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک میری امت پہلے لوگوں

کے راستے پر من وعن قدم بقدم نہ چلنے لگے۔'' عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! کیا پہلے لوگوں سے آپ کی مراد فارس وروم ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو اور کون!''[1]

جن چیزوں سے اللہ کے نبی ﷺ نے ڈرایا تھا، ان میں سے اکثر واقع ہو چکی ہیں اور جو رہ گئی ہیں وہ بھی یقیناً واقع ہوں گی، جیسا کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَتَتَّبِعُنَّ سُنَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَ ذِرَاعًا بِذِرَاعٍ، حَتّٰى لَوْ دَخَلُوا فِي جُحْرِ ضَبٍّ لَاتَّبَعْتُمُوهُمْ» قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! اَلْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى؟ قَالَ: «فَمَنْ؟»

''تم لوگ اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقوں کی اس طرح پوری پوری پیروی کرو گے جس طرح بالشت بالشت کے اور ہاتھ ہاتھ کے برابر ہوتا ہے، حتی کہ اگر وہ سانڈے کی بل میں داخل ہوئے تو تم بھی ضرور ان کی پیروی کرو گے۔'' ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ کی مراد یہود و نصاری سے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو اور کون؟''[2]

قاضی عیاض رحمہ اللہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ بالشت، ہاتھ اور سانڈے کے بل کی تشبیہ ان اقوام کی مکمل اقتدا اور اندھی تقلید کو واضح کرنے

[1] صحيح البخاري، الاعتصام بالكتاب، حديث: 7319. [2] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث: 3456، و صحيح مسلم، العلم، حديث: 2669.

کے لیے دی گئی ہے۔[1]

یہود و نصاریٰ کی وہ تقلید جس کی حدیث پاک میں مذمت کی گئی ہے، اس میں وہ چیزیں شامل نہیں ہیں جو ہمارے دین کے خلاف نہ ہوں، مثلاً: ہمارا ان کے ساتھ معلومات و تجربات کا تبادلہ کرنا، ان کی مفید ایجادات سے استفادہ کرنا اور ان کے انتظامی نظم و نسق سے فائدہ اٹھانا اس مذموم اقتدا میں نہیں آتا۔

قابل مذمت تقلید سے مراد یہ ہے کہ ان کے لباس و عادات اور معاشرتی رسم و رواج، مثلاً: اختلاط مرد و زن اور بے پردگی وغیرہ کی تقلید کی جائے۔ یا ان کے اس اقتصادی نظام کی پیروی کی جائے جو ہمارے دین کی تعلیمات کے خلاف ہو، جیسے سودی لین دین اور دیگر مالی معاملات وغیرہ ہیں۔

[1] فتح الباري، شرح صحيح البخاري، الاعتصام بالكتاب والسنة، حديث: 7319.

19 ـ لونڈی کا اپنی مالکہ کو جنم دینا

علاماتِ قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ مملوکہ لونڈی ایسے بچے کو جنم دے گی جو اس کا آقا بنے گا۔ یہ اس طرح ہوگا کہ جب کوئی آزاد شخص اپنی لونڈی سے جماع کرے گا تو وہ اس سے حاملہ ہو جائے گی اور ایک بچے کو جنم دے گی جو بڑا ہو کر ایک ایسا آزاد نوجوان بنے گا، جس کا والد زندہ ہوگا مگر اس کی والدہ بدستور لونڈی ہی ہوگی۔ چنانچہ وہ نوجوان اپنی ماں کے مالک کی حیثیت اختیار کر لے گا۔

حدیثِ جبریل میں ہے کہ جب انھوں نے قیامت کے وقت کے بارے میں سوال کیا تو نبیِ کریم ﷺ نے فرمایا: ''میں تمھیں اس کی نشانیوں کے بارے میں بتلاؤں گا۔ جب لونڈی اپنی مالکہ کو جنم دے گی تو یہ قربِ قیامت کی علامت ہوگی۔'' [1]

---

[1] صحيح البخاري، التفسير، حديث:4777.

اس کے معنی یہ بھی بیان کیے گئے ہیں کہ بادشاہ لونڈیوں کے بطن سے پیدا ہوں گے، اس طرح بیٹا بادشاہ ہوگا، جبکہ اس کی ماں اس کی رعایا میں شامل ہوگی۔

20۔ لباس پہننے کے باوجود ننگی عورتوں کا ظہور

عورتوں کی بے پردگی اور زینت کا بے جا اظہار بھی علامات قیامت میں سے ہے۔ عورتوں کا ایسے تنگ لباس پہن کر گھروں سے نکلنا جس سے ان کے جسمانی نشیب و فراز نمایاں ہوتے ہوں اور ایسے شفاف باریک کپڑے پہن کر نکلنا جن کے باعث بیٹھتے اور چلتے وقت ان کے اعضائے جسمانی واضح ہو کر سامنے آتے ہوں۔ ایسی عورتیں بظاہر تو کپڑوں میں ملبوس ہوتی ہیں، مگر درحقیقت وہ تنگ کپڑوں، اعضائے جسمانی کی نمائش اور جسم کے پرفتن حصوں کو ظاہر کرنے کی وجہ سے ننگی ہی ہوتی ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا: قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ، يَضْرِبُونَ بِهَا النَّاسَ، وَ نِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، مُمِيلَاتٌ مَائِلَاتٌ، رُؤُوسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ، لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا، وَ إِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ كَذَا وَ كَذَا»

"دو ایسے جہنمی گروہ جنھیں میں نے ابھی تک نہیں دیکھا: ایک تو وہ (ظالم) لوگ جن کے ہاتھوں میں گائے کی دم جیسے کوڑے ہوں گے، ان سے وہ لوگوں کو ماریں گے۔ [1] دوسری وہ عورتیں جو کپڑے پہن کر بھی ننگی ہی نظر آئیں گی لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والی اور خود بھی لوگوں کی طرف مائل ہونے والی، ان کے سر (کے بال) بختی اونٹوں کی کوہانوں کی مانند ایک جانب کو ڈھلکے ہوئے ہوں گے۔ یہ جنت میں داخل ہوں گی نہ اس کی خوشبو پا سکیں گی، حالانکہ اس کی خوشبو اتنے اور اتنے فاصلے سے آ رہی ہوگی۔" [2]

«مائلات» کے ایک معنی یہ بھی ہیں کہ یہ خواتین اللہ کی اطاعت سے انحراف کرنے والی اور اس کی اطاعت پر استقامت نہ دکھانے والی ہوں گی۔

«ممیلات» کے ایک معنی یہ بھی ہیں کہ دوسری عورتوں کو فحاشی کی طرف راغب کرنے والی، یعنی یہ فساد میں مبتلا اور فساد پھیلانے والی عورتیں ہوں گی۔

«رؤوسهن كأسنمة البُخت» یعنی وہ اپنے سر کے بالوں کو اس طرح باندھیں گی کہ بال اوپر اٹھ جائیں گے جس طرح اونٹ کی کوہان نمایاں ہوتی ہے۔ان عورتوں کے بال ایک طرف اس طرح جھکے ہوں گے جس طرح بُختی اونٹوں کی کوہانیں ایک جانب کو ڈھلکی ہوئی ہوتی ہیں۔

---

[1] اس علامت قیامت پر علامت نمبر: 15 میں بات ہو چکی ہے۔

[2] صحیح مسلم، اللباس والزينة، حدیث: 2128.

21۔ برہنہ پا، ننگے بدن چرواہوں کا بلند و بالا عمارتیں بنانا

وہ علامات قیامت جن کے بارے میں اللہ کے رسول ﷺ نے خبر دی ہے اور وہ ظاہر بھی ہو چکی ہیں، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ایسے لوگ جو برہنہ پا اور ننگے جسموں کے ساتھ بکریاں چرایا کرتے تھے، عالی شان عمارات بنانے اور گھروں کی زینت و آرائش کے کام میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ میں شامل ہو چکے ہیں اور اس پر فخر و مباہات کا اظہار کر رہے ہیں۔

یہ اس وقت سے ہے جب مسلمانوں کو مختلف ملکوں میں فتوحات حاصل ہوئیں، مال و دولت کی کثرت ہوگئی اور لوگ دنیا جمع کرنے کی مہم میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کے لیے مقابلہ کرنے لگے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب جبریل امین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسلام، ایمان، احسان اور پھر قیامت کے بارے میں سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں قیامت کی علامات کے بارے میں مطلع کرتے ہوئے فرمایا:

«أَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا، وَ أَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُونَ فِي الْبُنْيَانِ»

”یہ کہ لونڈی اپنی مالکہ کو جنم دے گی اور تو دیکھے گا کہ برہنہ پا، ننگے بدن فاقہ زدہ چرواہے (اس قدر دولتمند ہو جائیں گے کہ) بلند وبالا عمارتوں کے بنانے میں ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کریں گے۔“ [1]

ایک دوسری روایت میں اس طرح ہے:

”جب تو برہنہ پا، بھوکے اور فاقہ کشوں کو لوگوں کا سردار بنتے دیکھے تو سمجھ لینا کہ یہ قیامت کے آثار اور علامات میں سے ہے۔“ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: یا رسول اللہ! یہ بھوکے، ننگے اور فاقہ کش بکریوں والے کون لوگ ہوں گے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”عرب۔“ [2]

[1] صحيح مسلم، الإيمان، حديث: 8. [2] مسند أحمد: 319/1، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 332/3، حديث: 1345.

اس میں شک نہیں کہ گھر بنانا، عمارتیں تعمیر کرنا اور انھیں بلندی تک لے جانا کوئی حرام کام نہیں، خصوصاً جب ان میں تجارتی فوائد ہوں اور یہ فخر وغرور اور تکبر کے لیے بھی نہ ہوں۔

عمارات میں تطاول (زیادتی) دو طرح سے ہوسکتی ہے: ایک تو انھیں کئی کئی منزلیں بنا کر بے تحاشا بلند کرنا اور دوسرا انھیں خوب سجانا، مضبوط کرنا، منقش کرنا، وسیع کرنا، ان میں کثرت سے مجالس اور ملحقہ عمارات بنانا۔

یہ سب کچھ موجودہ زمانے میں امر واقع کے طور پر موجود ہے، جبکہ اموال کی کثرت ہوچکی ہے اور لوگوں پر دنیا کے دروازے کھول دیے گئے ہیں۔[1]

مقصودِ کلام یہ ہے کہ صحراؤں کے بدو جو بکریاں چرانے والے تھے، صحرا کو چھوڑ دیں گے اور اونچی عمارتیں بنانے میں مبالغہ اور مقابلہ بازی کریں گے۔ گھروں، دکانوں اور پلازوں کی یہ سب تعمیر فخر وغرور اور تکبر کے لیے ہوگی۔ ہر شخص یہ چاہے گا کہ اس کی بلڈنگ دوسری تمام عمارات سے زیادہ بلند ہو۔ آج کے زمانے میں عربوں میں بھی اور غیر عربوں میں بھی عمارتوں کی تعمیر میں مبالغے کا رواج عام ہے اور نہ صرف افراد بلکہ حکومتیں بھی اس دوڑ میں شامل ہوگئی ہیں۔ اور وہ بھی بلند و بالا پلازوں کے بنانے اور ان پر فخر وغرور کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کررہی ہیں۔

[1] دیکھیے إتحاف الجماعة بما جاء في الفتن والملاحم وأشراط الساعة للشيخ التويجري: 162/2.

22- خاص خاص لوگوں کو سلام کہنا

اللہ تعالیٰ نے ہر خاص و عام کو سلام کہنے کا حکم اس لیے دیا ہے تاکہ یہ لوگوں کے درمیان محبت اور رابطے کی علامت بن جائے، حکم دیا گیا کہ چھوٹا بڑے کو اور غنی فقیر کو سلام کرے، نیز رسول اللہ ﷺ نے ہر عرب و عجم اور سیاہ وسفید کو حکم دیا کہ وہ ہر شخص کو سلام کہے چاہے اس سے واقفیت ہو یا نہ ہو۔آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

«لَا تَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوا، وَ لَا تُؤْمِنُوا حَتّٰى تَحَابُّوا، أَوَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى شَيْءٍ إِذَا فَعَلْتُمُوهُ تَحَابَبْتُمْ؟ أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ»

’’تم لوگ جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک تم ایمان دار نہ ہو جاؤ اور تم ایمان دار نہیں ہو سکتے جب تک آپس میں محبت نہ کرنے لگ جاؤ۔ کیا میں تمھیں ایک ایسی چیز نہ بتلاؤں کہ جب تم اسے کرو گے تو آپس میں محبت کرنے لگو گے؟ آپس میں سلام کو پھیلاؤ۔‘‘ [1]

[1] صحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 54.

علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ صرف خاص خاص لوگوں کو ہی سلام کیا جائے گا۔ وہ اس طرح کہ ایک شخص صرف اسی کو سلام کہے گا جس سے اس کی جان پہچان ہوگی اور جس سے واقفیت نہ ہوگی اسے سلام نہیں کرے گا۔ جبکہ سنت یہ ہے کہ سلام ہر مسلمان کو کیا جانا چاہیے، آپ اسے جانتے ہوں یا نہ جانتے ہوں۔

ابوالجعد کہتے ہیں! عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک شخص کی ملاقات ہوئی تو اس نے کہا: ابن مسعود: تم پر سلام ہو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: سچ فرمایا اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے، میں نے اللہ کے نبی کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ آدمی مسجد میں داخل ہوگا، مگر اس میں دو رکعات ادا نہیں کرے گا اور یہ بھی کہ ایک شخص سلام صرف اسی کو کہے گا جس سے اس کی واقفیت ہوگی۔'' [1]

صحیحین میں روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کون سا اسلام بہتر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰی مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ»

''کھانا کھلاؤ اور ہر شخص کو سلام کرو خواہ تم اسے جانتے ہو یا نہ جانتے ہو۔'' [2]

1 صحیح ابن خزیمۃ :283/2، وسلسلۃ الأحادیث الصحیحۃ:248/2، حدیث:648.

2 صحیح البخاري، الاستئذان، حدیث:6236، و صحیح مسلم، الإیمان، حدیث:39.

23 - 24 - 25

تجارت کا پھیلنا، خاوند کی تجارت میں عورت کی شراکت اور بعض تجار کا مارکیٹ پر قبضہ

تجارت کے کام میں آسانیاں پیدا ہونے کے باعث اکثر لوگ اس پیشے کو اختیار کرلیں گے، حتیٰ کہ بیوی اپنے شوہر کی تجارت کے انتظام میں شریک ہو جائے گی۔

ان دونوں علامتوں کا ذکر حدیث میں ایک ساتھ آیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''قیامت کے قریب خاص خاص لوگوں کو سلام کیا جائے گا، تجارت بہت پھیل جائے گی حتیٰ کہ عورت اپنے خاوند کی تجارت میں مددگار بنے گی۔ قطع رحمی کی جائے گی، جھوٹی گواہی دی جائے گی، سچی گواہی کو چھپایا جائے گا اور قلمی تحریروں کا دور

دورہ ہوگا۔[1]

حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ مال کی بہت کثرت ہو جائے گی۔ تجارت عام ہو جائے گی۔ جہالت کا دور دورہ ہو گا۔ ایک آدمی مال فروخت کرے گا مگر کہے گا: ٹھہرو! میں فلاں قبیلے کے تاجر سے مشورہ کر لوں اور پھر ایک بڑی آبادی میں لکھنے والے کاتب کو تلاش کیا جائے گا مگر وہ نہیں مل سکے گا۔[2]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ'' آدمی مال بیچے گا مگر کہے گا: ٹھہرو! مجھے بنوفلاں کے تاجر سے مشورہ کر لینے دو اور ایک عظیم آبادی میں ایک بھی کاتب نہ ہوگا'' اس کا معنی ومفہوم یہ ہے کہ بڑے بڑے تاجر جو غالباً رأس المال کے مالک ہوں گے، یا پھر ایجنٹ ہوں گے جن پر سامان کی درآمد و برآمد کے لیے انحصار کیا جائے گا، شاید انھی لوگوں کا بازار پر کنٹرول ہوگا اور یہی لوگ اپنی مرضی کے نرخ مقرر کریں گے۔ چھوٹے تاجر، ان بڑوں کی مرضی اور اجازت کے بغیر خرید وفروخت نہیں کرسکیں گے۔

---

[1] مسند أحمد: 407/1. شیخ شعیب الارنؤوط نے اسے حسن کہا ہے۔ [2] سنن النسائي، البیوع، حدیث: 4461، وسلسلة الأحادیث الصحیحة: 631/6، حدیث: 2767.

یا پھر مطلب یہ ہے کہ سودا کرتے وقت بیع کے انعقاد کو کسی دوسرے تاجر کی رضا مندی سے مشروط کر دیا جائے گا۔

آپ ﷺ کا یہ فرمان کہ ''ایک بڑی آبادی میں ایک بھی کاتب نہ ہوگا'' حالانکہ آپ ﷺ نے دوسری احادیث میں یہ خبر بھی دی ہے کہ قربِ قیامت میں کتابت عام ہو جائے گی، کا مفہوم یہ ہے کہ جدید آلاتِ کتابت عام ہو جائیں گے، مثلاً: کمپیوٹر، موبائل ٹیلیفون، ایسے آلات جو آواز سن کر اس کو تحریر میں بدل دیں گے اور اسی طرح کے دیگر الیکٹرانک آلات کی کثرت ہو جائے گی۔ اس کے نتیجے میں ایک ایسی نسل پروان چڑھے گی جو ہاتھ سے لکھنا جانتی ہی نہ ہوگی یا پھر لکھنا تو جانتی ہوگی مگر ان کی لکھائی اچھی نہ ہوگی۔

یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں کاتب سے مراد ایسا شخص ہے جو تجارت کا معاہدہ قلم بند کر سکے اور جسے خرید و فروخت کے قوانین و احکام کا ٹھیک سے علم ہو اور وہ لوگوں کے درمیان ان کے تجارتی معاملات کو بغیر کسی معاوضے کے ضبطِ تحریر میں لائے۔[1]

[1] یہ آخری معنی علامہ سندھی نے سنن نسائی کے حاشیے میں ذکر کیے ہیں۔

26۔ جھوٹی گواہی

جھوٹی گواہی یہ ہے کہ انسان دوسروں کے بارے میں اپنی شہادت میں غلط بیانی سے کام لے، مثلاً: وہ یہ گواہی دے کہ فلاں شخص کا فلاں شخص پر حق ہے اور یہ گواہی وہ جان بوجھ کر جھوٹ بکتے اور بہتان باندھتے ہوئے دے اور یہ کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ»، ثَلَاثًا قَالُوا: بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ! قَالَ: «اَلْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَ عُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ». وَ جَلَسَ وَ كَانَ مُتَّكِئًا «أَلَا وَ قَوْلُ الزُّورِ»

”میں تمھیں کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑے گناہ کی خبر نہ دوں؟ یہ بات آپ نے تین بار دہرائی، صحابہ نے عرض کی: ضرور اے اللہ کے رسول! فرمایا: اللہ کے ساتھ شرک اور والدین کی نافرمانی کرنا۔ آپ ٹیک لگائے ہوئے تھے مگر (اگلی بات کی اہمیت کے پیش نظر) سیدھے ہو کر

بیٹھ گئے اور فرمایا: خبردار! جھوٹی بات بھی کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔" [1]

لوگوں میں جھوٹی گواہی کا عام ہو جانا اور لوگوں کا اس بارے میں سستی کرنا قیامت کی علامات میں سے ہے، جیسا کہ حدیث سابق میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ "قیامت سے پہلے جھوٹی گواہی عام ہو جائے گی۔"

جھوٹی گواہی صرف قاضی اور حاکم کے روبرو ہی نہیں ہوتی بلکہ یہ زندگی کے تمام معاملات کو محیط ہے، جیسا کہ لوگوں کا آپس کے روزمرہ کے معاملات میں غلط شہادت دینا، بعض کمپنیوں اور اداروں کے ملازمین کا اپنی ذمہ داری کے حوالے سے مدارس اور جامعات میں طالب علموں کی گواہی اور بچوں کی اپنے والدین کے سامنے گواہی بھی اسی میں شامل ہے۔

نبی کریم ﷺ نے جھوٹی گواہی اور جھوٹی قسم یا غلط بیانی کے ذریعے دوسروں کا حق مارنے سے بہت ڈرایا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"جو شخص جھوٹی قسم کے ذریعے کسی مسلم بھائی کا مال ہڑپ کرلے گا، وہ کل اللہ کی عدالت میں اس حال میں پیش ہوگا کہ اللہ اس پر سخت ناراض ہوگا۔" [2]

پھر آپ ﷺ نے اس آیت کریمہ کی تلاوت فرمائی:

﴿إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ وَلَا يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ

[1] صحيح البخاري، الشهادات، حديث:2654، و صحيح مسلم، الإيمان، حديث:87.

[2] صحيح البخاري، التوحيد، حديث:7445.

﴿الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ﴾

''بے شک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو تھوڑے سے دنیاوی فائدے کی خاطر فروخت کر دیتے ہیں ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، اللہ تعالیٰ روز قیامت نہ تو ان سے کلام کرے گا، نہ ان کی طرف (نظر رحمت سے) دیکھے گا اور نہ انھیں پاک ہی کرے گا۔ ان کے لیے نہایت تکلیف دہ عذاب ہے۔'' [1]

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جس کسی نے جھوٹی قسم کھا کر اپنے مسلم بھائی کا حق مارا، اللہ نے اس پر جہنم واجب اور جنت حرام کر دی۔ ایک شخص نے عرض کیا: اللہ کے رسول! اگر وہ کوئی معمولی چیز ہو تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خواہ وہ پیلو کی ایک مسواک ہی کیوں نہ ہو'' [2]

[1] آل عمرٰن 3:77. [2] صحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 137.

27 - سچی گواہی کو چھپانا

اللہ تعالیٰ نے ہر مسلمان کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد کرے چاہے وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ اگر وہ ظالم ہو تو اس کو ظلم سے باز رکھے اور مظلوم ہو تو اس کا حق جہاں تک ممکن ہو اسے واپس دلانے کی کوشش کرے۔ اللہ تعالیٰ نے سچی گواہی چھپانے کو حرام قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۚ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ﴾

”اور (سچی) گواہی کو نہ چھپاؤ، جو اسے چھپائے گا وہ گنہگار دل والا ہوگا۔“ [1]

سچی شہادت

آخری زمانے میں لوگ ایک دوسرے کا حق ماریں گے اور جو حقیقت حال کا علم رکھتے ہوں گے وہ خاموش رہیں گے اور طاقت کے باوجود سچی گواہی دینے سے گریز کریں گے۔ وہ اپنے ذاتی مفادات کو گواہی دینے پر مقدم رکھیں گے اور یہ صورت حال علامات قیامت میں سے ہے، جیسا کہ حدیث سابق میں نبی ﷺ نے قیامت سے پہلے کی علامات میں سچی گواہی کے چھپانے کو بھی ذکر فرمایا ہے۔

[1] البقرة 2:283.

28 ۔ جہالت کا چارسو پھیل جانا

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو علم حاصل کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا: ﴿وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا﴾ (طٰہٰ 114:20) ''اور یہ دعا کرو: میرے پروردگار! میرا علم بڑھا'' چنانچہ آپ ﷺ علم سیکھتے بھی رہے اور لوگوں کو سکھاتے بھی رہے۔ نبیِ کریم ﷺ نے جہالت کی مذمت کی اور فرمایا:

«إِنَّ اللهَ يُبْغِضُ كُلَّ جَعْظَرِيٍّ، جَوَّاظٍ، سَخَّابٍ فِي الْأَسْوَاقِ، جِيفَةٍ بِاللَّيْلِ حِمَارٍ بِالنَّهَارِ، عَالِمٍ بِأَمْرِ الدُّنْيَا، جَاهِلٍ بِأَمْرِ الْآخِرَةِ»

''اللہ تعالیٰ ہر اکھڑ مزاج، سخت طبیعت، بہت پیٹو، بازاروں اور گلیوں میں شور شرابہ کرنے والے، رات کو مردار کی طرح محوِ خواب رہنے والے، دن میں گدھے کی طرح دنیا کے کاموں میں جتے رہنے والے، امور دنیا سے واقفیت رکھنے والے مگر امور آخرت سے جاہل شخص کو ناپسند فرماتا ہے۔'' [1]

اور آپ ﷺ نے اس بات کی بھی خبر دی کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ جہالت عام ہو جائے گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

''قیامت سے پہلے کچھ ایسے ایام آئیں گے کہ علم اٹھالیا جائے گا اور

[1] صحيح ابن حبان: 273/1، وحسنه الحويني في الفتاوى الحديثية، وفي إسناده عبد الله بن سعيد، وثقه بعض الحفاظ وحديثه مستقيم.

IGNORANCE
?
جہالت

جہالت چار سو پھیل جائے گی۔“ [1]

آپ ﷺ نے فرمایا:

”اسلام ایسے مٹ جائے گا جیسے کپڑے کے نقش و نگار مٹ جاتے ہیں حتی کہ کوئی نہیں جانے گا کہ نماز، روزہ، عبادت اور صدقہ کیا چیز ہوتی ہے۔“ [2]

آپ نے علامات قیامت کا ذکر کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا کہ جہالت عام ہو جائے گی۔ [3]

اگر کوئی شخص آج بہت سے مسلم ممالک کے حالات پر غور کرے تو اس کے علم میں یہ بات آئے گی کہ ان میں سے اکثر لوگ امور معاش اور اپنے فوائد کے بارے میں تو جانتے ہیں۔ ان میں سے ایک شخص کو یہ علم تو ہے کہ کمپیوٹر سے کام کیسے لینا ہے، موبائل کا استعمال کیسے عمدہ سے عمدہ کیا جا سکتا ہے، گاڑی کون سی اچھی ہے۔ لیکن اگر آپ اس سے سوال کریں کہ ﴿اَللّٰهُ الصَّمَدُ﴾ کے کیا معنی ہیں، ﴿غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ﴾ کا کیا مفہوم ہے؟ نماز میں بھول جائیں تو سجدۂ سہو سلام سے پہلے کرنا ہے یا بعد میں؟ تو آپ دیکھیں گے کہ اس کا دل و دماغ ان معلومات سے یکسر خالی ہے۔

جی ہاں! جہالت ہر جگہ ڈیرے جما لے گی۔

---

1 صحيح البخاري، الفتن حديث: 7063، و صحيح مسلم، العلم، حديث: 2672.

2 سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4049. 3 مسند أحمد: 439/1 و حسنه شعيب الأرنؤوط.

نوبت بایں جا رسید کہ ایک دن انھی دنیاداروں میں سے ایک نے مجھ سے سوال کیا: بھائی جان! ذرا یہ بتائیے گا کہ کیا نفلی نماز سے پہلے بھی وضو کرنا ضروری ہے یا یہ صرف فرض نماز کے لیے ہوتا ہے؟ مجھے اس کے سوال پر تعجب ہوا۔ اور پھر یہ تعجب اپنے عروج پر پہنچ گیا جب مجھے پتہ چلا کہ موصوف ایک یونیورسٹی میں تیسرے سال کے طالب علم ہیں۔

اس پر مستزاد یہ کہ لوگوں کی اکثریت طلاق و نکاح، خرید وفروخت اور عبادات کے احکام ومسائل سے لاعلم ہے، حالانکہ انھیں اس علم کی شدید ضرورت ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ صورت حال وسائلِ لہو ولعب کی کثرت، لوگوں کی معاشی اور اقتصادی معاملات میں مشغولیت، علمی محفلوں اور علماء کی مجالس سے غیر حاضری اور دینی کتب کے عدم مطالعہ کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔

واللہ المستعان۔

31 - 30 - 29

لالچ اور کنجوسی کی کثرت، قطع رحمی اور پڑوسی سے برا سلوک

علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ ایسی نفسیاتی بیماریاں عام ہو جائیں گی جو اسلامی معاشرے کو پارہ پارہ کر دیں گی۔ انھی میں سے ایک حد سے بڑھا ہوا لالچ

بھی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

”قیامت کی نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حرص اور لالچ میں بہت اضافہ ہو جائے گا۔“ [1]

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”جیسے جیسے قیامت قریب آتی جائے گی معاملہ سخت سے سخت ہوتا چلا جائے گا اور لوگوں کے بخل اور حرص میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔“ [2]

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی ارشاد ہے:

«يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ، وَيَنْقُصُ الْعَمَلُ، وَيُلْقَى الشُّحُّ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ»

”زمانہ قریب تر ہو جائے گا، عمل کم ہو جائے گا، بخل وحرص کا دور دورہ ہو گا

[1] المعجم الأوسط للطبراني: 218/1. [2] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4039، وسنده ضعيف، وفيه محمد الجندي، وخبره منكر، أنكره النسائي وغيره.

اور قتل وغارت گری میں بہت اضافہ ہو جائے گا۔'' [1]

حدیث میں ''شُحّ'' کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ اس کے معنی ہیں کہ شخص میں بخل اور لالچ کا ایک ساتھ جمع ہو جانا۔ ہر وہ چیز جو انسان کو بھلائی کے کاموں میں مال خرچ کرنے اور نیکی یا اطاعت الٰہی کا کام کرنے سے منع کرے وہ ''شح'' میں داخل ہے۔

نبی کریم ﷺ کا فرمان عالی شان ہے:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَظْهَرَ الْفُحْشُ، وَ التَّفَاحُشُ، وَ قَطِیعَةُ الرَّحِمِ، وَ سُوءُ الْمُجَاوَرَةِ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک فحش (بدکلامی)، بے حیائی، قطع رحمی اور پڑوسی سے برا سلوک ظاہر نہ ہو جائے۔'' [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ فحش (بدکلامی) اور بخل ظاہر نہ ہو، امانت دار کو خائن نہ سمجھا جائے، امانتیں خائن کے سپرد نہ کی جائیں، «اَلْوَعُول» دنیا سے چلے نہ جائیں اور «اَلتَّحُوت» چھا نہ جائیں۔ عرض کیا گیا: یہ «اَلْوَعُول» کون لوگ ہیں اور «اَلتَّحُوت» کون؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: «اَلْوَعُول» سے مراد معزز اور اشرافیہ طبقہ، جب کہ «اَلتَّحُوت» سے مراد گھٹیا

---

[1] صحيح البخاري، الأدب، حديث: 6037، و صحيح مسلم، العلم، حديث: 157.

[2] مسند أحمد: 162/2، والمستدرك للحاكم: 75/1، وصححه.

اور غیر معروف لوگ ہیں۔'' [1]

نبی کریم ﷺ نے جس چیز کی خبر دی تھی وہ واقع ہو چکی ہے۔ ہم بہت سے لوگوں میں جھگڑا اور فساد دیکھ رہے ہیں۔ اسی طرح ان کے درمیان قطع رحمی اور پڑوسی سے برا سلوک بھی ہمارے دیکھنے میں آتا ہے۔ لوگوں کے درمیان محبت، صلہ رحمی اور الفت کی جگہ بغض ونفرت اور عداوت پیدا ہو چکی ہے۔ ایسا وقت آگیا ہے کہ لوگ اپنے پڑوسی تک سے ناواقف ہیں۔ آدمی اپنے رشتہ داروں کے بارے میں نہیں جانتا کہ ان میں سے کتنے لوگ زندہ ہیں اور کتنے فوت ہو چکے ہیں۔

[1] المستدرك للحاكم: 4/547، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 7/639، حديث: 3211.

32۔ فحاشی کا عام ہو جانا

فحاشی سے مراد عریاں لباس کا استعمال اور ایسے الفاظ بولنا جن میں بے حیائی کا عنصر پایا جائے۔ اسی طرح ایک دوسرے کو گالی دینا اور لعن طعن کرنا بھی فحش میں شامل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نہ فحش گو تھے اور نہ گالی گلوچ اور لعن طعن کرتے تھے۔

فحاشی کا عام ہونا بھی علامات قیامت میں سے ہے۔ امام الانبیاء ﷺ فرماتے ہیں:

«وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ......»

''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ فحاشی عام نہ ہو جائے۔''[1]

1 المستدرك للحاكم: 4/547، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 7/639، حديث: 3211.

33۔ امین کو خائن اور خائن کو امین سمجھا جانا

امانت ودیانت کا اٹھالیا جانا اور مناصب کا نااہل لوگوں کے سپرد کیا جانا بھی علاماتِ قیامت میں سے ہے۔ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ امانت دار شخص کو خائن سمجھا جائے گا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ جو شخص واقعی امانت دار ہوگا اسے تو شک وشبہ کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور اس کی امانت وصداقت پر اعتماد نہیں کیا جائے گا اور جو فی الحقیقت جھوٹا، منافق، خوشامدی، چرب زبان اور خائن ہوگا اسے قابلِ اعتماد سمجھا جائے گا۔ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! ''قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ...... امین کو خائن اور خائن کو امین سمجھا جائے گا۔''[1]

[1] المستدرك للحاكم: 547/4، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 639/7، حديث: 3211.

ایک گلوکار کے گرد لوگ جمع ہیں

34۔ اچھے لوگوں کا خاتمہ اور برے لوگوں کا ظہور

یہ بھی قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ معزز، دانا، عقلمند اور علماء ختم ہو جائیں گے اور گھٹیا، یعنی جاہل اور بازاری قسم کے لوگ ان کی جگہ لے لیں گے، کیونکہ ان کے لیے میدان خالی ہو چکا ہوگا۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ وَعُول فوت نہ ہو جائیں اور تَحُوت عام نہ ہو جائیں۔ پوچھا گیا: یا رسول اللہ! یہ ''وعول'' اور ''تحوت'' کون ہیں؟ فرمایا: ''وعول'' سے مراد معزز اور اشرافیہ طبقہ ہے اور تحوت سے

مراد گھٹیا اور غیر معروف لوگ ہیں۔ یعنی جو لوگوں کے قدموں تلے ہوتے تھے وہ مناصب سنبھال لیں گے۔[1]

گھٹیا لوگوں کا اوپر آنا کبھی تو ان کے اہم مناصب سنبھال لینے اور ان کے لیے ذرائع ابلاغ اور میڈیا کے پروپیگنڈے کے ذریعے سے ہوتا ہے کہ ان کے گرد ڈھولچیوں اور طبلہ نوازوں کی کثرت ہو جاتی ہے۔ جبکہ دانشور، مفکرین اور لوگوں کی خیر خواہی کرنے والوں کو نظروں سے اوجھل اور ذرائع ابلاغ پر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

ہزاروں لوگ ایک فٹ بال کے کھلاڑی کے گرد جمع ہیں اور اسے کندھوں پر اٹھایا ہوا ہے

آج کل لوگوں میں شہرت وہی حاصل کرتے ہیں جو گانے بجانے، رقص وسرود اور عیاشی وفحاشی میں نمایاں ہوتے ہیں۔ جہاں تک کسی عالم، سائنسدان، قابل ڈاکٹر، انجنیئر اور ان جیسے دیگر جوہر قابل کا تعلق ہے تو یہ لوگ بالعموم گوشۂ گمنامی میں پڑے رہتے ہیں۔

قیامت کی یہ نشانی عصر حاضر میں واضح اور نمایاں ہو کر سامنے آ چکی ہے۔

لیکن ابھی تک صورت حال زیادہ خراب نہیں ہوئی۔ اب بھی بہت سے لوگ شوق سے دینی لیکچر سننے جاتے ہیں۔ اکثر مسلم ممالک میں علماء اور داعیانِ دین کی عزت بھی کی جاتی ہے۔ لوگ علمی مجالس میں شرکت کرنے اور ٹی وی چینلز کے دینی پروگرام دیکھنے کا شوق رکھتے ہیں۔ دن بدن ایسے چینلز میں اضافہ ہو رہا ہے حتی کہ دیکھا گیا ہے کہ غیر مسلم بھی دینی لیکچرز سنتے ہیں اور ان سے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔

---

[1] المستدرك للحاكم:4/547، وسلسلة الأحاديث الصحيحة:7/639، حديث:3211.

35۔ مال کے حلال یا حرام ہونے کے بارے میں لاپرواہی

جب مسلمان کی پرہیزگاری کم ہو جاتی ہے تو اس کے دین میں بھی کمی واقع ہو جاتی ہے۔ جب اس کے دین میں نقص واقع ہوتا ہے تو وہ شبہات والی چیزوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد وہ مرحلہ آتا ہے کہ وہ حرام کا ارتکاب کرنے لگتا ہے حتی کہ کیفیت یہ ہو جاتی ہے کہ اسے اس امر کی کوئی پروا نہیں ہوتی کہ جو کچھ وہ کما رہا ہے اس کا ذریعہ حلال ہے یا حرام، جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے خبر دی تھی۔ یہ چیز موجودہ دور میں عملی طور پر واقع ہو چکی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يُبَالِي الْمَرْءُ بِمَا أَخَذَ الْمَالَ، أَمِنْ حَلَالٍ أَمْ مِنْ حَرَامٍ»

''لوگوں پر ضرور ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اس بات کی بالکل پروا نہیں کرے گا کہ جو مال وہ کما رہا ہے وہ حلال ہے یا حرام۔''[1]

آج اگر آپ لوگوں کے حالات پر غور کریں تو دیکھیں گے کہ لوگوں کی اکثریت ہر طرح مال جمع کرنے کے لیے سرگرمِ عمل ہے اور انھیں اس بات کی ذرا پروا نہیں کہ یہ مال حلال ہے یا حرام ہے۔

یہی وجہ ہے کہ آج کے دور میں لوگ حرام کاروبار میں ملازمتیں حاصل کرنے اور حرام اشیاء کی تجارت کرنے میں کوئی عار نہیں سمجھتے، مثلاً: سگریٹ، شراب یا خواتین کے لیے غیر ساتر لباس کی تجارت کرنا، یا سودی کاروبار کرنا، یا ایسے کاروبار کے لیے دکان کرائے پر دینا جو حرام ہو۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿كُلُوا مِنَ الطَّيِّبٰتِ﴾

''پاک اور حلال چیزیں کھاؤ۔''[2]

اللہ تعالیٰ پاک ہے اور پاک چیز ہی قبول فرماتا ہے۔ ہر وہ گوشت جو سود اور حرام کمائی سے پروان چڑھتا ہے اس کے لیے جہنم کی آگ ہی زیادہ مناسب ہے۔

جو شخص پرہیز گاری سے کام لیتا اور شبہے والی چیزوں سے بچنے کی کوشش کرتا ہے وہ لوگوں میں ایک اجنبی شخص سمجھا جاتا ہے اور اسے ضرورت سے زیادہ محتاط ہونے کا طعنہ دیا جاتا ہے۔ بلکہ اگر وہ رشوت قبول نہیں کرتا تو بعض اوقات اسے اپنے منصب یا ملازمت سے ہاتھ دھونے پڑ جاتے ہیں، حالانکہ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

[1] صحيح البخاري، البيوع، حديث: 2083. [2] المؤمنون 51:23.

«فَمَنِ اتَّقَى الْمُشَبَّهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِهِ وَ عِرْضِهِ، وَ مَنْ وَّقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ كَرَاعٍ يَرْعَى حَوْلَ الْحِمٰى يُوشِكُ أَنْ يُّوَاقِعَهُ»

''جو شخص شبے والی چیزوں سے بچے گا وہ اپنے دین اور آبرو کو (نقص سے) بچالے گا اور جو شبہ والی چیزوں میں پڑ گیا (وہ حرام میں مبتلا ہو گیا) اس چرواہے کی طرح جو کسی کی چراگاہ کے اردگرد اپنے جانور چراتا ہے قریب ہے کہ اس چراگاہ میں واقع ہو جائے۔''[1]

1 صحیح البخاري، الإیمان، حدیث: 52، و صحیح مسلم، المساقات، حدیث: 1599،

36۔ مال فے کی من مانی تقسیم

مال فے سے مراد وہ مال ہے جسے مجاہدین قتال کے بغیر ہی حاصل کر لیں، خواہ دشمن میدان جنگ سے بھاگ گیا ہو یا اس نے شکست تسلیم کر کے ہتھیار ڈال دیے ہوں یا دشمن نے وہ مال خود مسلمانوں کے سپرد کر دیا ہو۔ ایسے مال کو اسی طرح تقسیم کیا جائے گا جس طرح اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ كَیْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ﴾

”بستیوں والوں کا جو مال اللہ تعالیٰ تمھارے لڑے بھڑے بغیر اپنے رسول کے ہاتھ لگا دے وہ اللہ کا اور رسول کا اور قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کا ہے تاکہ تمھارے دولت مندوں کے ہاتھ ہی میں یہ مال گردش کرتا نہ رہ جائے۔“ [1]

[1] الحشر 59:7.

اللہ تعالیٰ نے اس مال کو اپنے فرمان کے مطابق تقسیم کرنے کا حکم دیا تاکہ غنی لوگ اس مال پر قابض ہو کر فقراء کو محروم نہ کردیں۔ آخری زمانے میں لوگ اللہ کی بیان کردہ تقسیم کی مخالفت کریں گے۔ مال دار اور بڑے لوگ آپس ہی میں اس مال کی بندر بانٹ کرلیں گے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہی بات بتلائی گئی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جب مال فے کو آپس ہی میں بانٹ لیا جائے اور امانت کو بوجھ سمجھا جائے ......'' یہ حدیث تفصیل سے آگے آئے گی۔[1]

[1] دیکھیے: علامات صغریٰ نمبر: 45۔

37۔ امانت کو مالِ غنیمت سمجھنا

اللہ تعالیٰ نے امانت کی حفاظت کرنے اور اسے صحیح سلامت اس کے مالکوں کی طرف لوٹانے کا حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَٰنَٰتِ إِلَىٰ أَهْلِهَا﴾

”اللہ تعالیٰ تمھیں حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں انھیں پہنچادیا کرو۔“ [1]

آخری زمانے میں یہ ہوگا کہ کچھ مال امانت کے طور پر حفاظت کے لیے ایک شخص کے حوالے کیا جائے گا مگر وہ اسے غنیمت سمجھ کر اپنی ملکیت تصور کرلے گا اور جب مالک اپنا مال واپس طلب کرے گا تو وہ اسے واپس کرنے سے انکار کردے گا۔ [2]

[1] النسآء 4:58۔ [2] یہ علامت اور کچھ دیگر علامات حدیث میں ایک ساتھ مذکور ہیں جو علامات صغریٰ میں نمبر:45 پر آئیں گی۔

38

بیوی کی فرماں برداری اور ماں کی نافرمانی

یہ بھی علامات قیامت میں سے ہے کہ آدمی اپنی والدہ کی نافرمانی کرے گا، اپنی بیوی کو اپنے قریب رکھے گا اور اکثر وبیشتر حالات میں ماں باپ کے مقابلے میں اپنی بیوی کی فرمانبرداری کرے گا۔ یہ خرابی آج کے زمانے میں ظاہر ہو چکی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ گھر میں ماں بالعموم تنہا اورافراد خانہ سے الگ تھلگ رہتی ہے۔ اس کی اولاد کم ہی اس کی زیارت وملاقات کرتی ہے۔ جبکہ آدمی کی

بیوی اور بچے

اس کے ساتھ عزت اور آسودگی کی
زندگی سے لطف اندوز ہوتے اور سیرو
سیاحت میں مشغول رہتے ہیں۔

اگر ماں اور باپ اولاد کے ساتھ گھر میں اکٹھے رہتے
ہوں تو ان کے لیے بالعموم وہ انتظام واہتمام دیکھنے میں
نہیں آتا جو دوسروں کے لیے کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ حدیث
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جب فے کا مال آپس میں بانٹ لیا جائے، آدمی اپنی بیوی
کی اطاعت اور ماں کی نافرمانی کرے، دوست کو قریب اور باپ کو دور
کرے......" مکمل حدیث آگے آئے گی۔ [1]

[1] دیکھیے علامات صغریٰ میں نمبر: 45.

39- لوگوں کا خوش دلی سے زکاۃ ادا نہ کرنا

«وَالزَّكَاةُ مَغْرَمًا» ''اور جب زکاۃ کو جرمانہ سمجھا جانے لگے۔''

ایک مسلمان سے مطلوب یہ ہے کہ اس کا دل اپنے مال اور سونے چاندی وغیرہ کی زکاۃ نکالتے وقت مطمئن اور راضی ہو، اس لیے کہ یہ زکاۃ مال کو پاک کرنے اور اللہ کی قربت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ یہ کوئی ٹیکس یا جرمانہ نہیں ہے۔

لیکن آخری زمانے میں مال کی شدید ہوس اور بخل لوگوں کے دلوں میں جمع ہو جائے گا۔ بعض مالدار اشخاص زکاۃ دیتے وقت یہ خیال کریں گے کہ یہ کوئی جرمانہ یا ٹیکس ہے جو ان سے زبردستی وصول کیا جا رہا ہے۔ ایسا شخص اس کی ادائیگی تو کر دے گا مگر بوجھل دل کے ساتھ۔ یہی وجہ ہے کہ اسے نیک نیت نہ ہونے کی بنا پر کوئی ثواب نہیں ملے گا۔

40۔ غیر اللہ کے لیے علم حاصل کرنا

اصول یہ ہے کہ انسان شرعی علم کو اللہ تعالیٰ کی عبادت سمجھ کر سیکھے، سکھائے اور پھیلائے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے:

«إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَ أَهْلَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِينَ حَتَّى النَّمْلَةَ فِي جُحْرِهَا وَ حَتَّى الْحُوتَ لَيُصَلُّونَ عَلٰى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ»

''بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے، آسمانوں اور زمینوں کی تمام مخلوق حتی کہ چیونٹیاں اپنی بلوں میں اور مچھلیاں سمندر کے پانیوں میں اس شخص کے لیے دعا مانگتی ہیں جو لوگوں کو دین کی تعلیم دیتا ہے۔'' [1]

[1] جامع الترمذي، العلم، حديث: 2658، وقال: حديث حسن غريب صحيح.

آخری زمانے میں بہت سے لوگ قرآن وسنت اور فقہ کا علم اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے نہیں بلکہ نمایاں ہونے، شہرت پانے اور دیگر دنیاوی مقاصد کے لیے حاصل کریں گے، جیسا کہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب مال فے کو آپس میں بانٹ لیا جائے گا اور علم غیر دینی مقاصد کے لیے حاصل کیا جائے گا......۔''[1]

آگے یہ حدیث مکمل طور پر آئے گی۔[2]

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2211، وفي سنده مقال.

[2] دیکھیے علامت صغریٰ نمبر: 45.

41۔ دوستوں سے قربت اور ماں باپ سے دوری

ماں باپ کی نافرمانی یہ بھی ہے کہ آدمی کی ہم نشینی ، الفت اور گرمجوشی دوستوں اور ساتھیوں کے لیے ہو اور ماں باپ کو نظر انداز کردے۔

بعض اوقات ہمارے نوجوان اپنے والد سے بڑھ کر دوستوں کے ساتھ انس ومحبت دکھاتے ہیں اور ان کے ساتھ ان کا اٹھنا بیٹھنا زیادہ ہوتا ہے۔ خصوصاً اس وقت جب باپ بوڑھا ہو اور وہ اولاد کے ساتھ روزمرہ کے معاملات میں روک ٹوک اور ڈانٹ ڈپٹ سے کام لے۔ مگر اس کے باوجود اولاد کے لیے اپنے والد کا حق پہچاننا ضروری ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا﴾ ''اور والدین کے ساتھ احسان (حسنِ سلوک) کا رویہ اختیار کرو۔''

(بنیٓ إسرآءیل 17: 23)

42۔ مساجد میں آوازیں بلند کرنا

مساجد کے بارے میں شرعی اصول یہ ہے کہ ان میں سکون و وقار کی فضا برقرار رہے۔لیکن علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ مساجد میں آوازیں بلند کی جائیں گی اوران میں بحث وجدال کیا جائے گا۔

43۔ قبائل کی قیادت فاسقوں کے ہاتھ میں

قیادت وسیادت کے باب میں شرعی اصول یہ ہے کہ قیادت زیادہ صالح، زیادہ علم والے اور زیادہ موزوں لوگوں کے ہاتھ میں ہو۔مگرایک زمانہ آئے گا کہ قوموں کی قیادت وسیادت فساق وفجار کے ہاتھ میں آجائے گی۔اس کا سبب یہ ہوگا کہ ان برے لوگوں کے پاس مال اور تعلقات کی کثرت ہوگی یا ان کی جرأت ودلیری اور بلند حسب ونسب کے باعث قیادت ان کے ہاتھ میں آجائے گی۔

44۔ سب سے رذیل شخص قوم کا سربراہ ہوگا

قیامت کی یہ نشانی بھی سابقہ نشانی سے ملتی جلتی ہے، یعنی قوم چاہے سفر میں ہو، یا کسی اہم کام کے لیے جمع ہو، یا کسی معاملے کا فیصلہ مطلوب ہو کسی بھی حال میں قوم کی سرداری کسی نیک اور منصف مزاج شخص کے ہاتھ میں نہیں دی جائے گی۔ بلکہ جو سب سے زیادہ گھٹیا اور برا ہو گا اسی کو یہ منصب سونپا جائے گا۔

دراصل ایسی صورت حال زمانے کے بگاڑ کے باعث پیدا ہوگی یا پھر اس کا سبب یہ ہوگا کہ کمینے اور گھٹیا لوگوں کی کثرت ہوگی۔

45۔ آدمی کے شر سے بچنے کے لیے اس کی عزت کی جائے گی

ایسا اس لیے ہوگا کہ قیادت برے اور نااہل لوگوں کے ہاتھ میں ہوگی اور انھی کا معاشرے میں غلبہ ہوگا، اس لیے لوگ مجبور ہوں گے کہ وہ انھی بدترین لوگوں کی عزت کریں، انھیں نمایاں حیثیت دیں، ان کا احترام کریں اور ماتھا چومیں۔ اور یہ سب کچھ ان کے ظلم و زیادتی، ایذا رسانی اور شر سے بچنے کی وجہ سے کیا جائے گا۔

علامت نمبر 36 سے یہاں تک جن علامات کا ذکر کیا گیا ہے وہ سب کی سب اس حدیث میں بیان کی گئی ہیں جسے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِذَا اتُّخِذَ الْفَيْءُ دُوَلًا، وَالْأَمَانَةُ مَغْنَمًا، وَالزَّكَاةُ مَغْرَمًا، وَ تُعُلِّمَ لِغَيْرِ الدِّينِ، وَ أَطَاعَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ وَ عَقَّ أُمَّهُ، وَ أَدْنٰى صَدِيقَهُ، وَ أَقْصٰى أَبَاهُ، وَ ظَهَرَتِ الْأَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ، وَ سَادَ الْقَبِيلَةَ فَاسِقُهُمْ، وَكَانَ زَعِيمُ الْقَوْمِ أَرْذَلَهُمْ، وَأُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهِ، وَ ظَهَرَتِ الْقَيْنَاتُ وَالْمَعَازِفُ، وَ شُرِبَتِ الْخُمُورُ، وَ لَعَنَ آخِرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَوَّلَهَا، فَلْيَرْتَقِبُوا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيحًا حَمْرَاءَ وَ زَلْزَلَةً وَ خَسْفًا وَ مَسْخًا وَ قَذْفًا وَ آيَاتٍ تَتَابَعُ كَنِظَامٍ بَالٍ قُطِعَ سِلْكُهُ فَتَتَابَعَ»

”جب مال فے کی بندر بانٹ ہونے لگے، امانت کو مال غنیمت سمجھا جائے، زکاۃ کو جرمانہ خیال کیا جائے، علم غیر دینی مقاصد کے لیے حاصل کیا جائے، آدمی اپنی بیوی کی اطاعت اور ماں کی نافرمانی کرے، دوست کو قریب کرے اور باپ کو دور کرے، مساجد میں آوازیں بلند ہونے لگیں، فاسق وفاجر شخص قبیلے کا سربراہ ہو، گھٹیا ترین انسان قوم کا سردار ہو، آدمی کی عزت اس کے شر کے خوف سے کی جائے، ناچنے گانے والیاں اور آلات موسیقی عام ہو جائیں، شرابیں پی جائیں اور امت کے آخری زمانے کے لوگ پہلے لوگوں پر لعنت کرنے لگیں تو اس وقت لوگ سرخ ہواؤں، زلزلوں، زمین میں دھنسنے، شکلیں مسخ ہونے، پتھروں کی بارش اور ایسی نشانیوں کا انتظار کریں جو اس طرح پے در پے آئیں گی جیسے کسی پرانے ہار کے ٹوٹنے پر اس کے منکے لگاتار گرتے ہیں۔“ [1]

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2211، وقال: حديث غريب، والحديث في إسناده رميح الجذامي، لا يُعرف، وله شاهد عن علي رضي الله عنه، في إسناده الفرج بن فضالة، وآخر عند الطبراني عن عوف بن مالك ، وفيه عبد الحميد بن إبراهيم.

49-48-47-46

زنا، ریشم، شراب اور آلاتِ موسیقی کو حلال سمجھنا

ایسے واضح حرام کام جن کی حرمت سے کوئی بھی مسلمان بے خبر نہیں زنا، شراب نوشی، بیہودہ آلات موسیقی اور مردوں کے لیے ریشم کا استعمال ہے۔ نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ میری امت کا ایک گروہ آخری زمانے میں ان حرام چیزوں کو حلال کرلے گا اور آپ ﷺ نے اسے قربِ قیامت کی علامات میں شمار کیا ہے۔

ان محرمات کو حلال کرلینے کی دو ممکنہ صورتیں ہیں:

① ان چیزوں کے بارے میں یہ اعتقاد رکھنا کہ یہ حلال ہیں نہ کہ حرام۔

② لوگوں میں ان حرام اشیاء کا استعمال اس قدر زیادہ ہو جانا کہ کوئی بھی زبان یا دل سے انھیں برا نہ کہے۔ لوگ ان اشیاء کو بے دھڑک استعمال کریں اور ان کی حرمت کا احساس تک نہ کریں۔

حضرت ابو عامر یا ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيَكُونَنَّ مِنْ أُمَّتِي أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّونَ الْحِرَ وَالْحَرِيرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ. وَ لَيَنْزِلَنَّ أَقْوَامٌ عِنْدَ جَنْبِ عَلَمٍ يَرُوحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ، يَأْتِيهِمْ- يَعْنِي الْفَقِيرَ- لِحَاجَةٍ فَيَقُولُونَ: ارْجِعْ إِلَيْنَا غَدًا، فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ وَ يَضَعُ الْعَلَمَ، وَ يَمْسَخُ آخَرِينَ قِرَدَةً وَ خَنَازِيرَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ»

''میری امت میں کچھ ایسے لوگ بھی ہوں گے جو زنا، ریشم، شراب اور آلات موسیقی کو حلال سمجھیں گے۔ اور کچھ لوگ اپنی بکریوں کو لے کر ستانے کے لیے ایک بلند پہاڑ کے دامن میں ٹھہریں گے۔ اسی دوران میں ان کے پاس ایک حاجت مند شخص آ کر کچھ مانگے گا۔ یہ کہیں گے: ہمارے پاس کل آنا۔ مگر رات ہی میں اللہ تعالیٰ کا عذاب انھیں آ پکڑے گا۔ پہاڑ ان کے اوپر آ گرے گا اور (کچھ تو ہلاک ہو جائیں گے اور جو باقی بچیں گے) انھیں قیامت تک کے لیے بندر اور خنزیر بنا دیا جائے گا۔''[1]

دورِ حاضر میں متعدد مسلم ممالک کے لوگ زنا اور شراب نوشی کے معاملے میں تساہل کا شکار ہو چکے ہیں۔ زنا اور عصمت فروشی کو قانونی تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ طوائفوں اور حیا باختہ عورتوں کو باقاعدہ سرکاری سطح پر اجازت نامے جاری کیے جاتے ہیں۔

---

[1] صحيح البخاري، الأشربة، حديث: 5590.

شراب خانہ خراب کی خرید و فروخت تو دن کے اجالے میں علی الاعلان ہو رہی ہے۔کئی عربی و اسلامی ممالک نے اپنی منڈیوں میں شراب کی مارکیٹنگ کا اعتراف کیا ہے۔

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میری امت کے کچھ لوگ شراب پئیں گے اور اس کو کسی دوسرے نام سے موسوم کریں گے۔ان کے سروں پر

گانے والی عورتیں آلات موسیقی کے ساتھ گیت گائیں گی۔ اللہ تعالیٰ انھیں زمین میں دھنسا دے گا اور بعض کو بندر اور خنزیر بنا دے گا۔'' [1]

آج کے زمانے میں خطرناک ترین گناہ، جس نے لوگوں کی ایک عظیم اکثریت کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے، موسیقی کے آلات کا بے تحاشا استعمال اور گانے سننا ہے۔ یہ گانا بجانا دل کے امراض پیدا کرنے، اللہ کے ذکر اور نماز سے غافل کرنے اور قرآن مجید کے سننے اور اس سے فائدہ اٹھانے سے روکنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّ يَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝﴾

[1] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4020. بإسناد صححه ابن القيم.

''اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو لغو باتیں خریدتے ہیں تاکہ بے علمی سے لوگوں کو اللہ کی راہ سے بہکائیں اور اسے ہنسی بنائیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔''[1]

اہل علم نے «لهو الحديث» کی تفسیر میں کہا ہے کہ اس سے مراد گیت گانا اور آلات موسیقی ہیں۔

نبی کریم ﷺ نے گانا سننے کو زنا اور شراب نوشی کے ساتھ ملا کر ذکر کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میری امت میں کچھ ایسے لوگ بھی ہوں گے جو زنا، ریشم، شراب اور موسیقی کو جائز کرلیں گے۔''

عصر حاضر میں موسیقی کی بیماری اس قدر عام ہوچکی ہے کہ اس کے لیے سپیشل ٹی وی

چینلز بنائے گئے ہیں۔ جن کا کام صرف انواع واقسام کے گانے پیش کرنا ہے۔ جبکہ بعض دوسرے چینلز کا کام صرف یہ ہے کہ وہ چوبیس گھنٹے پاپ میوزک اور عیاشی و

[1] لقمٰن 31:6.

فحاشی کے پروگرام ہی پیش کرتے رہیں۔ ان میں خبروں یا تلاوت قرآن کریم کے لیے معمولی وقفہ بھی نہیں کیا جاتا۔ یہ صورت حال قیامت کی نشانیوں میں سے ہے اور نبی کریم ﷺ کی پیشین گوئی کی صداقت کی دلیل ہے۔ ایک بندۂ مسلم کے لیے ان سے بچنا واجب ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”گانا اس طرح دل میں نفاق پیدا کرتا ہے جس طرح پانی سے کھیتی اگتی ہے۔“ [1]

[1] السنن الکبریٰ للبیهقي: 10/223.

50۔ لوگوں کا موت کی تمنا کرنا

نبی کریم ﷺ نے اس بات کی بھی خبر دی ہے کہ ایسا وقت آجائے گا کہ اس میں ظلم، فتنوں اور مصیبتوں کی کثرت ہوگی۔ حتی کہ ایک شخص اپنے ساتھی کی قبر کے پاس سے گزرے گا تو تمنا کرے گا کہ کاش! اس قبر میں اپنے ساتھی کے بجائے وہ مدفون ہوتا۔ کیونکہ جس قسم کی تکالیف، پریشانیوں اور مصیبتوں میں سے وہ گزر رہا ہوگا اور جس کرب والم کا اسے سامنا ہوگا وہ موت سے کہیں زیادہ تکلیف دہ ہوں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰی يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُولُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَهُ»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک یہ صورت حال نہ ہو جائے کہ ایک شخص کسی کی قبر کے پاس سے گزرے گا اور آرزو کرے گا کہ کاش! اس قبر والے کی جگہ وہ خود اس قبر میں مدفون ہوتا۔“ [1]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”تم پر ایک زمانہ ایسا بھی آئے گا کہ اگر تم میں سے کسی کو موت فروخت ہوتی مل جائے تو وہ اسے بھی خریدنے کے لیے تیار ہو جائے گا۔“ [2]

یہ حدیث ان احادیث سے معارض نہیں ہے جن میں موت کی تمنا کرنے سے منع فرمایا گیا ہے، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: ”تم میں سے کوئی شخص مصیبت کے نازل ہونے کی وجہ سے موت کی تمنا نہ کرے۔“ [3]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس بات کی پیش گوئی فرمائی ہے وہ آخری زمانے میں واقع ہوگی۔ وہ موت کی واضح دعا اور تمنا نہیں ہوگی۔ بلکہ وہ ایک شخص کے نہاں خانۂ دل سے اٹھنے والی یہ خواہش ہوگی کہ کاش! وہ ان برائیوں اور فتنوں والے تکلیف دہ اور پریشان کن حالات سے کسی طرح چھٹکارا حاصل کر لے، چاہے یہ موت کے ذریعے ہی کیوں نہ ہو۔

---

[1] صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7115، وصحيح مسلم، الفتن، حديث: 157، بعد الحديث 2907. [2] السنن الواردة في الفتن للداني: 542/3. [3] صحيح البخاري، الدعوات، حديث:6351، و صحيح مسلم، الذكر والدعاء، حديث:2680.

یہ بھی ضروری نہیں کہ قرب قیامت موت کی یہ تمنا ہر مسلم کے دل میں پائی جائے۔ بلکہ یہ مختلف ملکوں کے حالات و واقعات کے مطابق ہو گی۔ لوگوں کی ایمانی حالت، مصیبت پر صبر و تحمل اور برائیوں کو برداشت کرنے کی قوت ہر وقت اور ہر جگہ ایک جیسی نہیں ہوتی۔

51۔ ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی صبح کے وقت مومن ہوگا
اور شام کو کافر
نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ قرب قیامت، فتنوں اور خواہشوں کی کثرت اور
اہل خیر وصلاح کی قلت کے باعث لوگوں کے حالات میں بہت تیزی سے تبدیلی،
تذبذب اور اختلاف رونما ہوگا۔ حتی کہ ایک شخص اگر صبح کے وقت مومن ہے تو شام کو
کافر ہو جائے گا، یعنی ایک حال پر برقرار نہیں رہے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَ يُمْسِي كَافِرًا، أَوْ يُمْسِي مُؤْمِنًا وَ يُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ دِينَهُ بِعَرَضٍ مِّنَ الدُّنْيَا»

''اندھیری شب کے ٹکڑوں جیسے فتنوں کے سیلاب سے پہلے پہلے نیک اعمال کر لو۔ آدمی صبح کے وقت تو مومن ہوگا لیکن شام ہونے سے پہلے کافر ہو جائے گا یا شام کے وقت تو مومن ہو گا مگر صبح ہونے سے قبل کافر ہو چکا ہوگا۔ آدمی معمولی سے دنیاوی فائدے کے عوض اپنا دین فروخت کر دے گا۔''[1]

حدیث کے معنی یہ ہیں کہ اس وقت سے پہلے پہلے جبکہ نیک عمل کرنا بے حد مشکل ہو جائے، نیک عمل کر لو۔ پے در پے روز افزوں فتنوں کے اس دور میں جو اندھیری رات کے ٹکڑوں کی طرح ہوں گے اور چاندنی کا اس میں نشان تک نہیں ہوگا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان فتنوں کی سنگینی اور شدت کا احساس اس طرح دلایا کہ آدمی شام کے وقت مومن ہوگا اور صبح ہوتے ہوتے کافر ہو جائے گا۔ یا صبح کو مومن ہوگا اور شام ہوتے ہوتے کافر ہو جائے گا۔ یہ فتنے اس قدر عظیم اور ہولناک ہوں گے کہ انسان میں ایک ہی دن میں اتنی بڑی تبدیلی رونما ہو جائے گی۔[2]

[1] صحيح مسلم، الإيمان، حديث: 118. [2] شرح مسلم للنووي.

یہ اس زمانے کا حال ہے جس میں انسان کا دین کمزور ہوگا۔ دین کے بارے میں اسے بہت سے شبہات ہوں گے۔ دین کی قطعاً کوئی واقفیت نہ ہوگی۔ جس کی وجہ سے وہ دین کو ترک کردے گا یا کسی دنیوی مفاد اور ذاتی مصلحت کی وجہ سے دین کے بارے میں اس کے پایۂ ثبات میں لغزش پیدا ہوجائے گی۔ ہمارا موجودہ دور بھی اس حدیث کا مصداق ہے۔

52۔ مساجد کی آرائش وزیبائش اور اس پر فخر

دراصل مساجد عبادت کے لیے بنائے گئے اللہ کے گھر ہیں۔جنھیں اہلِ اسلام اللہ تعالیٰ سے اجروثواب حاصل کرنے کی نیت سے تعمیر کرتے ہیں۔

مگر آخری زمانے میں کچھ لوگ مسجدیں بنائیں گے اور انھیں نقش ونگار سے مزین کریں گے۔ ہر شخص اپنی بنائی ہوئی مسجد کے نقش ونگار اور آرائش وزیبائش پر فخر کرے گا۔اور بعض اوقات اسے ذرائع ابلاغ پر نشر بھی کرے گا۔نمازیوں کے دل عبادت سے ہٹ کر ان سجاوٹوں میں لگ جائیں گے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَبَاهَى النَّاسُ فِي الْمَسَاجِدِ»

''اس وقت تک قیامت برپا نہ ہوگی جب تک لوگ مسجدوں پر فخر نہ کرنے

لگیں۔'' [1]

بہت سے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے امت کو اس امر سے خبردار کیا ہے کہ وہ کہیں ذکر و عبادت اور اطاعت الٰہی سے توجہ ہٹا کر مساجد کی عمدہ سے عمدہ تعمیر اور ان کی تزئین و آرائش میں مشغول نہ ہو جائیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

«لَتُزَخْرِفُنَّهَا كَمَا زَخْرَفَهَا الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى»

''تم بھی مساجد کی اسی طرح آرائش و زیبائش کرو گے جس طرح یہود و نصاریٰ نے (اپنے عبادت کدوں کی) سجاوٹ کی تھی۔'' [2]

امام بغوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''تشیید'' کے معنی ہیں: عمارت کو بلند اور لمبا کرنا۔ یہود و نصاری نے اس وقت اپنی عبادت گاہوں کو نقش و نگار سے مزین کرنا شروع کیا تھا جب انھوں نے اپنی کتابوں میں تحریف اور تبدیلی کر دی تھی۔'' [3]

امام خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''یہود و نصاریٰ نے اپنے کنیسے اور گرجے اس وقت نقش و نگار سے سجائے جب انھوں نے آسمانی کتب میں تحریف اور تبدیلی کی، چنانچہ انھوں نے دین کو ضائع کر کے تزئین و آرائش کو اپنا مطمح نظر بنا لیا۔'' [4]

---

[1] سنن أبي داود، الصلاة، حديث: 449، وسنن النسائي، المساجد، حديث: 680، و سنن ابن ماجه، المساجد والجماعات، حديث: 739 وسنده صحيح. [2] سنن أبي داود، الصلاة، حديث: 448، وصحيح البخاري، الصلاة، قبل الحديث: 446. [3] فتح الباري شرح صحيح البخاري: 699/1. [4] عمدة القاري شرح صحيح البخاري: 303/4.

عصر حاضر میں مساجد کے نقش ونگار کی چند شکلیں

دیواروں کو مختلف رنگوں اور نقشوں سے سجانا، پھر ان میں مختلف اشیاء کی شکلیں بنانا، رنگا رنگ قیمتی قالین بچھانا، چھتوں میں نت نئے نقوش بنانا اور چمکتی دمکتی مہنگی روشنیوں سے مساجد کو بقعۂ نور بنانا۔ یہ آرائشی اخراجات کبھی اس حد تک پہنچ جاتے ہیں کہ اگر ہم اس سجاوٹ وآرائش اور رنگ برنگی روشنیوں کے اخراجات جمع کریں تو اس رقم سے متعدد نئی مساجد تعمیر کر سکتے ہیں۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ مساجد کی دیکھ بھال نہ کی جائے یا ان کا فرش اچھا نہ بنایا جائے، یا مسجد کی تعمیر میں کمزوری اور نقص رکھا جائے بلکہ جو چیز منع ہے وہ صرف یہ ہے کہ مساجد کی تزئین وآرائش میں مبالغہ اور اسراف سے کام نہ لیا جائے۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"جب تم مساجد کی تزئین وآرائش میں مبالغہ کرنے لگو گے اور قرآن مجید کے نسخوں پر نقش ونگار بنانے لگ جاؤ گے تو تمھاری بربادی کو کوئی نہیں روک سکے گا۔" [1]

[1] المصاحف لابن أبي داود:2/110، وصحيح الجامع الصغير للألباني:1/162، حديث:585.

53 - گھروں کی تزئین و آرائش

تعیش، اسراف اور فخر و تکبر قابل مذمت ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝﴾

''اسراف نہ کرو، اللہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔''[1]

آخری زمانے میں لوگ اپنے گھروں کی دیواروں پر بہت قیمتی اور زیب و زینت والے پردے لٹکانے میں فخر و مباہات کا اظہار کریں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَبْنِيَ النَّاسُ بُيُوتًا يُوشُونَهَا وَشْيَ الْمَرَاحِيلِ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک لوگ منقش و مزین چادروں جیسے گھر تعمیر نہ کرنے لگیں۔''[2]

حدیث کے معنی یہ ہیں کہ گھروں کو کپڑوں کی طرح دھاری دار اور منقش بنائیں گے۔ اس کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ گھروں میں پردے لٹکانا یا انھیں سجانا حرام ہے۔ بلکہ حرام صرف یہ ہے کہ اس کام میں اسراف و تبذیر اور فخر و مباہات سے کام لیا جائے۔

---

[1] الأنعام 6:141. [2] الأدب المفرد للبخاري: 2/416، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 1/502، حديث: 279.

54۔ کثرت سے آسمانی بجلی کا گرنا

علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ لوگ آسمانی بجلی گرنے سے کثیر تعداد میں موت کا شکار ہوں گے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«تَكْثُرُ الصَّوَاعِقُ عِنْدَ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ حَتّٰى يَأْتِيَ الرَّجُلُ الْقَوْمَ فَيَقُولُ: مَنْ صَعِقَ قِبَلَكُمُ الْغَدَاةَ؟ فَيَقُولُونَ: صَعِقَ فُلَانٌ وَ فُلَانٌ»

''قیامت کے قریب آسمانی بجلیاں کثرت سے گریں گی حتی کہ ایک شخص کسی قوم کے پاس آکر سوال کرے گا: آج تم میں سے کون کون بجلی کا شکار ہو کر فوت ہوا؟ وہ کہیں گے: فلاں اور فلاں شخص آج اس کی زد میں آکر ہلاک ہو گیا ہے۔''[1]

''صاعقة'' اس عظیم بجلی کو کہتے ہیں جو کڑک اور چمک کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ اللہ عزوجل نے قوم ثمود کو ایسی ہی آسمانی بجلی سے ہلاک کیا تھا۔ ارشاد

---

[1] مسند أحمد: 64/3، وفيه محمد بن مصعب ضعيف.

الٰہی ہے:

﴿وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۝﴾

''رہے ثمود سو ہم نے ان کی بھی رہبری کی، پھر بھی انھوں نے ہدایت پر اندھے پن کو ترجیح دی جس کی بنا پر انھیں رسوا کن عذاب آسمانی بجلی نے ان کے کرتوتوں کے باعث پکڑ لیا۔'' [1]

نیز ارشاد ہوا:

﴿فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ۝﴾

''پھر اگر یہ اعراض کریں تو کہہ دیجیے کہ میں تمھیں اس کڑک (عذاب آسمانی) سے ڈراتا ہوں جو عاد اور ثمود کی کڑک جیسی ہوگی۔'' [2]

اس کڑک کی شدت اور قوت کے باعث اللہ تعالیٰ نے اس کا ذکر ''طاغیہ'' کے لفظ سے بھی کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ۝﴾

''ثمود تو طاغیۃ (بے حد خوفناک آواز) سے ہلاک کر دیے گئے۔'' [3]

---

[1] فصلت 41: 17. [2] فصلت 41: 13. [3] الحاقة 69: 5.

55۔ کتابت کی کثرت واشاعت

پہلے زمانے میں کتابت اور کتب کی نشرواشاعت نہیں تھی۔ بلکہ لوگوں کی اکثریت لکھنے پڑھنے کی صلاحیت سے محروم تھی۔ نبی کریم ﷺ نے اُس زمانے میں خبر دے دی تھی کہ قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ قلم، کتب اور کتابت کی کثرت ہوجائے گی۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ تَسْلِيمَ الْخَاصَّةِ، وَ فُشُوَّ التِّجَارَةِ حَتّٰى تُعِينَ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ، وَ قَطْعَ الْأَرْحَامِ، وَ شَهَادَةَ الزُّورِ، وَ كِتْمَانَ شَهَادَةِ الْحَقِّ، وَ ظُهُورَ الْقَلَمِ»

''قیامت سے پہلے ایک ایسا وقت آئے گا کہ صرف خاص لوگوں کو سلام کہا جائے گا، تجارت بہت پھیل جائے گی حتی کہ عورت اپنے خاوند کی تجارت میں اس کی مددگار بنے گی، قطع رحمی کی جائے گی، جھوٹی گواہی دی

جائے گی، سچی شہادت چھپائی جائے گی اور قلم کا ظہور ہوگا۔'' [1]

نبی کریم ﷺ کے الفاظ ''قلم کا ظہور ہوگا'' سے شاید یہ مراد ہے کہ کتابت اور کتب کی کثرت ہو جائے گی اور وسیع پیمانے پر ان کی نشر واشاعت ہوگی۔ حتی کہ طباعت، تصویر سازی اور نشر واشاعت کے جدید وسائل کی کثرت کے باعث لوگوں کی اکثریت آسانی سے ان تک رسائی حاصل کرلے گی۔ مگر اس سب کچھ کے باوجود لوگوں میں امور شریعت ودین کے بارے میں جہالت زیادہ ہوتی چلی جائے گی۔

اسی بات کی تائید اس حدیث پاک سے بھی ہوتی ہے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے بیان کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَ يَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَ يَفْشُوَ الزِّنَا، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَ يَذْهَبَ الرِّجَالُ وَ تَبْقَى النِّسَاءُ حَتّٰى يَكُونَ لِخَمْسِينَ امْرَأَةً قَيِّمٌ وَّاحِدٌ»

''قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت پھیل جائے گی، زنا عام ہو جائے گا، شراب پی جائے گی، مرد کم ہو جائیں گے، عورتیں زیادہ ہو جائیں گی حتی کہ پچاس عورتوں کے لیے صرف ایک نگران (مرد) ہوگا۔'' [2]

[1] مسند أحمد:1/407، وحسنه الشيخ الأرنؤوط في تحقيقه على المسند. [2] صحيح البخاري، الحدود، حديث:6808، و صحيح مسلم، العلم، حديث:2671، واللفظ له.

56 ۔ زبان سے مال کمانا اور گفتگو پر فخر کرنا

اگر جائز طریقوں سے آدمی دنیا کا مال کمائے یا شرعی طریقوں سے دنیا حاصل کرے تو اس میں عیب والی کوئی بات نہیں۔ مال کمانے کا یہ بھی شرعی طریقہ ہے کہ آدمی بیان وکلام اور دلیل کے ذریعے سے روزی کمائے۔ جس طرح کہ وکلاء (جو حق گوئی وراستی سے کام لیتے ہیں) اور اساتذہ وغیرہ، کیونکہ ان حضرات کی روزی کا زیادہ اعتماد گفتگو پر ہی ہوتا ہے۔

اس سلسلے میں جو چیز مذموم ہے وہ یہ ہے کہ انسان چرب زبانی کے ذریعے دنیا کمائے، یا تو کسی غیر مستحق شخص کی ناجائز تعریف اور خوشامد کر کے، یا پھر خرید و فروخت میں جھوٹی قسم اٹھا کر، یا غلط بیانی کر کے مال اکٹھا کرے۔ زبان کے ناجائز استعمال کے اس طرح کے جتنے بھی طریقے ہیں سب ممنوع وناجائز ہیں۔

عمر بن سعد کو اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے کوئی کام تھا۔ وہ والد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ لیکن اپنا مقصد بیان کرنے سے پہلے انھوں نے فصاحت وبلاغت سے لبریز کچھ ایسی خوشنما گفتگو کی جس طرح کہ لوگ اپنی مقصد برآری کے لیے کیا کرتے ہیں۔ سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے قبل ازیں ان سے ایسی شاندار گفتگو کبھی نہ سنی تھی۔ بیٹا جب اپنی بات کہہ چکا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ گویا ہوئے: جی بیٹا! تم نے اپنی بات مکمل کر لی؟ اس نے کہا: جی ہاں، مجھے جو عرض کرنا تھی، کر چکا ہوں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب سے میں نے تمھاری یہ گفتگو سنی ہے تم اپنے مقصد سے زیادہ دور ہو گئے ہو۔ اور میں تم سے اس قدر متنفر پہلے کبھی نہ تھا جس قدر آج ہوا ہوں۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ قَوْمٌ يَأْكُلُونَ بِأَلْسِنَتِهِمْ كَمَا تَأْكُلُ الْبَقَرَةُ مِنَ الْأَرْضِ»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک ایک ایسی قوم ظاہر نہ ہو جائے جو اپنی زبانوں سے اس طرح کھائے گی جس طرح گائے زمین سے کھاتی ہے۔“ [1]

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ تُرْفَعَ الْأَشْرَارُ وَ تُوضَعَ الْأَخْيَارُ وَ يُفْتَحَ الْقَوْلُ وَيُخْزَنَ الْعَمَلُ وَ يُقْرَءَ بِالْقَوْمِ الْمُثْنَاةُ، لَيْسَ فِيهِمْ أَحَدٌ يُنْكِرُهَا، قِيلَ: وَمَا الْمُثْنَاةُ؟ قَالَ: مَا اكْتُتِبَتْ سِوٰى كِتَابِ اللهِ»

[1] مسند أحمد: 184/1.

”قرب قیامت برے لوگ بلند کر دیے جائیں گے۔ اچھے لوگ پست کر دیے جائیں گے۔ گفتگو کی کثرت ہو جائے گی۔ جبکہ عمل روک دیا جائے گا، یعنی عمل نہیں ہو گا اور لوگوں کو مُثَنَّاة پڑھائی جائے گی اور کوئی اسے برا نہیں سمجھے گا۔ پوچھا گیا: یہ ”مثناۃ“ کیا چیز ہے؟ فرمایا: جو کچھ اللہ کی کتاب کے سوا لکھا جائے۔“ [1]

[1] المستدرك للحاكم:4/544.

57۔ قرآن کے سوا دیگر کتب کی کثرت سے اشاعت

یہ بھی علامات قیامت میں سے ہے کہ لوگوں میں اللہ کی کتاب سے زیادہ ایسی غیر دینی کتب کی خریداری کا رجحان زیادہ ہو جائے جنھیں مکتبات تیار کرتے، شائع کرتے اور فروخت کرتے ہیں۔

حدیث سابق سے اس بات کی تائید ہوتی ہے۔ اس میں یہ الفاظ قابل توجہ ہیں: ”لوگوں کو مثناة پڑھائی جائے گی، پوچھا گیا: مثناة کیا چیز ہے؟ فرمایا: جو کچھ بھی اللہ کی کتاب کے سوا لکھا جائے۔“

58۔ قاریوں کی کثرت اور فقہاء و علماء کی قلت

نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ قراء کی تعداد زیادہ ہو جائے گی اور علمائے شریعت کم ہو جائیں گے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«سَيَأْتِي عَلٰى أُمَّتِي زَمَانٌ تَكْثُرُ فِيهِ الْقُرَّاءُ وَ تَقِلُّ الْفُقَهَاءُ وَ يُقْبَضُ الْعِلْمُ وَ يَكْثُرُ الْهَرْجُ. قَالُوا: وَ مَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: الْقَتْلُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ يَأْتِي بَعْدَ ذٰلِكَ زَمَانٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ رِجَالٌ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي بَعْدَ ذٰلِكَ زَمَانٌ يُجَادِلُ الْمُنَافِقُ الْكَافِرُ الْمُشْرِكُ بِاللّٰهِ الْمُؤْمِنَ بِمِثْلِ مَا يَقُولُ»

''ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں قراء کی کثرت اور فقہاء کی قلت ہوگی۔ علم اٹھالیا جائے گا اور ھرج زیادہ ہو جائے گا۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! یہ ھرج کیا چیز ہے؟ فرمایا: تمھاری باہمی خونریزی۔ پھر اس کے بعد ایک دور آئے گا جب بعض لوگ قرآن کریم کی تلاوت تو کریں گے مگر قرآن ان کے گلے سے نیچے نہیں اترے گا۔ پھر ایک زمانہ آئے گا جب ایک منافق، کافر اور مشرک بھی مومن سے بحث وجدال کرے گا اور مومن کی باتوں کا ترکی بہ ترکی جواب دے گا۔''[1]

معاملہ اس وقت اور زیادہ خراب ہو جائے گا جب علماء کے دنیا سے اٹھ جانے

[1] المستدرك للحاكم: 4/457.

کے باعث علم رخصت ہو جائے گا۔ جب کوئی ربانی عالم نہ بچے گا تو لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنا لیں گے۔ ان سے جب دینی مسائل پوچھے جائیں گے تو وہ علم کے بغیر ہی فتویٰ دے دیا کریں گے۔ اس طرح وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ الْعِبَادِ، وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ حَتّٰى إِذَا لَمْ يَبْقَ عَالِمٌ اِتَّخَذَ النَّاسُ رُؤُوسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوا فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوا وَ أَضَلُّوا»

''اللہ تعالیٰ اچانک دنیا سے علم کو نہیں اٹھائے گا کہ یکلخت اپنے بندوں سے اسے کھینچ لے۔ بلکہ علم کو علماء کی وفات کے ذریعے سے ختم کرے گا۔ حتی کہ جب دنیا میں کوئی عالم زندہ نہیں بچے گا تو لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنا لیں گے۔ ان سے جب دینی مسائل پوچھے جائیں گے تو وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے وہ خود تو گمراہ ہوں گے ہی دوسروں کو بھی گمراہ کردیں گے۔'' [1]

سابقہ احادیث میں جو علم کے اٹھا لیے جانے کا ذکر ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ دفعتاً لوگوں کے سینوں سے علم مٹا دیا جائے گا اور علم دنیا سے ختم ہو جائے گا، بلکہ معنی یہ ہیں کہ حاملین علم آہستہ آہستہ دنیا سے چلے جائیں گے اور لوگ ان کی جگہ جاہلوں کو اپنا مفتی بنا لیں گے۔ وہ اپنی جہالت کی بنیاد پر فیصلے کریں گے۔ وہ خود بھی

[1] صحيح البخاري، العلم، حديث: 100، و صحيح مسلم، العلم، حديث: 2673.

شیخ ابن باز

شیخ ابن عثیمین

شیخ البانی

گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔ پچھلے دس برس کے عرصے میں امت اسلامیہ کو متعدد ایسے اہل علم کی وفات کا صدمہ سہنا پڑا جن کا لوگوں کو دین سکھانے میں بہت نمایاں کردار تھا۔

شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز (رئیس کبار علماء کونسل، سعودی عرب) 1420ھ بمطابق 1999ء کو وفات پا گئے۔ اسی برس محدثِ عصر علامہ محمد ناصر الدین البانی بھی 1420ھ بمطابق 1999ء کو دنیا سے رحلت فرما گئے۔ جبکہ شیخ علامہ محمد بن صالح العثیمین 1421ھ بمطابق 2000ء کو اس جہانِ فانی سے رخصت ہو گئے۔ ان کے علاوہ بھی اس عرصے میں بہت سے جلیل القدر علمائے کرام وفات پا گئے۔

اگر کوئی شخص آج امت اسلامیہ کے احوال پر غور کرے تو وہ دیکھ سکتا ہے کہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد فی زمانہ قرآن مجید کی تلاوت خوبصورت آواز سے کرنے، اسے ترتیل اور خوش الحانی سے پڑھنے اور دل کش انداز میں قراءت کرنے میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرتی نظر آتی ہے۔ لیکن علم شرعی کی طلب اور احکام دین سیکھنے میں مہارت حاصل کرنے کا سلسلہ موقوف ہوتا جا رہا ہے۔ اگر آپ ان قراء میں سے کسی سے طہارت یا سجدۂ سہو کے بارے میں کوئی مسئلہ پوچھیں تو انھیں علم سے کورا ہی پائیں گے۔

59۔ اصاغر سے علم حاصل کرنا

عہد نبوت ہی سے لوگ بڑے بڑے علماء اور فقہاء سے علم حاصل کرتے آرہے ہیں۔ مگر ایک وقت ایسا آئے گا کہ جب کم فہم، کم علم اور چھوٹے لوگ اس منصب پر قابض ہو جائیں گے۔ لوگ انھی سے فتویٰ طلب کریں گے اور وہ فتوے جاری کریں گے۔ سابقہ حدیث میں گزر چکا ہے کہ قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ قاری زیادہ ہو جائیں گے اور علماء کی قلت ہو جائے گی یہاں تک کہ چھوٹے اور جاہل لوگوں سے علم حاصل کیا جائے گا۔ وہ فتوے دیں گے۔ خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

حضرت ابو امیہ جمحی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُلْتَمَسَ الْعِلْمُ عِنْدَ الْأَصَاغِرِ»

”قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ أصاغر سے علم حاصل کیا جائے گا۔“ [1]

امام عبداللہ بن مبارک سے پوچھا گیا: یہ أصاغر کون ہیں؟ تو انھوں نے جواب دیا: یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی رائے سے فتوے دیتے ہیں، یعنی وہ اپنے علم کو مضبوط نہیں کرتے نہ اپنے فتووں کی تحقیق کرتے ہیں اور نہ شرعی دلائل سے استدلال کرتے

[1] كتاب الزهد لابن المبارك 60، بسند صحيح.

ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اصاغر سے مراد اہلِ بدعت ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

''لوگ اس وقت تک خیریت سے رہیں گے، جب تک ان کے پاس علم صحابۂ کرام اور کبار علماء کے ذریعے آتا رہے گا۔ لیکن جب علم چھوٹے لوگوں کے ذریعے آنا شروع ہوگا تو وہ تباہ و برباد ہو جائیں گے۔''[1]

الحمد للہ ہمارے اس دور میں تا حال علم اور اہلِ علم خیریت سے ہیں۔ اگرچہ غور کرنے والے کو معلوم ہوگا کہ آج ذرائع ابلاغ نے چند ایسے چھوٹے طالب علموں کو زیادہ فعال اور مشہور کر رکھا ہے جو اسلام کی عمومی معلومات رکھتے ہیں اور صرف مشہور مسائل کے بارے میں ہی علم رکھتے ہیں۔ وہ علم کے حافظ یا فقہاء نہیں ہیں۔ مگر مشہور ہو گئے ہیں اور لوگ انھی سے فتوی طلب کرتے اور علم حاصل کرتے ہیں۔ اگر ان کی جگہ کبار علماء ذرائع ابلاغ، سیٹلائٹ چینلز، ریڈیو کی نشریات اور انٹرنیٹ پر آتے تو لوگ ان جید علماء کو پہچانتے، انھیں سے فتویٰ طلب کرتے اور ان کی طرف متوجہ ہوتے۔

یہ بات بھی پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ جس طرح عمر کا زیادہ ہونا کسی شخص کے عالم ہونے کی علامت نہیں اسی طرح محض عمر چھوٹی ہونے کے باعث بھی کسی کو جاہل نہیں کہا جا سکتا۔ علی بن مدینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''علم بڑی عمر کا نام نہیں ہے۔''[2]

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے یہ قول نقل کیا گیا ہے:

[1] کتاب الزهد لابن المبارک، حدیث: 815. [2] طبقات الحنابلة: 227/1

”علم کا تعلق چھوٹی یا بڑی عمر سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ جہاں چاہتا ہے وہیں علم رکھ دیتا ہے۔“ [1]

لہٰذا یہ ضروری ہے کہ جو لوگ معاشرے میں عالم کے طور پر مشہور ہو جائیں وہ اپنے آپ کو چھوٹے لوگوں میں سے نکال کر بڑے انسان بننے کی کوشش کریں۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب وہ مزید علم حاصل کریں، کتاب وسنت کا فہم پیدا کریں، اپنے علم کو پختہ کریں اور بڑے علمائے کرام سے رابطہ رکھیں۔

[1] المصنف لعبد الرزاق:11/440، حدیث:20946.

60۔ ناگہانی اموات کی کثرت

ہمارے اس عہد میں قیامت کی جو نشانیاں ظاہر ہوئی ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ناگہانی اموات کی کثرت ہوگئی ہے، یعنی ایسی موت جو اچانک دل کا دورہ پڑنے، خون جم جانے، گاڑی کے حادثے یا ہوائی جہاز کے گرنے سے واقع ہوتی ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ يَظْهَرَ مَوْتُ الْفَجْأَةِ»

’’علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ اچانک موت کثرت سے واقع ہوگی۔‘‘ [1]

گزشتہ زمانے میں آدمی موت کی بعض علامات کو محسوس کرتا تھا اور کچھ عرصہ بیمار رہ کر یہ جان لیتا تھا کہ یہ مرض الموت ہے، اس طرح وہ وصیت لکھ لیتا، اپنے اہل وعیال کو الوداع کر لیتا، اولاد کو کچھ نصیحتیں کر لیتا، اپنے رب کی طرف رجوع کر کے اس سے سابقہ گناہوں کی معافی طلب کر لیتا اور کلمۂ توحید کا ورد شروع کر دیتا تھا

[1] المعجم الصغير للطبراني: 261/2، حديث: 1132.

تاکہ اس کی موت اسی کلمے پر واقع ہو۔

مگر عصر حاضر میں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شخص ٹھیک ٹھاک صحت مند ہوتا ہے۔ اسے بالکل کوئی بیماری یا تکلیف نہیں ہوتی لیکن اچانک دل کے اٹیک سے، یا رگوں میں خون جم جانے سے یا اسی نوعیت کے دیگر حوادث وعوارض کے باعث ہم اس کی وفات کی خبر سن لیتے ہیں۔ ایک عقل مند انسان کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر وقت بیدار وہوشیار رہے۔ موت اور اللہ کی ملاقات کا سامنا کرنے کے لیے ہمہ وقت اللہ کا اطاعت گزار رہے۔

اِغْتَنِمْ فِي الْفَرَاغِ فَضْلَ رُكُوعٍ
فَعَسٰى أَنْ يَكُونَ مَوْتُكَ بَغْتَةً
كَمْ مِنْ صَحِيحٍ رَأَيْتُ مِنْ غَيْرِ سُقْمٍ
ذَهَبَتْ نَفْسُهُ الصَّحِيحَةُ فَلْتَةً

''صحت وفراغت کی حالت میں اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکنے کی فرصت کو غنیمت جانو۔ عین ممکن ہے تمھاری موت اچانک واقع ہو جائے۔
میں نے کتنے ہی صحت مندوں کو دیکھا ہے کہ وہ بغیر کسی بیماری کے اچانک اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔'' [1]

[1] یہ اشعار امام بخاری رحمہ اللہ کے ہیں، ملاحظہ فرمائیں: هدي الساري مقدمة فتح الباري لابن حجر العسقلاني رحمہ اللہ، ص: 674. (سیف)

61۔ بے وقوفوں کی حکمرانی

عوام الناس کی اصلاح ان کے حکمرانوں کی اصلاح سے اور ان کا بگاڑ حکمرانوں کے بگاڑ سے مربوط ہے۔ نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ حکومت اور قیادت کم فہموں اور بے وقوفوں کے ہاتھ آ جائے گی۔ جو نہ تو کتاب وسنت سے روشنی پائیں گے اور نہ کسی کی نصیحت کو خاطر میں لائیں گے۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابی حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

''اے کعب! اللہ تمھیں بے وقوفوں کی حکمرانی سے بچائے۔ انھوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بے وقوفوں کی حکمرانی کا کیا مطلب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے بعد کچھ ایسے حکمران ہوں گے جو نہ میری ہدایت سے روشنی حاصل کریں گے نہ میری سنت پر عمل کریں گے۔ جو لوگ ان کے جھوٹ کی تصدیق کریں گے اور ان کے ظلم وستم پر ان کا ساتھ دیں گے نہ وہ مجھ سے ہیں نہ میں ان سے ہوں اور نہ وہ میرے حوض پر آسکیں گے۔ لیکن جو ان کے جھوٹ کی تصدیق نہ کریں اور ظلم پر ان کی

اعانت نہ کریں وہ میرے ہیں اور میں ان کا ہوں۔ اور یہ لوگ میرے حوض (کوثر) پر بھی آئیں گے۔ اے کعب! روزہ ڈھال ہے۔ صدقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ نماز قربانی ہے۔ یا آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ نماز دلیل ہے۔ اے کعب! وہ گوشت جو حرام غذا سے وجود میں آیا جنت میں داخل نہ ہو سکے گا۔ اس کے لیے جہنم کی آگ ہی زیادہ مناسب ہے۔ اے کعب! لوگ گھر سے نکلتے ہیں اور اپنی جان کا سودا کرتے ہیں۔ کوئی اپنی جان کو (عذاب الٰہی سے) آزاد کرا لیتا ہے اور کوئی اسے ہلاکت و بربادی میں ڈال دیتا ہے۔ [1]

''سفیہ'' کے معنی ہیں، ایسا شخص جو کم عقل ہو اور کم تدبیر ہو، جو دوسروں کے مسائل تو کجا اپنے مسائل بھی نہ سلجھا سکتا ہو۔ ''سفاہت'' کے معنی ہیں: کم عقلی۔

ایک دوسری حدیث میں ہے:

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک ہر قبیلے کی قیادت منافقین کے ہاتھ میں نہ آ جائے۔'' [2]

منافقین سے مراد وہ لوگ ہیں جو کم ایمان، اللہ کے خوف وخشیت سے خالی، کثرت سے جھوٹ بکنے والے اور حد درجہ جاہل ہوں۔

جب لوگوں کے بادشاہ، قائدین اور حکمران ایسے ہوں گے تو ہر چیز تہ و بالا ہو جائے گی۔ جھوٹے کی تصدیق اور سچے کی تکذیب کی جائے گی۔ امانتیں بددیانت کے سپرد کی جائیں گی اور امانت دار کو شک کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ جاہل بات

[1] مسند أحمد: 321/3، وصحيح ابن حبان: 372/10. [2] المعجم الكبير للطبراني: 7/10.

کرے گا اور عالم خاموش رہنے پر مجبور ہوگا۔

امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک علم کو جہالت اور جہالت کو علم نہ سمجھا جانے لگے گا۔“ [1]

حقائق کی تبدیلی اور تمام امور و معاملات کے الٹ پلٹ ہوجانے کی یہ ساری صورتِ حال آخری زمانے میں رونما ہوگی۔ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُوضَعَ الْأَخْيَارُ، وَ يُرْفَعَ الْأَشْرَارُ»

”قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اچھے لوگ پست کر دیے جائیں گے اور برے لوگ بلند کر دیے جائیں گے۔“ [2]

[1] المصنف لابن أبي شيبة: 175/15، حديث: 38584. [2] المصنف لابن أبي شيبة: 164/15، حديث: 38545، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 774/6، حديث: 2821.

62 - زمانے کا قریب ہو جانا

نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ قربِ قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ زمانہ قریب ہو جائے گا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ، وَ يَنْقُصُ الْعَمَلُ، وَ تَظْهَرُ الْفِتَنُ، وَ يُلْقَى الشُّحُّ، وَ يَكْثُرُ الْهَرْجُ. قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! وَ مَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ الْقَتْلُ»

''زمانہ قریب ہو جائے گا۔ عمل کم ہو جائے گا۔ فتنے ظاہر ہوں گے۔ بخل وحرص کا دور دورہ ہو گا۔ ہرج بہت زیادہ ہو جائے گا۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ! ہرج کیا چیز ہے؟ فرمایا: قتل وخونریزی۔''[1]

---

[1] صحيح البخاري، الفتن، حديث:7061، و صحيح مسلم، العلم، حديث: 157، بعد الحديث:2672.

زمانے کے قریب ہونے کے بارے میں علماء کے اقوال

① اس سے مراد زمانے میں برکت کا کم ہونا ہے اور وہ اس طرح کہ پہلے دور کے لوگ جو کام ایک گھنٹے میں کر لیتے تھے بعد کے دور والے وہ کام کئی گھنٹوں میں بھی نہ کر سکیں گے۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ صورتِ حال ہمارے زمانے میں واقع ہو چکی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ دن رات ایسی تیزی سے گزر رہے ہیں کہ پہلے زمانے میں اس طرح نہ تھا۔[1]

② اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ اہل زمانہ ذرائع ابلاغ اور زمینی و فضائی سواریوں کی کثرت کے باعث ایک دوسرے سے قریب ہو جائیں گے۔

③ اس کے ایک معنی یہ بھی ہیں کہ زمانہ حقیقی طور پر بہت تیزی سے گزرے گا اور ایسا آخری زمانے میں ہوگا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ دنوں کو جس طرح چاہتا ہے چھوٹا بڑا اور رات دن کو جس طرح چاہتا ہے الٹ پلٹ کرتا رہتا ہے۔ اس کی تائید اس حدیث سے بھی

---

[1] فتح الباري شرح صحيح البخاري: 22/13.

ہوتی ہے جس میں دجال کے زمانے کے ایام کی طوالت کی خبر دی گئی ہے کہ ان میں سے ایک دن سال کے برابر، دوسرا مہینے کے برابر اور تیسرا ہفتے کے برابر ہو جائے گا۔ دن جس طرح لمبے ہوں گے اسی طرح چھوٹے بھی ہوں گے۔ مگر یہ علامت تا حال ظاہر نہیں ہوئی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَ تَكُونَ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ، وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَ تَكُونَ الْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ، وَ يَكُونَ الْيَوْمُ كَالسَّاعَةِ، وَالسَّاعَةُ كَالضَّرْمَةِ بِالنَّارِ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہو گی جب تک زمانہ قریب نہ ہو جائے۔ اس وقت سال ایک ماہ کے برابر ہوگا، مہینہ جمعہ کے برابر، جمعہ دن کے برابر اور دن ایک ساعت کے برابر ہوگا اور ساعت ایسے ہوگی جیسے آگ کا شعلہ لپک کر بجھ جاتا ہے۔''[1]

④ ''تقارب زمان'' کے بارے میں ایک قول یہ بھی ہے کہ اس سے مراد انسان کی عمر کا کم ہو جانا ہے، یعنی قرب قیامت سابقہ ادوار کے برخلاف عمریں بہت مختصر ہوں گی۔

[1] جامع الترمذي، الزهد، حديث:2332 و مسند أحمد:2/538.

63 ۔ کم عقل لوگ دوسروں کی ترجمانی کریں گے

ترجمانی کے سلسلے میں اصول تو یہ ہے کہ یہ ذمہ داری عقل مند، دانا اور فصیح شخص کے پاس ہو۔ لیکن قرب قیامت ایسا زمانہ آجائے گا جس میں لوگ خراب ہو جائیں گے اور ان کا ترجمان ایسا شخص ہو گا جو بے عقل اور گھٹیا آدمی ہو گا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّهَا سَتَأْتِي عَلَى النَّاسِ سِنُونَ خَدَّاعَةٌ، يُصَدَّقُ فِيهَا الْكَاذِبُ وَ يُكَذَّبُ فِيهَا الصَّادِقُ، وَ يُؤْتَمَنُ فِيهَا الْخَائِنُ وَ يُخَوَّنُ فِيهَا الْأَمِينُ، وَ يَنْطِقُ فِيهَا الرُّوَيْبِضَةُ۔ قِيلَ: وَ مَالرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ: اَلسَّفِيهُ يَتَكَلَّمُ فِي أَمْرِ الْعَامَّةِ»

”لوگوں پر کچھ دھوکہ دہی والے سال آئیں گے۔ ان میں جھوٹے کو سچا سمجھا جائے گا، سچے کو جھوٹا سمجھا جائے گا، خائن کو امانت دار خیال کیا جائے گا، امانت دار پر خائن ہونے کا شک کیا جائے گا اور لوگوں کے معاملات کے بارے میں رویبضۃ بات کرے گا۔ عرض کیا گیا: اللہ کے رسول! رویبضۃ کیا ہے؟ فرمایا: بے وقوف انسان جو عام لوگوں کے

معاملات میں بات کرے۔" [1]

یہ علامت ہمارے دور میں ظاہر اور عام ہو چکی ہے کہ معاشرے کے گھٹیا لوگ بہترین لوگوں سے زیادہ معزز بنے ہوئے ہیں، چنانچہ لوگوں کے معاملات کی باگ ڈور ان گھٹیا اور کم عقل لوگوں کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔

واجب ہے کہ اہل علم و عقل اور تجربہ کار لوگوں کو آگے لایا جائے، لوگوں کے معاملات اور سیاسیات کے بارے میں انھی کو مقدم کیا جائے۔ جو شخص آج لوگوں کے حالات پر غور کرے وہ دیکھ سکتا ہے کہ لوگ اپنی خواہشوں اور مصلحتوں ہی کی طرف مائل ہوتے ہیں، خواہ اس میں ان کا دین اور ایمان ہی کیوں نہ ضائع ہو جائے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے فساق و فجار کو اپنا قائد و رہنما بنا رکھا ہے۔

[1] مسند احمد: 291/2، و سلسلة الأحاديث الصحيحة: 4/508، حديث: 1887.

64 - احمق اور جاہل سب سے زیادہ خوش حال ہونگے

علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں جھوٹے کو سچا اور سچے کو جھوٹا سمجھا جائے گا۔ خائن کو امانت دار خیال کیا جائے گا۔ امانت دار پر خائن ہونے کا شک کیا جائے گا۔ لوگوں کی قیادت بے وقوف انسان کریں گے اور ذمہ داریاں نااہلوں کے سپرد کردی جائیں گی۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ أَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ ابْنُ لُكَعٍ»

”قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک کہ لوگوں میں امیر ترین شخص وہ نہ بن جائے جو احمق ابن احمق اور جاہل ابن جاہل ہوگا۔“ [1]

آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا:

«يُوشِكُ أَنْ يَغْلِبَ عَلَى الدُّنْيَا لُكَعُ ابْنُ لُكَعٍ»

”قریب ہے کہ دنیا پر جاہلوں اور احمقوں کا غلبہ ہو جائے۔“ [2]

آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا:

«لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى تَصِيرَ لِلُكَعِ ابْنِ لُكَعٍ»

”دنیا ختم نہ ہوگی جب تک یہ سب سے کمینے لوگوں کی ملکیت میں نہ چلی جائے۔“ [3]

لکع ابن لکع وہ گھٹیا شخص ہے جس کی بدخلقی کی وجہ سے کوئی بھی اس کی تعریف نہیں کرتا۔ عربوں کے نزدیک اس کے معنی ہیں برا غلام۔ لکع کے لفظ کو حماقت اور جہالت کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اور عربی زبان میں مرد کو لکع اور عورت کو لِکَاع کہا جاتا ہے۔

قرب قیامت ایسا شخص ہی سب سے زیادہ خوش حال ہوگا۔ اس کے پاس مال و جاہ، گاڑیاں اور وسیع وعریض رہائش گاہیں ہوں گی۔ اس کے پاس دولت کی یہ کثرت اس لیے ہوگی کہ وہ سب سے زیادہ احمق اور جاہل ہوگا اور ہر جائز وناجائز طریقے سے مال جمع کرے گا۔ وہ لوگوں کی خواہشات کے مطابق ان سے معاملہ کرے گا، لہٰذا دنیا حاصل کر لے گا۔

---

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث:2209، و صححه الألباني. [2] مسند أحمد:430/5.

[3] مسند أحمد:358/2.

65۔ مساجد کو راہگزر بنالینا

اس کے معنی یہ ہیں کہ آدمی ایک طرف سے دوسری طرف جانے کے لیے مسجد کو راستے کے طور پر استعمال کرے گا۔ اس کا تعلق نماز اور مسجدوں سے نہیں ہوگا، یعنی آخر زمانے میں مساجد کو نماز سے زیادہ راستوں کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

مساجد نماز کی بجائے ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کے لیے سیاحتی مراکز بن جائیں گے

66-67

حق مہر اور گھوڑوں کی قیمت میں بہت زیادہ اضافہ اور پھر بہت زیادہ کمی

خارجہ بن صلت برجمی کہتے ہیں:

"میں اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایک ساتھ ان کے گھر سے نکلے جبکہ لوگ رکوع کی حالت میں تھے۔ ہم ذرا فاصلے ہی سے حالت رکوع میں ہو گئے اور اسی حالت میں چلتے ہوئے صف میں جا ملے۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو ایک شخص نے آ کر کہا: اے ابو عبد الرحمٰن! تم پر سلام ہو۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ اکبر! اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ ہی فرمایا تھا۔ ہم نے نماز ادا کرنے کے بعد کہا: ابو عبد الرحمٰن! کیا اس شخص کے سلام سے آپ کو پریشانی ہوئی

ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں، نبی کریم ﷺ کے عہد میں یہ کہا جاتا تھا کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ مساجد کو گزرگاہ بنا لیا جائے گا، آدمی صرف جان پہچان والے آدمی ہی کو سلام کہے گا، عورت اور مرد مل کر تجارت کریں گے، عورتوں کا حق مہر اور گھوڑوں کی قیمت پہلے بہت زیادہ، پھر بہت کم ہو جائیں گے اور اس کے بعد پھر کبھی نہیں بڑھیں گے۔ [1]

[1] المستدرك للحاكم: 4/524.

68۔ بازاروں کا قریب ہو جانا

نبی کریم ﷺ نے ہمارے اس زمانے کے بارے میں خبر دے دی ہے کہ اس میں مسافتیں قریب ہو جائیں گی۔ آج کل ایک مارکیٹ سے دوسری تک پہنچنا بہت آسان اور کم مدت میں ممکن ہو گیا ہے۔ آدمی تھوڑے سے وقت میں مختلف عالمی منڈیوں میں گھوم سکتا ہے اور مارکیٹ کی تیزی اور مندی کا جائزہ لے سکتا ہے۔ یہ سب اس لیے ممکن ہوا کہ اہل زمین کو تیز ترین وسائل نقل و حمل میسر ہیں۔ وہ گاڑیوں، ٹرینوں اور ہوائی جہازوں کے باعث ایک دوسرے سے قریب ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ذرائع مواصلات: ٹیلی فون، ٹی وی چینلز اور انٹرنیٹ وغیرہ نے بھی

اس قربت میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَظْهَرَ الْفِتَنُ وَ يَكْثُرَ الْكَذِبُ وَ يَتَقَارَبَ الْأَسْوَاقُ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک فتنے ظاہر نہ ہو جائیں، جھوٹ زیادہ نہ ہو جائے اور بازار آپس میں قریب نہ ہو جائیں۔'' [1]

---

[1] مسند أحمد: 519/2، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 639/6، حديث: 2772

بازاروں کے قریب ہونے کی تین ممکنہ صورتیں:

* پہلی صورت: یہ ہے کہ مارکیٹوں میں نرخ کم یا زیادہ ہونے کا بہت جلد علم ہو جانا۔
* دوسری صورت: ایک مارکیٹ سے دوسری مارکیٹ تک جلد پہنچ جانا خواہ ان کے درمیان مسافت بہت زیادہ ہو۔
* تیسری صورت: یہ ہے کہ مختلف مارکیٹوں میں اشیاء کے نرخوں کا یکساں ہونا اور نرخوں کی کمی بیشی میں ایک دوسرے کی اقتدا کرنا۔ واللہ اعلم۔

امام العصر علامہ ابن باز رحمہ اللہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مذکور تقارب کی تشریح یوں کرتے ہیں:

''حدیث میں جس تقارب کا ذکر کیا گیا ہے اس کی مناسب ترین تشریح یہ ہے کہ عصر حاضر میں ہوائی جہازوں، گاڑیوں اور ذرائع مواصلات کے سبب شہروں اور ملکوں کا فاصلہ بہت کم ہو گیا ہے اور وہ ایک دوسرے کے بہت قریب آ گئے ہیں۔

69۔ اقوامِ عالم کی ملت اسلامیہ پر یلغار

قیامت کی وہ نشانیاں جو آخری زمانے میں ظاہر ہونے والی ہیں، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اقوامِ عالم امت اسلامیہ پر ٹوٹ پڑیں گی لیکن اللہ تعالیٰ اس امت کی خود حفاظت فرمائے گا۔

تاریخ کی ورق گردانی کرنے والے شخص کو معلوم ہے کہ امت اسلامیہ بڑی ہولناک جنگیں لڑ چکی ہے۔ اس پر قرونِ سابقہ میں مصائب کی بارش ہوئی مگر اللہ تعالیٰ نے ہر موقع پر اس کی حفاظت فرمائی ہے۔ عیسائیوں نے باہم متحد ہو کر مسلمانوں کے خلاف صلیبی جنگوں کا بازار گرم کیا لیکن اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کی مدد فرمائی اور عیسائیت کی اجتماعی قوت شکست سے دوچار ہوئی، پھر تاتاریوں نے اسلامی ممالک کو تاراج کیا مگر ان کا مکر بھی اللہ تعالیٰ نے انھی پر الٹ دیا۔ ہمارے اس موجودہ دور میں یہودی اور عیسائی باہم مل کر امت اسلامیہ کو نقصان پہنچانے کی کوششوں میں مصروف ہیں لیکن ہمیں اللہ کی بارگاہ سے بہت قوی امید ہے کہ وہ اہل اسلام کو ان کے دین کی طرف لوٹائے گا تاکہ انھیں فتح و نصرت نصیب ہو سکے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝﴾

''جو اللہ (کے دین) کی مدد کرے گا اللہ بھی اس کی ضرور مدد کرے گا۔ بے شک اللہ بڑی قوتوں والا بڑے غلبے والا ہے۔''[1]

---

[1] الحج 22:40.

نیز ارشاد ہوتا ہے:

﴿كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ﴾

"اللہ تعالیٰ لکھ چکا ہے کہ بے شک میں اور میرے پیغمبر ضرور غالب رہیں گے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ زور آور، نہایت غالب ہے۔" [1]

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يُوشِكُ الْأُمَمُ أَنْ تَدَاعٰى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْأَكَلَةُ إِلٰى قَصْعَتِهَا. فَقَالَ قَائِلٌ: مِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: بَلْ أَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيرٌ، وَلٰكِنَّكُمْ غُثَاءٌ، كَغُثَاءِ السَّيْلِ، وَ لَيَنْزِعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُورِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ، وَ لَيَقْذِفَنَّ اللّٰهُ فِي قُلُوبِكُمُ الْوَهْنَ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! وَ مَا الْوَهْنُ؟ قَالَ: حُبُّ الدُّنْيَا وَ كَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ»

"قریب ہے کہ اقوام عالم تم پر اس طرح ٹوٹ پڑیں جس طرح بھوکے کھانے پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ کہنے والے نے کہا: اللہ کے رسول! کیا اس دن ہماری تعداد کم ہوگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، بلکہ تم اس دور میں کثیر تعداد میں ہوگے مگر تمھاری حیثیت خس و خاشاکِ سیلاب سے زیادہ نہیں ہوگی۔ اللہ تعالیٰ تمھارے دشمن کے دلوں سے تمھاری ہیبت نکال دے گا اور تمھارے دلوں میں وھن ڈال دے گا۔ عرض کیا گیا: وھن کیا چیز ہے؟ فرمایا: دنیا کی محبت اور موت سے کراہت۔" [2]

---

[1] المجادلة 58: 21. [2] سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4297، و مسند أحمد: 278/5 وسلسلة الأحاديث الصحيحة:2/684، حديث:958.

عرب ممالک جن پر مغربی استعماری قبضہ رہا

قصعۃ اس برتن کو کہتے ہیں جس میں کھانا ڈال کر کھایا جاتا ہے اور عہد نبوی میں اس کو عموماً لکڑی سے تیار کیا جاتا تھا۔ الغثاء اس میل کچیل اور جھاگ کو کہا جاتا ہے جو سیلاب کے پانی کے اوپر آجاتا ہے اور الوھن کی تشریح اللہ کے نبی ﷺ نے خود ہی فرمادی کہ یہ دنیا سے محبت کرنے اور موت سے نفرت کرنے کا نام ہے۔

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ کی نبوت کی صداقت کے دلائل اور علامات قیامت میں سے ہے۔ آج اقوامِ عالم امت اسلامیہ پر اس طرح حملہ آور ہو چکی ہیں جس طرح بھوکے کھانے کے برتن پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ اس ذلت و رسوائی کا سبب مسلمانوں کی قلت نہیں۔ وہ کثرت میں ہیں مگر اس کے باوجود گھاس پھوس سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔ وہ اس جھاگ کی طرح ہیں جو سیلاب کے پانی کے اوپر

آجاتا ہے اور اس کا کوئی وزن نہیں ہوتا۔ آج امت مسلمہ کا یہی حال ہے۔ ان کی تعداد آج ایک ہزار ملین سے زیادہ ہے مگر ان کی یہ کثرت کمیت کے اعتبار سے تو ضرور ہے مگر کیفیت کے اعتبار سے ہرگز نہیں۔

آج دشمنوں کے دلوں سے مسلمانوں کا رعب نکل چکا ہے۔ اور وہ اہل اسلام کو بے وقعت سمجھ کر ان کے خلاف جنگیں برپا کرتے اور ان پر حملے کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ ایک ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب مسلمانوں کے دلوں میں وھن ڈال دیا گیا ہے، یعنی وہ دنیا سے محبت اور موت کے خوف میں مبتلا ہیں۔

70۔ لوگوں کا نماز کی امامت کرانے سے گریز

قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ لوگوں میں جہالت بہت زیادہ پھیل جائے گی حتی کہ لوگوں کو نماز کی امامت کے لیے کوئی امام نہیں ملے گا۔ایک دوسرے کو امامت کے لیے آگے دھکیلیں گے کیونکہ وہ خود احکام شریعت سے جاہل ہوں گے اور قرآن مجید کی تلاوت بھی ٹھیک طریقے سے نہیں کر سکتے ہوں گے۔

سیدہ سَلَامَة بنت حُر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَتَدَافَعَ أَهْلُ الْمَسْجِدِ لَا يَجِدُونَ إِمَامًا يُصَلِّي بِهِمْ»

''علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ مسجد کے نمازی امامت کے لیے ایک دوسرے کو آگے دھکیلیں گے اور اپنے درمیان کوئی ایسا شخص نہ پائیں

گے جو ان کی امامت کرائے۔“ [1]

یہ زمانہ تو شاید ابھی تک نہیں آیا، وللہ الحمد۔ علم اور علماء کے حلقے ہر جگہ موجود ہیں اور مساجد علماء، طلبۂ علم اور اچھے اچھے قاریوں سے بھری ہوئی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، انھوں نے کہا:

«يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَجْتَمِعُونَ فِيهِ وَ يُصَلُّونَ فِي الْمَسَاجِدِ وَ لَيْسَ فِيهِمْ مُؤْمِنٌ»

”لوگوں پر ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ وہ جمع ہوں گے اور مسجدوں میں نمازیں بھی پڑھیں گے لیکن ان میں ایک بھی (کامل اور حقیقی) مومن نہیں ہوگا۔“ [2]

[1] سنن أبي داود، الصلاة، حديث: 581.

[2] اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا اور کہا ہے کہ یہ صحیح الاسناد اور امام بخاری و مسلم کی شرط کے مطابق ہے لیکن انھوں نے اسے بیان نہیں کیا۔ امام ذہبی رحمہ اللہ نے بھی تلخیص میں امام حاکم کی تائید کی ہے۔ یاد رہے یہ حدیث مرفوع کے حکم میں ہے کیونکہ اس طرح کی بات رائے سے نہیں کی جاسکتی۔ اس طرح کی بات تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر ہی کہی جاسکتی ہے۔

71۔ مومن کے خواب کا سچا ہونا

حالت خواب میں انسان جو کچھ دیکھتا ہے اس کے کچھ معانی اور احکام ہونے ہیں۔ بعض خواب تو بالکل طلوع صبح کی مانند سچے ہوتے ہیں۔ بعض جھوٹے بھی ہوتے ہیں۔ اور بعض خواب محض پریشان خیالی اور حدیث نفس پر مبنی ہوتے ہیں جن کی کوئی خاص تعبیر نہیں ہوتی۔ نبی کریم ﷺ نے خوابوں کے بارے میں بعض ایسی خبریں دی ہیں جو علامات قیامت اور اس کے آثار سے تعلق رکھتی ہیں۔

سچا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہوتا ہے۔ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا يَبْقَى بَعْدِي مِنَ النُّبُوَّةِ، شَيْءٌ إِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ، قَالُوا: وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ؟ قَالَ: اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الرَّجُلُ أَوْ تُرٰى لَهُ»

''میرے بعد نبوت سے کوئی چیز باقی نہ رہے گی سوائے ''مبشرات'' کے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ کے رسول! ''مبشرات'' کیا ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اچھا خواب جو ایک مومن دیکھتا ہے یا اس کے لیے کسی کو دکھایا جاتا ہے۔'' [1]

خواب کا سچا اور اس کا مومن کے لیے بشارت ہونا قرب قیامت اور کائنات کے خاتمے کی علامت ہے۔ مومن کا خواب قرب قیامت زیادہ سچا اور امر واقع کے مطابق ہوگا اور مومن زیادہ نیک اور لوگوں میں زیادہ اجنبی ہوگا۔ ان حالات میں سچا خواب مومن کی تنہائی اور اجنبیت کو دور کرے گا اور اس کا انیس وغمخوار بنے گا۔ اور اس کا خواب کم ہی جھوٹا ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جب قیامت کا زمانہ قریب آجائے گا تو مسلمان کا خواب کم ہی جھوٹا ہوگا۔ جس کا خواب زیادہ سچا ہوگا وہ بات میں بھی زیادہ سچا ہوگا۔ مومن کا خواب نبوت کا پینتالیسواں حصہ ہوتا ہے۔ خواب تین قسم کا ہوتا ہے۔ ایک سچا خواب جو کہ اللہ کی طرف سے خوشخبری ہوتا ہے۔ دوسرا غمناک خواب جو شیطان کی طرف سے ہوتا ہے۔ اور تیسرا خواب جس میں

[1] مسند أحمد: 129/6، و صحيح البخاري، التفسير، حديث: 6990.

انسان اپنے آپ سے باتیں کرتا ہے۔ اگر تم میں سے کوئی نا پسندیدہ خواب دیکھے تو اسے چاہیے کہ وہ کھڑا ہو جائے، نماز پڑھے اور لوگوں سے یہ خواب بیان نہ کرے۔ میں خواب میں بیڑی کو پسند اور طوق کو ناپسند کرتا ہوں۔ کیونکہ خواب میں بیڑی کی تعبیر دین پر استقامت اور ثابت قدمی ہے۔" [1]

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ ابن ابی جمرہ رحمہ اللہ سے نقل فرماتے ہیں:

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ "آخری زمانے میں مومن کا خواب جھوٹا نہیں ہوگا" اس کا مطلب یہ ہے کہ مومن کا خواب ایسی واضح شکل میں ہوگا کہ وہ کسی حجت کا محتاج نہیں ہوگا، لہٰذا اس میں جھوٹ کے داخل ہونے کی گنجائش نہیں ہوگی۔ یہ خواب سچا ہوگا اور جھوٹ سے خالی ہوگا کیونکہ یہ امر واقع کے عین مطابق ہوگا۔ اس کے برعکس دیگر خوابوں کی تعبیر مخفی ہوتی ہے۔ تعبیر بتلانے والا اس کی تعبیر بتلاتا ہے مگر وہ واقع نہیں ہوتی۔ اس لیے ایسا خواب جھوٹا ہوتا ہے، سچا نہیں ہوتا۔

اس بات کو آخری زمانے سے خاص کرنے میں حکمت یہ ہے کہ مومن اس دور میں اجنبی ہوگا، جیسا کہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ "اسلام اجنبیت میں شروع ہوا اور آخری زمانے میں بھی یہ غریب و نامانوس ہو جائے گا۔" ان حالات میں ایک مومن کے مونس اور غمخوار بہت کم ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ اس کو سچے خواب سے عزت عطا فرمائے گا جو اسے حق پر ثابت قدم رکھے گا اور اس کے لیے باعث

[1] مسند أحمد: 507/2، وصحيح مسلم، الرؤيا، حديث: 2263.

بشارت ہوگا۔ [1]

مومن کے سچے خواب والے زمانے کی تعیین کے بارے میں دو احتمال

① یہ وہ زمانہ ہوگا جب علم دنیا سے اٹھا لیا جائے گا۔ فتنوں اور لڑائیوں کی وجہ سے علامات شریعت غائب ہو جائیں گی۔ اس وقت مومن لوگوں کے درمیان بالکل ایک نامانوس اجنبی شخص کی طرح ہوگا۔ اس دشوار صورتِ حال میں اللہ تعالیٰ سچے خوابوں کے ذریعے مومن کی نصرت فرمائے گا۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔ [2]

② یہ واقعات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ہوں گے، اس لیے کہ ان کے نزول کا زمانہ امت میں عہد صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد بہترین اور اقوال و احوال کے اعتبار سے سب سے سچا زمانہ ہوگا اور اس زمانے میں مومن کا خواب کم ہی جھوٹا ہوگا۔ [3]

[1] فتح الباري شرح صحيح البخاري: 507/12 و 451/19. [2] فتح الباري شرح صحيح البخاري: 507/12. [3] فتح الباري شرح صحيح البخاري: 507/12.

72۔ جھوٹ کی کثرت

جھوٹ ایک نہایت بری عادت ہے۔ آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے اور جھوٹ ہی کی کوشش میں لگا رہتا ہے حتی کہ اللہ کے ہاں جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔

قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ لوگوں میں جھوٹ پھیل جائے گا۔ ایک شخص اپنی گفتگو میں جھوٹ سے بچنے کی کوئی کوشش نہیں کرے گا اور نہ وہ خبریں دوسروں تک منتقل کرنے سے قبل کسی قسم کی تحقیق کرے گا۔ یہ سب کچھ جھوٹ کی کثرت اور لوگوں پر اس کے بہت برے اثرات کے باوجود ہوگا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ يَأْتُونَكُمْ مِنَ الْأَحَادِيثِ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَ إِيَّاهُمْ لَا يُضِلُّونَكُمْ وَ لَا يَفْتِنُونَكُمْ»

”آخری زمانے میں کچھ ایسے دجال وکذاب ظاہر ہوں گے جو تم سے ایسی احادیث بیان کریں گے جنھیں نہ تم نے سنا ہوگا نہ تمھارے آباء واجداد ان سے واقف ہوں گے۔ تم ان سے بچ کر رہنا، کہیں وہ تمھیں گمراہ نہ کردیں یا فتنہ میں مبتلا نہ کردیں۔“ [1]

---

[1] مقدمة صحيح مسلم، حديث: 7.

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ فَاحْذَرُوهُمْ»

"قیامت سے پہلے کچھ جھوٹے لوگ ظاہر ہوں گے، ان سے بچ کر رہنا۔" [1]

عہد حاضر میں لوگوں کے جھوٹ سے اجتناب نہ کرنے کے باعث جھوٹی خبریں اور عجیب وغریب قصے بہت زیادہ ہو گئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ہر سنی سنائی بات کی تصدیق کرنے اور اسے آگے پہنچانے سے منع فرمایا ہے، لہٰذا یہ ضروری ہے کہ ہم اگر کوئی خبر سن کر آگے منتقل کر رہے ہوں تو اس کی پوری تحقیق کریں تاکہ ہمارا شمار بھی جھوٹوں میں نہ ہو اور ہم گناہ وخطا میں مبتلا نہ ہو جائیں۔

آج جو افواہوں کا بازار گرم ہے، خبروں میں تحقیق کا رواج نہیں اور واقعات و حالات کے بیان کرنے میں کمی بیشی نظر آتی ہے یہ سب اسی جھوٹ کی اقسام ہیں جسے اللہ کے نبی ﷺ نے حرام قرار دیا ہے۔

[1] صحيح مسلم، الإمارة، حديث: 1822.

بالاکوٹ۔ پاکستان اکتوبر 2005

73۔ زلزلوں کی کثرت

قیامت سے پہلے زلزلوں کی کثرت کے یہ معنی ہیں کہ ایک وسیع علاقے میں بڑے تسلسل کے ساتھ زلزلے آئیں گے۔ یہ زلزلے امت کے لیے یا تو رحمت اور گناہوں کا کفارہ ہوں گے، جیسا کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«أُمَّتِي أُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَا عَذَابَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ، جَعَلَ اللّٰهُ عَذَابَهَا فِي الدُّنْيَا الْقَتْلَ وَالزَّلَازِلَ وَالْفِتَنَ»

''میری امت پر رحم کیا گیا ہے۔اس کے لیے آخرت میں کوئی عذاب نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کا عذاب دنیا ہی میں قتل، زلزلوں اور فتنوں کی صورت میں مقرر کر دیا ہے۔'' [1]

یا پھر یہ زلزلے لوگوں کے لیے سزا ہوتے ہیں۔ جہاں فتنہ وفساد زیادہ ہو وہاں اس زمانے کے لوگوں کے لیے عذاب اور سزا کے طور پر زلزلے بھیج دیے جاتے ہیں۔

بالاکوٹ۔ پاکستان اکتوبر 2005ء

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک علم اٹھا نہ لیا جائے اور زلزلوں کی کثرت نہ ہو۔'' [2]

---

[1] مسند أحمد:4/410، و المستدرك للحاكم:4/444 وصححه و اللفظ له. [3] صحيح البخاري، الاستسقاء، حديث:1036.

حضرت عبداللہ بن حوالہ ازدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''ابن حوالہ! جب تم دیکھو کہ خلافت ارضِ مقدس (سرزمین شام) میں منتقل ہو جائے تو سمجھ لینا کہ زلزلوں، مصیبتوں اور بڑی پریشانیوں کا دور آ پہنچا۔ اس وقت قیامت لوگوں کے اس قدر نزدیک ہو گی جس قدر میرا یہ ہاتھ تمھارے سر کے قریب ہے۔'' [1]

[1] سنن أبي داود، الجهاد، حديث:2535.

74- لوگوں کا ایک دوسرے سے ناواقف ہونا

جب فتنوں اور مصیبتوں کی کثرت ہوتی ہے تو لوگوں کے باہمی تعلقات میں کمزوری آجاتی ہے۔ حتی کہ نوبت قطع تعلقی اور اجنبیت تک پہنچ جاتی ہے۔ ایسی صورتِ حال میں لوگ صرف دنیوی مصلحت ہی کی خاطر ایک دوسرے سے واقفیت رکھتے ہیں۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"قیامت کب واقع ہوگی، اس کا علم تو میرے رب ہی کے پاس ہے اور وہی اسے اس کے وقت پر ظاہر کرے گا البتہ میں تمھیں اس کی علامات اور اس سے قبل پیش آمدہ حالات کی خبر دے سکتا ہوں۔ قیامت سے پہلے فتنہ اور ھرج ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: فتنہ تو ہم جانتے ہیں یہ ھرج کیا چیز ہے؟ فرمایا: یہ حبشی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں: قتل وخونریزی۔ قیامت کے قریب لوگوں کے درمیان اجنبیت

ڈال دی جائے گی، کوئی کم ہی کسی کو جانتا ہوگا۔ [1]

یہ حدیث لوگوں کے آج کے حالات و واقعات کے مطابق ہے۔ آج لوگوں کی ایک بڑی تعداد ایسی ہے جو اپنے رشتہ داروں تک کو نہیں جانتی۔ نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ایک شخص اپنے ہی بعض عزیزوں سے گھر سے باہر پبلک پارکوں وغیرہ میں ملتا ہے اور وہ نہیں جانتا کہ یہ لوگ اس کے رشتہ دار ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آج کل زیادہ تر تعلقات شخصی اور ذاتی فوائد کی بنا پر استوار کیے جاتے ہیں۔ دنیوی مصلحتوں پر مبنی یہ کمزور تعلقات جس تیزی سے قائم ہوتے ہیں اسی تیزی سے اختتام پذیر بھی ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ یہ ایمان باللہ اور اخوت کی بنیاد پر نہیں بلکہ شخصی مصلحت کی بنا پر قائم ہوتے ہیں۔ بلکہ آدمی اپنی دنیوی مصلحت کو دیکھتا ہے کہ اگر اُن تعلقات کے قائم کرنے سے وہ مصلحت پوری ہوتی ہو تو وہ ان تعلقات کو قائم رکھتا ہے ورنہ بہت جلد ان کو توڑ دیتا ہے۔

[1] مسند أحمد: 5/389.

75 - 76

عورتوں کی کثرت اور مردوں کی قلت

علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ آخری زمانے میں عورتوں کی تعداد زیادہ اور مردوں کی تعداد کم ہو جائے گی۔ اہل علم کا کہنا ہے کہ اس زمانے میں عورتوں کی کثرت کا سبب وہ فتنے اور لڑائیاں ہوں گی جن میں مرد بڑی تعداد میں قتل ہو جائیں گے اور عورتیں بچ جائیں گی، اس لیے کہ لڑائی کرنا عورتوں کا کام نہیں بلکہ مرد ہی اس میں زیادہ کام آتے ہیں۔

اس سلسلے میں دوسرا قول یہ ہے کہ فتوحات کی کثرت کے باعث لونڈیوں کی تعداد میں اضافہ ہو جائے گا اور ایک مرد کئی کئی لونڈیوں کو اپنے قبضے میں لے لے گا۔

علامہ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کی کثرت اور مردوں کی قلت کسی ظاہری سبب سے نہ ہوگی بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور اس کی حکمت کا تقاضا ہوگا کہ آخری زمانے میں لڑکے کم پیدا ہوں گے اور لڑکیاں زیادہ پیدا ہوں گی۔'' [1]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت پھیل جائے گی، زنا کی کثرت ہو جائے گی، شراب پی جائے گی، مرد چلے جائیں گے اور عورتیں باقی رہ جائیں گی حتی کہ پچاس عورتوں کی دیکھ بھال کے لیے صرف ایک ہی مرد ہوگا۔'' [2]

[1] فتح الباري شرح صحيح البخاري: 236/1. [2] صحيح مسلم، العلم، حديث: (9)-2671.

اور ایک دوسری روایت کے الفاظ اس طرح ہیں:

"......زنا عام ہوگا، مرد کم ہو جائیں گے اور عورتیں زیادہ ہو جائیں گی......۔"[1]

اگر آج کوئی دنیا میں پیدا ہونے والے بچوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کی تعداد پر غور کرے اور ان عالمی مصدقہ رپورٹوں کا جائزہ لے جن میں لڑکوں اور لڑکیوں کی تعداد کا فرق بتلایا گیا ہے تو وہ اس نتیجے پر پہنچے گا کہ یہ علامت ہمارے اس دور میں ظاہر ہو کر رو بترقی ہے۔

[1] صحيح البخاري، العلم، حديث: 81.

77۔ فحاشی و عریانی کا ظہور اور اس کا علانیہ ارتکاب

نبی کریم ﷺ نے آخری زمانے میں جہاں برائیوں کی کثرت اور شہوتوں کے انتشار کی پیشین گوئی کی ہے، وہاں آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ زنا بہت پھیل جائے گا۔ اور نوبت یہاں تک پہنچ جائے گی کہ ایک شخص راستے میں سب کے سامنے کسی عورت سے زنا کرے گا۔

یہ دو علامتیں ہیں: ایک تو یہ کہ زنا عام ہو جائے گا اور چارسو پھیل جائے گا، دوسری یہ کہ زنا علی الاعلان کیا جائے گا اور اسے دوسروں سے چھپانے کی کوئی کوشش نہیں کی جائے گی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يَبْقٰى عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَدٌ لِلّٰهِ فِيهِ حَاجَةٌ، وَ حَتّٰى تُوجَدَ الْمَرْأَةُ نَهَارًا جِهَارًا تُنْكَحُ وَسَطَ الطَّرِيقِ، لَا يُنْكِرُ ذٰلِكَ أَحَدٌ وَلَا يُغَيِّرُهُ فَيَكُونُ أَمْثَلَهُمْ يَوْمَئِذٍ الَّذِي يَقُولُ: لَوْ نَحَّيْتَهَا عَنِ الطَّرِيقِ قَلِيلًا! فَذَاكَ فِيهِمْ مِثْلُ أَبِي بَكْرٍ وَ عُمَرَ فِيكُمْ»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ یہ صورت حال نہ پیدا ہو جائے کہ زمین پر کوئی بھی ایسا شخص نہ رہے گا جس کی اللہ کو ضرورت ہو۔ نوبت یہاں تک پہنچ جائے گی کہ دن کی روشنی میں علی الاعلان راستے کے عین بیچ ایک عورت سے زنا کیا جائے گا اور کوئی شخص اس پر اعتراض نہ کرے گا اور نہ ہی اسے ہٹانے کی کوشش کرے گا۔ اس دن معاشرے کا

بہترین شخص وہ ہوگا جو اس زانی مرد سے کہے گا: تم نے اسے راستے سے تھوڑا سا ہٹا ہی لیا ہوتا! یہ بات کہنے والے کی اس دور میں وہی حیثیت ہو گی جو آج تمھارے درمیان ابوبکر و عمر کی ہے۔'' [1]

اس حدیث کی تائید اس فرمان رسول ﷺ سے بھی ہوتی ہے جس میں آپ ﷺ فرماتے ہیں:

''قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت پھیل جائے گی، زنا عام ہو جائے گا اور شراب پی جائے گی ......۔'' [2]

اور ایک دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں:

''......زنا عام ہو جائے گا، مردوں کی قلت اور عورتوں کی کثرت ہو جائے گی......۔'' [3]

یہ دونوں علامتیں ہمارے زمانے میں ظاہر ہو چکی ہیں۔ بعض ٹی وی چینل جس طریقے سے فحاشی پھیلا رہے ہیں اور حیاباختہ مناظر نشر کر رہے ہیں۔ انٹرنیٹ پر ایسی تصاویر اور ویڈیو نشر کی جا رہی ہیں جن کی طرف دیکھنے سے ایک مومن کی آنکھ شرماتی ہے۔

مومن مردوں اور خواتین کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے نفس کی حفاظت کریں، نگاہیں نیچی رکھیں، شرم گاہوں کی حفاظت کریں، اہل فسق و فجور سے بچ کر رہیں اور اللہ تعالیٰ سے ہر وقت عصمت و پاک دامنی کی دعا مانگتے رہیں۔

---

[1] المستدرك للحاكم: 541/4، وصححه، وسلسلة الأحاديث الضعيفة: 410/3، حديث: 1254. [2] صحيح مسلم، العلم، حديث: (9)-2671. [3] صحيح البخاري، العلم، حديث: 81.

78۔ قراءتِ قرآنِ مجید پر اجرت لینا

قرآن مجید کی تلاوت وقراءت عبادت اور قربت الٰہی کا ذریعہ ہے۔ اس سلسلے میں اصولی بات یہ ہے کہ عبادات دنیا طلبی کے لیے نہ کی جائیں بلکہ یہ خالصتاً اخروی کامیابی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہونی چاہئیں۔

یہ چیز علامات قیامت میں سے ہے کہ کچھ ایسے لوگ ظاہر ہوں گے جو تعزیت کی مجالس اور تقریبات میں قرآن مجید کی خوبصورت آواز میں تلاوت محض اس لیے کریں گے کہ اس پر مال حاصل کر سکیں۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک ایسے شخص کے پاس سے گزرے جو کچھ لوگوں کے سامنے قرآن مجید کی تلاوت کر رہا تھا۔ جب وہ تلاوت کر چکا تو ان سے پیسے مانگنے لگا۔

حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے یہ صورت حال دیکھ کر (إِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ) پڑھا اور کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

«مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى بِهٖ، فَإِنَّهُ سَيَجِيءُ قَوْمٌ يَقْرَؤُونَ الْقُرْآنَ يَسْأَلُونَ النَّاسَ بِهٖ»

''جو قرآن کی تلاوت کرے اسے چاہیے کہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ سے اپنی حاجات طلب کرے۔ ایک قوم ایسی بھی آنے والی ہے جو قرآن پڑھ کر لوگوں سے سوال کرے گی۔''[1]

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس اس وقت تشریف لائے جب ہم قرآن مجید کی تلاوت کر رہے تھے۔ ہم میں کچھ بدو اور کچھ عجمی لوگ بھی تھے۔ ہماری قراءت سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''پڑھو، تم سب کی تلاوت اچھی ہے۔ عنقریب کچھ ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن کو تیر کی طرح سیدھا کرنے کی کوشش کریں گے۔[2] وہ اس کے ذریعہ فوری دنیوی فائدہ حاصل کرنا چاہیں گے۔ اور اخروی اجر وثواب کے وہ خواہش مند نہیں ہوں گے۔[3]

یہ لوگ قرآن کا معاوضہ فوری طور پر لینا چاہیں گے اور آخرت تک صبر اور انتظار نہیں کریں گے۔

---

[1] مسند أحمد: 432/4، وحسنه الأرنؤوط في تعليقه على المسند. [2] اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ ریاکاری اور شہرت وناموری کے لیے قراءت کے عمل میں مبالغے سے کام لیں گے۔ اور پرتکلف قراءت کریں گے۔ [3] سنن أبي داود، الصلاة، حديث: 830، و سلسلة الأحاديث الصحيحة: 464/1، حديث: 259.

79۔ لوگوں میں موٹاپے کی کثرت

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«خَيْرُكُمْ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ. قَالَ عِمْرَانُ: فَمَا أَدْرِي قَالَ النَّبِيُّ ﷺ بَعْدَ قَوْلِهِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا. ثُمَّ يَكُونُ بَعْدَهُمْ قَوْمٌ يَشْهَدُونَ وَلَا يُسْتَشْهَدُونَ وَ يَخُونُونَ وَ لَا يُؤْتَمَنُونَ وَ يَنْذِرُونَ وَ لَا يُوفُونَ وَ يَظْهَرُ فِيهِمُ السِّمَنُ»

''میرا زمانہ سب سے بہترین زمانہ ہے، پھر ان لوگوں کا دور عمدہ ہوگا جو ان کے بعد آئیں گے اور پھر وہ جو ان کے بعد آئیں گے، پھر ایسے لوگ ظاہر ہوں گے جو گواہی طلب کیے جانے کے بغیر ہی گواہی دینے کے لیے تیار ہوں گے۔ وہ خیانت کریں گے۔ اور ان پر اعتماد نہیں کیا جائے گا۔ وہ نذر تو مانیں گے مگر اس کو پورا نہیں کریں گے اور ان میں

موٹاپا ظاہر ہو جائے گا۔" [1]

غالباً آخری زمانے میں موٹاپے کی وجہ مالی خوشحالی، آرام دہ زندگی، ہوٹلوں، قہوہ خانوں، مزیدار کھانوں اور مٹھائیوں کی کثرت ہوگی۔ ہمارے اس دور میں لوگوں کی جسمانی حرکت بے حد کم ہو گئی ہے۔ انسان کی ہر نوع کی خدمت کے لیے مشینیں اور آلات موجود ہیں۔ وہ پیدل نہیں چلتے اور بدنی حرکت برائے نام رہ گئی ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ چھوٹے بڑے سب موٹاپے کا شکار ہو گئے ہیں۔ صورت حال اس حد تک خراب ہو چکی ہے کہ عالمی اعداد و شمار کے مطابق دنیا کی آبادی کا قریباً چھٹا حصہ وزن میں اضافے کے مسئلے کا شکار ہے۔

یہی وجہ ہے کہ آج ایسی دواؤں کی بہت کثرت ہو گئی ہے جو وزن گھٹانے، موٹاپے کے علاج اور معدہ کی کارکردگی میں معاون ہوتی ہیں۔

[1] صحيح البخاري، الرقاق، حديث: 6428، وصحيح مسلم، فضائل الصحابة، حديث: 2535.

81-80

ایسے لوگوں کا ظہور جو بلا طلب گواہی دیں گے اور نذر پوری نہ کریں گے

یہ دونوں علامتیں سابقہ حدیث میں وارد ہیں۔ ''پھر ایسے لوگ ظاہر ہوں گے جو گواہی طلب کیے جانے کے بغیر ہی گواہی دینے کے لیے تیار ہوں گے۔ وہ خیانت کریں گے اور انھیں امین نہیں سمجھا جائے گا۔ وہ نذر تو مانیں گے مگر اسے پورا نہیں کریں گے۔'' [1]

تساہل کی یہ دونوں خصلتیں، یعنی دوسروں کے خلاف علم اور طلب کے بغیر گواہی دینا اور کثرت سے نذر ماننا اور اسے پورا نہ کرنا لوگوں کے دین کی کمزوری، ایمان کے ضعف اور دل میں اللہ کی تعظیم کا جذبہ نہ ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔

[1] صحیح البخاری، الرقاق، حدیث:6428.

ٹڈی

82-

طاقتور کمزور کو کھا جائے گا

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز میرے پاس تشریف لائے تو آپ یہ فرما رہے تھے: ''اے عائشہ! میرے دنیا سے جانے کے بعد امت میں سب سے پہلے مجھے تمھاری قوم (عرب) ملے گی۔'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب آپ بیٹھ گئے تو میں نے کہا: میں آپ پر قربان! جب آپ اندر داخل ہوئے تو آپ ایک ایسی بات فرما رہے تھے جس نے مجھے خوفزدہ کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں کیا کہہ رہا تھا''؟ میں نے عرض کی: آپ فرما رہے تھے: ''تمھاری قوم کے لوگ میرے بعد جلد ہی مجھ سے آملیں گے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہاں یہ بات ٹھیک ہے۔'' میں نے کہا: یہ کیسے ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''موت انھیں اپنے لیے ایک مرغوب اور میٹھی چیز سمجھے گی۔[1] اور امت کے لوگ ان سے حسد کریں گے۔'' میں نے پوچھا: پھر اس وقت یا اس کے بعد لوگوں کا حال کیا ہوگا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ بغیر پروں والی ٹڈی کی طرح ہوں گے۔ طاقتور کمزور کو کھا جائے گا حتی کہ ان پر قیامت قائم ہو جائے

[1] یعنی موت ان پر اس طرح ٹوٹ پڑے گی جس طرح کوئی مٹھائی پر ٹوٹ پڑتا ہے۔

گی۔" [1]

اس حدیث میں اشارہ ہے کہ قرب قیامت ظلم اور شر بہت زیادہ ہو جائے گا حتی کہ طاقتور کمزور کو کھا جائے گا۔

[1] مسند أحمد: 81/6، و سلسلة الأحاديث الصحيحة: 596/4، حديث: 1953.

83۔ اللہ کی نازل کردہ شریعت کے مطابق فیصلے نہ کرنا

اللہ کے نازل کردہ دین (قرآن وسنت) کے مطابق فیصلے کرنا امت کے اہم ترین واجبات میں سے ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ○﴾

''اور جو اللہ کے نازل فرمائے ہوئے احکام کے مطابق فیصلہ نہ کرے تو ایسے ہی لوگ کافر ہیں۔''[1]

آخری زمانے میں اسلام کی کڑیاں ایک ایک کر کے ٹوٹتی چلی جائیں گی اور جو کڑی سب سے پہلے ٹوٹے گی وہ یہ ہوگی کہ لوگ اللہ کی نازل کردہ شریعت کے مطابق فیصلے کرنا چھوڑ دیں گے۔

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَتُنْقَضَنَّ عُرَى الْإِسْلَامِ عُرْوَةً عُرْوَةً، فَكُلَّمَا انْتَقَضَتْ عُرْوَةٌ تَشَبَّثَ النَّاسُ بِالَّتِي تَلِيهَا وَ أَوَّلُهُنَّ نَقْضًا الْحُكْمُ وَ آخِرُهُنَّ الصَّلَاةُ»

''اسلام کی کڑیاں ایک ایک کر کے ٹوٹتی چلی جائیں گی۔ جب بھی کوئی کڑی ٹوٹے گی تو لوگ دوسری سے چمٹ جائیں گے۔ سب سے پہلے جو کڑی ٹوٹے گی وہ یہ ہوگی کہ حکم الٰہی کو توڑا جائے گا اور سب سے آخر میں نماز کو بھی چھوڑ دیا جائے گا۔''[2]

---

[1] المائدة 5:44. [2] مسند أحمد: 5/251، و المعجم الكبير للطبراني: 8/98، ورجالهما رجال الصحيح.

نہایت افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اکثر اسلامی ممالک میں یہ علامت ظاہر ہو چکی ہے۔ ان ممالک میں اسلام کے قوانین و احکام میں سے بس انھی امور پر عمل کیا جاتا ہے جو شادی، طلاق اور میراث وغیرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ جہاں تک تجارتی معاملات، جرائم سے متعلق سزاؤں اور حدود و تعزیرات کا تعلق ہے تو ان معاملات میں اکثر لوگ فرانسیسی اور برطانوی قوانین کے مطابق ہی فیصلے کرتے ہیں۔ اور یہی اللہ کی نازل کردہ وحی کے ساتھ فیصلے نہ کرنا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝﴾

”اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لیے اللہ سے اچھا حکم کس کا ہو سکتا ہے؟“ [1]

انسان کے بنائے ہوئے قوانین

[1] المآئدة 5:50.

84۔ رومیوں کی کثرت اور عربوں کی قلت

رومیوں سے مراد وہ لوگ ہیں جنھیں آج امریکی اور یورپی اقوام کے طور پر جانا پہچانا جاتا ہے۔ انھیں رومی اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ أصفر بن روم بن عیصو بن إسحاق بن إبراھیم علیہم السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان لوگوں کو ''بنو اصفر'' بھی کہا جاتا ہے۔ [1]

حضرت مستورد فہری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے کہا:

''جب قیامت قائم ہوگی تو اس وقت عیسائی اکثریت میں ہوں گے۔'' حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: خیال کیجیے! آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ انھوں نے کہا: میں تو وہی کہہ رہا ہوں جو میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے تو برحق ہے اور اس کا سبب عیسائیوں کی چار خوبیاں ہوسکتی ہیں:

① یہ لوگ میدانِ جنگ سے بھاگنے کے بعد نہایت سرعت سے اپنی حالت درست کر لیتے ہیں۔

② یہ لوگ مسکین، ضعیف اور فقیر کے ساتھ بہترین رویہ رکھتے ہیں۔

③ یہ لوگ فتنے کے وقت جذباتی نہیں ہوتے بلکہ تحمل و بردباری سے معاملات کا جائزہ لیتے ہیں۔

---

[1] التذكرة للقرطبي: 689/2.

④ چوتھی اور نہایت عمدہ خوبی یہ ہے کہ یہ بادشاہوں کے ظلم کو لوگوں میں سب سے زیادہ روکنے والے ہیں۔ [1]

سیدہ ام شریک رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

''لوگ دجال سے بھاگ کر پہاڑوں میں جا چھپیں گے۔ ام شریک نے عرض کی: یارسول اللہ! اس وقت عرب کہاں ہوں گے (کیا وہ دجال کا مقابلہ نہیں کریں گے؟) تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''عرب اس زمانے میں بہت کم تعداد میں ہوں گے۔'' [2]

یہ بھی کہا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ: ''رومی اس وقت سب سے زیادہ ہوں گے'' سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اہل یورپ کی زبان (انگریزی) اس وقت بہت بولی جائے گی اور لوگ عربی زبان کو چھوڑ دیں گے۔ بعض اہل علم نے کہا ہے کہ جو شخص عربی بولتا ہے وہ عرب ہے اور جو بھی شخص صحرا نشینی اختیار کرتا ہے وہ بدو ہے، خواہ وہ عجمی ہی کیوں نہ ہو۔

---

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2898. [2] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2945.

85 ۔ لوگوں کے پاس مال و دولت کی کثرت

مسلمانوں نے اسلام کے ابتدائی سال رسول اللہ ﷺ کی رفاقت میں بھی اور بعد میں بھی اس حال میں بسر کیے کہ ان کی زندگی بہت تنگی اور سخت فقر و فاقہ کی تھی حتی کہ ایک کے بعد دوسرا مہینہ بھی گزر جاتا اور رسول اللہ ﷺ کے گھر چولہے میں آگ نہ جلتی۔ ان کا گزارہ محض دو چیزوں: پانی اور کھجور پر ہوتا تھا۔

نبی کریم ﷺ اپنے ساتھیوں سے فرمایا کرتے تھے کہ عنقریب حالات بدل جائیں گے اور قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ دولت کی ریل پیل ہو جائے گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ مال کی اس قدر کثرت ہو جائے گی کہ ایک شخص اپنی زکاۃ لے کر ایک مہینے تک پھرتا رہے گا مگر اسے کوئی مستحق نہیں ملے گا، اس لیے کہ

لوگ اس سے بہت مستغنی ہوں گے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكْثُرَ فِيكُمُ الْمَالُ فَيَفِيضَ، حَتَّى يُهِمَّ رَبَّ الْمَالِ مَنْ يَّقْبَلُ صَدَقَتَهُ، وَ حَتَّى يَعْرِضَهُ، فَيَقُولَ الَّذِي يَعْرِضُهُ عَلَيْهِ: لَا أَرَبَ لِي»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ تم میں مال کی کثرت نہ ہو جائے گی۔ مال کی ریل پیل اس قدر ہو جائے گی کہ مال والے کو یہ پریشانی لاحق ہوگی کہ اس کا صدقہ کون قبول کرے گا؟ وہ ایک شخص کو اپنا مال پیش کرے گا مگر وہ شخص کہے گا: مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں۔'' [1]

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَطُوفُ الرَّجُلُ فِيهِ بِالصَّدَقَةِ مِنَ الذَّهَبِ ثُمَّ لَا يَجِدُ أَحَدًا يَأْخُذُهَا»

''لوگوں پر ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا جب ایک شخص اپنے صدقے کا سونا لے کر گھومے گا کہ کوئی لینے والا حاجت مند مل جائے مگر اسے کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا جو یہ مال لینے کے لیے تیار ہو۔'' [2]

---

[1] صحيح البخاري، الزكاة، حديث: 1412، وصحيح مسلم، الزكاة، حديث: (61)- 157، بعد الحديث: 1012. [2] صحيح البخاري، الزكاة، حديث: 1414، و صحيح مسلم، الزكاة، حديث: 1012.

اہل علم میں اختلاف ہے کہ یہ علامت واقع ہو چکی ہے یا نہیں؟

کہا جاتا ہے کہ یہ علامت صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں واقع ہو چکی ہے۔ جب انھیں بڑی بڑی فتوحات حاصل ہوئیں اور فارس وروم کی غنیمتیں ان کے پاس آئی تھیں۔

اس کے بعد پھر حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے عہد مسعود میں مال کی اس قدر فراوانی ہوگئی کہ ایک شخص اپنا صدقہ پیش کرتا مگر کوئی ایسا شخص اسے نہ ملتا جو اس سے یہ مال قبول کر لیتا۔ حتی کہ ایک شخص کسی کو بظاہر محتاج سمجھ کر اس کو مال پیش کرتا مگر وہ کہتا: مجھے اس مال کی کوئی حاجت نہیں۔

اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ علامت آخری زمانے میں واقع ہوگی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اشارہ دراصل ظہورِ مہدی کے زمانے کی طرف ہے۔ اس دور میں مہدی لوگوں میں جھولیاں بھر بھر کر گنے بغیر مال تقسیم کریں گے، اس لیے کہ مال کی کثرت اور بہتات ہوگی۔ زمین برکات ومعدنیات اگلے گی حتی کہ اس کے پیٹ سے سونے اور چاندی کے ذخائر برآمد ہوں گے۔

حضرت سعید جریری ابونضرہ سے بیان کرتے ہیں کہ انھوں کہا:

ہم حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے کہ انھوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میری امت کے آخری زمانے میں ایک ایسا خلیفہ ہو گا جو لوگوں کو دونوں ہاتھ بھر بھر کر مال عطا کرے گا اور اسے گنے گا نہیں۔ سعید کہتے

ہیں : میں نے ابونضرہ اور ابو العلاء سے پوچھا: آپ کا کیا خیال ہے؟ وہ خلیفہ عمر بن عبد العزیز تو نہیں؟ انھوں نے کہا: نہیں۔ [1]

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2913.

86۔ زمین کا اپنے خزانے اگل دینا

آخری زمانے میں مال کی کثرت اور بہتات اس قدر ہو جائے گی کہ زمین اپنے مدفون خزانے اگل دے گی حتی کہ مال کی ریل پیل کی وجہ سے لوگ مال و دولت سے بے نیاز ہو جائیں گے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«تَقِيءُ الْأَرْضُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا أَمْثَالَ الْأُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، فَيَجِيءُ الْقَاتِلُ فَيَقُولُ: فِي هٰذَا قَتَلْتُ، وَ يَجِيءُ الْقَاطِعُ فَيَقُولُ: فِي هٰذَا قَطَعْتُ رَحِمِي، وَ يَجِيءُ السَّارِقُ فَيَقُولُ: فِي هٰذَا قُطِعَتْ يَدِي، ثُمَّ يَدَعُونَهُ فَلَا يَأْخُذُونَ مِنْهُ شَيْئًا»

''زمین اپنے جگر کے ٹکڑے سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ستونوں کی شکل میں اگل دے گی۔ قاتل آئے گا اور کہے گا: افسوس! میں نے اس

مال کے لیے کسی انسان کو قتل کیا۔ قطع رحمی کرنے والا آئے گا اور کہے گا: افسوس! میں نے اس مال کی خاطر اپنے خون کے رشتہ داروں کو چھوڑا۔ چور آئے گا اور کہے گا: افسوس! میں نے اس مال کی خاطر چوری کی اور میرا ہاتھ کاٹا گیا۔ پھر وہ سب اسے چھوڑ دیں گے اور اس مال میں سے کچھ بھی نہیں لیں گے۔'' [1]

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

حدیث میں اگلنے کے لفظ سے تشبیہ دی گئی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ زمین اپنے اندر سے مدفون خزانے باہر نکال دے گی۔ اور «الأسطُوان» الأسطوانة کی جمع ہے۔ اس کے معنی ہیں عمود یا ستون۔ سونے چاندی کے ذخائر کو ستونوں سے اس لیے تشبیہ دی گئی ہے تا کہ اس کی کثرت اور بہتات واضح ہو جائے۔

[1] صحیح مسلم، الزکاۃ، حدیث: 1013.

89_88_87

① مسخ ② خسف اور ③ قذف کا ظاہر ہونا

① ''مسخ'' کا مطلب ہے کسی چیز کی شکل اور جسمانی ہیئت تبدیل کر کے اسے کوئی دوسری چیز بنا دینا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے بنو اسرائیل کے ایک گروہ کو سزا کے طور پر بندر اور خنزیر بنا دیا تھا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ۝﴾

''پھر جب انھوں نے اس معاملے میں سرکشی کی جس سے انھیں روکا گیا تھا تو ہم نے ان سے کہا: ذلیل بندر بن جاؤ۔''[1]

اور ارشاد ہوا: ﴿وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ﴾

''اور ان میں سے بعض کو بندر اور سور بنا دیا۔''[2]

② ''خسف'' کا مطلب ہے زمین کا پھٹنا اور جو کچھ اس کے اوپر ہو اس کو نگل لینا۔ اس کا بیان آگے چل کر علامات کبریٰ میں آئے گا۔

③ ''قذف'' کا معنی ہے آسمان سے پتھروں کی بارش ہونا، جیسا کہ شعیب علیہ السلام کی قوم کے ساتھ ہوا کہ جب اللہ نے ان کو سزا دی تو آسمان سے ان پر پتھر برسائے گئے، یا جس طرح اللہ تعالیٰ نے ابرہہ اور اس کی قوم کو سزا دی، جب وہ کعبہ کو گرانے کے لیے آئے تو اللہ نے ان پر کنکریاں برسائیں۔

---

[1] الأعراف 7:166. [2] المآئدة 5:60.

یہ وہ سزائیں ہیں جو آخری زمانے میں بعض لوگوں پر مسلط کی جائیں گی اور یہ علامات قیامت میں سے ہیں۔ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«فِي هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَ مَسْخٌ وَ قَذْفٌ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! وَ مَتٰى ذٰلِكَ؟ قَالَ ﷺ: إِذَا ظَهَرَتِ الْقِيَانُ وَالْمَعَازِفُ وَشُرِبَتِ الْخُمُورُ»

''اس امت کے بعض لوگوں کو زمین میں دھنسایا جائے گا، بعض کی شکلیں مسخ کردی جائیں گی اور بعض پر پتھروں کی بارش ہوگی۔ مسلمانوں میں سے ایک شخص نے سوال کیا: اللہ کے رسول! یہ چیزیں کب واقع ہوں گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جب گانے والیاں اور آلات موسیقی بہت ہو جائیں گے اور لوگ شراب پینا شروع کر دیں گے۔''[1]

«اَلْقِيَانُ» «قَيْنَةٌ» کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں:

گانے والی عورت۔

اور لفظ «معازف» کا واحد مِعزف ہے، معنی ہیں موسیقی اور گانے بجانے کے آلات۔[2]

جب لوگ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ترک کر دیں گے نتیجہ یہ ہوگا کہ گناہوں کی کثرت

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2212 و صحيح الجامع للألباني: 683/1، حديث: 3665. [2] لسان العرب، مادة: عزف.

ہو جائے گی اور عقوباتِ الٰہیہ قریب آجائیں گی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَكُونُ فِي آخِرِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَ مَسْخٌ وَ قَذْفٌ» قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَنُهْلَكُ وَ فِينَا الصَّالِحُونَ؟ قَالَ «نَعَمْ إِذَا ظَهَرَ الْخُبْثُ»

''آخری زمانے میں اس امت میں خسف، مسخ اور قذف کے واقعات ہوں گے۔ میں نے عرض کی: اللہ کے رسول! کیا ہمیں نیک لوگوں کی موجودگی میں بھی ہلاک کر دیا جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں، جب فسق و فجور کی کثرت ہو جائے گی۔''[1]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی خبر دی کہ یہ خسف، مسخ اور قذف ان لوگوں پر واقع ہوگا جو اہل بدعت اور صحیح عقیدے کے مخالف ہوں گے، جیسا کہ زندیق لوگ، یعنی اہل الحاد و نفاق اور فرقہ قدریہ وغیرہ۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی اس تقدیر کی تکذیب کرتے ہیں جو اس نے اپنے بندوں کے افعال کے لیے مقرر فرما رکھی ہے۔

حضرت نافع کہتے ہیں: ایک دفعہ ہم حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک شخص آیا اور کہا: شام کے فلاں شخص نے آپ کی خدمت میں سلام عرض کیا ہے۔ حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس شخص نے کوئی بدعت ایجاد کی ہے؟ اگر وہ حقیقت میں ایسا ہی ہے تو اس کو میری طرف سے ہرگز سلام نہ کہنا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: ''میری امت

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2185، و صحيح الجامع للألباني: 1355/2، حديث: 8156.

میں مسخ اور قذف واقع ہوں گے اور یہ عقوبتیں زندیقوں اور قدریوں پر واقع ہوں گی۔‘‘ [1]

دوسری روایات میں اس طرح بھی آیا ہے کہ خسف اُس لشکر پر واقع ہو گا جو آخری زمانے میں کعبہ کو گرانے کے لیے آئے گا مگر اللہ تعالیٰ ان تمام لوگوں کو زمین میں دھنسا دے گا۔

حضرت قعقاع بن ابی حدرد کی اہلیہ بقیرہ بیان کرتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر خطبے میں یہ فرماتے ہوئے سنا: ’’جب تم سنو کہ ایک لشکر کو قریب ہی زمین میں دھنسا دیا گیا ہے تو اس وقت سمجھ لینا کہ قیامت بہت قریب آچکی ہے۔‘‘ [2]

قریب ہی دھنسا دیے جانے کا مطلب یہ ہے کہ اس لشکر کو سرزمین مدینہ کے قریب ہی زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ اس لشکر کا حال آگے چل کر علامات صغریٰ میں نمبر:122 پر آئے گا۔

اس سلسلے کی آخری بات یہ ہے کہ یہ سزائیں نافرمانوں پر نازل ہوں گی اور ان پر بھی جو ان کے گناہ دیکھ کر خاموش رہیں گے۔ ایک مسلمان شخص کو اس امر سے ہوشیار رہنا چاہیے۔

[1] مسند أحمد: 136/2، وصححه أحمد شاكر. [2] مسند أحمد: 378/6، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 340/3، حديث: 1355.

90-

ایسی بارش جس سے مٹی اور پتھر کے گھر بچ نہ سکیں گے

نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ آسمان سے ایسی بارش نازل ہوگی جس کے سامنے مٹی اور پتھر کے گھر قائم نہ رہ سکیں گے۔ اس بارش کے سامنے صرف اونٹ کے بالوں سے بنے ہوئے خیمے ہی ٹھہر سکیں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰی يُمْطَرَ النَّاسُ مَطَرًا، لَاتُكِنُّ مِنْهُ بُيُوتُ الْمَدَرِ، وَلَا تُكِنُّ مِنْهُ إِلَّا بُيُوتُ الشَّعَرِ»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک آسمان سے ایسی بارش نازل نہ ہو جس سے مٹی اور پتھر کے گھر بچ نہ سکیں گے، البتہ بالوں سے بنے ہوئے خیمے اس بارش سے بچ جائیں گے۔“[1]

[1] مسند أحمد: 262/2 وقال الهيثمي: رجاله رجال الصحيح، وقال الشيخ الأرناؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم، وكذا رواه ابن حبان في صحيحه.

91۔

آسمان سے بارش تو ہوگی مگر اس سے پیداوار نہ ہوگی

نبی کریم ﷺ نے جن علامات قیامت کی خبر دی ہے ان میں سے یہ بھی ہے کہ آسمان سے بارش تو نازل ہوگی مگر اس سے زمین نباتات اور فصلیں نہیں اگائے گی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُمْطَرَ النَّاسُ مَطَرًا عَامًّا، وَ لَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ شَيْئًا»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ لوگوں پر موسلا دھار بارشیں نہ برسائی جائیں گی مگر زمین کچھ بھی نہیں اگائے گی۔“ [1]

یقیناً ایسا اس لیے ہوگا کہ زمین سے برکت ختم ہو جائے گی، جیسا کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ قحط سالی یہ نہیں کہ بارش نہ ہو بلکہ قحط سالی یہ ہے کہ لوگوں پر بارش تو برسے لیکن زمین کچھ نہ اُگائے۔ [2]

[1] مسند أحمد: 140/3، ومسند أبو يعلى: 303/7، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 639/6، حديث: 2773.

[2] اسے امام احمد رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے علامہ ہیثمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کے رجال صحیح ہیں۔

92۔

ایسا فتنہ جو تمام عربوں کو ہلاک کر دے گا

جن علامات قیامت کی خبر نبی کریم ﷺ نے دی ہے ان میں سے ایک علامت ایک ایسا عظیم فتنہ بھی ہے جس کی لپیٹ میں تمام عرب آجائیں گے اور کثیر تعداد میں ہلاک و برباد ہو جائیں گے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«تَكُونُ فِتْنَةٌ تَسْتَنْظِفُ الْعَرَبَ، قَتْلَاهَا فِي النَّارِ، اَللِّسَانُ فِيهَا أَشَدُّ مِنْ وَقْعِ السَّيْفِ»

”ایک ایسا فتنہ ظاہر ہوگا جو سب عربوں کو لپیٹ میں لے لے گا۔ اس میں قتل ہونے والے جہنم میں جائیں گے۔ اس فتنے میں زبان کی کاٹ تلوار سے زیادہ ہوگی۔“ [1]

«تستنظف العرب» کے معنی یہ ہیں کہ وہ سب عربوں کو تباہ و برباد کر ڈالے گا۔ یہ استنظفت الشيْ کے محاورے سے مأخوذ ہے جو اس وقت بولا جاتا ہے جب آپ کسی چیز کو مکمل طور پر اپنے قبضے میں لے لیں۔

«قتلاها في النار» یعنی اس فتنے کے مقتول جہنم کی آگ کا ایندھن بنیں گے۔ کیونکہ یہ لوگ شیطان کی اتباع اور خواہش نفس کی پیروی کرتے ہوئے دنیا کی خاطر لڑیں گے، اس لیے اس لڑائی کے سبب وہ عذاب جہنم کے مستحق بن جائیں

---

[1] مسند أحمد: 211/2، و سنن أبي داود، الفتن والملاحم، حديث: 4265، و جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2178، وابن ماجه، الفتن، حديث: 3967، والحديث فيه مقال.

گے، خواہ وہ مسلمان اور موحد کی حیثیت ہی سے مریں۔ گو کہ انھیں جہنم کی سزا دی جائے گی لیکن یہ ہمیشہ ہمیشہ آتش دوزخ میں نہیں رہیں گے۔ قتلاھا سے مراد اس فتنے میں قتل ہونے والے لوگ ہیں۔ ایسے لوگ شدید وعید کا ہدف بنیں گے۔ کیونکہ اس لڑائی سے ان کا مقصود دین کی سربلندی، کسی مظلوم کا دفاع یا کسی مستحق کی مدد نہ ہوگا بلکہ محض سرکشی، باہمی کشاکش اور مال ومنصب کی حرص وہوس ان کے پیش نظر ہوگی۔

اللسان یعنی زبان کی تاثیر، اس کی طعن وتشنیع اور اس کی طرف سے لڑائی پر ترغیب تلوار کی کاٹ سے کہیں زیادہ ہوگی۔ ایک دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ وإشراف اللسان یعنی زبان کی طلاقت اور درازی اس وقت تلوار سے زیادہ اثر رکھتی ہو گی۔[1]

[1] اس حدیث کی مزید تشریح کے لیے دیکھیے: مرقاة المفاتیح شرح مشكاة المصابيح: 281/9.

93-94-95

مسلمانوں کی نصرت کے لیے درختوں اور پتھروں کا کلام کرنا اور مسلمانوں کا یہودیوں سے جنگ کرنا

یہ عظیم معرکہ آخری زمانے میں برپا ہوگا۔ اس میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوگی۔ اس موقع پر درخت اور پتھر بول کر مسلمانوں سے کہیں گے: اے مسلمان! اے اللہ کے بندے! یہ میرے پیچھے ایک یہودی چھپا ہوا ہے، جلدی سے آؤ اور اسے قتل کر ڈالو، یعنی اس جنگ میں درخت اور پتھر بھی مسلمانوں سے محبت اور ہمدردی کا اظہار اور ان کی مدد کریں گے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اہل اسلام کی نصرت اور تائید ہوگی۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُودُ، فَتُسَلَّطُونَ عَلَيْهِمْ، حَتّٰى يَقُولَ الْحَجَرُ: يَا مُسْلِمُ! هٰذَا يَهُودِيٌّ وَرَائِي فَاقْتُلْهُ»

''یہودی تم سے جنگ کریں گے مگر تم ان پر غلبہ پا لو گے، یہاں تک کہ پتھر بھی بول کر کہے گا: اے مسلم! یہ میرے پیچھے ایک یہودی چھپا ہوا ہے، آؤ اور اسے قتل کر ڈالو۔'' [1]

[1] صحيح البخاري، المناقب، حديث:3593، وصحيح مسلم، الفتن، حديث:2921، واللفظ له.

حدیث میں مذکور غرقد کا درخت

درختوں اور پتھروں کا اس طریقے سے کلام کرنا علامات قیامت میں سے ہوگا، مگر ایک درخت ایسا ہوگا جو مسلمانوں کے حق میں نہیں بولے گا۔ یہ ''غرقد'' کا درخت ہے جو یہودیوں کا ہمدرد ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک مسلمانوں کی یہودیوں سے جنگ نہ ہو جائے۔ مسلمان یہودیوں کو قتل کریں گے۔ یہاں تک کہ ایک یہودی کسی پتھر یا درخت کے پیچھے چھپ جائے گا لیکن وہ پتھر یا درخت کہے گا: اے مسلم! اے اللہ کے بندے! یہ میرے پیچھے ایک یہودی چھپا ہوا ہے۔ آؤ، اسے قتل کر ڈالو مگر ''غرقد'' کا درخت نہیں بولے گا کیونکہ وہ یہودیوں کا دوست ہے۔''[1]

1 صحیح مسلم، الفتن، حدیث:2922.

غرقد کے درخت کی ایک اور تصویر

ایک دوسری روایت کے الفاظ اس طرح ہیں:

''اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک تم یہود سے جنگ نہ کرلو، حتی کہ پتھر بھی، جس کے پیچھے کوئی یہودی چھپا ہوا ہوگا، بول کر کہے گا: اے مسلم! یہ میرے پیچھے ایک یہودی چھپا ہوا ہے، اسے قتل کر ڈالو۔'' [1]

[1] صحيح البخاري، الجهاد والسير، حديث: 2926

درختوں اور پتھروں کا یہ کلام کرنا حقیقی ہوگا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ جمادات کو قوت گویائی عطا کرنے پر قادر ہے۔ جمادات کا یہ کلام کرنا علامات قیامت میں سے ہوگا۔

حضرت نہیک بن صریم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”تم مشرکین سے لڑائی کرو گے، حتی کہ تم میں سے بچ جانے والے دریائے اردن پر دجال اور اس کے لشکر سے لڑیں گے۔ تم دریا کی مشرقی جانب ہو گے اور وہ مغربی جانب ہوں گے۔“

حضرت نہیک بن صریم کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ اس دن دریائے اردن کہاں واقع ہوگا؟ [1]

اس سے مراد وہ دریا ہے جو مقبوضہ فلسطین اور اردن کو ایک دوسرے سے الگ کرتا ہے۔

عین زغر کے قریب بحیرۂ مردار کا ساحل جس کے مشرق میں اردن اور بائیں طرف فلسطین ہے۔ اس پر آج یہودی قابض ہیں۔
بحیرۂ مردار میں پانی کی سطح مسلسل گر رہی ہے اور لگتا ہے کہ 1470ھ/2050 تک یہ خشک ہو جائے گا۔

[1] سلسلة الأحاديث الضعيفة: 3/460، حديث: 1297.

96۔

دریائے فرات سے سونے کا پہاڑ ظاہر ہونا

دریائے فرات ایک مشہور دریا ہے۔ اس میں پانی کی فراوانی ہوتی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ یہ اپنا رخ بدلے گا اور اس سے سونے کا ایک پہاڑ ظاہر ہوگا۔ لوگ اس سونے کی خاطر لڑیں گے اوران کی بڑی تعداد اس میں قتل ہو جائے گی۔

نبی کریم ﷺ نے خبردار کیا ہے کہ جو کوئی اس موقع پر حاضر ہو وہ اس مال کو لینے سے محتاط رہے۔ کہیں وہ فتنے میں مبتلا نہ ہو جائے یا اس کی وجہ سے کوئی لڑائی نہ شروع ہو جائے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَحْسِرَ الْفُرَاتُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ، يَقْتَتِلُ النَّاسُ عَلَيْهِ، فَيُقْتَلُ مِنْ كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُونَ، وَ يَقُولُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ: لَعَلِّي أَكُونُ أَنَا الَّذِي أَنْجُو»

"قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک فرات سے سونے کا ایک پہاڑ ظاہر نہ ہو جائے۔ لوگ اس سونے کے لیے جنگ کریں گے۔ اس کے نتیجے میں ننانوے فیصد لوگ قتل ہو جائیں گے۔ ان میں ہر شخص کو یہ توقع ہوگی کہ شاید وہی زندہ بچ جائے۔"[1]

اور ایک روایت میں یہ ہے کہ "جو اس موقع پر موجود ہو اسے چاہیے کہ وہ اس میں سے کوئی چیز نہ لے۔"[2]

[1] صحيح مسلم، الفتن، حديث: 2894. [2] صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7119، وصحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2894.

دریائے فرات پر تعمیر کردہ ترکی کا اتاترک ڈیم

دریائے فرات پر تعمیر کردہ شام کا الثورۃ ڈیم

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگ ہمیشہ دنیا کا مال جمع کرنے کے لیے گردنیں پھنساتے رہیں گے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

"قریب ہے کہ دریائے فرات سونے کے ایک پہاڑ کو ظاہر کر دے۔ جب لوگ اس کے بارے میں سنیں گے تو اس کی جانب دوڑ پڑیں گے۔ جو وہاں پہنچ چکے ہوں گے وہ کہیں گے: اگر ہم نے لوگوں کو سونا لینے کی کھلی چھٹی دے دی تو وہ سارے کا سارا لے جائیں گے، پھر وہ اس مال کے حصول کے لیے آپس میں لڑ پڑیں گے۔ اس لڑائی کے نتیجے میں سو میں سے ننانوے انسان قتل ہو جائیں گے۔" [1]

حدیث میں مذکور لفظ انحسار کے معنی انکشاف کے ہیں اور وہ پہاڑ حقیقی اور اصلی سونے کا ہوگا۔ اس سونے کے ظاہر ہونے کا سبب یہ ہوگا کہ دریا اپنے بہاؤ کا رخ تبدیل کرلے گا۔ اس سے قبل یہ طلائی پہاڑ مٹی سے اٹا ہوا اور غیر معروف ہوگا۔ مگر جب کسی وجہ سے پانی اپنا راستہ بدلے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ظاہر فرما دے گا۔

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث:2895.

جو کوئی وہاں موجود ہو اس پر لازم ہے کہ وہ اس سونے میں سے کچھ نہ لے تاکہ وہ فتنے اور خونریزی سے بچ سکے۔ یہ فتنہ ابھی ظاہر نہیں ہوا اور اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ کب واقع ہوگا۔

عہد حاضر میں ترکی اور شام کے ممالک دریائے فرات پر بند تعمیر کر رہے ہیں اور اس کے قریب مختلف فیکٹریاں لگا رہے ہیں۔ اس وجہ سے دریا میں پانی کی قلت واقع ہو رہی ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ سونے کے اس پہاڑ کے ظہور کا پیش خیمہ ہو۔

بداخلاق

97۔ آدمی فسق و فجور نہ کرے گا تو اسے عاجز و درماندہ ہونے کا طعنہ دیا جائے گا

جن علامات قیامت کی اللہ کے رسول ﷺ نے خبر دی ہے ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آدمی کو اختیار دیا جائے گا کہ وہ فسق و فجور کا ارتکاب کرے یا پھر غیر مہذب عاجز، کمزور اور بنیاد پرست ہونے کا الزام قبول کر لے۔ نبی کریم ﷺ نے ان فتنوں سے خبردار کیا اور لوگوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ عاجز کہلوانا گوارا کر لیں مگر فسق و فجور میں مبتلا ہونے سے انکار کر دیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يُخَيَّرُ فِيهِ الرَّجُلُ بَيْنَ الْعَجْزِ وَالْفُجُورِ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذٰلِكَ الزَّمَانَ، فَلْيَخْتَرِ الْعَجْزَ عَلَى الْفُجُورِ»

”لوگوں پر ایک زمانہ ایسا بھی آئے گا جس میں آدمی کو بدکاری یا عجز و درماندگی میں سے ایک کے انتخاب کا اختیار دیا جائے گا، جو شخص اس زمانے کو

پائے اسے چاہیے کہ عاجز بن جائے مگر فاسق وفاجر نہ بنے۔" [1]

یہ علامت آج ہمارے زمانے میں ظاہر ہو چکی ہے، مثلاً: اس دور میں جو عورت حجاب کی پابندی کرتی ہے اسے طعنہ دیا جاتا ہے کہ وہ رجعت پسند اور عاجز خاتون ہے۔ جو گندے ٹی وی چینل دیکھنے سے گریز کرے اسے لوگوں کی طرف سے یہ طعنہ سننا پڑتا ہے کہ دیکھیں جی! یہ شخص تو نرا بدھو، رجعت پسند اور ترقی کا مخالف ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آدمی کو دو باتوں میں سے ایک کو اختیار کرنے کا فیصلہ کرنا پڑتا ہے یا تو وہ بھی انھی کی طرح فسق وفجور اور بدکاری میں شریک ہو جائے اور لوگوں کی طعن وتشنیع سے محفوظ ہو جائے، یا پھر اللہ کو راضی کرنے کے لیے خود پر کمزور اور بنیاد پرست ہونے کا الزام برداشت کر لے مگر گناہ کی زندگی سے دور رہے۔

[1] مسند أحمد:2/278، وسلسلة الأحاديث الضعيفة، حديث:5842

98۔

جزیرة العرب میں چراگاہوں اور نہروں کا ظہور

جزیرة العرب کو دیکھنے والا جانتا ہے کہ اس علاقے کے کل رقبے کا قریباً ستر فیصد بے آباد اور بنجر صحراؤں پر مشتمل ہے۔ نبی کریم ﷺ نے یہ خبر دی کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ جزیرة العرب میں چراگاہوں اور نہروں کا ظہور ہوگا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَعُودَ أَرْضُ الْعَرَبِ مُرُوجًا وَّ أَنْهَارًا، وَ حَتّٰى يَسِيرَ الرَّاكِبُ بَيْنَ الْعِرَاقِ وَ مَكَّةَ لَا يَخَافُ إِلَّا ضَلَالَ الطَّرِيقِ،

وَحَتّٰى يَكْثُرَ الْهَرْجُ. قَالُوا: وَمَا الْهَرْجُ؟ يَا رَسُولَ اللّٰهِ! قَالَ: اَلْقَتْلُ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک سرزمین عرب چراگاہوں اور نہروں میں تبدیل نہ ہو جائے۔ اور جب تک ایک سوار عراق اور مکہ کے درمیان سفر نہ کر لے جسے راستہ بھول جانے کے سوا کسی نقصان کا خوف نہ ہو۔ اور جب تک ''ہرج'' کی کثرت نہ ہو جائے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ کے رسول! یہ ''ہرج'' کیا چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قتل وخونریزی۔'' [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے ایک روایت اس طرح بھی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ مال کی کثرت نہ ہو جائے۔ مال کی ریل پیل اس قدر ہو جائے گی کہ ایک شخص اپنے مال کی زکاۃ لے کر کسی حاجت مند کو تلاش کرے گا مگر اسے کوئی ایسا شخص نہ مل سکے گا جو اس مال کو قبول کرنے کے لیے تیار ہو۔ اور جب تک سرزمین عرب چراگاہوں اور نہروں کی زمین نہ بن جائے۔'' [2]

[1] مسند أحمد: 2/370. [2] صحيح مسلم، الزكاة، حديث: 157.

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ غزوۂ تبوک کے سال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جہاد کے سفر پر تبوک کی طرف روانہ ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نمازیں جمع کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کو جمع کر کے ادا فرمایا۔ ایک روز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو مؤخر کر دیا، پھر نکلے اور مغرب وعشاء کو جمع کر کے ادا کیا۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھیوں سے فرمایا: ''تم لوگ کل ان شاء اللہ تبوک کے چشمے پر پہنچو گے۔ تم سورج کے بلند ہو جانے کے بعد ہی وہاں پہنچو گے۔ تم میں سے جو بھی وہاں پہنچ جائے اسے چاہیے کہ وہ اس چشمے کے پانی کو میری آمد تک استعمال نہ کرے۔''

موجودہ تبوک

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ وہاں پہنچے تو دیکھا کہ دو شخص ہم سے پہلے ہی وہاں پہنچے ہوئے تھے۔ چشمے سے پانی بڑی مشکل سے تھوڑا تھوڑا نکل رہا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے پوچھا: کیا تم نے یہ پانی استعمال کیا ہے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں پر بہت ناراضی اور خفگی کا اظہار

کیا، پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے چشمے کا پانی اپنے ہاتھوں سے تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کیا حتی کہ وہ کچھ مقدار میں جمع ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس پانی میں اپنے ہاتھ اور چہرہ دھویا اور پھر اس پانی کو واپس چشمے میں ڈال دیا۔ پانی ڈالتے ہی چشمہ پوری قوت سے ابل پڑا اور نہایت کثرت اور تیزی سے بہنے لگا۔ لشکر کے لوگوں نے خوب سیر ہو کر پیا۔ اس موقع پر اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

''اے معاذ! اگر تمھاری عمر نے وفا کی تو تم دیکھو گے کہ یہ سارا علاقہ باغات اور آبادی سے معمور ہو جائے گا۔''[1]

بعض اہل علم نے اشارہ کیا ہے کہ ہوا کا ایک مضبوط دباؤ جزیرۃ العرب کی جانب آہستہ آہستہ پیش قدمی کر رہا ہے جو اپنے ساتھ برف اور بارشوں کو سمیٹے ہوئے ہے۔ ان چیزوں کے باعث بالعموم پیداوار اور خوشحالی کی کثرت ہو جایا کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ وہ صحرائے عرب کو باغات وانہار، سرسبز و شاداب میدانوں اور گھنے سایوں میں تبدیل کر دے۔ یہ علامت ابھی تک ظاہر نہیں

[1] صحيح مسلم، الفضائل، حديث: 706 قبل الحديث: 1392.

زیر نظر تصویر میں تبوک کے باغات اور زرعی منصوبے دکھائے گئے ہیں

ہوئی مگر ہر آنے والی چیز قریب ہی تو ہوتی ہے۔

تبوک کے مقام پر نبی کریم ﷺ کا حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے فرمائے گئے ان الفاظ ''اے معاذ! اگر تمھاری عمر نے وفا کی تو تم دیکھو گے کہ یہ سارا علاقہ باغات سے معمور ہو جائے گا'' کا نتیجہ آج ان بڑی بڑی زرعی سکیموں کی صورت میں ہمارے سامنے ہے جو سرزمین تبوک میں دور دراز علاقوں تک پھیلی ہوئی ہیں۔

99-100-101

مستقل چمٹنے والے فتنے، خوشحالی و فراوانی کا فتنہ اور تاریک و اندھے فتنے کا ظہور

نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ تین فتنے ظاہر نہ ہو جائیں۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے تھے۔ آپ ﷺ نے فتنوں کا بہت تفصیل سے ذکر فرمایا:

«حَتّٰی ذَكَرَ فِتْنَةَ الْأَحْلَاسِ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! وَمَا فِتْنَةُ الْأَحْلَاسِ؟ قَالَ: هِيَ هَرَبٌ وَ حَرْبٌ. ثُمَّ فِتْنَةُ السَّرَّاءِ، دَخَنُهَا مِنْ تَحْتِ قَدَمَيْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي، يَزْعُمُ أَنَّهُ مِنِّي، وَ إِنَّمَا أَوْلِيَائِي الْمُتَّقُونَ، ثُمَّ يَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلٰى رَجُلٍ كَوَرِكٍ عَلٰى ضِلَعٍ. ثُمَّ فِتْنَةُ الدُّهَيْمَاءِ، لَا تَدَعُ أَحَدًا مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً، فَإِذَا قِيلَ: اِنْقَضَتْ، تَمَادَتْ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَ يُمْسِي كَافِرًا، حَتّٰى يَصِيرَ النَّاسُ إِلٰى فُسْطَاطَيْنِ۔ أَيْ قِسْمَيْنِ۔ فُسْطَاطُ إِيمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيهِ، وَ فُسْطَاطُ نِفَاقٍ لَا إِيمَانَ فِيهِ، فَإِذَا كَانَ ذَاكُمْ فَانْتَظِرُوا الدَّجَّالَ

مِنْ يَّوْمِهٖ أَوْ مِنْ غَدِهٖ»

''پھر آپ ﷺ نے ''فتنۂ احلاس'' کا ذکر فرمایا۔ ایک شخص نے سوال کیا: یا رسول اللہ! ''فتنۂ احلاس'' کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ افراتفری اور جنگ وجدل کا فتنہ ہوگا، پھر ایک خوشحالی کا فتنہ ظاہر ہوگا جو ایک ایسے شخص کے قدموں سے اٹھے گا جو میرے اہل بیت سے ہوگا۔ وہ خود کو مجھ سے تعلق رکھنے والا خیال کرے گا مگر درحقیقت اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ میرے دوست تو فقط وہ ہیں جو متقی ہیں۔ پھر لوگ ایک ایسے شخص کی بیعت پر اکٹھے ہو جائیں گے جو کم علم، کم عقل اور کم ہمت ہوگا۔ اس کے بعد ایک سیاہ تاریک فتنے اور اندھی مصیبت کا دور شروع ہوگا۔ اس فتنے کا اثر اور ضرر میری امت کے ہر شخص تک پہنچے گا اور کوئی بھی اس سے محفوظ نہیں رہے گا۔ جب بھی کہا جائے گا کہ یہ فتنہ ختم ہو گیا ہے تو وہ پہلے سے بھی زیادہ شدت اختیار کر جائے گا۔ آدمی صبح کو مومن ہوگا اور شام کو کافر ہو جائے گا۔ لوگ دو قسموں میں تقسیم ہو جائیں گے۔ ایک ایمان والے جن میں نفاق نہیں ہوگا اور دوسرے نفاق والے جو ایمان سے یکسر خالی ہوں گے۔ جب یہ حالات پیدا ہو جائیں تو اس وقت دجال کا انتظار کرنا، اسی روز آجائے یا اگلے روز ظاہر ہو جائے۔'' [1]

[1] سنن أبي داود، الفتن، والملاحم، حديث: 4242، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 702/2، حديث: 972.

«الأحْلاس» ’’حِلس‘‘ کی جمع ہے۔ حلس اس موٹے کالے کپڑے کو کہتے ہیں جو اونٹ کی پیٹھ پر کجاوے کے نیچے ڈالا جاتا ہے۔ یہ کپڑا ہمیشہ اونٹ کی پیٹھ سے چمٹا رہتا ہے۔ اسی طرح یہ فتنہ بھی لوگوں سے چمٹ جائے گا اور ان کی جان نہیں چھوڑے گا۔ یہ فتنہ حلس کی طرح تاریک اور سیاہ بھی ہوگا۔

«هَرَب» ہا اور را پر زبر کے ساتھ ہے، یعنی وہ ایک دوسرے سے بھاگیں گے کیونکہ ان کے درمیان دشمنی اور جنگ ہوگی۔

«حَرْب» کے معنی ہیں کسی شخص کا مال اور اہل وعیال چھین لینا اور اسے اس طرح چھوڑ دینا کہ اس کے پاس کچھ بھی نہ ہو۔

«ثم فتنة السراء» (پھر خوش حالی کا فتنہ آئے گا)، یعنی صحت، خوشحالی اور امن وعافیت کی بہتات ہوگی۔ جس کی وجہ سے بعض لوگ فتنے میں مبتلا ہو کر گناہوں کا ارتکاب کرنے لگیں گے۔

«دَخَنُها» یعنی اس کا ظہور اور جوش۔ اس فتنے کو آپ ﷺ نے آگ سے اٹھنے والے اس دھوئیں سے تشبیہ دی ہے جو آگ میں گیلا ایندھن ڈالنے کی وجہ سے اٹھتا ہے۔ وہ دھواں بہت کثیف اور زیادہ ہوتا ہے۔

«مِنْ تَحْتِ قَدَمَيْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي» یعنی وہ شخص، جس کے قدموں سے اس فتنے کی آگ بھڑکے گی، نبی کریم ﷺ کے اہل بیت میں سے ہوگا۔ اس میں تنبیہ کی گئی ہے کہ جو شخص اس فتنے کو ہوا دینے کے لیے بھاگ دوڑ کرے گا اور اس کا اصلی سبب ہوگا وہ میرے اہل بیت میں سے ہوگا۔

«يَزْعُمُ أَنَّهُ مِنِّي» یعنی وہ خود کو میرے نسب سے خیال کرے گا۔ لیکن اپنے برے عمل کی وجہ سے وہ مجھ سے نہیں ہوگا۔ میں اس کے افعال واعمال سے بیزار ہوں، خواہ وہ نسبی طور پر میرے خاندان سے ہی ہوگا۔ مگر درحقیقت وہ میرے دوستوں میں سے نہیں ہوگا۔ میرے دوست تو صرف وہ ہیں جو پرہیزگاری اور تقوی اختیار کرنے والے ہیں، جبکہ یہ شخص تو فتنہ کھڑا کرنے کا باعث بنے گا۔

«وَلَيْسَ مِنِّي» یعنی وہ میرے دوستوں میں سے نہیں ہو گا۔ کیونکہ وہ فتنہ پیدا کرنے کا سبب بنے گا۔ اسی قبیل سے وہ بات بھی ہے جو حضرت نوح علیہ السلام نے کہی تھی:

﴿إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي﴾

”(یا اللہ!) میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے۔“ [1]

تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۖ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ﴾

”(اے نوح!) وہ تمھارے گھر والوں میں سے نہیں، وہ غیر صالح عمل (والا) ہے۔“ [2]

«ثُمَّ يَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلَى رَجُلٍ» ”پھر لوگ ایک شخص کی بیعت واطاعت پر جمع ہو جائیں گے۔“

«كَوَرِكٍ» وَرِك ٹانگ کا وہ حصہ جو ران کے اوپر ہوتا ہے، یعنی سرین۔

1 ھود 11:45. 2 ھود 11:46.

«عَلٰی ضِلَعٍ» اس کی جمع ''ضُلوع'' اور ''اَضلاع'' ہے۔ ضلع سینے کی ہڈی کو کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ لوگوں کے حالات اس شخص کے ساتھ ٹھیک نہ رہ سکیں گے، جس طرح سرین ایک پسلی کے اوپر قائم نہیں رہ سکتی کیونکہ پسلی کمزور اور سرین ثقیل ہوتی ہے۔

یعنی لوگ اختلاف اور فساد کے بعد ایک ایسے شخص کی حکمرانی قبول کر لیں گے جو بادشاہی کی نازک اور عظیم ذمہ داری کے لیے قطعاً ناموزوں ہوگا۔ وہ کم علم اور کم عقل ہوگا۔ اس کے ذریعے نظام حکومت قائم نہ رہ سکے گا اور نہ ہی امور و معاملات صحیح رہ سکیں گے۔

«فِتْنَةُ الدُّهَيْمَاءِ» یعنی سیاہ اور بہت بڑا فتنہ، اندھی مصیبت۔

«إلا لطَمَتْه لَطْمَةً» یعنی لوگوں میں سے کوئی بھی ایسا نہ ہوگا جسے یہ مصیبت اور بلا نہ پہنچے۔ اللطم کے معنی ہیں چہرے پر تھپڑ مارنا۔ مطلب یہ ہے کہ اس تاریک فتنے کا اثر ہر شخص تک پہنچ جائے گا۔

«فإذا قِيلَ: انْقَضَتْ» یعنی جب لوگوں کا یہ خیال ہوگا کہ اب یہ فتنہ ختم ہو گیا ہے۔

«تمَادَتْ» وہ اور زیادہ بڑھ کر پھیل جائے گا۔

«يُصبِحُ الرَّجُلُ فيهَا مُؤْمِنًا ويُمْسِي كَافِرًا» یعنی صبح کے وقت وہ اپنے بھائی کے قتل کو حرام سمجھتا ہوگا، اس کی عزت اور مال پر زیادتی کرنے سے پرہیز کرنے والا ہوگا، مگر شام ہوتے ہوتے وہ اپنے بھائی کے قتل کو جائز سمجھنے لگے گا اور اس کی عزت و مال پر حملہ آور ہو جائے گا۔ اس کی تشریح تفصیل کے ساتھ پہلے گزر چکی

ہے۔[1]

«إِلٰى فُسْطَاطَيْنِ» ''فسطاط'' عربی میں خیمے کو کہا جاتا ہے، یعنی اس فتنے میں لوگ دو فرقوں میں تقسیم ہو جائیں گے۔ ایک قول کے مطابق اس کی تشریح یہ بھی ہے کہ لوگ دو شہروں میں تقسیم ہو جائیں گے۔

«فُسطاطُ إيمانٍ لا نِفاقَ فيه» خالص اور صاف ایمان والا گروہ جس میں منافقت کا شائبہ نہ ہوگا۔

«فُسطاطُ نفاقٍ لا إيمانَ فِيهِ» اس گروہ میں منافقوں جیسے کام، مثلاً: جھوٹ، خیانت اور وعدہ خلافی وغیرہ ہوں گے۔

«فانْتَظِرُوا الدَّجّالَ» یعنی اس وقت دجال کے ظاہر ہونے کا انتظار کرو۔

یہ فتنے ابھی تک ظاہر نہیں ہوئے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں ان کے شر سے محفوظ رکھے۔

[1] دیکھیے: علامت نمبر:51۔

102۔

ایسا زمانہ جس میں ایک سجدہ دنیا اور اس کے تمام خزانوں سے بہتر ہوگا

یہ علامت قرب قیامت حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے زمانے میں ان کے نزول کے بعد ظاہر ہوگی۔ آپ کا زمانہ بہت فضیلت والا ہوگا۔ عبادات بھی فضیلت کی حامل ہوں گی کیونکہ وقت اور مقام کے شرف ومنزلت کے مطابق عبادات کے اجرو ثواب میں بھی اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَيُوشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيبَ، وَ يَقْتُلَ الْخِنْزِيرَ، وَ يَضَعَ الْجِزْيَةَ وَ يَفِيضَ الْمَالُ حَتَّى لَا يَقْبَلَهُ أَحَدٌ، حَتَّى تَكُونَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَ مَا فِيهَا. ثُمَّ يَقُولُ أَبُو هُرَيْرَةَ: اقْرَؤُوا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَٰبِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِۦ قَبْلَ مَوْتِهِۦ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَٰمَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا﴾[1] ”اس اللہ کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! قریب ہے کہ تم میں عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام عادل حکمران بن کر نزول فرمائیں۔ وہ صلیب کو توڑ دیں گے۔ خنزیر کو قتل کر دیں گے اور جزیے کو ختم کر دیں گے۔[2] اس وقت مال کی اس قدر کثرت ہو جائے گی کہ اسے کوئی قبول کرنے والا نہیں ہو گا۔ اس زمانے میں ایک سجدہ دنیا اور اس کے تمام خزانوں سے زیادہ قیمتی ہو گا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں: تم چاہو تو اس آیت کریمہ کی تلاوت کر لو: ”اور کوئی اہل کتاب نہیں ہو گا مگر ان کی موت سے پہلے ان پر ایمان لے آئے گا اور وہ قیامت کے دن ان پر

[1] النسآء 4:159.

[2] مطلب یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کسی کو اسلام کے سوا کسی دوسرے دین پر رہنے ہی نہ دیں گے۔ اسی طرح عیسائیوں کو بھی اجازت نہ دیں گے کہ وہ اپنے دین پر قائم رہیں، خواہ وہ اس کے لیے جزیہ بھی ادا کریں!

گواہ ہوں گے۔" [1]

آپ ﷺ کے اس فرمان کہ "اس زمانے میں کسی مومن شخص کا ایک سجدہ دنیا اور اس کے تمام خزانوں سے زیادہ قیمتی ہوگا" کے معنی یہ ہیں کہ لوگوں کی نماز اور دیگر تمام عبادات میں رغبت بہت بڑھ جائے گی۔ کیونکہ وہ دنیا سے بے رغبت ہوں گے، ان کی خواہشات کم ہوں گی اور قرب قیامت کا انھیں یقین ہوگا۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کے معنی یہ ہیں کہ اس ایک سجدے کا اجر دنیا ومافیہا کے صدقہ کرنے سے بھی زیادہ ہوگا، اس لیے کہ اس زمانے میں مال کی بہتات ہو جائے گی۔ لوگوں میں حرص اور بخل بہت کم ہوگا۔ لوگ دنیا کے مال کو جہاد میں خرچ کریں گے اور خود اس مال کا لالچ نہیں کریں گے۔ اور سجدے سے مراد یا تو سجدہ ہی ہے یا پھر اس سے مراد نماز ہے۔ واللہ اعلم۔ [2]

[1] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3448، و صحيح مسلم، الإيمان، حديث: 155. [2] شرح صحيح مسلم للإمام النووي.

چاند کے مختلف روپ

103۔ پہلی رات کے چاند کا بڑا نظر آنا

«الأهلة» ہلال کی جمع ہے اور ہلال مہینے کے آغاز میں پہلی رات کے چاند کو کہتے ہیں۔ یہ چاند قمری مہینے کی پہلی رات میں چھوٹا سا نظر آتا ہے، پھر مہینے کے نصف تک بتدریج بڑھتا رہتا ہے، پھر مہینے کے نصف سے آخر تک بتدریج چھوٹا ہونا

شروع ہو جاتا ہے۔

علامات قیامت میں سے پہلی رات کے چاند کا بڑا نظر آنا بھی ہے۔یعنی چاند ابتدائی رات ہی میں معمول سے بڑا نظر آنے لگے گا۔لوگ پہلی رات کے چاند کو دوسری رات کا چاند خیال کریں گے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ انْتِفَاخُ الْأَهِلَّةِ، حَتّٰى يُرَى الْهِلَالُ لِلَيْلَةٍ فَيُقَالُ: هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ»

قمری مہینے کے دوران چاند کے مختلف روپ

”قرب قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ چاند معمول سے بڑا نظر آئے گا۔ پہلی رات کا چاند دیکھ کر کہا جائے گا کہ یہ تو دوسری رات کا چاند ہے۔“ [1]

[1] المعجم الأوسط للطبراني:7/441، وسلسلة الأحاديث الصحيحة:5/366، حديث: 2292.

104۔

سب لوگوں کا شام کی طرف ہجرت کر جانا

شام کے نام کا اطلاق آج کے سوریا اور اس کے پڑوسی ممالک لبنان، اردن اور فلسطین پر ہوتا ہے۔ شام سرزمین حشر ونشر ہے۔ اس سرزمین سے بہت سے انبیاء کا ظہور ہوا۔ شام اور اہل شام کی ایک خاص قدر ومنزلت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«إِذَا فَسَدَ أَهْلُ الشَّامِ فَلَا خَيْرَ فِيكُمْ، لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي مَنْصُورِينَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ»

''جب شام والوں میں بگاڑ آجائے گا تو تم میں کوئی بھلائی نہ رہے گی۔ میری امت کا ایک گروہ قیامت تک فتح یاب رہے گا، انھیں رسوا کرنے والا انھیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔''[1]

یہی وجہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے شام میں رہائش اختیار کرنے کی وصیت فرمائی ہے، اس لیے کہ قیامت کے قریب شام اہل اسلام کا مضبوط گڑھ اور مرکز ہوگا۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

'' فتنے کے دنوں میں مسلمانوں کا مرکز ''غوطہ'' ہوگا جو دمشق نامی شہر کے

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2192، وقال الترمذي: حديث حسن صحيح.

ایک جانب ہوگا اور وہ شام کا بہترین شہر ہوگا۔“ [1]

غوطہ (دمشق) کا مقام

”فسطاط“ اصل میں خیمے کو کہتے ہیں اور یہاں اس سے مراد مسلمانوں کا مرکز اور ان کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ اہل اسلام اس عظیم معرکے میں، جو مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان ہوگا، وہاں جمع ہوں گے۔

”غوطہ“ ایک شہر کا نام ہے۔ جو آج کل غوطہ دمشق کہلاتا ہے۔ اور ”دمشق“ مشہور ومعروف شہر ہے جو آج کل سوریا (شام) کا دار الحکومت ہے۔

حدیث میں مذکور معرکہ یا تو مہدی کے ظہور سے قبل ہوگا یا مہدی کے زمانے میں ہوگا یا پھر کسی اور زمانے میں۔ نبی کریم ﷺ نے ملک شام میں رہائش اختیار کرنے کی ترغیب اس لیے دلائی ہے کہ یہ سرزمین محشر اور مومنوں کا مرکز ہے۔ ایک صحابی نے رسول اللہ ﷺ سے مشورہ طلب کیا کہ وہ کس علاقے کی طرف ہجرت کرے اور رہائش اختیار کرے تو نبی کریم ﷺ نے شام کی طرف ہجرت کرنے اور وہاں رہنے کا مشورہ دیا۔

حضرت بہز بن حکیم اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں

---

[1] مسند أحمد: 197/5، و سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4298 وصححه الألباني في صحيح أبي داود.

کہ انھوں نے کہا کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے کس جگہ رہنے کا حکم فرماتے ہیں؟ آپ نے شام کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: یہاں۔ [1]

قیامت قائم ہونے سے پہلے مومنوں کی غالب اکثریت وہاں ہجرت کر جائے گی بلکہ ہر مومن وہاں چلا جائے گا۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ ہر مومن شام میں چلا جائے گا۔ [2]

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2192، وقال: حديث حسن صحيح، وصححه الحاكم. [2] المصنف لابن أبي شيبة موقوفًا: 217/4، ولا يصح مرفوعًا، وهذا الأثر لا يقال من قبل الرأي فله حكم الرفع، ولا بأس بإسناده موقوفا .

105-106- مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان ایک عظیم معرکہ اور فتح قسطنطنیہ

مسلمانوں اور رومی عیسائیوں کے تعلقات کی تاریخ حوادث اور واقعات سے بھری پڑی ہے۔ اس میں صلح بھی ہے اور جنگ بھی، زمانۂ امن بھی ہے اور عرصۂ قتال بھی۔ آج کے زمانے میں اہل اسلام اور عیسائیوں کے باہمی تعلقات غیر یقینی ہیں۔ وہ صلح اور جنگ میں تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ علامات قیامت میں سے مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان ایک بہت بڑی جنگ

وہ پل جو دو براعظموں ایشیا اور یورپ اور استنبول شہر کے دو حصوں کو ملاتا ہے

بھی ہے۔ اور یہ جنگ ظہورِ مہدی سے قبل ہوگی۔ نبی کریم ﷺ نے اس کا نام "اَلْمَلْحَمَۃُ الْکُبْرٰی" رکھا ہے۔ مسلمان اس جنگ میں فتح حاصل کرنے کے بعد قسطنطنیہ کی طرف پیش قدمی کریں گے اور اسے بھی فتح کرلیں گے اور پھر اس کے بعد دجال ظاہر ہوگا۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«عُمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَابُ يَثْرِبَ، وَ خَرَابُ يَثْرِبَ خُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ، وَخُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ، وَفَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ خُرُوجُ الدَّجَّالِ»

''بیت المقدس کی آبادی دراصل مدینہ کی بربادی ہوگی۔ مدینہ کی بربادی ہوئی تو ایک عظیم معرکہ شروع ہو جائے گا۔ وہ معرکہ شروع ہوا تو قسطنطنیہ فتح ہو جائے گا اور جب قسطنطنیہ فتح ہوجائے گا تو پھر جلد ہی دجال کا خروج ہوگا۔'' [1]

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''تم لوگ رومیوں کے ساتھ صلح کرلوگے، پھرتم اور وہ مل کر اپنے ایک دشمن سے ایک لڑائی کرو گے۔ تم اس جنگ میں فتح یاب ہوگے، مال غنیمت حاصل کرو گے اور صحیح سلامت رہو گے۔ پھرتم میدان جنگ سے واپس آؤ گے، حتی کہ تم اور عیسائی ایک میدان میں پڑاؤ ڈالو گے جس میں ٹیلے بھی ہوں گے۔ [2]

پھر عیسائیوں میں سے ایک شخص صلیب کو بلند کرے گا اور کہے گا کہ صلیب غالب آگئی۔ اس پر ایک مسلمان سیخ پا ہوجائے گا اور آگے بڑھ کر صلیب کے ٹکڑے ٹکڑے کردے گا۔ اس واقعے سے عیسائی بگڑ جائیں گے اور جنگ کے لیے جمع ہو

---

[1] سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4294، وحسنه الألباني في صحيح أبي داود، وقد تفرد به عبد الرحمن بن ثابت عن أبيه عن مكحول.

[2] یعنی ایک بلند جگہ پر ڈیرا جماؤ گے۔ مجھے اہل علم میں سے کوئی ایسا شخص نظر نہیں آیا جس نے اس جگہ کی تحدید کی ہو۔ بظاہر محسوس ہوتا ہے کہ یہ جگہ ''مرج دابق'' ہوگی، جیسا کہ ایک دوسری حدیث میں وارد ہے جس میں آپ ﷺ فرماتے ہیں: (لَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ حَتّٰی يَنْزِلَ الرُّومُ بِالْأَعْمَاقِ أَوْ بِدَابِقَ) ''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک عیسائی ''اعماق'' یا ''دابق'' کے مقام پر نہ جا ٹھہریں۔ (صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2897.)

جائیں گے۔ بعض راویوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ اس وقت مسلمان بھی جوش میں آجائیں گے اور اپنے ہتھیار سنبھال لیں گے اور ان سے لڑائی کے لیے تیار ہوجائیں گے اور اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی اس جماعت کو شہادت سے سرفراز فرمائے گا۔'' [1]

صحیح مسلم میں اس واقعے کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک عیسائی ''اعماق'' یا ''دابق'' کے مقام پر پڑاؤ نہ ڈالیں۔ (یہ مقام شام میں حلب نامی شہر کے قریب واقع ہے، جنگ

[1] سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4293،4292 بسند صحيح.

کی جگہ یہیں ہوگی) عیسائیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مدینہ سے ایک لشکر روانہ ہوگا جو اس زمانے کے بہترین لوگوں پر مشتمل ہوگا۔ جب دونوں لشکر ایک دوسرے کے مدمقابل صف آرا ہوں گے تو عیسائی کہیں گے: ہمیں ان لوگوں سے لڑائی کر لینے دو جو ہم میں سے گرفتار ہو گئے تھے۔ (عیسائیوں کی اس بات سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں اور عیسائیوں کے مابین پہلے بھی متعدد لڑائیاں ہو چکی ہونگی، جن میں مسلمانوں کو فتح ہوئی تھی اور عیسائیوں کو قیدی بنا لیا گیا تھا، اور وہ قیدی مسلمان ہو گئے تھے اور اب اسلامی لشکر میں شامل ہو کر عیسائیوں سے جہاد کرنے کے لیے آئے ہوئے ہوں گے) مگر مسلمان کہیں گے: نہیں اللہ کی قسم! ہم کبھی اپنے بھائیوں کو تمھارے مقابلے میں اکیلا نہیں چھوڑیں گے، تو عیسائی مسلمانوں سے جنگ کریں گے، جس میں (مسلمانوں کے لشکر کا تیسرا حصہ میدان چھوڑ جائے گا)۔ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ کبھی قبول نہیں کرے گا۔ اس لشکر کے ایک تہائی لوگ جہاد کرتے ہوئے شہید ہو جائیں گے، یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک افضل ترین شہداء ہوں گے۔ باقی ایک تہائی لشکر لڑائی میں فتح حاصل کرے گا (لشکر کا آخری تہائی حصہ شہروں کو فتح کر لے گا اور مال غنیمت حاصل کرے گا۔) یہ لوگ کبھی فتنہ میں مبتلا نہیں ہوں گے۔ یہی لوگ قسطنطنیہ کو فتح کریں گے۔ اور جب وہ اپنی تلواریں زیتون کے درختوں سے لٹکا کر مال غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے تو شیطان ان کے درمیان آکر آواز لگائے گا: لوگو! تمھارے بعد مسیح دجال تمھارے گھروں میں داخل ہو گیا ہے (وہ مسلمانوں پر گھبراہٹ طاری کرنا چاہے گا) لشکرِ اسلام کے فوجی وہاں

سے نکلیں گے (وہ دجال کی طرف چل دیں گے) شیطان کی یہ خبر تو غلط ہوگی، لیکن جب وہ شام میں پہنچیں گے تو واقعی مسیح دجال کا ظہور ہو جائے گا۔"

ایک دوسری روایت میں ہے کہ رومیوں سے جنگ کے بعد اہل اسلام کو مال غنیمت کی تقسیم کا موقع بھی نہ ملا ہوگا اور وہ دجال سے لڑائی کی تیاری کر رہے ہوں گے، صفیں درست کر رہے ہوں گے کہ نماز کا وقت ہو جائے گا اور اسی وقت حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نزول فرمائیں گے......"[1]

ایک دوسری روایت کے مطابق اس غزوے کی تفصیل

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"قیامت اس وقت قائم ہوگی جب وراثت کی تقسیم روک دی جائے گی اور مال غنیمت لوگوں کے لیے کسی خوشی کا باعث نہ بنے گا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شام کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے فرمایا: دشمنان اسلام وہاں جنگ کے لیے جمع ہوں گے اور مسلمان بھی ان کا مقابلہ کرنے کے لیے وہاں اکٹھے ہوں گے۔ (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اس دشمن سے مراد رومی ہیں۔) اس وقت جنگ کی شدت کے باعث بہت سے لوگ میدانِ جنگ سے واپس آجائیں گے اور مسلمان اپنے میں سے بہترین اور باصلاحیت فوجیوں کی ایک جماعت کو موت تک لڑنے کے عزم کے ساتھ آگے بھیجیں گے۔ دونوں لشکر رات تک مسلسل لڑائی جاری رکھیں گے، حتی کہ ان کے درمیان رات حائل ہو جائے گی اور دونوں اپنی اپنی جگہ لوٹ جائیں گے

[1] صحيح مسلم، الفتن، وأشراط الساعة، حديث: 2897.

اور ان میں سے کوئی بھی غالب نہیں ہو گا اور جو لوگ موت کا عزم لے کر آگے بڑھے تھے، وہ سب کے سب شہید ہو جائیں گے۔ اگلے روز مسلمان پھر بہترین اور باصلاحیت فوجیوں کی ایک جماعت کو موت تک لڑنے کے عزم کے ساتھ آگے بھیجیں گے۔ یہ جماعت اس بات کا عہد کرے گی کہ اگر وہ واپس لوٹیں گے تو فتح یاب ہو کر ہی لوٹیں گے یا پھر شہید ہو جائیں گے۔ دونوں لشکر پھر شام ہونے تک مسلسل لڑائی جاری رکھیں گے مگر کسی بھی فریق کو برتری حاصل نہ ہو سکے گی اور دونوں اپنی اپنی جگہ لوٹ جائیں گے۔ جو لوگ موت کا عزم لے کر آگے بڑھیں گے، وہ سب کے سب شہید ہو جائیں گے۔

جب اس جنگ کا چوتھا روز ہو گا تو اہلِ اسلام دشمن پر جلد حملہ کر دیں گے (مختلف مقامات سے مسلمان جمع ہو کر دشمن پر حملہ آور ہوں گے۔) اس روز اللہ تعالیٰ کفار کو شکست فاش سے دوچار کر دے گا اور اہل اسلام ان کو اتنی بڑی تعداد میں

قتل کریں گے کہ اس سے پہلے کبھی اتنی خونریزی نہ دیکھی گئی ہوگی۔ حتی کہ ایک پرندہ ان کے پاس سے گزرے گا تو وہ تھوڑا سا آگے جانے سے قبل ہی مر کر گر جائے گا۔ ایک باپ کی اولاد جن کی تعداد جنگ سے پہلے ایک سو ہوگی، جنگ کے بعد دیکھیں گے کہ ان میں سے صرف ایک بچا ہوگا تو ایسی صورت حال میں مال غنیمت کے حصول سے کون سی خوشی ہوگی اور کن لوگوں میں میراث تقسیم کی جا سکے گی؟ مسلمان ابھی اس حالت ہی میں ہوں گے کہ اس سے بڑی مصیبت کی خبر سنیں گے۔ ایک شخص پکار کر کہے گا: لوگو! دجال تمھارے پیچھے بال بچوں میں گھس آیا ہے۔ یہ سنتے ہی وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر اپنے گھربار کی طرف متوجہ ہوں گے اور فوری طور پر دس سواروں کو حالات کا جائزہ لینے کی غرض سے بھیجیں گے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں ان سواروں کے نام، ان کے باپوں کے نام اور ان کے گھوڑوں کے رنگ تک جانتا ہوں۔ وہ اس زمانے میں روئے زمین کے بہترین گھڑسوار ہوں گے۔"[1]

اس عظیم معرکے کے لیے مسلمانوں کے جمع ہونے کی جگہ اس وقت "غوطہ" میں شہر دمشق ہوگا۔ یہ لشکر اس وقت روئے زمین پر بہترین لشکر ہوگا۔ اللہ تعالیٰ انھیں عیسائیوں پر فتح نصیب فرمائے گا۔ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اس عظیم معرکے کے دوران مسلمانوں کا جنگی کیمپ ملک شام کے بہترین شہر

---

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2899، ومسند أحمد: 435/1.

"دمشق" کے قریب "غوطہ" کے مقام پر ہوگا۔"[1]

ایک دوسری روایت کے الفاظ اس طرح ہیں:

"عظیم معرکے کے دوران مسلمانوں کا کیمپ ایک ایسی سرزمین پر ہوگا جسے "غوطہ" کہا جاتا ہے۔ اس میں ایک شہر ہے جس کا نام "دمشق" ہے۔ اس وقت یہ مقام مسلمانوں کے پڑاؤ کے لیے بہترین جگہ ہوگی۔"[2]

اس کے بعد اہل اسلام قسطنطنیہ کو لڑائی کے بغیر ہی امام مہدی کی زیر قیادت فتح کرلیں گے۔ اس وقت مسلمانوں کا ہتھیار اللہ کی تکبیر اور تحمید ہوگی۔

ایک حدیث میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"کیا تم نے ایک ایسے شہر کے بارے میں کچھ سنا ہے جس کی ایک جانب خشکی اور دوسری جانب سمندر ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: جی ہاں! اللہ کے رسول! ہم نے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک

[1] سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4298. [2] مسند أحمد: 197/5 و سنن أبي داود، السنة، حديث: 4640، و المستدرك للحاكم: 486/4، واللفظ له وقال: صحيح الإسناد ووافقه الذهبي وأقره المنذري.

بنو اسحاق کے ستر ہزار لوگ اس شہر کو فتح نہ کرلیں۔ وہ جب وہاں آئیں گے تو وہاں پڑاؤ ڈالیں گے۔ وہ کسی قسم کا اسلحہ استعمال نہیں کریں گے اور نہ ہی کوئی تیر پھینکیں گے۔ وہ بس اتنا کہیں گے: (لا إله إلا الله والله أكبر) تو اس کے ایک طرف کا علاقہ فتح ہو جائے گا۔ ثور بن یزید کہتے ہیں کہ جہاں تک مجھے معلوم ہے آپ نے یہ فرمایا کہ سمندر والی جانب فتح ہو جائے گی، پھر دوبارہ کہیں گے: (لا إله إلا الله والله أكبر) تو اس کی دوسری جانب فتح ہو جائے گی، پھر تیسری بار کہیں گے: (لا إله إلا الله والله أكبر) تو شہر ان کے لیے کھل جائے گا، وہ اس میں داخل ہو جائیں گے اور غنیمت جمع کریں گے۔ ابھی مال جمع کر ہی رہے ہوں گے کہ کوئی پکار کر کہے گا: لوگو! دجال ظاہر ہو گیا ہے، یہ سنتے ہی وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر اپنے گھروں کو لوٹ جائیں گے۔ [1]

اس حدیث کی شرح میں امام نووی رحمہ اللہ نے قاضی عیاض رحمہ اللہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ صحیح مسلم کے تمام نسخوں میں اس لشکر کے "بنو اسحاق" سے ہونے کا ذکر ملتا ہے۔

بعض اہل علم نے یہ بھی کہا ہے کہ زیادہ صحیح اور محفوظ "بنو اسماعیل" کے الفاظ ہیں اور حدیث کا سیاق وسباق بھی اسی پر دلالت کرتا ہے۔ اس لیے کہ نبی کریم ﷺ کا مقصود یہ تھا کہ یہ جنگیں عرب لڑیں گے اور عرب بنو اسماعیل ہیں نہ کہ بنو اسحاق اور شہر سے مراد قسطنطنیہ ہے۔

ایک اور چیز جو لشکر اسلام کے عربوں یعنی بنو اسماعیل ہونے پر دلالت کرتی ہے،

---

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2920.

وہ یہ ہے کہ حضرت ذو مخمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ ذکر موجود ہے کہ عیسائی اپنے ایک ساتھی سے کہیں گے : ہم عربوں کے مقابلے میں تمھارے ساتھ ہیں۔ مگر بعد میں غداری کریں گے اور معرکے کے لیے جمع ہو جائیں گے۔ ان الفاظ سے معلوم ہوا کہ یہ عظیم معرکہ عربوں اور عیسائیوں کے درمیان ہوگا۔

اس باب کی دیگر احادیث سے بھی بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ اس عظیم معرکے میں حصہ لیں گے، وہی قسطنطنیہ کو بھی فتح کریں گے۔ اور یہ عرب ہی ہوں گے۔

حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی اسی طرف اشارہ ہے کہ پھر ان کی طرف مسلمانوں کے بہترین لوگ نکلیں گے جو اہل حجاز میں سے ہوں گے۔ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ وہ بنو اسماعیل ہوں گے نہ کہ بنو اسحاق، واللہ اعلم۔ [1]

[1] دیکھیے: إتحاف الجماعة بماجاء في الفتن والملاحم وأشراط الساعة للشيخ حمود التويجري: 401/1.

107۔108

وراثت تقسیم نہ ہوگی اور لوگوں کو مالِ غنیمت سے خوشی نہ ہوگی

یہ دونوں علامتیں آخری زمانے میں اس وقت واقع ہوں گی جب قتل و قتال بہت ہوگا اور مسلمانوں کی عیسائیوں کے ساتھ لڑائیاں شدت اختیار کر جائیں گی۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُومُ حَتّٰى لَا يُقْسَمَ مِيرَاثٌ وَ لَا يُفْرَحَ بِغَنِيمَةٍ۔ ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا۔ وَ نَحَّاهَا نَحْوَ الشَّامِ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ میراث کی تقسیم نہ رک جائے گی اور مالِ غنیمت کے حصول پر خوشی نہ ہوگی۔'' [1]

اس کی وضاحت سابقہ علامت میں گزر چکی ہے۔

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2899، و مسند أحمد: 1/435.

109۔

لوگوں کا پرانے ہتھیاروں اور سواریوں کی طرف لوٹ آنا

یہ علامت سابقہ سے پہلے والی علامت میں گزر چکی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ سَمِعُوا بِبَأْسٍ هُوَ أَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ! فَجَاءَهُمُ الصَّرِيخُ: إِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَهُمْ فِي ذَرَارِيهِمْ، فَيَرْفُضُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ، وَ يُقْبِلُونَ، فَيَبْعَثُونَ عَشْرَةَ فَوَارِسَ طَلِيعَةً، قَالَ ﷺ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أَسْمَاءَهُمْ وَ أَسْمَاءَ آبَائِهِمْ، وَ أَلْوَانَ خُيُولِهِمْ، هُمْ خَيْرُ فَوَارِسَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ»

”مسلمان ابھی اس حالت ہی میں ہوں گے کہ اس سے بڑی مصیبت کی خبر سنیں

گے۔ ایک شخص پکار کر کہے گا: لوگو! دجال تمھارے پیچھے بال بچوں میں گھس آیا ہے۔ یہ سنتے ہی وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر اپنے گھر بار کی طرف متوجہ ہوں گے اور فوری طور پر دس سواروں کو حالات کا جائزہ لینے کی غرض سے بھیجیں گے۔ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں: میں ان سواروں کے نام، ان کے باپوں کے نام اور ان کے گھوڑوں کے رنگ تک جانتا ہوں۔ وہ اس زمانے میں روئے زمین کے بہترین گھڑسوار ہوں گے۔"[1]

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2899.

110 - 111

بیت المقدس کی آبادی، مدینہ طیبہ کی بربادی اور اس کا باشندوں اور زائرین سے خالی ہو جانا

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«عُمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَابُ يَثْرِبَ، وَ خَرَابُ يَثْرِبَ خُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ، وَ خُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ، وَ فَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ خُرُوجُ الدَّجَّالِ. ثُمَّ ضَرَبَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِ الَّذِي حَدَّثَهُ۔ أَوْ مَنْكِبِهِ۔ ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هٰذَا لَحَقٌّ، كَمَا أَنَّكَ قَاعِدٌ هَاهُنَا»

بیت المقدس، یروشلم

”بیت المقدس کی آبادی دراصل مدینہ کی بربادی ہوگی، مدینہ کی بربادی ہوئی تو عظیم معرکہ شروع ہو جائے گا، وہ معرکہ شروع ہوا تو قسطنطنیہ فتح ہو جائے گا اور جب قسطنطنیہ فتح ہوگیا تو پھر جلد ہی دجال ظاہر ہو جائے گا۔“ یہ کہہ کر سیدنا معاذ بن جبل نے اپنا ہاتھ اس شخص کی ران یا کندھے پر مارا جسے حدیث بیان کر رہے تھے اور فرمایا: یہ بات اسی طرح برحق ہے، جس طرح تمھاری یہاں موجودگی اٹل ہے۔[1]

یثرب سے مراد مدینہ منورہ ہے اور اس کی بربادی سے مراد اس کا اپنے باشندوں اور زائرین سے خالی ہو جانا ہے۔

1 سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4294.

ایک اور روایت میں ہے:

«اَلْمَلْحَمَةُ الْعُظْمٰى وَ فَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ، وَ خُرُوجُ الدَّجَّالِ فِي سَبْعَةِ أَشْهُرٍ»

"عظیم جنگ، فتح قسطنطنیہ اور خروج دجال، یہ سب کچھ سات ماہ میں ہو جائے گا۔" [1]

اس حدیث میں نبی کریم ﷺ نے جن واقعات کا ذکر فرمایا ہے، وہ ترتیب سے رونما ہوں گے، پہلے بیت المقدس کی آبادی اور عمارتوں کی کثرت سے اس کی وسعت اور لوگوں کا اس شہر میں کثرت سے آباد ہونا، پھر اس کے بعد یثرب (مدینہ طیبہ) کا برباد ہونا، یعنی لوگوں کا مدینہ میں رہائش اختیار کرنے سے گریز کرنا اور مدینہ میں جدید تعمیرات کا سلسلہ رک جانا۔ یہ تمام چیزیں آج مدینہ میں ظاہر ہو رہی ہیں۔ لوگ بتدریج وہاں کم ہو رہے ہیں اور آبادی میں اضافے کا سلسلہ رک چکا ہے۔ مدینہ کے باشندوں کی ایک بڑی تعداد آہستہ آہستہ وہاں سے دوسرے شہروں کی طرف منتقل ہو رہی ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَتُتْرَكَنَّ الْمَدِينَةُ عَلٰى أَحْسَنِ مَا كَانَتْ حَتّٰى يَدْخُلَ الْكَلْبُ أَوِ الذِّئْبُ فَيُغَذِّي عَلٰى بَعْضِ سَوَارِي الْمَسْجِدِ أَوْ عَلَى الْمِنْبَرِ. فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! فَلِمَنْ تَكُونُ الثِّمَارُ ذٰلِكَ الزَّمَانَ؟ قَالَ: لِلْعَوَافِي: اَلطَّيْرِ وَالسِّبَاعِ»

---

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2238، بسند ضعيف.

''مدینہ کو عمدہ حالت میں چھوڑ دیا جائے گا حتی کہ نوبت یہ ہو جائے گی کہ ایک کتا یا بھیڑیا مسجد میں داخل ہوگا اور کسی ستون یا منبر پر پیشاب کرے گا۔ صحابہ نے عرض کی: اللہ کے رسول ! یہ فرمایئے کہ اس زمانے میں مدینے کے پھل کس کے کام آئیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پرندے اور درندے ان پھلوں کو کھائیں گے۔'' [1]

بیت المقدس کی آبادی کا ایک مفہوم یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آخری زمانے میں خلافت وہاں منتقل ہو جائے گی، جیسا کہ حضرت عبد اللہ بن حوالہ ازدی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے، وہ کہتے ہیں:

''رسول اللہ ﷺ نے ہمیں روانہ فرمایا تاکہ ہم وہاں سے مالِ غنیمت حاصل کر سکیں لیکن ہم وہاں سے کوئی مال حاصل کیے بغیر ہی لوٹ آئے البتہ تھکن اور مشقت ہمارے چہروں سے عیاں تھی۔ آپ ﷺ ہماری حالت زار دیکھ کر ہمارے درمیان کھڑے ہو گئے اور یہ دعا فرمائی:

اے اللہ! انھیں میرے حوالے نہ فرمانا کہ میں ان کی کفالت نہ کر سکوں اور نہ ہی انھیں ان کے نفسوں کے سپرد فرمانا کہ یہ عاجز ہو جائیں اور نہ انھیں لوگوں کے حوالے کرنا کہ وہ دوسروں کو ان پر ترجیح دیں، پھر آپ ﷺ نے میرے سر پر اپنا دست مبارک رکھا - یا انھوں نے یہ کہا کہ میری کھوپڑی پر اپنا ہاتھ رکھا - اور فرمایا:

اے ابن حوالہ ! جب تم یہ دیکھو کہ خلافت ارضِ مقدّس میں منتقل ہو جائے

[1] الموطا للإمام مالك: 392/2، والمستدرك للحاكم: 426/4.

تو اس وقت زلزلے، پریشانیاں اور بڑی مصیبتیں قریب آجائیں گی۔ اس دن قیامت اس سے بھی زیادہ نزدیک ہوگی جتنا یہ میرا ہاتھ تمھارے سر سے قریب ہے۔"[1]

گزشتہ حدیث میں آپ ﷺ کا یہ فرمان کہ «وخراب يثرب خروج الملحمة» الملحمة سے مراد وہ عظیم معرکہ ہے جو مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان برپا ہوگا اور اس میں بے شمار لوگ قتل ہوں گے۔ اسے ملحمہ اسی لیے کہا جائے گا کہ اس میں قتل وخوں ریزی بہت ہوگی۔ اس معرکے کے بعد قسطنطنیہ کی فتح عمل میں آئے گی۔ آج کے زمانے میں یہ استنبول کا شہر ہے جو کہ ترکی کے بڑے شہروں میں سے ایک ہے۔ پھر فتح قسطنطنیہ کے بعد دجال ظاہر ہوگا۔

[1] مسند أحمد: 288/5، وسنن أبي داود، الجهاد، حديث: 2535، وصححه الألباني في صحيح أبي داود.

112۔

مدینہ شریروں کو اس طرح نکال دے گا جس طرح بھٹی لوہے کا زنگ دور کر دیتی ہے

علامات قیامت میں سے جو علامت ابھی بیان کی گئی ہے کہ مدینہ بے آباد اور باشندوں سے خالی ہو جائے گا، یہ علامت اسی کا تکملہ ہے۔

نبی کریم ﷺ کے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے کے بعد مدینہ کی آبادی اور رونق میں بے حد اضافہ ہوا۔ جیسے جیسے وقت گزرتا گیا اس کی آبادی اور رونق میں مسلسل اضافہ ہی ہوتا رہا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے خبر دی ہے کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ لوگ مدینہ میں رہائش کی خواہش سے بے نیاز ہو جائیں گے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَدْعُوا الرَّجُلُ ابْنَ عَمِّهِ وَ قَرِيبَهُ: هَلُمَّ إِلَى الرَّخَاءِ! هَلُمَّ إِلَى الرَّخَاءِ! وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ. وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَا يَخْرُجُ مِنْهُمْ أَحَدٌ رَغْبَةً عَنْهَا إِلَّا أَخْلَفَ اللّٰهُ فِيهَا خَيْرًا مِنْهُ- أَلَا ! إِنَّ الْمَدِينَةَ كَالْكِيرِ، تُخْرِجُ الْخَبِيثَ، لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَنْفِيَ الْمَدِينَةُ شِرَارَهَا، كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ»

''لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آجائے گا کہ ایک مدینے کا رہنے والا شخص اپنے چچا زاد اور دیگر رشتہ داروں سے کہے گا: (مدینہ کو چھوڑو) خوشحالی کی طرف نکلو، خوشحالی کی طرف آؤ، حالانکہ مدینہ ہی ان کے لیے بہتر ہو گا، اے کاش! کہ انھیں اس بات کا علم ہو۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ

میں میری جان ہے! جب بھی کوئی شخص مدینہ سے بے رغبتی کی بنیاد پر وہاں سے نقل مکانی کرے گا، اللہ تعالیٰ اس سے بہتر شخص کو اس کی جگہ مدینہ میں آباد کردے گا۔ خبردار! مدینہ آگ کی بھٹی کی طرح ہے، وہ اپنے اندر سے خبیث لوگوں کو نکال باہر کرے گا۔ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک مدینہ اپنے اندر سے شریر لوگوں کو نکال نہیں دے گا، جس طرح کہ بھٹی لوہے کا میل کچیل اتار دیتی ہے۔"[1]

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ سے روایت کی گئی ہے کہ وہ مدینے سے نکلے تو اپنے آزاد کردہ غلام مزاحم سے کہا: اے مزاحم! کیا ہم ان لوگوں میں تو شامل نہیں ہو گئے، جنھیں مدینہ اپنے اندر سے نکال باہر کرے گا؟

اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہر وہ شخص جو مدینہ میں سکونت اختیار کرے اور پھر یہاں سے نقل مکانی کرتے ہوئے اسے چھوڑ دے یا مدینہ سے کہیں دوسرے شہر میں چلا جائے تو وہ شریر اور خبیث لوگوں میں سے ہے۔ ہرگز اس کا یہ مفہوم نہیں! صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں سے بعض بہترین شخصیات نے جہاد اور دعوت کے مقاصد کے پیش نظر مدینہ کو چھوڑا، بہت سے دوسرے شہروں میں رہائش اختیار کی اور اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَتْرُكُونَ الْمَدِينَةَ عَلٰى خَيْرِ مَا كَانَتْ لَا يَغْشَاهَا إِلَّا الْعَوَافِي»

---

[1] صحیح مسلم، الحج، حدیث: 1381.

’’لوگ مدینہ کو اس حال میں چھوڑ دیں گے جبکہ اس کے حالات بہت عمدہ ہوں گے، اس میں صرف پرندے اور درندے ہی رہ جائیں گے۔‘‘ [1]

مطلب یہ ہے کہ لوگ ایسے حالات میں بھی مدینہ کی رہائش چھوڑ دیں گے جبکہ وہاں معاشی حالات بہت بہتر ہوں گے، وہاں پھل کثرت سے ہوں گے، معیشت بہت عمدہ ہوگی مگر کچھ ایسے فتنے اور سختیاں لوگوں کو گھیر لیں گی جن کے باعث وہ مدینہ کو چھوڑنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ باشندگانِ مدینہ آہستہ آہستہ وہاں سے دوسرے شہروں میں منتقل ہوتے چلے جائیں گے، حتی کہ وہاں کوئی شخص باقی نہیں رہے گا۔ بلکہ نوبت یہاں تک پہنچ جائے گی کہ گھر، سڑکیں اور مساجد انسانوں سے خالی ہو جائیں گی، پرندے اور درندے مساجد میں آزادانہ گھومیں گے، وہ وہاں بول و براز کریں گے اور کوئی انھیں روکنے والا نہ ہوگا، اس لیے کہ شہر انسانوں سے خالی ہو چکا ہوگا۔

[1] صحيح البخاري، فضائل المدينة، حديث: 1874، و صحيح مسلم، الحج، حديث: 1389.

113۔ پہاڑوں کا اپنی جگہ سے ٹل جانا

اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کو مضبوط اور ٹھوس شکل میں پیدا فرمایا ہے۔ یہ زمین کے لیے میخوں کا کام دیتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ قیامت کے نزدیک پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائیں گے۔ پہاڑوں کا یہ زوال یا تو حقیقی طور پر ہوگا، یعنی وہ زمین میں دھنسنے لگیں گے یا بجلیوں اور طوفانوں کی کثرت کے باعث اپنی جگہ سے ہل جائیں گے۔ یا ان کا زوال لوگوں کے تعمیری اور توسیعی منصوبوں کے باعث ہوگا، جیسا کہ آج دنیا کے بہت سے ممالک میں ہو رہا ہے کہ بڑی بڑی عمارات کی تعمیر کے لیے پہاڑوں کو کاٹا اور کھودا جا رہا ہے۔ پہاڑوں کے زوال کی تیسری صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ پہاڑوں کے پتھر کثرت سے ٹوٹ ٹوٹ کر گریں

اور چٹانیں اپنی جگہ چھوڑ کر زمین بوس ہو جائیں، جیسا کہ مختلف علاقوں میں متعدد بار وقوع پذیر ہو چکا ہے۔

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَزُولَ الْجِبَالُ عَنْ أَمَاكِنِهَا وَ تَرَوْنَ الْأُمُورَ الْعِظَامَ الَّتِي لَمْ تَكُونُوا تَرَوْنَهَا»

”قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل نہ جائیں اور تم ایسے عظیم حوادث وواقعات کا مشاہدہ نہ کرلو جو تم نے اس سے پہلے نہ دیکھے ہوں۔“ [1]

[1] المعجم الكبير للطبراني: 207/7، و سلسلة الأحاديث الصحيحة: 166/7، حديث: 3061.

عرب قبائل کی موجودہ تقسیم

114۔

ایک قحطانی کا ظہور، لوگ جس کی اطاعت کریں گے

قیامت کی نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آخری زمانے میں بنوقحطان میں سے ایک شخص خروج کرے گا (قحطان ایک مشہور عربی قبیلہ ہے۔) اس کی قیادت وسیادت پر تمام لوگ متفق ہو جائیں گے۔ یہ اس وقت ہوگا جب زمانہ تبدیل ہو جائے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ رَجُلٌ مِنْ قَحْطَانَ يَسُوقُ النَّاسَ بِعَصَاهُ»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک قبیلہ قحطان سے ایک شخص ظاہر نہ ہو جائے جو لوگوں کو اپنی لاٹھی سے ہانکے گا۔“ [1]

[1] صحيح البخاري، المناقب، حديث: 3517، وصحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2910.

لوگوں کو لاٹھی سے ہانکنے کا یہ معنی نہیں کہ وہ ان پر ڈنڈے برسائے گا بلکہ یہ ایک عربی محاورہ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ لوگ اس کے اشارے پر چلیں گے اور صراط مستقیم پر رہیں گے۔ اس خبر میں یہ اشارہ موجود ہے کہ اس حکمران کی لوگوں پر مکمل گرفت ہوگی اور اس طرف بھی اشارہ ہے کہ اس کی طبیعت میں کسی حد تک خشکی اور سختی بھی ہوگی۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص نیک اور صالح ہوگا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ''اور قحطان سے ایک آدمی ہوگا جو صالح اور نیک ہوگا۔'' [1]

اس شخص کا قحطان سے ہونا یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ شخص آزاد ہوگا۔ یہ اس شخص کے علاوہ کوئی دوسرا ہے جس کے ظہور کی پیشین گوئی کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اس کا نام جہجاہ ہوگا اور یہ آزاد کردہ غلاموں میں سے ہوگا۔

[1] كتاب الفتن لنعيم بن حماد المروزي: 115/1، و فتح الباري شرح صحيح البخاري: 654/6.

115۔ جہجاہ نامی ایک شخص کا ظاہر ہونا

آخری زمانے میں کچھ ایسے اشخاص ظاہر ہوں گے جن کا لوگوں میں بہت اثر ورسوخ اور چرچا ہوگا۔ نبی کریم ﷺ نے ان میں سے بعض کے نام اور بعض کے اوصاف بھی بتلائے ہیں۔ آپ ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی کہ ایسے افراد میں سے ایک کا نام جہجاہ ہوگا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَذْهَبُ الْأَيَّامُ وَاللَّيَالِي حَتّٰى يَمْلِكَ رَجُلٌ، يُقَالُ لَهُ الْجَهْجَاهُ»

''دن رات کا سلسلہ موقوف نہ ہوگا جب تک ایک آزاد کردہ غلام کے ہاتھ میں اقتدار نہ آ جائے جس کا نام جہجاہ ہوگا۔'' [1]

اور ایک نسخے میں اس کا نام ''جہجل'' بھی مذکور ہے۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فتح الباری میں فرماتے ہیں: ''جہجاہ'' کے معنی اصل میں ''صَیَّاح'' یعنی زور سے پکارنے والے کے ہیں۔

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2911.

116-117-118-119

درندے، جمادات، کوڑے اور جوتے کے تسمے کا گفتگو کرنا، آدمی کی ران کا اسے گھر والوں کی خبریں بتانا

نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ علامات قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ جنگلی درندے اور وحشی جانور انسانوں سے گفتگو کریں گے۔ کوڑے کی ایک جانب کلام کرے گی۔ جوتے کا تسمہ باتیں کرے گا اور آدمی کی ران بولے گی۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُكَلِّمَ السِّبَاعُ الْإِنْسَ، وَ حَتّٰى تُكَلِّمَ الرَّجُلَ عَذَبَةُ سَوْطِهِ، وَ شِرَاكُ نَعْلِهِ، وَ تُخْبِرُهُ فَخِذُهُ بِمَا أَحْدَثَ أَهْلُهُ بَعْدَهُ»

''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ جنگلی درندے انسانوں سے باتیں نہ کرلیں، آدمی سے اس کے کوڑے کا ایک سرا کلام نہ کرلے، اس کے جوتے کا تسمہ

بات نہ کر لے اور اس کی ران اسے بتا نہ دے کہ اس کی عدم موجودگی میں اس کے گھر والوں نے کیا کچھ کیا ہے۔“[1]

«حتی تکلم السباع» یعنی وحشی جانور جیسا کہ شیر، بھیڑیا اور ہر چیر پھاڑ کرنے والا جانور۔ «الإنس» سے عام انسان مراد ہے خواہ وہ مؤمن ہو یا کافر۔ «عذبة سوطه» یعنی کوڑے کا ایک کنارہ اور «السوط» اس کوڑے کو کہتے ہیں جس سے مجرموں کو سزا دی جاتی ہے۔ «شراك نعله» یعنی جوتے کے تسموں میں سے ایک تسمہ جس سے جوتا باندھا جاتا ہے۔

ان میں سے دو علامتیں یعنی آدمی سے اس کے کوڑے کے پھندنے کا باتیں کرنا اور اس کی ران کا اس کے گھر والوں کے حالات بتلانا ایسی علامتیں ہیں جو ابھی تک ظاہر نہیں ہوئیں۔ واللہ أعلم. لیکن ایسا ضرور ہو گا کیونکہ اس کی خبر رسول اللہ ﷺ نے اپنے رب تعالیٰ کی طرف سے دی ہے۔

بعض محققین نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ کوڑے کے سرے، جوتے کے تسمے

1 جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2181، وقال: حسن غريب، وصححه ابن حبان: 467/4.

اور انسانی ران کے کلام کرنے سے مراد در اصل ہمارے دور کے جدید ذرائع مواصلات، مثلاً: موبائل فون اور ایس ایم ایس کے ذریعے پیغامات ہیں جو خفیہ آوازوں کو بھی پہنچا دیتے ہیں۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ علامات اپنے ظاہری معنی کے مطابق واقع ہوں گی اور وہ اس طرح کہ کوڑا، تسمہ اور ران حقیقی طور پر کلام کریں گے۔ واللہ اعلم

درندوں کا کلام کرنا عہد نبوی میں واقع ہو چکا ہے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں:

ایک بار مدینہ کے نواحی علاقے میں ایک بدو اپنی بکریاں چرا رہا تھا کہ اچانک ایک بھیڑیا اس کے ریوڑ پر حملہ آور ہوا اور اس نے اس کی ایک بکری پکڑ لی۔ اعرابی نے بھیڑیے کا پیچھا کیا اور اس سے بکری چھڑا لی اور اسے ڈانٹا، بھیڑیے نے اس پر مزاحمت کی اور اپنی دم کھڑی کر کے آلتی پالتی مار کر بیٹھ گیا۔ اعرابی کو مخاطب کرتے ہوئے بھیڑیا یوں گویا ہوا: تم نے اللہ کا عطا کردہ رزق مجھ سے چھین لیا؟ اعرابی نے کہا: کتنی عجیب بات ہے! بھیڑیا دم کھڑی کر کے مجھ سے مخاطب ہو رہا ہے۔ یہ سن کر بھیڑیے نے کہا: اللہ کی قسم! تم اس

سے زیادہ عجیب بات کا مشاہدہ کروگے۔ اعرابی نے پوچھا: اس سے زیادہ عجیب بات کیا ہے؟

بھیڑیا کہنے لگا: اللہ کے رسول ﷺ کھجور کے دو باغوں میں دو پتھریلی زمینوں کے درمیان لوگوں کو گزرے ہوئے زمانے کی باتیں بتا رہے ہیں اور آنے والے حالات کے بارے میں بھی مطلع فرما رہے ہیں۔ یہ سنتے ہی اعرابی نے اپنی بکریوں کو آواز دی اور انھیں مدینہ کے پاس لے آیا۔ پھر انھیں چھوڑ کر نبی کریم ﷺ کی جانب چل دیا اور اس نے آپ کے دروازے پر دستک دی۔ آپ ﷺ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: بکریوں والا اعرابی کہاں ہے؟ اعرابی اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«حَدِّثِ النَّاسَ بِمَا سَمِعْتَ وَ بِمَا رَأَيْتَ»

''جو کچھ تم نے سنا اور دیکھا وہ لوگوں کو بتلاؤ۔''

اعرابی نے بھیڑیے والا پورا واقعہ اور اس کی گفتگو سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو آگاہ

کیا۔ نبی کریم ﷺ نے اس وقت فرمایا:

«صَدَقَ، آيَاتٌ تَكُونُ قَبْلَ السَّاعَةِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ أَحَدُكُمْ مِنْ أَهْلِهِ، فَيُخْبِرُهُ نَعْلُهُ أَوْ سَوْطُهُ أَوْ عَصَاهُ بِمَا أَحْدَثَ أَهْلُهُ بَعْدَهُ»

''اعرابی نے سچ کہا، کچھ علامات ایسی ہیں جو قیامت سے پہلے ظاہر ہوں گی، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک حالت یہ نہ ہو جائے کہ تمھارا ایک شخص اپنے گھر سے نکلے گا تو اس کا جوتا، کوڑا یا لاٹھی اسے بتلائے گی کہ تمھارے جانے کے بعد تمھارے گھر والے کیا کچھ کرتے رہے تھے۔''[1]

اسی طرح گائے کا کلام کرنا بھی واقع ہو چکا ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''ایک شخص گائے کو ہانک کر لے جا رہا تھا اور اس نے اس پر بوجھ لاد رکھا تھا کہ اچانک گائے اس کی طرف متوجہ ہو کر بولی کہ میں اس کام کے لیے تو پیدا نہیں کی گئی، میں تو کھیتی باڑی کے لیے پیدا کی گئی ہوں۔ لوگوں نے (تعجب سے) کہا: سبحان اللہ! گائے (انسانوں کی طرح) باتیں کرتی ہے! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس پر میں، ابو بکر اور

[1] مسند أحمد: 88/3، والبداية والنهاية: 150/6.

عمر بھی ایمان رکھتے ہیں۔" [1]

حدیث میں درندوں اور وحشی جانوروں کے کلام کرنے کا جو ذکر آیا ہے تو اس سے مراد اصلی اور حقیقی معنوں میں کلام ہے۔ واللہ اعلم۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی شان ہے:

﴿يَزِيدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾

"وہ (اپنی) مخلوقات میں جو چاہتا ہے، بڑھاتا ہے، بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔" [2]

[1] صحیح البخاري، فضائل أصحاب النبیﷺ، حدیث: 3663، و صحیح مسلم، فضائل الصحابة، حدیث: 2388. [2] فاطر 1:35.

120 - 121

قیامت سے پہلے اسلام کا دنیا سے معدوم ہو جانا۔ قرآنِ مجید کا مصاحف اور سینوں سے اٹھا لیا جانا

قربِ قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ اسلام معدوم ہو جائے گا اور اس کی تعلیمات اور شعائر فتنوں، گناہوں اور جہالت کے باعث مٹ جائیں گی۔ لوگوں میں نماز اور روزہ باقی نہ رہے گا۔ لوگوں کے سینوں سے قرآنِ مجید اٹھا لیا جائے گا حتی کہ روئے زمین پر قرآنِ کریم کی ایک آیت بھی باقی نہیں رہے گی۔ لوگوں میں جہالت اس قدر زیادہ ہو جائے گی کہ بوڑھے مرد اور عورتیں کہیں

گے کہ ہم نے تو اپنے آباء واجداد کو کلمہ لا إله إلا الله کہتے ہوئے سنا تھا، اسی لیے ہم بھی یہ کلمہ پڑھتے ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يُدْرَسُ الْإِسْلَامُ كَمَا يُدْرَسُ وَشْيُ الثَّوْبِ حَتّٰى لَا يُدْرٰى مَا صِيَامٌ وَ لَا صَلَاةٌ وَ لَا نُسُكٌ وَ لَا صَدَقَةٌ۔ وَلَيُسْرٰى عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ فِي لَيْلَةٍ، فَلَا يَبْقٰى فِي الْأَرْضِ مِنْهُ آيَةٌ وَ تَبْقٰى طَوَائِفُ مِنَ النَّاسِ، اَلشَّيْخُ الْكَبِيرُ وَالْعَجُوزُ يَقُولُونَ: أَدْرَكْنَا آبَاءَ نَا عَلٰى هٰذِهِ الْكَلِمَةِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَنَحْنُ نَقُولُهَا»

''اسلام کو اس طرح مٹا دیا جائے گا جس طرح کثرتِ استعمال سے کپڑے کے نقش ونگار مٹ جاتے ہیں، حتی کہ نوبت یہ ہو جائے گی کہ کسی کو کچھ پتہ نہ ہوگا کہ روزہ، نماز اور قربانی کسے کہتے ہیں اور صدقہ کس چیز کا نام ہے۔ قرآنِ مجید کو ایک ہی رات میں اٹھا لیا جائے گا حتی کہ روئے زمین پر اس میں سے ایک آیت بھی نہ بچے گی۔ لوگوں میں سے بوڑھے مرد اور عورتیں رہ جائیں جو کہیں گی: ہم نے تو اپنے آباء واجداد کو یہ کلمہ لا الہ الا اللہ پڑھتے ہوئے سنا تھا، اس لیے ہم بھی یہ پڑھ لیتے ہیں۔'' [1]

[1] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4049، وقال البوصيري في مصباح الزجاجة: هذا إسناد صحيح و رجاله ثقات۔ وصححه الحاكم على شرط مسلم.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جب یہ حدیث بیان کی تو ان کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں نے اس پر تعجب کا اظہار کیا۔ حضرت حذیفہ سے حدیث بیان کرنے والے حضرت صلہ بن زفر نے ان سے کہا: اے حذیفہ! انھیں کلمہ لا إله إلا الله کیا فائدہ دے گا، جبکہ انھیں یہ بھی معلوم نہیں ہوگا کہ روزہ، صدقہ اور قربانی کیا ہوتی ہے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے منہ پھیر لیا۔ صلہ بن زفر نے تین بار یہی بات دہرائی۔ ہر بار حذیفہ رضی اللہ عنہ جواب دینے سے گریز کرتے، پھر حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے صلہ! یہی کلمہ انھیں نارِ جہنم سے بچالے گا۔

«یُدرس» کے معنی ہیں کہ معدوم کر دیا جائے گا اور مٹا دیا جائے گا، حتی کہ اسلام کی کوئی چیز باقی نہ بچے گی۔ مطلب یہ ہے کہ لوگوں میں اسلام کے تمام ظاہری شعار اور نشانات ختم ہو جائیں گے۔

قدیم کپڑے کا ایک نمونہ جس کا رنگ اور لائنیں بار بار دھونے سے اڑ جاتے تھے۔

«وشي الثوب» کپڑے کے نقش ونگار جو مختلف رنگوں سے کپڑے پر بنائے جاتے ہیں مگر کثرتِ استعمال اور بار بار

دھونے سے وہ آہستہ آہستہ مٹ جاتے ہیں۔

«یسری علی القرآن» یعنی قرآن مجید کو سینوں سے اور مصاحف سے اٹھا لیا جائے گا اور یہ ایسے وقت میں ہوگا جب لوگ قرآن سے غفلت کریں گے، اس کی تلاوت اور اس کے ذریعے عبادت کرنا چھوڑ دیں گے۔

یہ علامت تا حال ظاہر نہیں ہوئی اور دین اسلام الحمد للہ مسلسل پھیل اور بڑھ رہا ہے۔

122-

بیت اللہ پر حملہ آور لشکر کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا

نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ ایک لشکر بیت اللہ شریف پر حملہ کرے گا، وہ قریش کے ایک شخص یعنی امام مہدی کو گرفتار کرنا چاہتا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اول سے آخر تک اس سارے لشکر کو زمین میں دھنسا دے گا۔ اس لشکر میں مختلف قسم کے لوگ ہوں گے اور پھر ان لوگوں کو ان کی نیتوں کے مطابق (روزِ قیامت) اٹھایا جائے گا۔

عبید اللہ بن قبطیہ کہتے ہیں کہ حارث بن ربیعہ اور عبد اللہ بن صفوان ام المؤمنین امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں داخل ہوئے اور میں بھی ان دونوں کے ساتھ تھا۔ انھوں نے اس

لشکر کے بارے میں سوال کیا جسے زمین میں دھنسا دیا جائے گا؟ یہ ان دنوں کی بات ہے جب حضرت عبداللہ بن زبیر مکہ مکرمہ میں حجاج کے خلاف لڑائی میں مشغول تھے اور وہ بیت اللہ شریف میں محصور تھے۔ ہمارے سوال کے جواب میں ام المؤمنین نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يَعُوذُ عَائِذٌ بِالْبَيْتِ، فَيُبْعَثُ إِلَيْهِ بَعْثٌ، فَإِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِهِمْ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! فَكَيْفَ بِمَنْ كَانَ كَارِهًا؟ قَالَ: يُخْسَفُ بِهِ مَعَهُمْ، وَلٰكِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى نِيَّتِهِ»

''ایک پناہ لینے والا بیت اللہ شریف میں پناہ لے گا۔ اس کی طرف ایک لشکر ارسال کیا جائے گا۔ وہ لشکر جب ایک کھلے میدان میں ہوگا تو اسے زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ میں نے سوال کیا: اللہ کے رسول! ان کا کیا ہوگا جو مجبوراً اس لشکر میں شامل کیے گئے ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: انھیں بھی لشکر کے ساتھ ہی دھنسا دیا جائے گا مگر روزِ قیامت ہر شخص کو اس کی نیت کے مطابق اٹھایا جائے گا۔''[1]

ایک دوسری روایت میں ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے اس لشکر کا ذکر فرمایا جسے زمین میں دھنسا دیا جائے گا تو سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے سوال کیا: ان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جن کو مجبور کیا گیا ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سب لوگ اپنی اپنی نیت کے مطابق قیامت کے دن اٹھائے جائیں گے۔''

---

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2882.

لوگوں کو ان کی نیت کے مطابق اٹھانے کا سبب یہ ہے کہ ان میں کوئی مجبوراً آیا ہوگا، کوئی نوکروں چاکروں میں سے ہوگا، کوئی گاڑی بان ہوگا اور کوئی منڈی لگانے اور سودا بیچنے والا ہوگا، اس لیے ہر ایک سے اس کی نیت کے مطابق ہی معاملہ کیا جائے گا۔ ان تمام لوگوں کو شریروں کی صحبت کی نحوست کی وجہ سے ہلاک کیا جائے گا۔ یعنی دنیا میں یہ ہلاکت و بربادی ساتھ ہونے کی وجہ سے ہوگی، جبکہ روز قیامت اپنے اپنے قصد و ارادہ اور نیت کے مطابق ان سے حساب لیا جائے گا۔ یہ حدیث پاک اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ برے لوگوں کی صحبت اور رفاقت سے اجتناب کرنا چاہیے، کیونکہ جو شخص اپنی مرضی سے معصیت و نافرمانی میں کسی قوم کا ساتھ دے اور ان کی تعداد بڑھانے کا سبب بنے تو وہ بھی ان کے ساتھ عذاب کی لپیٹ میں آجائے گا۔

نیز اس بات پر بھی دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس لشکر کو کعبہ تک پہنچنے سے قبل ہی زمین میں دھنسا دے گا۔

اس سلسلے میں وارد تمام روایات کا مطالعہ کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ بیت اللہ شریف میں پناہ لینے والے امام مہدی محمد بن عبد اللہ ہوں گے، اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت فرمائے گا اور حملہ آور لشکر کو زمین میں دھنسا دے گا۔

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار نیند سے گھبرا کر اٹھ بیٹھے۔ میں نے عرض کی: اللہ کے رسول! آپ آج نیند سے خلاف معمول اٹھ بیٹھے ہیں! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج میں نے ایک عجیب چیز دیکھی ہے۔ میری

امت کے کچھ لوگ بیت اللہ میں پناہ لینے والے ایک قریشی شخص پر حملہ آور ہونے کے لیے آئے مگر جب وہ ایک کھلے میدان میں پہنچے تو سب زمین میں دھنسا دیے گئے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس لشکر میں تو ہر طرح کے لوگ ہونگے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، ان میں دانستہ شمولیت کرنے والے، زبردستی لائے گئے اور مسافر لوگ بھی ہوں گے؟ مگر سب ایک ساتھ ہلاک کردیے جائیں گے، مگر روزِ قیامت وہ مختلف حالات میں اٹھیں گے۔ اللہ تعالیٰ انھیں ان کی نیتوں کے مطابق اٹھائے گا۔ [1]

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2884.

”ایک لشکر کعبہ پر حملہ آور ہوگا۔ (دوران سفر) جب وہ ایک کھلے میدان میں ہوں گے تو اول سے آخر تک ان سب کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا انھوں نے پوچھا: اللہ کے رسول! ان تمام کو کیسے دھنسا دیا جائے گا جبکہ ان میں ایسے لوگ بھی ہوں گے جو حملہ آوروں میں سے نہیں ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سارے کے سارے زمین میں دھنسا دیے جائیں گے، پھر انھیں ان کی نیتوں کے مطابق اٹھایا جائے گا۔[1]

امام مہدی اور ان کے واقعات کا ذکر آگے آئے گا۔[2]

---

1 صحيح البخاري، البيوع، حديث: 2118.

2 دیکھیے علامات صغریٰ میں علامت نمبر:131۔

123- بیت اللہ کے حج کا متروک ہو جانا

آخری زمانے میں جہاں بہت سے فتنے رونما ہوں گے اور دین کا راستہ روکنے کی کوششیں کی جائیں گی، وہاں کعبہ پر ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ حج اور عمرہ معطل ہو جائے گا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ»

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ بیت اللہ شریف کا حج موقوف نہ ہو جائے۔''[1]

[1] صحيح البخاري، الحج، حديث: 1593.

یہ علامت بہت تاخیر سے واقع ہوگی، اس لیے کہ نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ خروجِ یاجوج وماجوج کے بعد بھی حج جاری رہے گا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ، وَ لَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوجِ يَأْجُوجَ وَ مَأْجُوجَ»

''اس گھر کا حج وعمرہ خروجِ یاجوج وماجوج کے بعد بھی کیا جائے گا۔''[1]

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ بیت اللہ شریف کا حج موقوف نہ ہو جائے'' کا ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایک مدت تک جنگوں اور فسادات کی وجہ سے بیت اللہ کا حج موقوف رہے گا اور پھر دوبارہ جاری ہو جائے گا۔ یا اس کے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ کچھ قومیں لوگوں کو بیت اللہ کا حج کرنے سے زبردستی روک دیں گی۔ واللہ اعلم

[1] صحيح البخاري، الحج، حديث: 1593.

-124

بعض قبائلِ عرب کا دوبارہ بتوں کی پوجا شروع کرنا

جزیرۃ العرب میں شرک اور بت پرستی کا دور دورہ تھا، مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو توفیق دی اور اپنے لشکروں سے ان کی مدد کی حتی کہ انھوں نے تمام بتوں کا خاتمہ کردیا اور اللہ تعالیٰ کی توحید کا علم بلند کردیا۔ لیکن قیامت کے قریب لوگوں کے دین سے دور اور علم سے بے نیاز ہونے کے باعث ایک گروہ دوبارہ بتوں کی پوجا شروع کر دے گا اور یہ علاماتِ قیامت میں سے ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَضْطَرِبَ أَلَيَاتُ نِسَاءِ دَوْسٍ عَلٰى ذِي الْخَلَصَةِ»

”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک قبیلۂ دوس کی خواتین کی سرینیں ”ذوالخلصہ“ کے اردگرد حرکت نہ کرنے لگیں۔“ [1]

[1] صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7116، و صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2906.

«ذو الخلصة» ایک بت کا نام ہے، جس کی پوجا قبیلۂ دوس کے لوگ دور جاہلیت میں کیا کرتے تھے۔«أليات» ألية کی جمع ہے اور اس کے معنی انسان کی سرین یا دبر کے ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ ان خواتین کی سرینیں ''ذوالخلصہ'' کے گردطواف کرنے کے باعث متحرک نظر آئیں گی، یعنی اس قبیلے کے لوگ اسلام سے مرتد ہو کر بتوں کی پوجا اور ان کی تعظیم کی طرف لوٹ جائیں گے۔

قبیلۂ دوس کے مقامات جزیرہ نمائے عرب کے جنوب مغرب میں واقع ہیں۔

125- قبیلۂ قریش کا مکمل طور پر ختم ہو جانا

قبل از اسلام عرب قبائل کی تقسیم

عرب قبائل کی موجودہ تقسیم

قبیلۂ قریش عرب قبائل میں سے معروف ترین قبیلہ ہے۔ اس قبیلے کے لوگ فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ کی اولاد ہیں۔ قریش ایک لقب ہے جس سے ان کی اولاد مشہور ہوئی۔ لفظِ ''قریش'' ''تقارش'' سے ماخوذ ہے اور اس کے معنی تجارت کے ہیں۔ یہ لوگ تجارت پیشہ تھے، اس لیے قریش کے لقب سے مشہور ہوئے۔

قریش کی بہت سی شاخیں ہیں:

ان میں بنو حارث بن فہر، بنو جذیمہ، بنو عائذہ، بنو لؤی بن غالب، بنو عامر بن لؤی، بنو عدی بن کعب بن لؤی، بنو مخزوم، بنو تمیم بن مرہ، بنو زہرہ بن کلاب، بنو اسد بن عبد العزی، بنو عبد الدار، بنو نوفل، بنو عبد المطلب، بنو امیہ اور بنو ہاشم وغیرہ شامل ہیں۔

اسلام کی آمد کے بعد قبیلۂ قریش کے لوگ بہت سی شاخوں میں بٹ گئے، جیسے: بکری، عمری، عثمانی اور علوی وغیرہ۔

ان کا اصل مسکن جزیرہ نمائے عرب ہے لیکن بعد میں یہ لوگ بہت پھیل گئے اور زمین کے مختلف حصوں میں کئی ممالک کو انھوں نے آباد کیا۔

نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ قریش بتدریج کم ہوتے چلے جائیں گے حتی کہ ان کی تعداد نہ ہونے کے برابر رہ جائے گی یا بالکل ہی ختم ہو جائے گی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«أَسْرَعُ قَبَائِلِ الْعَرَبِ فَنَاءً قُرَيْشٌ، يُوشِكُ أَنْ تَمُرَّ الْمَرْأَةُ بِالنَّعْلِ، فَتَقُولُ: إِنَّ هٰذَا نَعْلُ قُرَشِيٍّ»

''عرب کے قبائل میں سب سے جلد ختم ہو جانے والا قبیلہ قریش ہے۔ قریب ہے کہ کوئی عورت ایک جوتے کے پاس سے گزرے اور کہے کہ یہ ایک قریشی کا جوتا ہے۔'' [1]

اس امر کی تائید نبی کریم ﷺ کے اس فرمان سے بھی ہوتی ہے جس میں آپ نے ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا: «يَا عَائِشَةُ! قَوْمُكِ أَسْرَعُ أُمَّتِي بِي لِحَاقًا» ''اے عائشہ! تمھاری قوم (قریش) مجھ سے سب سے پہلے ملنے والی ہوگی۔'' یہ حدیث پہلے گزر چکی ہے۔ [2]

---

[1] مسند أحمد: 336/2، و مسند أبي يعلى: 68/11، ومجمع الزوائد: 640/7 ورجال أحمد وأبي يعلى رجال الصحيح، وصححه أحمد شاكر والألباني. [2] دیکھیے علامات صغریٰ میں علامت نمبر: 82۔

126 - حبشہ کے ایک شخص کے ہاتھوں کعبہ کی بربادی

علامات قیامت میں سے مسلمانوں کے قبلہ کعبہ مشرّفہ کا انہدام بھی ہے۔ اسے آخری زمانے میں ایک کالا حبشی شخص منہدم کرے گا جس کا نام ذوالسویقتین (دو چھوٹی پنڈلیوں والا) ہو گا۔ اس کا یہ نام اس کی پنڈلیوں کے چھوٹے اور باریک ہونے کی وجہ سے ہو گا۔ وہ کعبہ کے ایک ایک پتھر کو گرا دے گا، اس کے غلاف کو اتار دے گا اور اس کے زیورات کو لوٹ لے گا۔

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«اُتْرُكُوا الْحَبَشَةَ مَا تَرَكُوكُمْ، فَإِنَّهُ لَا يَسْتَخْرِجُ كَنْزَ الْكَعْبَةِ إِلَّا ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ»

”حبشی جب تک تمھارے ساتھ لڑائی نہ چھیڑیں تم بھی انھیں کچھ نہ کہو، اس لیے کہ کعبہ کا خزانہ سوائے حبشی ذوالسویقتین کے اور کوئی نہیں نکالے گا۔“ [1]

[1] سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4309، و سلسلة الأحاديث الصحيحة: 415/2، حديث: 772.

ایک دوسری روایت میں ہے: ''کعبہ کو ایک حبشی ذو السویقتین برباد کردے گا۔''[1]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«كَأَنِّي بِهِ أَسْوَدَ أَفْحَجَ، يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا»

''گویا میں اسے دیکھ رہا ہوں کہ ایک کالا، پھیلی ہوئی ٹانگوں والا شخص کعبے کا ایک ایک پتھر اکھاڑ رہا ہے۔''[2]

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ، وَ يَسْلُبُهَا حُلِيَّهَا وَ يُجَرِّدُهَا مِنْ كِسْوَتِهَا، وَ لَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ أُصَيْلِعَ، أُفَيْدِعَ، يَضْرِبُ عَلَيْهَا بِمِسْحَاتِهِ وَ مِعْوَلِهِ»

بیلچہ، کدال

''کعبے کو چھوٹی اور پتلی پنڈلیوں والا ایک حبشی برباد کر دے گا، وہ اس کے زیورات کو لوٹ لے گا

1 صحيح البخاري، الحج، حديث: 1591.

2 صحيح البخاري، الحج، حديث: 1595.

اور اسے غلاف سے محروم کر دے گا۔ میں گویا اس کو دیکھ رہا ہوں: گنجا، ٹیڑھے ہاتھ پاؤں والا، کعبہ کو اپنے بیلچے اور کدال کے ذریعے سے ڈھا رہا ہے۔"[1]

«أُصيلع» یہ أصلع کی تصغیر ہے، یعنی اس کے سر پر بال نہیں ہوں گے۔ «أُفيدع» جوڑوں میں ٹیڑھا پن۔ گویا وہ اپنی جگہ سے ہٹے ہوئے ہوں۔ «بِمِسحاته» یعنی اپنے پھاوڑے سے گرائے گا۔ پھاوڑا لوہے کا ایک آلہ ہے جو زراعت میں استعمال ہوتا ہے۔ «المِعول» کدال، لوہے کا ایک آلہ جس سے پتھروں میں کھدائی کی جاتی ہے۔

ایک اشکال

یہاں لوگوں کے ذہنوں میں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ حبشی کعبہ کو کیسے گرائے گا جبکہ اللہ تعالیٰ نے مکہ کو امن والا حرم بنایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا﴾

"کیا یہ دیکھتے نہیں کہ ہم نے حرم کو امن والا بنایا ہے۔"[2]

اور ارشاد فرمایا:

﴿اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا﴾

"کیا ہم نے انھیں امن وامان اور حرمت والے حرم میں جگہ نہیں دی۔"[3]

[1] مسند أحمد: 220/2، وقال ابن كثير: وهذا إسناد جيد قوي. [2] العنكبوت 67:29.

[3] القصص 57:28.

نیز ارشادِ الٰہی ہے:

﴿وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ﴾

”اور جو بھی ظلم کے ساتھ وہاں الحاد کا ارادہ کرے گا، ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے۔“ [1]

سوال: اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر کی ہاتھی والوں سے اس وقت حفاظت فرمائی، جب مکہ والے کافر اور مشرک تھے تو اب اس شخص کو کعبہ پر کس طرح مسلط کیا جائے گا، جبکہ وہ مسلمانوں کا قبلہ ہے؟

جواب: پہلی بات یہ ہے کہ بیت اللہ شریف قربِ قیامت تک امن والے حرم کی حیثیت سے محفوظ رہے گا، قیامت قائم ہونے اور دنیا کے تباہ ہونے تک نہیں، آیات میں قیامت کے برپا ہونے تک امن کے باقی رہنے کا ذکر نہیں ہے۔ آیاتِ کریمہ صرف یہ بتلا رہی ہیں کہ جب یہ آیات نازل ہو رہی تھیں اس زمانے میں حرم بہت امن وحفاظت والی جگہ تھی۔ یہ نہیں فرمایا گیا کہ یہ امن وامان قیامت تک باقی رہے گا۔

دوسری بات اس سلسلے میں یہ ہے کہ خود نبیِ کریم ﷺ نے اپنے ایک ارشاد میں اشارہ فرمایا کہ ایک وقت آئے گا جب اس گھر کی حرمت کو اس کے رہنے والے ہی پامال کردیں گے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

[1] الحج 25:22.

«يُبَايَعُ لِرَجُلٍ مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ وَ لَنْ يَسْتَحِلَّ الْبَيْتَ إِلَّا أَهْلُهُ، فَإِذَا اسْتَحَلُّوهُ، فَلَا يُسْأَلُ عَنْ هَلَكَةِ الْعَرَبِ، ثُمَّ تَأْتِي الْحَبَشَةُ فَيُخَرِّبُونَهُ خَرَابًا لَا يُعْمَرُ بَعْدَهُ أَبَدًا، وَ هُمُ الَّذِينَ يَسْتَخْرِجُونَ كَنْزَهُ»

''ایک شخص [1] کی حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان بیعت کی جائے گی۔ اس گھر کی حرمت کو اس کے رہنے والے ہی پامال کریں گے۔ اور جب ایسا ہوگا تو پھر عربوں کی ہلاکت اور بربادی کے بارے میں نہ پوچھا جائے گا۔ پھر حبشہ سے ایک لشکر آئے گا جو کعبہ کو تباہ و برباد کردے گا۔ اس تباہی کے بعد پھر اللہ کا یہ گھر کبھی آباد نہ ہو سکے گا۔ یہی لوگ اس کا خزانہ بھی نکال کر لے جائیں گے۔'' [2]

واقعۂ اصحابِ فیل کے زمانے میں مکہ والے کافر تو تھے مگر بیت اللہ کی تعظیم کرتے تھے۔ اور اس کی حرمت کو پامال نہیں کرتے تھے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو ابرہہ اور اس کے لشکر سے بچالیا۔

جہاں تک حبشی ذو السویقتین کا معاملہ ہے تو وہ کعبہ کو گرانے میں اس وقت کامیاب ہو سکے گا جب مقامی لوگ بھی کعبہ کی حرمت کو پامال کرنا شروع کردیں گے اور اس کی حرمت کا پاس نہیں کریں گے، جب وہ بیت اللہ کی خدمت اور اہتمام سے پہلوتہی کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کی مدد سے ہاتھ کھینچ لے گا۔

---

[1] اس شخص سے مراد امام مہدی ہے، ان کے بارے میں تفصیل آگے چل کر علامات صغری میں علامت نمبر: 131 پر آئے گی۔ [2] مسند أحمد: 291/2 بسند صحيح.

127۔ مومنوں کی روحوں کو قبض کرنے کے لیے ایک پاکیزہ ہوا کا چلنا

جب یکے بعد دیگرے علاماتِ قیامت ظاہر ہو جائیں گی اور علامات کبری بھی ظاہر ہو جائیں گی، جیسے خروجِ دجال اور نزولِ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام تو قیامت بہت قریب آجائے گی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا جو مومنوں کی روحیں قبض کرلے گی تاکہ وہ قیامت کے وقت پیدا ہونے والے خوف اور گھبراہٹ سے محفوظ رہیں۔ کیونکہ قیامت صرف بدترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی۔

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا اور ایک لمبی حدیث بیان فرمائی حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ فرمائے:

«فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيحًا طَيِّبَةً فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ آبَاطِهِمْ فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَ كُلِّ مُسْلِمٍ وَ يَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ يَتَهَارَجُونَ فِيهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ»

"وہ اسی حال میں ہوں گے کہ اچانک اللہ تعالیٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا جو انھیں بغلوں کے نیچے محسوس ہوگی، وہ ہر مؤمن کی روح قبض کر لے گی۔ روئے زمین پر صرف برے اور شریر لوگ ہی رہ جائیں گے جو گدھوں کی طرح سرِ عام جفتی کریں گے۔ [1] ایسے ہی لوگوں پر قیامت

[1] یعنی مرد عورتوں کے ساتھ سرعام اس طرح بدکاری کریں گے جس طرح گدھے کرتے ہیں۔

قائم ہوگی۔'' [1]

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''دجال نکلے گا......، پھر اللہ تعالیٰ ملک شام کی جانب سے ایک ٹھنڈی ہوا بھیجے گا۔ اس کے اثر سے نیک لوگ فوت ہو جائیں گے حتی کہ روئے زمین پر کوئی ایک بھی ایسا شخص نہ بچے گا کہ جس کے دل میں ذرہ برابر بھلائی یا ایمان ہو۔ صورت حال یہ ہوگی کہ اگر تم میں سے کوئی پہاڑ کی غار میں بھی داخل ہوجائے گا تو وہ ہوا وہاں بھی پہنچ کر اس کی روح کو قبض کر لے گی۔'' [2]

یہ ہوا دجال کے قتل اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کی موت کے بعد چلے گی۔

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2937. [2] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2940.

128۔ مکہ میں بلند و بالا عمارات

عہد نبوی میں مکہ کی آبادی بہت کم اور مکانات قلیل تعداد میں تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی کہ علاماتِ قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ مکہ کی عمارات اس کے پہاڑوں سے بھی زیادہ بلند ہو جائیں گی۔ یعلیٰ بن عطاء نے اپنے والد سے روایت کی ہے جسے امام ابن ابی شیبہ نے ذکر کیا ہے کہ

''میں حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی سواری کی لگام تھامے ہوئے تھا کہ انھوں نے کہا: اس وقت تم لوگوں کا کیا حال ہو گا جب تم بیت اللہ کو گرا دو گے اور اس کا ایک پتھر بھی دوسرے کے اوپر نہیں رہنے دو گے۔ لوگوں نے سوال کیا: کیا ہم اس وقت اسلام پر قائم ہوں گے؟ انھوں نے فرمایا: جی ہاں! آپ لوگ اس وقت اسلام پر ہی ہوں گے۔ سوال کرنے والے نے پوچھا: پھر اس کے بعد کیا ہو گا؟ حضرت عبد اللہ

کہنے لگے: پھر بیت اللہ کی تعمیر پہلے سے زیادہ احسن انداز میں کی جائے گی۔ جب آپ مکہ کو دیکھیں کہ اس کے پہاڑوں اور زمین کے نیچے سرنگیں کھود دی جائیں اور زیرِ زمین پانی کے پائپ بچھا دیے جائیں اور مکہ کی عمارتیں پہاڑوں کی چوٹیوں سے اوپر نکل جائیں۔ اس وقت سمجھ لینا کہ معاملہ قریب آپہنچا ہے۔" [1]

حدیث میں مذکور الفاظ بعجت کظائم سے مراد وہ سرنگیں ہیں جو پہاڑوں کو کھود کر مکہ شہر میں کثیر تعداد میں بنائی گئی ہیں اور زمین کے نیچے بڑے بڑے پائپ آبِ زم زم کے لیے بچھائے گئے ہیں۔

[1] المصنف لابن أبي شيبة: 15/48، وأخبار مكة لأزرقي، وله عدة طرق، وهو خبر جيد.

129- امت کے آخری لوگوں کا پہلوں پر لعنت کرنا

آخری زمانے میں بدعات بہت ہو جائیں گی اور بعد میں آنے والے پہلے لوگوں سے نفرت کریں گے۔ بعض لوگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی فضیلت اور بلند مقام کو بھول جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جو مدح وثنا بیان فرمائی ہے، اس سے غافل ہو جائیں گے یا تغافل سے کام لیں گے۔ یہی نہیں بلکہ بعد میں آنے والے بعض لوگ امت کے پہلے لوگوں پر لعنت کریں گے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَلْعَنَ آخِرُ الْأُمَّةِ أَوَّلَهَا»

''قیامت قائم نہ ہوگی، جب تک امت کے آخری لوگ پہلوں پر لعنت نہ کریں۔'' [1]

''امت'' سے مراد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔ واللہ اعلم۔

---

[1] المعجم الأوسط للطبراني: 4/69، حديث: 5241.

130۔ نئی سواریاں ...... گاڑیاں

آخری زمانے کی تفصیلات اور اس کی بہت سی ایجادات کا ذکر مختلف احادیث میں موجود ہے یا ان سے ان کے بارے میں اشارہ ضرور سمجھا جاسکتا ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے خبر دی ہے کہ قربِ قیامت میں مارکیٹیں بہت ہو جائیں گی اور زمانہ قریب آجائے گا۔ اس ارشادِ نبوی سے بعض علماء نے یہ اخذ کیا ہے کہ اس میں ان جدید ترین اور مختلف قسم کی گاڑیوں کی طرف اشارہ ہے، جو ہمارے دور میں کثرت سے پائی جاتی ہیں۔ امام البانی رحمہ اللہ نے السلسلة الصحيحة میں اور کئی دیگر علماء نے بھی اسی طرف اشارہ کیا ہے۔

امام ابن حبان نے اپنی صحیح میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی مرفوع روایت ذکر

کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

«سَيَكُونُ فِي آخِرِ أُمَّتِي رِجَالٌ يَرْكَبُونَ عَلَى سُرُوجٍ كَأَشْبَاهِ الرِّحَالِ يَنْزِلُونَ عَلَى أَبْوَابِ الْمَسَاجِدِ، نِسَاؤُهُمْ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ»

''میری امت کے آخری زمانے میں کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو ایسے زینوں پر بیٹھیں گے جو سواریوں کی مانند ہوں گے، وہ مساجد کے دروازوں پر اتریں گے۔ ان کی عورتیں کپڑے پہننے کے باوجود ننگی ہوں گی۔'' [1]

«كأشباه الرحال» رحال رحل کی جمع ہے اور اس کے معنی کجاوے کے ہیں۔ اس میں جدید سواریوں کی طرف اشارہ ہے۔ جنھیں اللہ کے رسول ﷺ نے نہیں دیکھا تھا۔ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اس سے مراد آج کل کی گاڑیاں ہیں۔ واللہ اعلم

[1] مسند أحمد: 223/2، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 411/6، حديث: 2683.

131۔ امام مہدی کا ظہور

اگرچہ آخری زمانے میں شر وفساد کی کثرت ہوگی۔ ظلم بہت پھیل جائے گا۔ طاقتور کمزور کا حق کھا جائے گا۔ برے لوگوں کا معاشرے میں غلبہ اور کنٹرول ہوگا۔ مگر اس سب کچھ کے باوجود مسلمان ایک ایسی صبح جدید کے طلوع کے منتظر رہیں گے جو زمین پر پھیلے ہوئے ظلم وستم کا خاتمہ کردے گی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ امام محمد بن عبد اللہ حسنی، علوی، مہدی کے ظہور کا فیصلہ فرمائے گا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ

- مہدی کون ہوگا؟
- اس کے ظہور کا سبب کیا ہوگا؟
- وہ کہاں سے ظاہر ہوگا؟
- کیا وہ اس وقت دنیا میں موجود ہے؟
- اس کا کام کیا ہوگا؟

✿ اس کے پیروکار کون ہوں گے؟

اس کے علاوہ بھی بہت سے ایسے سوالات ہیں جو لفظ ''مہدی'' کے سنتے ہی ذہنِ انسانی میں پیدا ہونے لگتے ہیں۔ان سوالات کے جوابات ہم آئندہ صفحات میں قدرے وضاحت اور اختصار کے ساتھ ذکر کریں گے۔

نام ونسب

مہدی کا نام محمد بن عبد اللہ حسنی علوی ہوگا جو نبی کریم ﷺ کے اہل بیت میں سے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی اولاد میں سے ہوگا۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

«لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ فِيهِ رَجُلًا مِنِّي أَوْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي وَاسْمُ أَبِيهِ اسْمُ أَبِي»

''اگر دنیا کا ایک روز بھی باقی ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس دن کو طویل کر دے گا حتی کہ اس میں ایک ایسے شخص کو مبعوث فرمائے گا جو مجھ سے ہو گا یا آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو میرے اہل بیت میں سے ہوگا۔ اس کا نام

میرے نام اور اس کے والد کا نام میرے والد کے نام کے مطابق ہوگا۔" [1]

مہدی کے ظہور کا سبب

آخری زمانے میں جب فساد بہت بڑھ جائے گا، برائیوں کی کثرت ہو جائے گی، ظلم پھیل جائے گا اور عدل مفقود ہو جائے گا تو ان حالات میں ایک نیک شخص ظاہر ہوگا جس کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ اس امت کے حالات کی اصلاح فرما دے گا۔ اس شخص کو اہل سنت مہدی کے نام سے پہچانتے ہیں۔ اس کے پیروکار جمع ہو جائیں گے اور وہ بہت سے معرکوں میں مومنین کی قیادت کرے گا۔ وہ صرف مذہبی پیشوا ہی نہیں قائد اور حاکم بھی ہوگا۔

مہدی کی صفات

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
"مہدی مجھ سے ہوگا۔" یعنی میری نسل سے ہوگا۔ یہ تو اس کا نسب ہوا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی جسمانی صفات بیان کیں اور فرمایا:

«أَجْلَى الْجَبْهَةِ، أَقْنَى الْأَنْفِ، يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَ عَدْلًا، كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّ جَوْرًا، وَ يَمْلِكُ سَبْعَ سِنِينَ»

"وہ چوڑی پیشانی اور لمبی ناک والا ہوگا۔ وہ زمین کو عدل وانصاف سے اسی

---

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2230، و سنن أبي داود، المهدي، حديث: 4282، وصححه شيخ الإسلام ابن تيمية في منهاج السنة: 211/4.

طرح بھر دے گا جیسے وہ ظلم وجور سے بھری ہوئی تھی۔ اس کی حکومت سات برس تک رہے گی۔“ [1]

«أجلی الجبهة» یعنی اس کے سر کے اگلے حصے کے بال کم ہوں گے یا اس کے معنی یہ ہیں کہ اس کی پیشانی کشادہ ہوگی۔ «أقنی الأنف» یعنی اس کی ناک لمبی اور پتلی ہوگی۔ اس کی ناک درمیان سے اونچی ہوگی، یعنی چپٹی ناک والا نہ ہوگا۔

اس کے عرصۂ حکومت کے بارے میں تفصیل آگے آئے گی۔

اس کا نام نبی کریم ﷺ کے نام کی طرح ہوگا اور اس کے والد کا نام نبی کریم ﷺ کے والد کے نام کی طرح ہوگا۔ یعنی اس کا نام محمد بن عبداللہ ہوگا اور وہ نبی اکرم ﷺ کے آلِ بیت میں سے ہوں گے (حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی نسل سے ہوں گے۔)

مہدی کے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی نسل سے ہونے میں حکمت

حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے والد گرامی سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حکومت سنبھالی تھی، لہٰذا اس وقت کے حالات میں مسلمانوں کے دو خلیفہ بن گئے تھے۔ عراق وحجاز وغیرہ میں حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما اور شام اور اس کے قرب وجوار میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔

چھ ماہ کی حکمرانی کے بعد سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے بغیر کسی دنیوی معاوضے کے

[1] سنن أبي داود، المهدي، حديث 4285، وإسناده حسن.

محض اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر حکومت سے علیحدگی اختیار کر لی اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں دست بردار ہو گئے تا کہ مسلمانوں میں اتفاق واتحاد پیدا ہو جائے ان سب کا حکمران ایک ہی شخص ہو اور ان کے درمیان خونریزی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس عمل میں برکت ڈالی اور انھیں اس کا اچھا بدلہ دیا۔ جو کوئی بھی اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی چیز کو چھوڑ دیتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو یا اس کی اولاد کو اس سے افضل چیز عطا کر دیتا ہے۔[1]

مہدی کی حکمرانی کی مدت

مہدی سات برس تک مسلمانوں کے حکمران رہیں گے اور وہ اس دوران زمین کو عدل وانصاف سے اسی طرح بھر دیں گے جس طرح کہ وہ ظلم وزیادتی سے بھری ہوئی تھی۔

[1] المنار المنیف لابن القیم، ص:151.

ان کے عہد میں امت بہت خوش حال ہوگی۔ زمین اپنی پیداوار بڑھا دے گی۔ آسمان سے خوب بارشیں ہونگی اور وہ لوگوں کو گنے بغیر مال دیں گے۔ اس سلسلے میں کچھ احادیث آگے بیان کی جائیں گی۔

مہدی کا ظہور کہاں سے ہوگا؟

محمد بن عبداللہ حسنی علوی کا ظہور مشرق کی طرف سے ہوگا۔ وہ اپنے ظہور کے وقت اکیلے نہیں ہوں گے بلکہ اللہ تعالیٰ اہل مشرق کے بہت سے لوگوں کے ساتھ ان کی مدد کرے گا، جو حاملینِ دینِ اسلام ہوں گے اور وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کریں گے، جیسا کہ ایک حدیث میں بیان کیا گیا ہے۔

مہدی کے ظہور کا وقت

آخری زمانے میں جب لوگوں کے معاملات دگرگوں ہو جائیں گے، اس وقت خلیفوں کی اولاد میں سے تین افراد کعبہ اور اس کے خزانے پر قبضہ جمانے کے لیے آپس میں جنگ کریں گے۔ ان میں سے ہر ایک بیت اللہ پر قبضہ کرنے کا خواہاں

ہوگا، مگر کوئی بھی کامیاب نہ ہوسکے گا۔ عین اسی وقت مہدی کا شہر مکہ میں ظہور ہوگا اور یہ بات لوگوں میں عام ہوجائے گی۔ کعبہ کے قریب مہدی کی بیعت کی جائے گی جس میں لوگ سمع و طاعت اور ان کی اتباع پر ان کی بیعت کریں گے۔

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَقْتَتِلُ عِنْدَ كَنْزِكُمْ ثَلَاثَةٌ كُلُّهُمْ ابْنُ خَلِيفَةٍ، ثُمَّ لَا يَصِيرُ إِلَى وَاحِدٍ مِنْهُمْ. ثُمَّ تَطْلُعُ الرَّايَاتُ السُّودُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، فَيَقْتُلُونَكُمْ قَتْلًا لَمْ يُقْتَلْهُ قَوْمٌ۔ قَالَ ثَوْبَانُ: ثُمَّ ذَكَرَ شَيْئًا لَا أَحْفَظُهُ۔ فَقَالَ: فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَبَايِعُوهُ وَلَوْ حَبْوًا عَلَى الثَّلْجِ»

”تمھارے (کعبہ کے) خزانے کے پاس تین آدمی آپس میں جنگ کریں گے۔ ان میں سے ہر ایک کسی خلیفہ کا بیٹا ہوگا مگر یہ خزانہ کسی کو بھی

نہیں ملے گا۔ پھر مشرق سے کالے جھنڈے نمودار ہوں گے۔ وہ تم کو ایسے طریقے سے قتل کریں گے کہ جس کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی۔ ثوبان کہتے ہیں: پھر آپ ﷺ نے کوئی بات فرمائی جو مجھے یاد نہیں رہی، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم اس (مہدی) کو دیکھو تو اس کی بیعت کرلو خواہ تمھیں برف پر گھٹنوں کے بل گھسٹ گھسٹ کر جانا پڑے۔''[1]

حدیث کی تشریح

«كلهم ابن خليفة» یعنی وہ تین اشخاص جو جنگ کریں گے اور ہر ایک کے پیروکار بھی اس کے ہمراہ ہوں گے۔ان میں سے ہر شخص کا باپ بادشاہ ہوگا اور وہ اپنے والد کی طرح حکومت حاصل کرنے کا خواہشمند ہوگا۔ «كنزكم» کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد کعبہ کا خزانہ ہے جو سونے اور خزانوں کی شکل میں ہے اور بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کعبہ کے نیچے مدفون ہے۔ایک قول یہ بھی ہے کہ اس سے مراد حکومت اور خلافت ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے مراد دریائے فرات کا خزانہ ہے، یعنی سونے کا وہ پہاڑ جو دریائے فرات میں ظاہر ہوگا۔[2]

[1] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4084، وقال ابن كثير (في النهاية، ص: 26): تفرد به ابن ماجه وهذا إسناد قوي صحيح . قال البوصيري (في زوائده:1442): هذا إسناد صحيح، رجاله ثقات، و المستدرك للحاكم: 463/4، وقال: صحيح على شرط الشيخين وضعّف الحديث آخرون كأحمد والذهبي في الميزان وحكم عليه ابن الجوزي بالوضع. [2] اس کا ذکر علامات صغریٰ میں علامت نمبر:96 میں گزر چکا ہے۔

ایک سوال اور اس کا جواب

ان دونوں باتوں میں تطبیق کیسے ہوگی کہ مہدی مکہ میں ظاہر ہوگا اور ساتھ ہی یہ بھی کہا گیا ہے کہ سیاہ جھنڈے مشرق خراسان کی طرف سے آئیں گے؟ اس میں کیا حکمت ہے کہ مہدی کے جھنڈے سیاہ رنگ کے ہوں گے؟

جواب: علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"مہدی کی تائید کے لیے مشرق سے کچھ لوگ آئیں گے جو اس کی مدد کریں گے، اس کی سلطنت قائم کریں گے اور اس کے ہاتھ مضبوط کریں گے۔ ان کے جھنڈوں کا رنگ کالا ہوگا۔ کیونکہ اس رنگ میں رعب و وقار پایا جاتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا بھی میدان جنگ میں سیاہ ہوتا تھا جسے "عُقاب" کہا جاتا تھا۔" [1]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَخْرُجُ فِي آخِرِ أُمَّتِي الْمَهْدِيُّ يَسْقِيهِ اللّٰهُ الْغَيْثَ وَ تُخْرِجُ الْأَرْضُ نَبَاتَهَا، وَ يُعْطِي الْمَالَ صِحَاحًا، وَ تَكْثُرُ الْمَاشِيَةُ وَ تَعْظُمُ الْأُمَّةُ، يَعِيشُ سَبْعًا أَوْ ثَمَانِيًا»

"میری امت کے آخری زمانے میں مہدی کا ظہور ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس کے دور میں خوب بارشیں برسائے

[1] النهاية في الفتن والملاحم، ص:27.

گا۔ زمین خوب اپنی پیداوار نکالے گی۔ وہ لوگوں میں برابری کی بنیاد پر مال تقسیم کرے گا۔ مال مویشی کی کثرت ہو جائے گی اور امتِ اسلام عظیم امت بن جائے گی۔ وہ سات یا آٹھ برس زندہ رہے گا۔'' [1]

اور ایک روایت میں ہے:

''پھر اس کے چلے جانے کے بعد زندگی میں کوئی خیر وبھلائی نہ رہے گی۔'' [2]

روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مہدی کی وفات کے بعد ایک بار پھر شر وفساد اور عظیم فتنے سر اٹھالیں گے۔

علامہ ابن باز رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''ظہورِ مہدی کا معاملہ مشہور ومعروف ہے اور اس سے متعلق روایات مستفیض بلکہ متواتر ہیں جو ایک دوسری کی تائید اور تقویت کا باعث ہیں۔ بہت سے اہل علم نے ان کے تواتر کا ذکر کیا ہے۔ان روایات کا تواتر معنوی ہے، اس لیے کہ ان کی

---

[1] المستدرك للحاكم: 558/4، بسند صحيح. [2] مسند أحمد: 37/3، وسنده ضعيف.

سند کے طرق بہت زیادہ ہیں۔ اور یہ مختلف اسناد سے، مختلف رواۃ سے اور بہت سے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے متنوع الفاظ کے ساتھ مروی ہیں۔ واقعی یہ روایات اس بات پر دلالت کناں ہیں کہ مہدی کا ظہور شرعی دلائل سے ثابت ہے اور اس کا آنا برحق ہے۔ اس کا نام محمد بن عبداللہ علوی حسنی ہوگا اور وہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی اولاد سے ہوگا۔ آخری زمانے میں اس امام کی تشریف آوری امت کے لیے باعث رحمت ہوگی۔ وہ جب آئے گا تو عدل وانصاف قائم کرے گا اور ظلم و جور کا سدباب کرے گا۔ اللہ تعالیٰ مہدی کے ذریعے اس امت کو عدل، ہدایت، توفیق اور لوگوں کی رہنمائی کی نعمتوں سے نوازے گا۔[1]

مہدی کے بارے میں وارد احادیث

مہدی کے ظہور کے بارے میں بہت سی صحیح احادیث موجود ہیں اور یہ احادیث دو قسم کی ہیں:

پہلی قسم: وہ احادیث جن میں مہدی کا ذکر پوری وضاحت سے موجود ہے۔

دوسری قسم: ان احادیث کی ہے جن میں مہدی کی صرف صفات بیان کی گئی ہیں۔

ہم یہاں ان میں سے بعض احادیث کو ذکر کریں گے۔ یہ احادیث آخری زمانے میں مہدی کے ظہور کو اور انھیں علاماتِ قیامت میں سے ایک علامت ثابت

[1] یہ عبارت فضیلۃ الشیخ عبدالمحسن البدر حفظہ اللہ کی کتاب "الرد علی من کذب بالأحادیث الصحیحة الواردة في المهدي" کے ص: 157-159 سے نقل کی گئی ہے۔

کرنے کے لیے کافی ہیں۔

مہدی کے بارے میں وارد جملہ احادیث کی تعداد پچاس (50) ہے۔ جن میں سے کچھ صحیح ہیں، کچھ حسن اور باقی ایسی ضعیف کہ جن کا ضعف شواہد ومتابعات کے باعث بڑی حد تک کم ہو جاتا ہے۔ اس موضوع پر وارد آثارِ صحابہ کی تعداد اٹھائیس (28) ہے۔

علامہ سفارینی، نواب صدیق حسن خان اور حافظ آبری رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ مہدی کے بارے میں احادیث حدِ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔ ذیل میں کچھ احادیث بیان کی جارہی ہیں:

① حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَخْرُجُ فِي آخِرِ أُمَّتِي الْمَهْدِيُّ، يَسْقِيهِ اللّٰهُ الْغَيْثَ، تُخْرِجُ الْأَرْضُ نَبَاتَهَا، وَ يُعْطِي الْمَالَ صِحَاحًا، وَ تَكْثُرُ الْمَاشِيَةُ وَ تَعْظُمُ الْأُمَّةُ، يَعِيشُ سَبْعًا أَوْ ثَمَانِيًا»

”میری امت کے آخری زمانے میں مہدی کا ظہور ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس کے دور میں نفع مند بارشیں برسائے گا۔ زمین خوب پیداوار نکالے گی۔ وہ لوگوں میں برابری کی بنیاد پر مال تقسیم کرے گا۔ مال مویشی کی کثرت ہو جائے گی اور امتِ اسلام ایک عظیم امت بن جائے گی۔ وہ سات یا آٹھ برس زندہ رہے گا۔“[1]

[1] المستدرك للحاكم: 558,557/4، وقال: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبي.

② حضرت ابو سعید خدری ہی سے ایک اور روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«أُبَشِّرُكُمْ بِالْمَهْدِيِّ، يُبْعَثُ فِي أُمَّتِي عَلَى اخْتِلَافٍ مِنَ النَّاسِ وَ زَلَازِلَ، فَيَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَ عَدْلًا، كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَّ ظُلْمًا، يَرْضٰى عَنْهُ سَاكِنُ السَّمَاءِ وَ سَاكِنُ الْأَرْضِ، يَقْسِمُ الْمَالَ صِحَاحًا، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: مَا صِحَاحًا؟ قَالَ: بِالسَّوِيَّةِ بَيْنَ النَّاسِ»

قَالَ: «وَ يَمْلَأُ اللّٰهُ قُلُوبَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ غِنًى، حَتّٰى يَأْمُرَ مُنَادِيًا فَيُنَادِي فَيَقُولُ: مَنْ لَهُ فِي مَالٍ حَاجَةٌ؟ فَمَا يَقُومُ مِنَ النَّاسِ إِلَّا رَجُلٌ فَيَقُولُ: ائْتِ السَّدَّانَ- يَعْنِي الْخَازِنَ- فَقُلْ لَهُ: إِنَّ الْمَهْدِيَّ يَأْمُرُكَ أَنْ تُعْطِيَنِي مَالًا، فَيَقُولُ لَهُ: أَحْثُ، حَتّٰى إِذَا جَعَلَهُ فِي حِجْرِهِ وَ اتَّزَرَهُ نَدِمَ، فَيَقُولُ: كُنْتُ أَجْشَعَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ نَّفْسًا أَوْ عَجِزَ عَنِّي مَا وَسِعَهُمْ؟ قَالَ: فَيَرُدُّهُ فَلَا يَقْبَلُ مِنْهُ، فَيُقَالُ لَهُ: إِنَّا لَا نَأْخُذُ شَيْئًا أَعْطَيْنَاهُ، فَيَكُونُ كَذٰلِكَ سَبْعَ سِنِينَ أَوْ ثَمَانِ سِنِينَ أَوْ تِسْعَ سِنِينَ، ثُمَّ لَا خَيْرَ فِي الْعَيْشِ بَعْدَهُ، أَوْ قَالَ: ثُمَّ لَا خَيْرَ فِي الْحَيَاةِ بَعْدَهُ»

''میں تمھیں مہدی کی آمد کی خوش خبری دیتا ہوں۔ اس کا ظہور اس وقت ہوگا جب لوگوں میں اختلاف بہت زیادہ ہو جائے گا اور زلزلے کثرت سے آئیں گے۔ وہ زمین کو اسی طرح عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ قبل ازیں ظلم وزیادتی سے بھری ہوئی تھی۔ آسمانوں کے رہنے والے اور زمین کے باسی سب اس سے راضی ہوں گے۔ وہ لوگوں میں

برابری کی بنیاد پر مال تقسیم کرے گا۔ ایک شخص نے سوال کیا: یقسم المال صحاحا کا کیا معنی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مال دینے میں سب لوگوں سے ایک جیسا سلوک کرے گا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ امت محمد کے دلوں کو غنا سے بھر دے گا۔ نوبت یہاں تک جا پہنچے گی کہ مہدی ایک منادی کو حکم دے گا اور وہ یہ اعلان کرے گا کہ لوگو! جس کسی کو مال چاہیے ہم دینے کو تیار ہیں، مگر اس پیشکش کو کوئی قبول نہ کرے گا۔ صرف ایک شخص اٹھے گا۔ مہدی اس سے کہے گا: خزانچی کے پاس جاؤ اور اس سے کہو: مہدی تمھیں حکم دیتا ہے کہ مجھے مال دو۔ خزانچی اس سے کہے گا: اپنے دونوں ہاتھوں سے جتنا اٹھا سکتے ہو، اٹھا لو۔ جب وہ شخص مال اپنی جھولی میں ڈال کر باندھ لے گا تو پشیمان ہو گا۔ اور سوچے گا: افسوس! میں ہی امت محمدیہ میں سب سے زیادہ لالچی انسان ہوں۔ جو چیز ان کے لیے کافی ہوگئی میرا اس سے گزارا کیوں نہ ہو سکا۔ یہ سوچ کر وہ مال واپس کرنا چاہے گا لیکن خزانچی اسے لینے سے انکار کردے گا۔ اس سے کہا جائے گا: ہم ایک بار جو کسی کو دے دیتے ہیں، وہ واپس نہیں لیتے۔ تم یہ مال لے جاؤ۔ یہ صورت حال سات، آٹھ یا نو برس تک جاری رہے گی، پھر مہدی فوت ہو جائے گا اور اس کے جانے کے بعد لوگوں کی زندگی میں کوئی بھلائی باقی نہ رہے گی۔'' [1]

«اُحثُ» کے معنی ہیں کہ گنے بغیر اور حساب کیے بغیر اپنے دونوں ہاتھوں سے جتنا لے سکتے ہو لے لو۔

[1] مسند أحمد: 3/37 ورجاله ثقات، وانظر مجمع الزوائد: 7/180.

③ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«اَلْمَهْدِيُّ مِنَّا أَهْلِ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللّٰهُ فِي لَيْلَةٍ»

''مہدی ہم میں سے ہوگا، اللہ تعالیٰ اس کی ایک ہی رات میں اصلاح فرما دے گا۔'' [1]

«يصلحه الله في ليلة» غالبا اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے خلافت کے لیے تیار کردے گا۔ یعنی اسے اس کے لائق بنا دے گا، اسے توفیق عطا کرے گا، اسے الہام ورہنمائی نصیب فرمائے گا اور اسے قیادت وحکمت کی ایسی صفات عطا فرمائے گا جو اس سے پہلے اس کے پاس جو نہ ہوں گی۔

اس کے ایک معنی یہ بھی بیان کیے گئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہی رات میں یا رات کے کسی لمحے میں ان کے تمام معاملات سدھار دے گا اوران کی شان بڑھا دے گا، وہ اس طرح کہ تمام اہل حل وعقد ایک ہی رات میں ان کی خلافت پر متفق ہو جائیں گے۔ [2]

«يصلحه الله في ليلة» کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ وہ پہلے گمراہ اور گناہ گار ہوگا کہ اچانک ایک ہی رات میں اللہ تعالیٰ اسے ہدایت نصیب فرمادے گا اور وہ لوگوں کی قیادت شروع کردے گا۔ فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مطلب ہرگز نہیں، کیونکہ وہ لوگوں کی قیادت خالص شرعی علم کی بنیاد پر کرے گا، وہ ان کے فیصلے کرے گا اور انھیں

---

[1] مسند أحمد: 84/1، بسند صحيح۔ [2] یہ تشریح ملا علی قاری نے مرقاة المفاتيح (180/5) میں بیان کی ہے۔

فتوے دے گا، ان کے جھگڑے نمٹائے گا اور میدان جنگ میں ان کی قیادت کرے گا۔ اور یہ تمام علوم ایک ہی رات میں صرف وحی الٰہی کے ذریعے ہی جمع ہو سکتے ہیں اور وحی الٰہی اللہ کے انبیاء کے لیے خاص ہے اور یہ بات معلوم ہے کہ مہدی نبی نہیں ہوگا۔

لہٰذا «يصلحه الله في ليلة» کے معنی یہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ ان کو شرح صدر نصیب فرما دے گا کہ احادیث میں جس مہدی کا ذکر آیا ہے اس سے مقصود وہ خود ہی ہیں نیز اللہ تعالیٰ انھیں قیادت کی اعلیٰ صفات عطا فرمائے گا۔

④ ام المؤمنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«اَلْمَهْدِيُّ مِنْ عِتْرَتِي مِنْ وُلْدِ فَاطِمَةَ»

''مہدی میری اولاد سے ہوگا۔ وہ فاطمہ زہراء کی نسل سے ہوگا۔'' [1]

«من عِترتي» یعنی میرے اہل بیت میں سے اور میری اولاد میں سے ہوگا۔ «من ولد فاطمة» یعنی وہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نسل سے ہوگا۔

⑤ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَيَقُولُ أَمِيرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ بِنَا۔ فَيَقُولُ: لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ أَمِيرٌ، لِيُكْرِمَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْأُمَّةَ»

''عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام آسمان سے جب نازل ہوں گے تو مسلمانوں کے امیر (امام مہدی) ان سے کہیں گے کہ تشریف لائیے اور نماز کی امامت

[1] سنن أبي داود، المهدي، حديث: 4284، بسند صحيح.

کروائیے۔ وہ معذرت کریں گے اور فرمائیں گے: اس امت کی امامت اس امت کے لوگوں ہی کو زیبا ہے۔ یہ اس امت پر اللہ کا احسان اور فضل ہے۔'' [1]

اس حدیث کے معنی یہ ہیں کہ دجال امام مہدی کے زمانے میں ظاہر ہوگا، پھر جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسے قتل کرنے کے لیے نازل ہوں گے تو امام مہدی ہی مسلمانوں کے قائد ہوں گے، چنانچہ خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور بقیہ تمام مومن بھی امام مہدی کی امامت میں نماز ادا کریں گے۔

⑥ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مِنَّا الَّذِي يُصَلِّي عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ خَلْفَهُ»

''جس امام کی اقتداء میں عیسیٰ علیہ السلام نماز ادا کریں گے وہ ہم میں سے ہوگا۔'' [2]

یہاں مقصود کلام یہ ہے کہ امام مہدی نماز پڑھائیں گے اور مقتدیوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی شامل ہوں گے۔

⑦ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ فِيهِ رَجُلًا مِنِّي أَوْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي وَ اسْمُ أَبِيهِ اسْمُ أَبِي»

''اگر دنیا کی بقا کا ایک روز بھی باقی ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس دن کو طویل کر

[1] مسند أحمد: 345/3، و صحيح مسلم، الإيمان، حديث: 156. [2] رواه أبو نعيم في كتاب المهدي، وذكره المناوي في فيض القدير: 486/6.

دے گا حتی کہ اس میں اللہ تعالیٰ ایک شخص کو مبعوث فرمائے گا جو مجھ سے ہوگا یا آپ نے یہ فرمایا کہ جو میرے اہل بیت میں سے ہوگا۔ اس کا نام میرے نام جیسا اور اس کے والد کا نام میرے والد کے نام جیسا ہوگا۔"[1]

اس کا نام "محمد بن عبد اللہ" ہوگا۔ اس حدیث میں شیعہ کے موقف کا واضح رد ہے جن کا دعویٰ ہے کہ مہدی کا نام محمد بن حسن عسکری ہوگا۔ «یَبعث» کا معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے ظاہر کرے گا۔

اس حدیث کے ایک دوسرے راوی "فطر" کی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ ہے:

«لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا يَوْمٌ لَبَعَثَ اللّٰهُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يَمْلَؤُهَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا»

"اگر دنیا کا ایک دن بھی باقی رہ جائے گا تو اس میں اللہ تعالیٰ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص کو ظاہر کرے گا جو زمین کو اسی طرح عدل سے بھر دے گا جس طرح وہ پہلے ظلم وجور سے بھری ہوئی تھی۔"[2]

اور ایک روایت کے الفاظ اس طرح ہیں:

«لَا تَذْهَبُ- أَوْ لَا تَنْقَضِي- الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي»

"دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی جب تک میرے اہل بیت میں سے ایک

---

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2230، و سنن أبي داود، المهدي، حديث: 4282، وهو صحيح. [2] سنن أبي داود، المهدي، حديث: 4283.

شخص عربوں کا حکمران نہ بن جائے۔ اس کا نام میرے نام جیسا ہوگا۔‘‘ [1]

«حتی یملك العرب» کے معنی ہیں کہ وہ عام مسلمانوں کا بادشاہ ہوگا چاہے وہ عرب ہوں یا عجم۔

یہاں خصوصاً عربوں کا ذکر اس لیے کیا گیا ہے کہ اس کی حکومت کا آغاز عربوں سے ہوگا۔ وہ مکہ اور مدینہ میں ظاہر ہوگا۔ وہاں کے عرب اس کی اتباع کریں اور پھر دیگر تمام مسلمان بھی اس کی اتباع کرلیں گے۔

ایک اعتبار سے ہر ایسے مسلم کو عربی کہا جا سکتا ہے جو قرآن کی تلاوت کرتا اور عربی زبان جانتا ہو۔ [2]

⑧ حضرت زر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰی يَلِيَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِىءُ اسْمُهُ اسْمِي»

’’قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک میرے اہل بیت میں سے ایک شخص والی نہ بن جائے جو میرا ہم نام ہوگا۔‘‘ [3]

⑨ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا يَوْمٌ لَبَعَثَ اللّٰهُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَيْتِي

---

[1] سنن أبي داود، المهدي، حديث: 4282، وهو حديث حسن صحيح، وانظر: تحفة الأحوذي: 486/6. [2] مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح: 179/5. [3] مسند أحمد: 376/1، بسند صحيح.

يَمْلَؤُهَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا»

''اگر دنیا کا ایک دن بھی باقی رہ جائے تو اس میں اللہ تعالیٰ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص کو ظاہر کرے گا جو زمین کو اسی طرح عدل سے بھر دے گا جس طرح وہ پہلے ظلم وجور سے بھر دی گئی تھی۔'' [1]

اور ایک روایت کے الفاظ اس طرح سے ہیں:

«لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ لَبَعَثَ اللّٰهُ رَجُلًا مِنَّا يَمْلَؤُهَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا»

''اگر دنیا کا ایک دن بھی باقی رہ جائے تو اس میں اللہ تعالیٰ ہم میں سے ایک شخص کو ظاہر کرے گا جو زمین کو اسی طرح عدل سے بھر دے گا جس طرح وہ پہلے ظلم وجور سے بھری ہوئی تھی۔'' [2]

یہ تمام احادیث محمد بن عبد اللہ مہدی کے بارے میں بہت واضح دلیل ہیں۔ ان میں اس کے نام اور صفات کا بھی ذکر موجود ہے۔

وہ احادیث جن کے مہدی کے بارے میں ہونے کا احتمال ہے

⑩ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يُوشِكُ أَهْلُ الْعِرَاقِ أَنْ لَا يَجِيءَ إِلَيْهِمْ قَفِيزٌ وَلَا دِرْهَمٌ. قُلْنَا: مِنْ أَيْنَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ قِبَلِ الْعَجَمِ، يَمْنَعُونَ ذٰلِكَ»

[1] سنن أبي داود، المهدي، حديث: 4283، وسنده قوي. [2] مسند أحمد: 1/99.

”قریب ہے کہ عراق والوں کو غلہ اور نقدی آنا بند ہو جائیں۔ ہم نے پوچھا: یہ کیسے ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ پابندی عجم کی طرف سے ہوگی، وہ انھیں ان سے محروم کر دیں گے۔“

«قفیز» اہل عراق کے ماپنے کا پیمانہ ہے جیسے ہمارے: کلو اورٹن ہیں۔ «درھم» چاندی کا وہ سکہ جو زمانۂ قدیم سے رائج تھا۔ «من قبل العجم» عجم کے لفظ کا اطلاق ان لوگوں پر ہوتا ہے جو غیر عربی ہوں خواہ وہ عربی بولتے ہوں یا نہ بولتے ہوں۔

پھر آپ ﷺ نے فرمایا:

«يُوشِكُ أَهْلُ الشَّامِ أَنْ لَّا يَجِيءَ إِلَيْهِمْ دِينَارٌ وَّلَا مُدْيٌ. قُلْنَا: مِنْ أَيْنَ ذٰلِكَ؟ قَالَ مِنْ قِبَلِ الرُّومِ»

”قریب ہے کہ شام والوں کے پاس دینار اور غلہ آنا بند ہو جائیں۔ ہم نے سوال کیا: یہ کیسے ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ رومیوں کی جانب سے ہوگا۔“

«دینار» سونے کا ایک سکہ۔ «مدي» اہل شام کے ناپنے کا پیمانہ ہے، پھر تھوڑی دیر خاموش رہنے کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا:

«يَكُونُ فِي آخِرِ أُمَّتِي خَلِيفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا، وَلَا يَعُدُّهُ عَدًّا»

''میری امت کے آخری زمانے میں ایک خلیفہ ایسا ہوگا جو جھولیاں بھر بھر کر گنے بغیر لوگوں کو مال دے گا۔''

حدیث کے راوی جریری کہتے ہیں: میں نے ابونضرہ اور ابوالعلاء سے کہا: تمہارا کیا خیال ہے، کیا وہ خلیفہ عمر بن عبدالعزیز نہیں تھے؟ انھوں نے کہا: نہیں۔[1]

سابقہ احادیث کی روشنی میں یہ خلیفہ مہدی ہی ہیں جن میں ان کا نام لے کر وضاحت کی گئی ہے۔ چونکہ ان کے عہد میں اموال غنیمت اور فتوحات کی کثرت ہوگی۔ وہ بے پناہ سخی بھی ہوں گے اور لوگوں پر ہر قسم کی بھلائیاں نچھاور کریں گے۔

(11) ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات سو رہے تھے کہ نیند میں آپ کے بدن مبارک نے کچھ حرکت کی۔ ہم نے عرض کی: اللہ کے رسول! آج آپ نے نیند کے عالم میں کچھ ایسا کیا ہے جو پہلے نہیں کیا کرتے تھے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں نے ایک عجیب معاملہ دیکھا۔ میری امت کے کچھ لوگ کعبہ کی طرف بڑھ رہے تھے، وہ قریش کے ایک شخص کو مارنا چاہتے تھے جو کعبہ میں پناہ لیے ہوئے تھا۔ جب وہ ایک کھلے صحراء میں تھے تو ان سب کو دھنسا دیا گیا۔ یعنی زمین پھٹ گئی اور اس نے انھیں اپنے پیٹ میں نگل لیا۔'' ہم نے عرض کی: اللہ کے رسول! راستے میں تو ہر قسم کے لوگ جمع ہو جاتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

1 صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2913.

«نَعَمْ، فِيهِمُ الْمُسْتَبْصِرُ، وَالْمَجْبُورُ، وَابْنُ السَّبِيلِ، يَهْلِكُونَ مَهْلَكًا وَاحِدًا وَيَصْدُرُونَ مَصَادِرَ شَتَّى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ»

''ہاں، ان میں جان بوجھ کر شامل ہونے والے، مجبور کر کے لائے جانے والے اور مسافر سب ہوں گے لیکن یہ سب لوگ ایک ہی دفعہ ہلاک کر دیے جائیں گے، البتہ روزِ قیامت ہر ایک کو اللہ تعالیٰ اس کی نیت کے مطابق اٹھائے گا۔'' [1]

«المستبصر» ایسا شخص جو اپنے سفر کے مقصد کو اچھی طرح جانتا اور پہچانتا ہو۔

«المجبور» ایسا شخص جسے اس کی مرضی کے بغیر زبردستی مجبور کیا گیا ہو۔

مقصود کلام یہ ہے کہ اس لشکر کے تمام افراد کو بیک وقت ہلاک کر دیا جائے گا اور یہ سب ایک ساتھ زمین میں دھنسا دیے جائیں گے۔ ہاں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے مقامات و احوال مختلف ہوں گے۔ ان میں سے کچھ لوگ اپنے اعمال اور اپنی نیتوں کے مطابق جنت میں جائیں گے اور کچھ جہنم رسید ہوں گے۔

(12) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يُبَايَعُ لِرَجُلٍ مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، وَلَنْ يَسْتَحِلَّ الْبَيْتَ إِلَّا أَهْلُهُ، فَإِذَا اسْتَحَلُّوهُ فَلَا تَسْأَلْ عَنْ هَلَكَةِ الْعَرَبِ، ثُمَّ تَأْتِي الْحَبَشَةُ فَيُخَرِّبُونَهُ خَرَابًا لَا يُعْمَرُ بَعْدَهُ أَبَدًا، وَهُمُ الَّذِينَ يَسْتَخْرِجُونَ كَنْزَهُ»

''ایک شخص کی حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان بیعت کی جائے گی۔

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2884.

اس گھر کی حرمت اس کے رہنے والے ہی پامال کریں گے۔ اور جب وہ اس کی حرمت کو پامال کردیں گے تو پھر عربوں کی ہلاکت اور بربادی کے بارے میں مت پوچھو، پھر حبشی آئیں گے جو کعبہ کو تباہ وبرباد کردیں گے اور اس تباہی کے بعد پھر اللہ کا یہ گھر کبھی آباد نہ ہوسکے گا۔ یہی لوگ ہوں گے جو اس کا خزانہ بھی نکال کرلے جائیں گے۔'' [1]

(13) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

«كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ»

''تم اس وقت کس حال میں ہوگے جب تم میں ابن مریم نازل ہوں گے اور تمھارا امام تمھی میں سے ہوگا۔'' [2]

یہاں امام سے مراد مہدی محمد بن عبد اللہ ہیں اور اس سلسلے میں واضح دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث ہے، جو قبل ازیں نمبر: 5 کے تحت بیان کی جاچکی ہے۔

(14) حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَيَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، فَيَقُولُ أَمِيرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا،

[1] مسند أحمد: 312/2، بسند صحيح. بیت اللہ کو حلال کرنے کا معنی اور کعبہ کو گرانے کا واقعہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ دیکھیے علامت نمبر: 126۔ [2] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث: 3449، وصحيح مسلم، الإيمان، حديث: 155.

فَیَقُولُ: لَا، إِنَّ بَعْضَکُمْ عَلٰی بَعْضٍ أُمَرَاءُ تَکْرِمَةَ اللّٰهِ هٰذِهِ الْأُمَّةَ»

''قیامت کے قائم ہونے تک میری امت میں ایک گروہ حق کے لیے لڑائی کرتا رہے گا اور دشمن پر غالب رہے گا۔ پھر عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نازل ہوں گے تو مسلمانوں کا امیر (مہدی) کہے گا: تشریف لائیے اور نماز میں ہماری امامت فرمائیے۔ عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: نہیں! تمھارے بعض، بعض کے لیے امراء ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس امت [1] کو یہ عزت بخشی ہے۔'' [2]

فائدہ: عیسیٰ علیہ السلام کے امام مہدی کے پیچھے نماز پڑھنے کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مہدی عیسیٰ علیہ السلام سے افضل ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنی آخری بیماری میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی تھی۔ [3] اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی امامت میں بھی ایک دفعہ آپ نے نماز ادا فرمائی تھی۔ [4] عیسیٰ علیہ السلام اس لیے مہدی کے پیچھے نماز ادا کریں گے تاکہ وہ تمام لوگوں پر واضح کر دیں کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے متبع بن کر تشریف لائے ہیں اور انھی کی شریعت کے مطابق فیصلے کریں گے۔ بعد میں مہدی عیسیٰ علیہ السلام کی اقتداء کریں گے اور ان کے لشکر کے ایک سپاہی کی حیثیت سے خدمات انجام دیں گے۔

---

[1] اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ کو یہ عزت عطا فرمائی ہے کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام اس امت کے ایک فرد کے پیچھے نماز ادا فرمائیں گے۔ [2] مسند أحمد: 345/3، وصحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 156. [3] جامع الترمذي، الصلاة، حدیث: 362، وهو حدیث صحیح. [4] رواه الشافعي في مسنده، و صحیح مسلم، الطهارة، حدیث: 274.

⑮ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں اپنے والد کے ہمراہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

«إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ لَا يَنْقَضِي حَتّٰى يَمْضِيَ فِيهِمُ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً. قَالَ: ثُمَّ تَكَلَّمَ بِكَلَامٍ خَفِيٍّ عَلَيَّ، فَقُلْتُ لِأَبِي: مَا قَالَ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ»

”یہ کام اس وقت تک ختم نہ ہوگا جب تک ان میں بارہ خلیفے نہ ہو گزریں۔ جابر کہتے ہیں: پھر آپ ﷺ نے کوئی بات فرمائی جو میں نہ سن سکا۔ میں نے والد صاحب سے پوچھا: آپ ﷺ کیا فرما رہے تھے؟ انھوں نے بتایا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: سب خلفاء قریش میں سے ہوں گے۔“ [1]

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

”یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ امت میں بارہ عادل خلفاء ضرور ہوں گے مگر خیال رہے کہ اس سے مراد شیعہ کے بارہ امام ہرگز نہیں ہیں، اس لیے کہ ان اماموں میں سے اکثریت کو کبھی حکومت میں آنے کا موقع ہی نہیں ملا۔ یہ تمام خلفاء قریش میں سے ہوں گے، حکمران ہوں گے اور عادل ہوں گے۔“ [2]

⑯ ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

[1] صحیح مسلم، الإمارة، حدیث: 1821. [2] تفسیر ابن کثیر، النور 24:55.

لَيَؤُمَّنَّ هٰذَا الْبَيْتَ جَيْشٌ يَغْزُونَهُ حَتّٰى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ يُخْسَفُ بِأَوْسَطِهِمْ، وَيُنَادِي أَوَّلُهُمْ آخِرَهُمْ، ثُمَّ يُخْسَفُ بِهِمْ، فَلَا يَبْقٰى إِلَّا الشَّرِيدُ الَّذِي يُخْبِرُ عَنْهُمْ»

''ایک لشکر لڑائی کے ارادے سے اس گھر کا قصد کرے گا حتی کہ جب وہ ایک کھلے صحراء میں ہوں گے تو ان کے درمیان والے لوگوں کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ ان کے شروع والے لوگ آخر والوں کو پکاریں گے، پھر ان سب کو ایک ساتھ زمین میں دھنسا دیا جائے گا حتی کہ ان میں سے کوئی بھی نہیں بچے گا سوائے اس بھاگے ہوئے شخص کے جو ان کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کرے گا۔'' [1]

«الشرید» یعنی اس لشکر میں سے صرف ایک شخص باقی رہ جائے گا جو زمین میں دھنسنے سے بچے گا اور لوگوں کو اس لشکر کے بارے میں خبر دے گا۔

(17) ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایک خلیفہ کی موت کے وقت امت میں اختلاف پیدا ہوگا۔ اس موقع پر ایک شخص مدینہ سے (فتنے کے ڈر سے) بھاگ کر مکہ مکرمہ پہنچے گا۔ مکہ کے کچھ لوگ اس کے پاس آئیں گے وہ اسے گھر سے نکلنے کو کہیں گے مگر وہ (امارت کو) ناپسند کرے گا۔ لوگ حجر اسود اور مقام

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2883.

ابراہیم کے درمیان اس کی بیعت کرلیں گے۔اس کے خلاف لڑنے کے لیے اہل شام کی طرف سے ایک لشکر بھیجا جائے گا۔ وہ لشکر جب مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک صحراء میں ہو گا تو اسے زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔جب لوگ لشکر کا یہ حشر دیکھیں گے تو شام کے اولیائے کرام اور عبادت گزار لوگ اور عراق کے منتخب اور نیک لوگ اس کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان اس کی بیعت کرلیں گے۔ پھر قریش میں سے ایک شخص جو بنو کلب والوں کا بھانجا ہوگا (مہدی کے خلاف) اٹھے گا۔وہ مہدی کے حامیوں کی طرف ایک لشکر ارسال کرے گا مگر مہدی کے ساتھی اس پر غالب آجائیں گے۔یہ بنو کلب کا لشکر ہوگا۔ جو شخص بھی بنو کلب کے اموالِ غنیمت کی تقسیم کے وقت حاضر نہ ہوگا، وہ خسارے میں رہے گا۔وہ (مہدی) مال تقسیم کرے گا اور لوگوں کے ساتھ اپنے نبی ﷺ کی سنت کے مطابق معاملہ کرے گا۔ اس دوران اسلام زمین میں مضبوطی اور استقرار حاصل کرلے گا۔ اس کی حکومت سات برس رہے گی، پھر وہ وفات پا جائے گا اور مسلمان اس کی نمازِ جنازہ ادا کریں گے اور ایک

روایت کے مطابق وہ نو برس تک رہے گا۔ [1]

مہدی کے بارے میں احادیث ثابت ہیں، ان میں کسی قسم کا کوئی شک وشبہ نہیں۔ ان احادیث کو روایت کرنے والے صحابہ کی تعداد تیس ہے۔ ائمۂ حدیث اور مصنفین نے ان کو اپنی سنن اور مسانید میں ذکر کیا ہے۔علماء نے ان روایات سے استدلال کیا ہے حتی کہ عقائد اہل سنت میں ظہور مہدی کا عقیدہ ایک متفق علیہ امر بن گیا ہے۔ ائمۂ حدیث کی ایک جماعت نے مہدی کے متعلق احادیث کے بارے میں ذکر کیا ہے کہ یہ متواتر ہیں، جیسا کہ علامہ سفارینی نے لوامع الأنوار البهية: (80/2) میں، امام شوکانی نے الإذاعة لأشراط الساعة (صفحہ: 114) میں اور نواب صدیق حسن خان نے الاذاعة (ص: 115) میں ذکر کیا ہے۔

[1] سنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4286، بسند لا بأس به، وتدعمه الكثير من الأحاديث الصحيحة الأخرى.

مہدی ہونے کے دعویداروں پر ایک نظر

جب ہم تاریخ پر غوروفکر کرتے ہیں، مختلف ادوار کا مطالعہ کرتے ہیں اور مسلمانوں کے باہمی اختلاف اور حکمرانوں کے ظلم و جور پر نگاہ ڈالتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ ماضی میں بہت سے لوگوں نے مہدی ہونے کا دعوی کیااور کئی لوگوں نے ان کے اس دعوے کی تصدیق بھی کی۔ان میں سے بعض درج ذیل ہیں:

① روافض (شیعہ) کا عقیدہ ہے کہ وہ مہدی کے منتظر ہیں۔ وہ ان کا بارھواں امام ہے۔ ان کے نزدیک اس کا نام محمد بن حسن عسکری ہے۔ شیعہ کہتے ہیں کہ وہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی اولاد سے نہیں بلکہ حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی اولاد سے ہے۔

ان کا عقیدہ ہے کہ یہ امام ایک ہزار برس سے زیادہ عرصہ قبل سن دو سو ساٹھ (260) ہجری میں سامرّاء کے ایک غار میں داخل ہوا تھا۔جب وہ اس غار میں داخل ہوا تو اس کی عمر پانچ برس تھی۔

❋ وہ اس وقت سے اس غار میں زندہ ہے، اسے موت نہیں آئی اور وہ آخری زمانے میں اسی غار سے باہر نکلے گا۔

❊ یہ امام ہر جگہ حاضر وناظر ہے۔ وہ لوگوں کے حالات سے آگاہ ہے مگر ان کی نگاہوں سے غائب ہے اور اسے دیکھا نہیں جا سکتا۔

❊ یاد رہے! ان کے یہ عقائد سراسر بے وقوفی اور جہالت پر مبنی ہیں، کسی دلیل وبرہان اور عقل واستدلال سے اس کی تائید نہیں ہوتی۔ پھر یہ عقیدہ انسانوں کے بارے میں اللہ کی سنت کے بھی خلاف ہے، اللہ تعالیٰ کے انبیاء ورسل جو اس کی مخلوق میں سے افضل ترین انسان ہیں، انھیں تو اللہ تعالیٰ فوت کر دے اور شیعوں کے مہدی کو ہزار برس سے زیادہ عرصے سے زندہ رکھے، یہ کیسے ممکن ہے؟

پھر سوچنے کی بات یہ ہے کہ اگر وہ زندہ ہے تو اس طویل مدت تک اس کے غائب ہونے اور چھپنے کی ضرورت کیا ہے؟ وہ باہر نکل کر لوگوں کے درمیان امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام کیوں نہیں دیتا، حالانکہ امت کو آج کے حالات میں اس کی شدید ضرورت ہے؟

امام ابن کثیر رحمہ اللہ احادیث میں وارد مہدی محمد بن عبداللہ کے بارے میں فرماتے ہیں:

''اہل سنت کا مہدی بلادِ مشرق سے ظاہر ہوگا نہ کہ سامرّاء کے غار سے جیسا کہ جاہل شیعوں کا عقیدہ ہے کہ وہ آج بھی اس غار میں موجود ہے۔ وہ آخری زمانے میں اس کے خروج کا انتظار کر رہے ہیں۔ یہ محض حماقت اور

سامراء کی سرنگ

شیطان کی طرف سے شدید گمراہی اور دھوکہ دہی ہے۔ اس عقیدے کی کوئی دلیل نہیں، نہ قرآن وسنت سے، نہ عقل صحیح سے اور نہ استحسان سے۔[1]

② عبداللہ بن سبا نے دعوی کیا تھا کہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ مہدی منتظر ہیں اور اس کا خیال تھا کہ وہ دنیا میں واپس آئیں گے۔

③ مختار بن عبید ثقفی نے دعوی کیا کہ محمد بن الحنفیہ جو سن (81) ہجری میں وفات پا گئے تھے، وہ مہدی منتظَر ہیں۔ محمد بن الحنفیہ کا نام محمد بن علی بن ابی طالب ہے۔ انھیں ابن الحنفیہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ ان کی والدہ خولہ بنت جعفر کا تعلق بنو حنیفہ کے قبیلے سے تھا۔

④ فرقہ کیسانیہ کے لوگ جو کہ علی رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام کیسان کے پیروکار ہیں اور یہ بھی شیعوں کا ایک فرقہ ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ محمد بن الحنفیہ تمام علوم کا احاطہ کیے ہوئے تھے اور ان کا خلاصہ یہ ہے کہ دین ایک شخص کی اطاعت کا نام ہے۔ انھوں نے ارکانِ شرعیہ کی تاویل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان سے مراد رجال ہیں اور اس طرح انھوں نے ارکانِ شرعیہ کو معطل قرار دے دیا۔ اس فرقے کا عقیدہ ہے کہ عبداللہ بن معاویہ بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب ہاشمی قریشی ہی مہدی ہیں۔

⑤ محمد بن عبداللہ بن حسن بن علی بن ابی طالب جن کا لقب نفسِ زکیہ تھا اور جو سن (145) ہجری میں فوت ہوئے۔ یہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے اور نمازیں

[1] النهاية في الفتن والملاحم، ص: 17

پڑھنے والے عبادت گزار شخص تھے۔
ان کے عہد میں کچھ لوگ فتنے میں مبتلا ہو گئے اور سمجھنے لگے کہ وہی امام مہدی ہیں۔ انھوں نے تحریک شروع کی اور کئی لوگ ان کے پیروکار ہو گئے۔ انھوں نے حالات کی بہتری کے لیے کوشش کی۔ ان کے دور کے عباسی خلفاء نے دس ہزار جنگجوؤں پر مشتمل لشکر کے ساتھ لڑائی کی اور اس تحریک کو ختم کر دیا۔ نفس زکیہ نے عباسی خلیفہ کے خلاف خروج کیا تھا کیونکہ اس کے دور میں ظلم واستبداد بہت پھیل گیا تھا۔

⑥ مہدیت کا دعوی کرنے والوں میں ایک نام عبید اللہ بن میمون القداح کا بھی ہے، اس نے سن (325) ہجری میں وفات پائی، اس کا دادا یہودی تھا۔ عبید اللہ فرقہ قرامطہ کا بانی ہے جنھوں نے مسلمانوں کا قتل عام کیا اور سن (317) ہجری میں حجر اسود چرا کر لے گئے۔ یہ لوگ کفر والحاد میں یہود ونصاری سے بھی دو قدم بڑھ کر تھے۔

اس کی اولاد کو شہرت واقتدار نصیب ہوا۔ انھوں نے مصر، حجاز اور شام پر کنٹرول حاصل کر لیا اور وہاں اپنی حکومتیں قائم کیں۔ انھوں نے غلط بیانی کرتے ہوئے خود کو اہل بیت سے منسوب کیا اور دعوی کیا کہ وہ سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا کی نسل میں سے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ فاطمی کہلائے۔ انھوں نے اپنے عہد اقتدار میں شافعی مسلک کے تمام قاضیوں کو معزول کر دیا اور ہر جگہ قبروں اور مزاروں کو رواج دیا۔ ان کے

کرتوتوں کے باعث امت پر بے شمار مصیبتیں نازل ہوئیں۔

قرامطہ بظاہر مسلمان ہونے کا دم بھرتے تھے لیکن حقیقت میں وہ ملحد تھے۔ یہ لوگ تمام مذاہب سے خارج تھے۔ ان کا مذہب آگ کے پجاری مجوسیوں اور ستاروں کے پجاری صابیوں کے مذاہب سے مرکب ہے۔

امام ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''فاطمیوں کا دور حکومت (280) برس سے زیادہ عرصے پر محیط ہے۔ عبید اللہ القداح نے مہدی ہونے کا دعوی کیا اور ''مہدیہ'' نامی شہر کی بنیاد رکھی۔''[1]

⑦ جن لوگوں نے مہدی ہونے کا دعوی کیا ان میں محمد بن عبد اللہ بربری بھی ہے جو ابن تومرت کے نام سے معروف ہے۔ یہ شخص سن (514) ہجری میں ظاہر ہوا اور اس نے دعوی کیا کہ وہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی نسل سے ہے۔ اس نے اپنا نسب حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے ساتھ جوڑلیا۔

اس آدمی نے ظلم واستبداد کے ذریعے حکومت بھی حاصل کر لی۔ یہ بہت حیلے باز اور دھوکے باز انسان تھا جو لوگوں کو حیلے بازیوں کے ساتھ دھوکا دیتا اور ان کے سامنے اظہار کرتا کہ اس کی بہت سی کرامات ہیں۔ اس کی ایک حیلہ بازی یہ بھی تھی کہ اس نے ایک دفعہ کچھ لوگوں کو قبروں میں داخل کر دیا اور کچھ لوگوں کو لے کر آیا تا کہ انھیں نشانی دکھائے، اس نے آواز دی کہ اے قبر والو! میری بات کا جواب دو۔ انھوں نے کہا: آپ مہدی ہیں، معصوم عن الخطا ہیں اور آپ کی فلاں خوبی ہے، آپ

[1] تاريخ الإسلام للذهبي، حوادث سنة: 322، ص:24.

کی فلاں خوبی ہے، پھر اسے اندیشہ ہوا کہ کہیں اس کے فراڈ کا راز فاش نہ ہو جائے، اس لیے اس نے قبروں میں لیٹے ہوئے لوگوں پر قبریں دھنسا دیں اور وہ مر گئے۔

⑧ مہدی ہونے کا دعوی کرنے والوں میں ایک شخص محمد احمد بن عبداللہ سوڈانی متوفی (1302) ہجری، موافق (1885) عیسوی بھی ہے۔ یہ ایک صوفی تھا جس نے سوڈان پر غلبہ حاصل کرلیا۔ وہ زہد وعبادت میں مشہور ہوا اور اس نے اڑتیس (38) برس کی عمر میں مہدی ہونے کا دعوی کیا۔ قبائل کے سردار اور بزرگ لوگ اس کی طرف مائل ہوئے۔ اس کا عقیدہ تھا کہ جو شخص اس کی مہدیت کا انکار کرے گا وہ اللہ اور رسول کے ساتھ کفر کا مرتکب ہوگا۔ وہ اس طرح کے اور بھی بے کار دعوے کیا کرتا تھا۔

اگرچہ انگریز عیسائیوں کے خلاف جنگوں میں اس کے کچھ کارنامے بھی ہیں، تاہم امر واقع یہ ہے کہ وہ احادیث میں مذکور مہدی موعود نہیں تھا بلکہ وہ بھی مہدیت کے دیگر دعویداروں کی مانند ایک جھوٹا دعویدار تھا۔

⑨ مہدیت کے دعویداروں میں ایک شخص محمد بن عبداللہ قحطانی بھی تھا۔ یہ شخص مملکت سعودی عرب کے دارالخلافہ ریاض میں ظاہر ہوا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے ایک روز خواب میں دیکھا کہ وہ مہدی ہے۔ کچھ لوگوں نے اس کی

بیعت کرلی اوراس کے پیروکار بن گئے۔ان لوگوں نے سن(1400) ہجری موافق (1980) عیسوی میں مسجد حرام میں گھس کر اس کے مہدی ہونے کا اعلان کیا اور مسجد میں محصور ہو گئے۔ یہ واقعہ فتنۂ حرم کے نام سے مشہور ہے، جو اس کے قتل پر اختتام پذیر ہوا۔

مہدی ہونے کے دعویداروں سے معاملے کے قواعد وضوابط

جب ہم مدعیان مہدیت کی تردید کرتے ہیں تو اس سے ہمارا مقصد یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ ہم مہدی کے بارے میں احادیث کا انکار کررہے ہیں لیکن احادیثِ مہدی کی تصدیق کرنا اور انھیں نبی کریم ﷺ کا فرمان تسلیم کرنا اور چیز ہے اور کسی شخص کے بارے میں یہ فیصلہ کرنا کہ وہ مہدی ہے، دوسری چیز ہے۔ ان دونوں کے درمیان فرق کیا جانا چاہیے۔اللہ کے رسول ﷺ نے مہدی کے معاملے کو ہوا میں نہیں چھوڑا بلکہ آپ نے اس کے لیے بہت واضح علامات اور قواعد بیان فرمائے ہیں جن کی روشنی میں ہم اصلی مہدی کو بغیر کسی شک وشبہ کے پہچان سکتے ہیں۔ ان میں سے بعض حسب ذیل ہیں:

① مہدی لوگوں کو اپنی ذات کی طرف دعوت نہیں دے گا، نہ ہی اپنی بیعت کے لیے لوگوں کو پکارے گا۔ بلکہ لوگ اس کی بیعت کریں گے اور وہ اسے ناپسند کرتا ہوگا۔

② مہدی کا نام نبی کریم ﷺ کے نام کے مطابق، یعنی اس کا نام محمد بن عبداللہ ہوگا۔

③ اس کا نسب سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما تک پہنچتا ہوگا۔

④ حدیث میں مذکور جسمانی صفات بھی اس میں موجود ہونا ضروری ہیں، جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ چوڑی پیشانی والا اور اونچی ناک والا ہوگا۔''

⑤ وہ جن حالات میں ظاہر ہوگا، وہ کچھ اس طرح سے ہوں گے:

- ایک خلیفہ کی وفات کے بعد اختلاف واقع ہوگا۔[1]
- زمین اس وقت ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی۔
- تین خلفاء کے بیٹے آپس میں جنگ کریں گے۔
- مہدی ایک نیک اور متقی شخص ہوگا۔ وہ علم شریعت اور حکمت ودانش سے لبریز ہوگا۔
- اس کا ظہور مکہ مکرمہ میں ہوگا اور حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان اس کی بیعت کی جائے گی۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے۔

[1] اگرچہ یہ بات جس حدیث میں وارد ہوئی ہے اس کی سند میں کلام ہے۔

سوال: وہ کیا حالات واسباب تھے جن کے سبب سے کوئی اپنے آپ کو یا کسی دوسرے کو امام مہدی خیال کرنے لگا؟

جواب: اگر ہم ان لوگوں کے حالات و واقعات پر غور کریں جنھوں نے مہدیت کا دعویٰ کیا تو معلوم ہوتا ہے کہ

* مہدی ہونے کا دعوی کرنے والے بعض لوگ تو ایسے تھے جنھوں نے لوگوں پر غلبہ اور حکومت حاصل کرنے کی خاطر جھوٹ اور بہتان سے کام لیتے ہوئے مہدی ہونے کا دعوی کیا، ایسے لوگوں پر مہدی والی کوئی علامت صادق نہیں آتی۔ ایسے دعویداروں میں عبید اللہ القداح اور ابن تومرت وغیرہ شامل ہیں۔
* مہدیت کے بعض دعویدار ایسے تھے کہ جن کا معاملہ مشتبہ تھا اور لوگوں نے ان کے بارے میں یہ سمجھ لیا کہ وہ امام مہدی ہیں، جیسے محمد بن عبد اللہ نفس زکیہ کا معاملہ ہے۔ ان کا ظہور ہوا اور لوگ ان کے پیروکار بن گئے اور پھر بعد میں واضح ہوا کہ وہ مہدی نہیں ہیں۔ بعض ایسے تھے کہ ان میں سے کسی کا نام شہرت اختیار کر گیا اور اس نے اپنے مہدی ہونے کے بارے میں خواب دیکھے تو لوگوں نے اسے مہدی سمجھ لیا، جیسا کہ محمد بن عبد اللہ قحطانی تھا۔

کیا خواب سے کوئی شرعی حکم اخذ کیا جاسکتا ہے؟

خوابوں کے ذریعے شریعت کا کوئی حکم اخذ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی کسی خواب کی بنیاد پر امت اسلامیہ کے بارے میں کوئی فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ محض خواب وخیال پر کسی معمولی مسئلے کی بنیاد بھی نہیں رکھی جاسکتی۔

قاضی شریک بن عبد اللہ خلیفہ مہدی کے پاس آیا تو دیکھا کہ خلیفہ کا مزاج بدلا ہوا ہے اور وہ سخت غصے میں ہے۔ قاضی شریک نے پوچھا: کیا بات ہے! امیر المؤمنین! آج آپ بہت غصے میں ہیں؟ خلیفہ مہدی نے کہا: میں نے رات خواب میں دیکھا ہے کہ تم میرے بستر پر سوئے ہوئے تھے۔ جب میں نے تعبیر بیان کرنے والے سے اس کی تعبیر پوچھی تو اس نے بتایا کہ آپ مجھ سے بغض رکھتے اور میرے خلاف منصوبے بناتے ہیں۔ قاضی نے فوراً جواب دیا: امیر المؤمنین! واللہ! نہ تو آپ کا خواب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خواب کی طرح سچا ہے اور نہ ہی آپ کا تعبیر کرنے والا یوسف علیہ السلام کی طرح درست تعبیریں بتلانے والا ہے۔

قاضی شریک کی طرف سے یہ خلیفہ کے اس خواب کی واضح تردید تھی جس کا ایک شخص سے تعلق تھا اور اگر معاملے کا تعلق ساری امت کے مستقبل سے ہو تو اس کی تردید کرنا کس قدر ضروری ہے۔

ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ وہ بیٹے کو ذبح کر رہا ہے تو اس نے اسے ذبح کر ڈالا

ایک روز میں نے کسی اخبار میں پڑھا کہ افریقہ میں ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہا ہے تو صبح اٹھ کر اس نے اپنے بیٹے کو پکڑ کر لٹایا اور اسے ذبح کر دیا۔ اسے یہ توقع تھی کہ اس کے لیے بھی آسمان سے کوئی عظیم ذبیحہ بھیج کر اس کے بیٹے کو بچا لیا جائے گا، جس طرح اللہ تعالیٰ نے اسماعیل علیہ السلام کو بچانے کے لیے جنت سے ایک مینڈھا بھیج دیا تھا۔

اس جاہل آدمی سے جب اس بارے میں پوچھا گیا تو اس نے کہا: میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت پر عمل کیا ہے کیونکہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے جب خواب میں دیکھا کہ وہ اپنے بیٹے اسماعیل کو ذبح کر رہے ہیں تو اس سے کہا:

﴿ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ○ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ○ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ○ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰۗؤُا الْمُبِيْنُ ○ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ○ ﴾

''میرے پیارے بچے! میں خواب میں اپنے آپ کو تجھے ذبح کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ اب تم بتاؤ کہ تمھاری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے کہا: ابا جان! جو حکم ہوا ہے بجا لائیے۔ ان شاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔ غرض جب دونوں مطیع ہو گئے اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل گرا دیا تو ہم نے آواز دی کہ اے ابراہیم! یقیناً تو نے اپنا خواب سچا کر دکھایا، بے شک ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں۔ درحقیقت یہ کھلا امتحان تھا۔ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے فدیے میں رکھ دیا۔'' [1]

اس افریقی کا یہ فعل آخری درجے کی جہالت تھا۔ اس جیسے جاہل شخص کا خواب نبی کے خواب کی طرح کیسے ہو سکتا ہے جس کی طرف اللہ کی وحی نازل ہوتی ہے۔

[1] الصافات 37: 102-107.

اگر کبھی آپ کو اچھا خواب نظر آئے تو اس پر اللہ کا شکر ادا کریں اور خوش ہو جائیں اور اگر برا خواب ہے تو اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنی چاہیے۔اس طریقے سے یہ خواب آپ کو نقصان نہیں دے گا۔

ایک اصول: اگر کوئی شخص مہدی ہونے کا دعوی کرے اور احادیث میں بیان کردہ علامات اس میں نہ پائی جائیں، نہ ہی دجال اس کے زمانے میں ظاہر ہوا ہو تو ایسا شخص جھوٹا، کذاب اور دجال ہے۔اسی طرح اگر کوئی شخص عیسیٰ مسیح ہونے کا دعوی کرے اور دجال اس کی آمد سے پہلے نہ نکلا ہو تو یہ شخص بھی کذاب اور دجال ہے۔

مہدی کا جائزہ افراط و تفریط کی بجائے عدل و انصاف سے لیا جائے

اہل سنت و الجماعۃ کے نزدیک مہدی کی حقیقت اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ وہ ائمۂ مسلمین میں سے ایک امام ہوگا جو معاشرے میں عدل وانصاف کے لیے کام کرے گا اور غیر معصوم ہوگا۔[1]

بعض اہل علم نے مہدی کا انکار کیا ہے ان میں سے بعض یہ ہیں:

* علامہ ابن خلدون: ابن خلدون مہدی کے مسئلے میں متردد تھے۔انھوں نے اس سلسلے میں وارد احادیث پر تنقید کی ہے اور کہا ہے: ”ان احادیث میں سے کوئی ہی ایسی ہوگی جو نقد وجرح سے بچی ہوگی۔“

[1] دیکھیے کتاب «عقيدة أهل الأثر في المهدي المنتظر» للشيخ العباد.

* **محمد رشید رضا:** وہ کہتے ہیں: ”مہدی والی احادیث میں تعارض بہت قوی اور ظاہر ہے۔ اس موضوع کی ان روایات میں جمع وتطبیق بہت مشکل ہے۔ ان کا انکار کرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان میں شبہے کا پہلو بہت غالب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام بخاری وامام مسلم نے اپنی کتب میں ان روایات کو ذکر نہیں کیا۔ ائمۂ مسلمین کی ایک بڑی تعداد نے ان احادیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔“ [1]
* **احمد امین:** ”مہدی کے بارے میں روایات سب خرافات ہیں اور ان کے باعث مسلمانوں کی زندگی میں بہت خطرناک نتائج ظاہر ہوئے ہیں۔“ [2]
* **عبداللہ بن زید آل محمود:** ”مہدی کا دعوی ابتدا سے انتہا تک سب کچھ واضح جھوٹ پر مبنی ہے۔ یہ ایک برا اور قبیح عقیدہ ہے۔ دراصل یہ خرافات ہیں جو ایک سے دوسرے کو منتقل ہوتی چلی گئیں اور ایسی احادیث جان بوجھ کر دہشت اور خوف پھیلانے کے لیے گھڑی گئی ہیں۔“ [3]
* **محمد فرید وجدی:** ”مہدی منتظر کے بارے میں جو روایات بیان کی جاتی ہیں، اہل علم وبصیرت جب ان کا جائزہ لیتے ہیں تو انھیں یہ کہنے میں کوئی باک نظر نہیں آتا کہ رسول اللہ ﷺ اس قسم کی چیزوں کے بیان کرنے سے پاک ہیں۔ ان روایات میں جو غلو، تضاد، مبالغہ آرائی، لوگوں کے حالات سے ناواقفیت

[1] تفسير المنار، الأعراف 7: 187. [2] ضحى الإسلام: 243/3. [3] دیکھیے ان کا رسالہ: لا مهدي ينتظر، بعد الرسول خير البشر، ص: 58.

اور انسانوں کے بارے میں اللہ کے رائج طریقے سے جو بُعد پایا جاتا ہے وہ کسی سے مخفی نہیں۔ ان احادیث کا مطالعہ کرنے والا پہلی نظر ہی میں محسوس کر لیتا ہے کہ یہ سب موضوع روایات ہیں جنھیں عرب اور غرب میں ریاست و خلافت کے بعض طلب گاروں کے گمراہ حواریوں نے مخصوص مقاصد کے حصول کے لیے وضع کر لیا تھا۔ [1]

مہدی کے منکرین کے دلائل

① قرآن میں مہدی کا ذکر نہیں، اگر یہ حق بات ہوتی تو اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں اس کا ذکر فرماتا۔

[1] دائرة المعارف القرن العشرين: 10/481.

جواب: قرآن مجید نے تمام علامات قیامت کا ذکر نہیں کیا۔ حتی کہ اس نے خروج دجال کا اور آخری زمانے میں زمین میں دھنسنے کے واقعے کا ذکر بھی نہیں کیا۔ ان تمام علامات کو سنت میں ذکر کیا گیا ہے۔ جب یہ علامات سنت سے ثابت ہیں تو برحق ہیں، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا اپنے نبی کے بارے میں اعلان ہے:

﴿وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ۝﴾

''میرا نبی اپنی خواہش سے کلام نہیں کرتا۔''[1]

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

«أَلَا إِنِّي أُوتِيتُ الْقُرْآنَ وَمِثْلَهُ مَعَهُ»

''خبردار! مجھے قرآن حکیم بھی عطا کیا گیا ہے اور اس جیسی ایک دوسری چیز (سنت) بھی اس کے ساتھ عطا کی گئی ہے۔''[2]

نبی کریم ﷺ نے ان علامات کا ذکر فرمایا ہے اور انھیں ثابت فرمایا ہے، اس لیے یہ ثابت شدہ دین کا حصہ ہیں۔

② مہدی کی احادیث صحیحین میں نہیں ہیں۔

جواب: صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں نبی کریم ﷺ کی تمام احادیث جمع نہیں کی گئیں۔ امام بخاری و امام مسلم رحمہما اللہ کے علاوہ دیگر رواۃِ سنت بھی ائمۂ محققین ہیں۔ اور ہمارے پاس ایسے وسائل اور طریقے موجود ہیں جن سے صحیح اور ضعیف حدیث میں امتیاز کیا جاسکتا ہے۔ اگر تحقیق کے بعد حدیث صحیح ثابت ہو جائے تو

[1] النجم 3:53. [2] مسند أحمد: 4/130.

اسے قبول کرنا واجب ہے، چاہے وہ صحیح بخاری و مسلم میں ہو یا کسی اور کتاب میں ہو۔ صحیح بخاری اور مسلم میں بھی مہدی کے بارے میں روایات ضرور آئی ہیں مگر وہ مہدی کا نام لیے بغیر اس کی صفات کے بیان پر مبنی ہیں۔ گزشتہ احادیث میں صحیحین کی احادیث بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔

③ ہم مدعی مہدیت کے لیے دروازہ نہیں کھولنا چاہتے۔

جواب: جب ہم نے مہدی کے بارے میں شرعی قواعد وضوابط بیان کر دیے ہیں تو اب کسی بھی جھوٹے شخص کے لیے دعویٰ کرنے کی گنجائش نہیں رہتی۔ مہدی کی مخصوص جسمانی صفات ہیں اور اس کے زمانے کے کچھ متعین حالات ہیں جن کا ذکر پہلے گزر چکا ہے۔ یہ صفات وعلامات صرف ایک ہی شخص میں پائی جائیں گی جو حقیقی مہدی ہوگا۔

اس موضوع کی آخری بات:

کیا مہدی پر ایمان لانے کے یہ معنیٰ ہیں کہ دعوت وعمل کو چھوڑ دیا جائے؟

بہت سے مسلم ممالک میں خیر وشر کے درمیان کشمکش، فتنہ وفساد کے ظہور وانتشار اور بھلائی کی دعوت کی کمزوری کے باعث ان ممالک کے باشندگان کی ایک بڑی تعداد بددلی اور مایوسی کا شکار ہے اور انھوں نے مہدی کا انتظار شروع کر دیا ہے تاکہ وہ انھیں فتح ونصرت سے ہمکنار کرے۔

اس کے نتیجے میں یہ لوگ دعوت وعمل کو چھوڑ کر بیٹھ گئے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر سے خاموشی اختیار کر لی، انھوں نے حصول علم اور اس کی نشر واشاعت کو بھی

پس پشت ڈال دیا اور بعض اوقات تو کاروبار اور تعمیر وترقی کے عمل سے بھی الگ ہو گئے۔ اور بعض نے یہاں تک کہنا شروع کر دیا کہ معاملہ بہت عجلت کا متقاضی ہے کہ یہ ظہور مہدی کا زمانہ ہے، وہ جلد ہی آنے والے ہیں، اس لیے دنیا کے جھمیلوں میں پڑنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟

سوال یہ ہے کہ ان احادیث کے ساتھ تعامل کے بارے میں شرعی اسلوب کیا ہونا چاہیے؟

ان کے بارے میں تعامل:

یہ اور دیگر علامات اس لیے بیان کی گئی ہیں تاکہ مسلمانوں کو فرحت اور صبر وثبات حاصل ہو اور انھیں یہ خوش خبری بھی سنائی جائے کہ اللہ تعالیٰ کا دین محفوظ رہے گا اور اس کی مدد کی جائے گی۔

اس کے ساتھ ساتھ ہم عمل وہ کریں گے جس کا شرع نے عمومی حکم دیا ہے کہ دین کی مدد کی جائے، مسلمان ملکوں کا دفاع کیا جائے، جہاد فی سبیل اللہ کو قائم کیا جائے اور پرچم اسلام کی سربلندی کے لیے قتال کیا جائے۔

ہم اس انتظار میں بیٹھے نہیں رہیں گے کہ آسمان سے مدد نازل ہو گی یا ہماری کسی کوشش اور محنت کے بغیر ہی زمین کچھ اگانا شروع کر دے گی۔

آج بھی مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ یہودیوں سے قتال کے لیے اور قابض عیسائیوں کو مسلمانوں کے ممالک سے نکالنے کے لیے بھرپور تیاری کریں اور قیادت کے لیے خروج مہدی کے انتظار میں ذلیل ورسوا ہو کر نہ بیٹھے رہیں بلکہ ہم سب کو متفق ومتحد ہو کر اپنے دین کی اور اگر امام مہدی تشریف لے آئیں، تو ان کی مدد کرنی چاہیے۔

علاماتِ کبریٰ

(قیامت کی بڑی نشانیاں)

- خروجِ دجال
- نزولِ عیسیٰ علیہ السلام
- خروجِ یاجوج وماجوج
- زمین میں دھنسائے جانے کے تین بڑے واقعات
- دھواں
- خروجِ دابہ (عجیب الخلقت جانور کا نکلنا)
- سورج کا مغرب سے طلوع ہونا
- آگ جو لوگوں کو میدانِ محشر کی طرف ہانک لے جائے گی

تمہید

گزشتہ صفحات میں بیان ہو چکا ہے کہ علامات قیامت کی دو قسمیں ہیں: علاماتِ صغریٰ اور علاماتِ کبریٰ، یعنی قیامت کی چھوٹی اور بڑی نشانیاں۔ ہم قیامت کی (131) چھوٹی نشانیاں بیان کر چکے ہیں۔ اب ہم قیامت کی ان بڑی علامات کی تفصیل بیان کریں گے جو قیامت قائم ہونے سے تھوڑا عرصہ پہلے وقوع پذیر ہوں گی۔

قیامت کی بڑی نشانیاں ٹوٹنے والے ہار کے منکوں کی طرح یکے بعد دیگرے تسلسل سے واقع ہوں گی۔ جب پہلی علامت ''ظہورِ مہدی'' واقع ہوگی تو پھر اس کے بعد تواتر سے دیگر علامات بھی واقع ہونا شروع ہو جائیں گی۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«اَلْآيَاتُ خَرَزَاتٌ مَنْظُومَاتٌ فِي سِلْكٍ، فَإِنْ يُقْطَعِ السِّلْكُ يَتْبَعْ بَعْضُهَا بَعْضًا»

”علاماتِ قیامت تار میں پروئے ہوئے موتیوں کی مانند ہیں، پس اگر تار ٹوٹ جائے تو موتی یکے بعد دیگرے تیزی سے گرنا شروع ہو جاتے ہیں۔“ [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«خُرُوجُ الْآيَاتِ بَعْضُهَا عَلٰى إِثْرِ بَعْضٍ تَتَابَعْنَ كَمَا تَتَابَعُ الْخَرَزُ فِي النِّظَامِ»

”علاماتِ قیامت کا ظہور یکے بعد دیگرے اس طرح ہوگا جس طرح ہار کے ٹوٹ جانے پر اس کے منکے ایک دوسرے پر گرتے ہیں۔“ [2]

کچھ بعید نہیں کہ قیامت کی بڑی نشانیوں کے درمیان کچھ چھوٹی نشانیاں بھی ظاہر ہو جائیں، مثلاً: پہلے مہدی کا ظہور ہو جائے، پھر اس کے زمانے میں کئی ایک چھوٹی نشانیاں ظاہر ہو جائیں، ان کے بعد دجال ظاہر ہو جائے اور پھر اسی طرح دیگر علامات بھی ظاہر ہو جائیں۔ واللہ اعلم

[1] مسند أحمد: 219/2، وصححه أحمد شاكر والألباني. [2] المعجم الأوسط للطبراني: 148/5، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 637/7، حديث: 3210.

مسیح دجال کا خروج
مسیح دجال کون ہے؟
کیا وہ آج کہیں موجود ہے؟
کیا اسے پہلے کبھی کسی نے دیکھا ہے؟
اس کی علامات کیا ہوں گی؟
اس کے خروج کے اسباب کیا ہوں گے؟
دجال کو بہت غصے میں مبتلا کرنے والی بات کیا ہوگی؟
دجال کے بارے میں غلط عقائد کیا کیا ہیں؟

دجال کون ہے؟

دجال اولادِ آدم میں سے ایک شخص ہو گا جسے اللہ تعالیٰ کچھ ایسی طاقتیں دے گا جو اس کے سوا نوعِ بشر میں کسی کو حاصل نہیں ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کی آزمائش و امتحان کے لیے اسے یہ طاقتیں عطا فرمائے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں متنبہ کیا ہے کہ ہم اس کی گمراہیوں کو اختیار نہ کریں، نیز آپ ﷺ نے ہمیں اس کی جسمانی اور اخلاقی علامات سے بھی آگاہ فرمایا ہے۔

دجال کے بارے میں معلومات رکھنا ضروری ہے

کسی چیز کے بارے میں علم رکھنا اس کے بارے میں جہالت سے کہیں بہتر ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے شر (فتنوں) کے بارے میں سوال کیا کرتے تھے کہ کہیں اس میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ [1]

دجال سب سے بڑا فتنہ ہے۔ نبی کریم ﷺ کو اپنی امت کے بارے میں اس کا بہت اندیشہ تھا، یہی وجہ ہے کہ آپ نے اس کے بارے میں امت کو خبردار کیا، ڈرایا اور آگاہ فرمایا، اس لیے کہ دجال کے ساتھ بہت سے عظیم فتنے اور شبہات ہوں گے حتی کہ وہ یہ دعویٰ بھی کرے گا کہ وہ رب العالمین ہے۔ جب ہم دجال کی صفات، علامات اور اس سے محفوظ رہنے کے طریقے معلوم کر لیں گے تو اللہ تعالیٰ ہمیں اس کے شر سے بچا لے گا۔ ان شاء اللہ

[1] صحیح البخاری، المناقب، حدیث:3606.

اس کا نام مسیح دجال کیوں ہے؟

دجال کو مسیح اس لیے کہا گیا کہ اس کی بائیں آنکھ مٹی ہوئی ہوگی، وہ کانا ہوگا اور ایک ہی آنکھ سے دیکھ سکے گا۔ اس کے نام کے بارے میں ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ مِسّیح ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ مِسّیخ ہے۔

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ اس کا نام مسیح اس لیے رکھا گیا کہ وہ ساری زمین میں گھومے اور چلے پھرے گا۔

بعض نے کہا: مسیح نام اس لیے رکھا گیا کہ اس کے نصف چہرے پر نہ آنکھ ہوگی اور نہ ابرو۔

اس کا نام دجّال اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس کا کام دجل وفریب کرنا، حیلے بازی سے کام لینا، حقائق چھپانا اور بڑے بڑے جھوٹ بولنا ہوگا۔ دجل بہت بڑے جھوٹ کو کہا جاتا ہے۔ وہ بہت بڑے دجل وفریب سے کام لینے والا، بہت جھوٹ بولنے والا اور بہت بڑا متکبر ہوگا۔

دَجَّال کی جمع دجّالون اور دَجَاجِلة آتی ہے۔

دجال کا دعویٰ کیا ہوگا؟

دجال یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ رب العالمین ہے۔ وہ لوگوں سے اپنی ذات پر ایمان لانے کا مطالبہ کرے گا۔ اسی لیے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«أَلَا إِنَّهُ أَعْوَرُ وَ إِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ»

”بے شک دجال کانا ہے اور تمھارا رب کانا نہیں ہے۔“[1]

دجال کے پاس بہت سے شبہات اور حیلے ہوں گے جن کی مدد سے وہ لوگوں کو فتنے میں مبتلا کرے گا۔

ابن صیّاد کا قصہ

رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں مدینہ میں ایک یہودی لڑکا تھا جس کا نام ”ابن صیاد“ تھا۔ وہ بھی ایک معمہ تھا۔ نبی کریم ﷺ کو بھی اس کے دجال ہونے کے بارے میں تردد تھا۔ اس کے اور نبی کریم ﷺ کے درمیان ایک واقعہ پیش آیا جس کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

”نبی کریم ﷺ حضرت عمر بن خطاب اور چند دیگر لوگوں کے ہمراہ ابنِ صیاد کی جانب روانہ ہوئے۔ انھوں نے اسے بنو مغالہ کے ایک قلعے کے پاس لڑکوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا۔ اس وقت ابنِ صیاد قریب البلوغ تھا۔ اسے نبی کریم ﷺ کی آمد کا اس وقت پتہ چلا جب آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس کی پشت پر مارا۔ اس کے بعد ابنِ صیاد اور اللہ کے رسول ﷺ کے درمیان اس طرح مکالمہ ہوا:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟

ابن صیاد نے آپ کی طرف دیکھا اور کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اُمیین

---

[1] صحيح البخاري، الفتن، حديث :7131.

(ان پڑھ لوگوں)، یعنی اہل عرب کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ پھر ابن صیاد نے اللہ کے رسول ﷺ سے پوچھا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟

رسول اللہ ﷺ نے اس کی رسالت کا انکار کیا اور فرمایا: ''میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاتا ہوں۔'' اس کے بعد اللہ کے رسول ﷺ نے ابنِ صیاد سے ایک اور سوال کیا اور فرمایا: ''تجھے کیا نظر آتا ہے؟''

ابن صیاد نے کہا: میرے پاس سچا اور جھوٹا آتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''پھر تو معاملہ تجھ پر خلط ملط ہو گیا ہے۔'' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے تجھ سے پوچھنے کے لیے دل میں ایک چیز چھپا رکھی ہے۔''[1]

[1] یعنی میں نے اپنے دل میں ایک لفظ سوچ رکھا ہے، تم اسے معلوم کرنے کی کوشش کرو کہ وہ کیا ہے؟ اللہ کے رسول ﷺ نے اپنے دل میں دخان کا لفظ چھپا رکھا تھا۔

ابنِ صیاد نے ''دخان'' کہنے کی کوشش کی لیکن اسے یہ لفظ ادا کرنے کی توفیق نہ ملی، اس لیے اس نے ''دخان'' کی بجائے ''دخ دخ'' کہہ دیا۔ دراصل ابنِ صیاد کے پاس کچھ جن تھے جو اسے چیزوں کی خبر دیتے رہتے تھے۔ جن بھی اس لفظ کو صحیح معلوم نہ کر سکے جو نبی اکرم ﷺ نے اپنے دل میں چھپایا ہوا تھا۔

ابنِ صیاد نے کہا: وہ ''دُخ'' ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: پھٹکار ہے تجھ پر! تو اپنی حیثیت سے آگے نہیں بڑھ سکے گا۔ [1]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کے رسول! مجھے اجازت دیجیے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اسے چھوڑ دو، اگر ابنِ صیاد ہی دجال (اکبر) ہے تو تم

[1] یعنی تو کہانت سے آگے نہیں بڑھ سکتا کیونکہ تو کاہن، دجال اور حیلہ باز ہے۔

اس پر غلبہ نہیں پا سکو گے اور اگر یہ دجال نہیں ہے تو پھر اسے قتل کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔"[1] یعنی اگر ابن صیاد ہی دجال ہے تو تمھیں اس کے قتل کرنے کی قدرت حاصل نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ فرما رکھا ہے کہ اسے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام اپنے نزول کے بعد قتل کریں گے۔

سالم بن عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابی بن کعب انصاری کے ہمراہ کھجوروں کے اس باغ کی طرف چلے گئے جس میں ابن صیاد رہتا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے درختوں کے پیچھے چھپتے چھپتے اس باغ میں داخل ہوئے۔ آپ خفیہ طریقے سے اس کی طرف بڑھ رہے تھے، تاکہ اس سے قبل کہ وہ آپ کو دیکھ لے، آپ اس کی باتیں سن سکیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ وہ کمبل اوڑھے ایک بچھونے پر لیٹا ہوا ہے اور منہ میں کچھ بڑبڑا رہا ہے۔ ابن صیاد کی ماں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو درختوں کے پیچھے چھپ کر آتے ہوئے دیکھ لیا اور کہا: ارے "صاف!" (یہ اس کا نام تھا) یہ تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں۔ یہ سنتے ہی ابنِ صیاد اٹھ بیٹھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اگر یہ مداخلت نہ کرتی تو آج ابن صیاد کی اصل حقیقت واضح ہو جاتی (کہ یہ دجال ہے یا نہیں۔)"[2]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ مدینہ کے کسی راستے پر تھے کہ ان کی ابنِ صیاد سے ملاقات ہوئی۔

---

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث:2931. [2] صحیح مسلم، الفتن، حدیث:2931.

نبی کریم ﷺ: ”کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟“

ابن صیاد: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟

رسول اللہ ﷺ: ”میں اللہ پر، اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر ایمان لاتا ہوں۔“ پھر آپ ﷺ نے پوچھا: ”تجھے کیا نظر آتا ہے؟“

ابنِ صیاد: مجھے پانی پر ایک تخت نظر آتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ: ”تجھے سمندر پر تختِ ابلیس نظر آتا ہے۔ تو اور کیا دیکھتا ہے؟“

ابن صیاد: مجھے دو سچے اور ایک جھوٹا یا دو جھوٹے اور ایک سچا نظر آتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ: ”(شیطان کے اس کے پاس آنے کی وجہ سے) اس پر معاملہ خلط ملط ہو گیا ہے، اسے چھوڑ دو۔“ [1]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ ہم حج یا عمرے کے سفر پر روانہ ہوئے۔ ابن صیاد بھی اس سفر میں ہمارے ساتھ تھا۔ جب ہم نے ایک جگہ پڑاؤ ڈالا تو لوگ ادھر ادھر پھیل گئے اور میں اور ابن صیاد تنہا رہ گئے۔ اس کے بارے میں جو باتیں مشہور تھیں ان کے باعث میں شدید وحشت میں مبتلا ہو گیا۔ اس نے اپنا سامان اٹھایا اور میرے سامان کے قریب لا کر رکھ دیا۔ میں نے اس سے کہا: دیکھو! گرمی بہت شدید ہے، بہتر ہے کہ تم اپنا سامان اُس درخت کے نیچے رکھ دو۔ اس نے ایسا ہی کیا (ابن صیاد نے اپنا سامان ابوسعید سے دور اس درخت کے نیچے رکھ دیا۔) تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2926.

بکریوں کا ایک ریوڑ ہمیں دکھائی دیا۔ ابنِ صیاد اٹھا اور جا کر بکریوں کے دودھ سے بھرا ہوا ایک بڑا برتن لے آیا۔

کہنے لگا: ابو سعید! پیو۔

میں نے کہا: موسم سخت گرم ہے اور دودھ بھی گرم ہے۔ اس لیے میں نہیں پیوں گا۔ دراصل میں اس کے ہاتھ سے کچھ لینا اور پینا پسند نہیں کرتا تھا۔

ابنِ صیاد نے کہا: ابو سعید! لوگ میرے بارے میں جو باتیں کرتے ہیں (مجھے دجال بتاتے ہیں) اس پر میرا جی چاہتا ہے کہ میں کسی درخت سے رسی لٹکا کر خود کو پھانسی دے لوں۔ اے ابو سعید! رسول اللہ ﷺ کی حدیث کسی اور پر مخفی ہو تو ہو لیکن تم انصار سے وہ پوشیدہ نہیں ہے۔ ابو سعید! تم تو حدیث رسول اللہ ﷺ کا سب سے زیادہ علم رکھنے والے ہو۔ کیا اللہ کے رسول ﷺ نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ دجال بانجھ ہو گا، اس کی اولاد نہیں ہو گی، جبکہ میری اولاد مدینہ میں موجود ہے۔ کیا اللہ کے رسول ﷺ نے یہ نہیں بتلایا کہ دجال مدینہ اور مکہ میں داخل نہیں ہو سکے گا، جبکہ میں مدینہ سے آ رہا ہوں اور مکہ جا رہا ہوں۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں اس کی باتیں سن کر اسے معذور مان لیتا۔ اتنے میں ابنِ صیاد نے کہا: اللہ کی قسم! میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ دجال کی جائے پیدائش کون سی ہے اور وہ اس وقت کہاں ہے۔

ابو سعید کہتے ہیں: میں نے کہا: تمھارے لیے دن بھر ہلاکت اور بربادی ہو۔[1]

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2927.

ابنِ صیاد کے بارے میں صحیح موقف

ابنِ صیاد مسیح دجال (دجال اکبر) نہیں تھا بلکہ وہ حیلے باز دجالوں میں سے ایک دجال تھا۔ اس کے پاس کہانت تھی اور شیاطین اسے بعض چیزوں کے بارے میں آگاہ کر دیتے تھے۔

قرآنِ کریم میں دجال کا ذکر نہ ہونے میں حکمت

دجال کا فتنہ عظیم ترین فتنہ ہے۔ نبی کریم ﷺ کو اپنی امت کے بارے میں اس فتنے کا بہت خوف تھا۔ تمام انبیائے سابقین نے بھی اپنی امتوں کو دجال کے فتنے سے خبردار کیا تھا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے ہمیں ہر نماز کے آخر میں دجال کے فتنے سے پناہ مانگنے کا حکم دیا ہے۔

قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے کئی چھوٹی اور بڑی علاماتِ قیامت کا تذکرہ فرمایا ہے۔ مثال کے طور پر شقِ قمر کا واقعہ ہے، فرمایا:

﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾

”قیامت بہت قریب آ پہنچی اور چاند شق ہو گیا۔“[1]

اسی طرح یاجوج وماجوج کا نکلنا ہے۔

---

[1] القمر 1:54.

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿حَتّٰۤى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ﴾

''یہاں تک کہ یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے آئیں گے۔'' [1]

لیکن اللہ تعالیٰ نے دجال کا نام لے کر وضاحت سے قرآن مجید میں اس کا ذکر نہیں فرمایا۔

اس کے عدمِ ذکر میں کیا حکمت پنہاں ہے؟

اس بارے میں درج ذیل باتیں کہی گئی ہیں:

- اہلِ علم کا اس سلسلے میں ایک قول یہ ہے کہ درج ذیل آیت کریمہ میں دجال کا ذکر کیا گیا ہے:

﴿يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ﴾

''جس روز تمھارے پروردگار کی بعض نشانیاں آ جائیں گی تو جو شخص پہلے ایمان نہیں لایا ہوگا، اس وقت اسے ایمان لانا کچھ فائدہ نہیں دے گا۔'' [2]

کیونکہ اس بات کی وضاحت نبی کریم ﷺ کی اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں آپ نے فرمایا:

«ثَلَاثٌ إِذَا خَرَجْنَ لَمْ يَنْفَعْ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ:

[1] الأنبیآء 96:21۔ [2] الأنعام 158:6۔

اَلدَّجَّالُ، وَالدَّابَّةُ، وَ طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا»

''جب تین چیزیں ظاہر ہو جائیں گی تو کسی ایسے شخص کا ایمان اسے فائدہ نہ دے گا جو پہلے سے ایمان دار نہ ہوگا: دجال کا نکلنا، خروجِ دابہ اور سورج کا مغرب سے طلوع ہونا۔''[1]

❋ دوسرا قول: قرآن مجید میں عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کے نزول کی طرف اشارہ موجود ہے: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾

''اور اہل کتاب میں سے کوئی ایسا شخص نہیں ہو گا مگر ان (عیسیٰ) کی موت سے پہلے ان پر ایمان لے آئے گا۔''[2]

اللہ تعالیٰ ایک دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں:

﴿وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○﴾

''اور وہ (عیسیٰ علیہ السلام) قیامت کی ایک نشانی ہیں تو (اے لوگو!) اس قیامت میں تم ہرگز شک نہ کرو۔''[3]

اور یہ بات بلاشبہ صحیح ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام ہی دجال کو قتل کریں گے، لہٰذا قرآن میں نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں آمدہ گفتگو کے سلسلے میں دجال کا ذکر بھی ضمناً آ ہی

---

[1] صحيح مسلم، الايمان، حديث: 158، وجامع الترمذي ، تفسير القرآن، حديث: 3072، وصححه واللفظ له. [2] النسآء 159:4. [3] الزخرف 61:43.

گیا ہے۔

حضرت حذیفہ بن اَسید غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ السَّاعَةَ لَا تَكُونُ حَتّٰى تَكُونَ عَشْرُ آيَاتٍ: اَلدُّخَانُ، وَالدَّجَّالُ وَالدَّابَّةُ وَ طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنَ الْمَغْرِبِ...... الحديث»

"دس نشانیاں ظاہر ہونے تک قیامت قائم نہیں ہوگی: دھواں، دجال، جانور کا نکلنا اور سورج کا مغرب سے طلوع ہونا......الحدیث۔"[1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«ثَلَاثٌ إِذَا خَرَجْنَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدَّجَّالُ، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ»

"تین چیزیں جب ظاہر ہو جائیں گی تو کسی ایسے شخص کا ایمان لانا اسے فائدہ نہ دے گا جو پہلے سے ایمان نہ لایا ہوگا: سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دجال کا نکلنا اور زمین سے ایک (بڑے) جانور کا نکلنا۔"[2]

سب سے بڑا فتنہ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

1 صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2901 . 2 صحيح مسلم، الإيمان، حديث: 158.

«مَا بَيْنَ خَلْقِ آدَمَ إِلَى قِيَامِ السَّاعَةِ خَلْقٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ» وَ فِي رِوَايَةٍ: «أَمْرٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ»

''آدم علیہ السلام کی تخلیق سے لے کر قیامِ قیامت تک دجال سے بڑی کوئی مخلوق نہیں'' اور ایک روایت کے الفاظ ہیں: ''دجال سے بڑی کوئی مصیبت نہیں۔'' [1]

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز لوگوں سے خطاب کرنے کے لیے کھڑے ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے شایان شان حمد وثنا بیان فرمائی اور پھر دجال کا ذکر کیا اور فرمایا:

«إِنِّي لَأُنْذِرُكُمُوهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ وَلٰكِنِّي سَأَقُولُ لَكُمْ فِيهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِّقَوْمِهِ: إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ»

''میں تمھیں اس سے ڈرا رہا ہوں اور ہر نبی نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے لیکن میں تمھیں ایک ایسی بات بتا رہا ہوں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی: وہ ایک آنکھ سے کانا ہو گا اور اللہ تعالیٰ تو ہرگز ایسا نہیں ہے۔'' [2]

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2946. [2] صحیح البخاري، الأنبياء، حديث:7127.

«غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِي عَلَيْكُمْ، إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيكُمْ فَأَنَا حَجِيجُهُ دُونَكُمْ، وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيكُمْ فَامْرُؤٌ حَجِيجُ نَفْسِهِ، وَاللّٰهُ خَلِيفَتِي عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ»

''دجال کے سوا دیگر فتنوں کا مجھے تمھارے بارے میں زیادہ خوف ہے۔ دجال اگر میری موجودگی میں آ گیا تو میں دلیل کے ساتھ مقابلہ کر کے تم سب کی طرف سے اس پر غالب آ جاؤں گا۔ اور اگر وہ میری عدم موجودگی میں آیا تو ہر شخص دلیل کے ساتھ اس پر غالب آنے کی کوشش کرے۔ اللہ تعالیٰ میری جگہ ہر مسلم کا خود دفاع کرے گا۔''[1]

خروجِ دجال سے قبل پیش آنے والے واقعات

* حضرت نافع بن عتبہ بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«تَغْزُونَ جَزِيرَةَ الْعَرَبِ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ فَارِسَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ الرُّومَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ الدَّجَّالَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ»

''تم جزیرۂ عرب میں جنگ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے فتح کر دے گا، پھر تم ایران پر حملہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے فتح کر دے گا، پھر تم روم پر حملہ کرو

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2937.

گے تو اللہ تعالیٰ اسے بھی فتح کر دے گا، پھر تم دجال سے جنگ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے بھی فتح کر دے گا (جس جگہ دجال ہوگا اس جگہ پر اور اس کے ساتھیوں پر تمھیں فتح حاصل ہو جائے گی۔)'' [1]

❋ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«عُمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَابُ يَثْرِبَ، وَ خَرَابُ يَثْرِبَ خُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ، وَخُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ الْقُسْطَنْطِينِيَّةِ، وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِينِيَّةِ خُرُوجُ الدَّجَّالِ»

''بیت المقدس کے آباد ہونے سے مدینہ کی بربادی شروع ہو جائے گی۔ مدینہ کی بربادی ہوئی تو ایک عظیم معرکہ شروع ہو جائے گا۔ وہ معرکہ شروع ہوا تو قسطنطنیہ فتح ہو جائے گا اور جب قسطنطنیہ فتح ہو گیا تو پھر جلد ہی دجال کا خروج ہوگا۔'' [2]

❋ خروجِ دجال سے قبل مسلمانوں اور رومی عیسائیوں کے درمیان بہت سی جنگیں ہوں گی جن میں مسلمانوں کو فتح حاصل ہوگی۔

صحابیِ رسول حضرت ذو مخمر بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''تم عیسائیوں کے ساتھ صلح کر لو گے، پھر تم ایک لڑائی کرو گے اور رومی پس پشت تمھارے ساتھ غداری کریں گے۔ تم اس جنگ میں فتح یاب رہو گے، مال غنیمت حاصل کرو گے اور نقصان سے محفوظ رہو گے، پھر تم

---

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2900. [2] سنن أبي داود، الملاحم، حدیث: 4294.

میدانِ جنگ سے واپس لوٹو گے حتی کہ تم اور عیسائی ایک ٹیلوں والی سرسبز جگہ پر پڑاؤ ڈالو گے۔ وہاں عیسائیوں میں سے ایک شخص صلیب کو ہوا میں بلند کرکے اعلان کرے گا کہ صلیب غالب آ گئی، صلیب غالب آ گئی۔ اس پر ایک مسلمان کو غصہ آئے گا اور وہ آگے بڑھ کر صلیب کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ اس واقعے سے عیسائی بگڑ جائیں گے اور جنگ کے لیے جمع ہو جائیں۔ بعض رواۃ نے اس روایت میں یہ اضافہ بھی کیا ہے کہ اس وقت مسلمان بھی جوش میں آ جائیں گے اور اپنے ہتھیار سنبھال لیں گے، ایک سخت لڑائی کریں گے اور اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی اس جماعت کو شہادت سے سرفراز فرمائے گا۔'' [1]

ایک دوسری حدیث میں اس واقعہ کی تفصیل

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ عیسائی ''اعماق'' یا ''دابق'' [2]

---

[1] سنن أبي داود، الملاحم، حديث:4294. [2] دابق کی یہ تاریخی بستی ملک شام (سوریا) کے شہر حلب کی ایک جانب اخترین کے علاقے میں واقع ہے۔ ترکی کی حدود یہاں سے صرف دس کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں۔ یہ بستی زرعی اجناس، خصوصاً گندم، مسور اور آلو کی کاشت کے لیے مشہور ہے۔ اس بستی کے درمیان سے نہر قویق گزرتی ہے جس کا بہاؤ موسم بہار اور موسم گرما میں بھرپور ہوتا ہے۔ یہ علاقہ تاریخ کے ہر دور میں اہل اسلام کا ایک دفاعی مرکز رہا ہے۔ اسی جگہ وہ عظیم خوں ریز ◂◂

کے مقام پر پڑاؤ نہ ڈالیں۔ عیسائیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مدینہ سے مسلمانوں کا ایک لشکر روانہ ہوگا جو اس وقت روئے زمین کے بہترین لوگ ہوں گے۔ جب دونوں لشکر ایک دوسرے کے مقابل صف آرا ہوں گے تو عیسائی کہیں گے: تم لوگ ذرا ہٹ جاؤ۔ پہلے ہمیں ان لوگوں سے لڑائی کر لینے دو جو ہم میں سے گرفتار ہو گئے تھے۔ (اس بات سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں اور عیسائیوں کے مابین پہلے بھی متعدد لڑائیاں ہو چکی ہوں گی جن میں مسلمان فتح یاب ہوئے تھے، عیسائیوں کو قیدی بنا لیا گیا تھا جو بعد میں مسلمان ہوگئے تھے اور اب اسلامی لشکر میں شامل ہو کر عیسائیوں سے جہاد کرنے کے لیے آئے ہوئے ہوں گے) مگر مسلمان کہیں گے: نہیں، اللہ کی قسم!

دابق، شام

ہم اپنے ان بھائیوں سے کبھی الگ نہ ہوں گے۔ لڑائی شروع ہوگی تو مسلم لشکر کا ایک تہائی حصہ میدانِ جنگ سے فرار ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ کبھی ان کی توبہ قبول نہیں کرے گا۔ اس لشکر کے ایک تہائی لوگ جہاد کرتے ہوئے شہید ہو جائیں گے۔ یہ لوگ اللہ کے نزدیک افضل ترین شہداء ہوں گے۔ باقی ایک تہائی لشکر لڑائی میں فتح

◂◂ لڑائی ہوگی جس کا علامات قیامت میں ذکر آیا ہے۔

حاصل کرے گا۔ یہ لوگ کبھی فتنے میں مبتلا نہیں ہوں گے اور یہی لوگ قسطنطنیہ کو فتح کریں گے۔ جب وہ اپنی تلواریں زیتون کے درختوں سے لٹکا کر مالِ غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے تو شیطان ان کے درمیان آکر آواز لگائے گا کہ لوگو! تمھارے بعد مسیح دجال تمھارے گھروں میں داخل ہو گیا ہے (اس سے شیطان کا مقصد انھیں گھبراہٹ اور خوف میں مبتلا کرنا ہوگا) لشکرِ اسلام کے فوجی وہاں سے نکلیں گے (اور وہ دجال کی طرف متوجہ ہوں گے۔) شیطان کی یہ خبر تو باطل ہو گی مگر جب وہ شام میں پہنچیں گے تو واقعی مسیح دجال کا ظہور ہو چکا ہوگا۔'' [1]

خروجِ دجال سے قبل پیش آنے والے چند دیگر واقعات

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''خروجِ دجال سے قبل تین برس بہت سختی اور شدت کے ہوں گے، لوگ ان سالوں میں خوراک کی شدید قلت کا شکار ہوں گے۔ پہلے برس اللہ تعالیٰ آسمان کو حکم دے گا کہ وہ اپنی ایک تہائی بارش روک لے اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ اپنی ایک تہائی پیداوار روک لے، پھر اگلے برس آسمان کو حکم ہو گا کہ وہ اپنی دو تہائی بارش روک لے اور زمین کو حکم ہو گا کہ وہ اپنی دو تہائی پیداوار روک لے۔ تیسرے سال اللہ تعالیٰ آسمان کو حکم دے گا کہ وہ اپنی تمام بارش روک لے اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ اپنی ساری پیداوار روک لے۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ آسمان سے پانی کا ایک قطرہ تک نہ گرے گا اور زمین سے کوئی نبات پیدا نہ ہوگی۔ روئے زمین

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2897.

پر جتنے بھی سایہ دار درخت ہوں گے تباہ و برباد ہو جائیں گے مگر جس کو اللہ چاہے گا وہ بچ جائے گا۔" (یعنی ایک قلیل تعداد کے سوا سب درخت مرجھا کر سوکھ جائیں گے)۔ [1]

لوگوں نے سوال کیا، اے اللہ کے رسول! اس صورتِ حال میں لوگوں کا ذریعہ معاش کیا ہوگا؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ لا إله إلّا اللّٰه، اللّٰه أكبر اور الحمد للّٰه کثرت سے پڑھیں گے اور یہی ذکر ان کے لیے خوراک کا کام دے گا۔"

[1] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث:4077، وفي سنده مقال

چھ مزید واقعات

حضرت راشد بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

”جب اصطخر [1] فتح ہوا تو ایک منادی نے اعلان کیا: خبر دار رہو! دجال ظاہر ہو چکا ہے۔

حضرت صعب بن جثامہ ان سے ملے اور کہا: تم یہ نہ کہتے تو اچھا تھا، میں تمھیں بتا چکا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

«لَا يَخْرُجُ الدَّجَّالُ حَتّٰى يَذْهَلَ النَّاسُ عَنْ ذِكْرِهِ، وَ حَتّٰى تَتْرُكَ الْأَئِمَّةُ ذِكْرَهُ عَلَى الْمَنَابِرِ»

”دجال اس وقت تک نہیں نکلے گا جب تک کہ لوگ اس کے ذکر تک سے

[1] ”اصطخر“ ایران کے قدیم ترین اور مشہور ترین شہروں میں سے ایک ہے۔ ایرانی بادشاہ یہاں رہا کرتے تھے اور یہاں ان کا خزانہ بھی ہوتا تھا۔

غافل نہ ہو جائیں اور یہاں تک کہ خطیب منبروں پر اس کا ذکر کرنا چھوڑ دیں گے۔" [1]

دجال کی جسمانی علامات

- «قصير أفحج» اس کا قد چھوٹا ہوگا اور پنڈلیوں کے درمیان دوری ہونے کے باعث اس کی چال عیب دار ہوگی۔
- «جعد» اس کے بال نرم اور سیدھے نہ ہوں گے (گھنگریالے ہوں گے)۔
- «جفال الشعر» اس کے بال گھنے ہوں گے۔

- «مطموس العين» بجھی ہوئی آنکھ، پھولے ہوئے انگور کی مانند، یعنی وہ بائیں آنکھ سے کانا ہوگا۔
- «هجان» سفید رنگ والا۔
- «أجلى الجبهة» چوڑی پیشانی والا۔
- «مكتوب بين عينيه: ك ف ر» اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوگا "ک،ف،ر" اسے ہر پڑھا لکھا اور ان پڑھ مومن اچھی طرح پڑھ لے گا۔

[1] مسند أحمد: 71/4 رواه عبد الله بن أحمد من رواية بقية عن صفوان بن عمرو وهي صحيحة كما قال ابن معين، وبقية رجاله ثقات.

* «عقیم» وہ لا ولد ہوگا، اس کے ہاں کوئی اولاد نہ ہوگی۔

یہاں پر دجال کی جو نشانیاں بیان ہوئی ہیں، ان کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ ایک پست قد، مضبوط جسم والا اور بڑے سر والا شخص ہوگا۔ اس کی دونوں آنکھیں عیب دار ہوں گی۔ دائیں آنکھ انگور کے دانے کی طرح پھولی ہوئی، جبکہ بائیں آنکھ پر چمڑا آیا ہوا ہوگا۔ بال اس کے گھنے اور گھنگریالے ہوں گے اور جلد کا رنگ سفید ہوگا۔ اس کی دونوں پنڈلیوں کے درمیان فاصلہ زیادہ ہوگا۔ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''ک، ف، ر'' لکھا ہوگا۔

دجال کے ظاہر ہونے کی جگہ

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ الدَّجَّالَ يَخْرُجُ مِنْ أَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ، يُقَالُ لَهَا: خُرَاسَانُ [1] يَتْبَعُهُ أَقْوَامٌ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ» [2]

''دجال مشرق میں ایک ایسی جگہ سے خروج کرے گا جسے خراسان کہا جائے گا اور اس کی پیروی ایسے لوگ کریں گے جن کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالوں کی طرح ہوں گے۔'' [3]

---

[1] خراسان ایران کا ایک بڑا صوبہ ہے۔

دجال کا ابتدائی ظہور اور شہرت شام اور عراق کے درمیان ہوگی۔ واللہ اعلم

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کے بارے میں فرمایا:

«إِنَّهُ خَارِجٌ خَلَّةً بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ»

''وہ شام اور عراق کے درمیان ایک مقام سے ظاہر ہوگا۔'' [1]

جسّاسہ کا قصہ اور دجال

عامر بن شراحیل شعبی کہتے ہیں کہ انھوں نے فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے کہا: مجھے کوئی ایسی حدیث سنائیے جو آپ نے براہ راست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو، اسے اللہ کے رسول کے سوا کسی اور کی طرف منسوب نہ کیجیے گا۔ انھوں نے کہا کہ اگر تم چاہتے ہو تو میں ایسا ہی کروں گی۔ عامر نے کہا: تو ٹھیک ہے، سنائیے۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا گویا ہوئیں: ایک روز میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی کی آواز سنی، وہ اعلان کر رہا تھا: لوگو! نماز کھڑی ہونے والی ہے۔ یہ سن کر میں سوئے مسجد چل پڑی

[2] المجن کے معنی ڈھال ہیں۔ ان کے چہروں کو ڈھال سے تشبیہ اس لیے دی گئی کہ وہ ڈھال کی مانند چوڑے اور گول ہوں گے۔ المطرقة یعنی چمڑے سے منڈھی ہوئی ڈھال، یہ اس لیے فرمایا کہ ان کے چہروں پر گوشت بہت ہوگا اور وہ موٹے چہروں والے ہوں گے۔ یہی نشانی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یاجوج وماجوج کی بھی بتلائی ہے۔

[3] مسند أحمد: 4/1، وجامع الترمذي، الفتن، حديث: 2237، وصححه الألباني في صحيح الترمذي. [1] صحيح مسلم، الفتن، وأشراط الساعة، حديث: 2937.

اور اللہ کے رسول ﷺ کے پیچھے نماز ادا کی۔ میں عورتوں کی اس صف میں تھی جو مردوں کے بالکل پیچھے تھی۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے اور منبر پر جلوہ افروز ہوئے تو آپ ﷺ تبسم فرما رہے تھے۔ آپ نے فرمایا:

ہر شخص اپنی جگہ پر بیٹھا رہے، پھر فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ آج میں نے تمھیں مسجد میں کیوں جمع کیا ہے؟ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی قسم! میں نے تم لوگوں کو کسی رغبت دلانے یا ڈرانے کے لیے جمع نہیں کیا بلکہ میں نے تمھیں اس لیے بلایا ہے کہ (تمھیں ایک اہم واقعہ بتلاؤں کہ) تمیم داری جو کہ نصرانی تھے میرے ہاں آئے اور میرے ہاتھ پر بیعت کر کے مسلمان ہو گئے۔ انھوں نے مجھے ایک واقعہ سنایا ہے جو میری ان احادیث کے موافق ہے جو میں تم لوگوں سے مسیح دجال کے بارے میں بیان کرتا رہا ہوں۔ تمیم داری نے مجھے بتایا کہ وہ قبیلۂ بنو لخم اور بنو جذام کے تیس لوگوں کے ہمراہ بحری جہاز میں محوِ سفر تھے کہ پانی کی بپھری ہوئی موجوں نے ان کے جہاز کو راستے سے بھٹکا دیا۔ وہ ایک ماہ تک سمندر میں بھٹکنے کے بعد ایک جزیرے کے قریب جا نکلے اور غروبِ آفتاب کے وقت جہاز کو جزیرے کے قریب لے گئے، پھر چھوٹی کشتی میں بیٹھ کر جزیرے تک پہنچے اور پھر اس میں داخل ہو گئے۔ وہاں انھیں گھنے اور موٹے بالوں والا ایک جانور دکھائی دیا۔ بالوں کی کثرت کے باعث پتہ نہ چلتا تھا کہ اس کی اگلی جانب کون سی ہے اور پچھلی جانب کون سی ہے۔

انھوں نے تعجب سے کہا: تیرا ستیاناس! تو کیا چیز ہے؟

اس نے کہا: میں جساسہ ہوں۔

انھوں نے کہا: جساسہ کیا ہوتی ہے؟

اس نے کہا: تم لوگ اس شخص کے پاس جاؤ جو الگ تھلگ ایک دور جگہ میں رہتا ہے وہ تمھارے بارے میں جاننے کا بہت خواہشمند ہے۔

اس جساسہ نے جب اپنا نام لیا تو ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ یہ (جساسہ) کہیں کوئی شیطان نہ ہو۔ ہم جلدی سے اس خانقاہ کی طرف چل پڑے۔ جب ہم اس میں داخل ہوئے تو ہم نے ایک عظیم الجثہ انسان دیکھا جو بہت مضبوطی سے بندھا ہوا تھا۔ اس کے دونوں ہاتھ اس کی گردن سے بندھے ہوئے تھے اور گھٹنوں سے ٹخنوں تک وہ لوہے کی زنجیروں سے جکڑا ہوا تھا۔

ہم نے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو! تو کون ہے؟

اس نے کہا: تم لوگ میرے بارے میں جاننے میں کامیاب ہو گئے! پہلے تم بتاؤ کہ تم کون ہو؟

ہم نے کہا: ہم عرب ہیں۔ ہم ایک بحری جہاز میں سوار تھے کہ سمندر کی طوفانی بھری لہروں نے ہمیں دربدر کر دیا، بالآخر ہمیں اس جزیرے میں پہنچا دیا۔ ہم ایک کشتی میں بیٹھ کر یہاں تک پہنچے ہیں۔ یہاں ہمیں وہ جانور ملا جس کے جسم پر بے حد بال ہیں اس کی اگلی اور پچھلی جانب میں تمیز کرنا مشکل ہے۔

ہم نے اس سے پوچھا: تیرے لیے تباہی وبربادی ہو! تو کون ہے؟

اس نے کہا: میں جساسہ ہوں۔

ہم نے کہا: جساسہ کون ہے؟

اس نے کہا: تم لوگ اس بڑے محل کی خانقاہ میں جاؤ۔ وہاں جو شخص ہے وہ تمھاری خبر کا بہت شائق ہے۔ ہم تیزی سے تمھاری جانب آئے ہیں۔ ہم اس جانور سے بھی خائف ہیں کہ کہیں وہ کوئی شیطان ہی نہ ہو۔

بیسان کی آبشاریں

اس نے کہا: مجھے ''بیسان''[1] کے کھجوروں کے باغات کے بارے میں کچھ بتلاؤ۔

[1] ''بیسان'' فلسطین کے شہروں میں سے ایک شہر ہے جو نہر جالوت کے جنوب مغرب میں واقع ہے۔

ہم نے کہا: تم اس شہر کی کس چیز کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہو؟

اس نے کہا: مجھے یہ بتاؤ! کیا اس کے درخت پھل دے رہے ہیں؟

ہم نے کہا: دیتے ہیں۔

اس نے کہا: قریب ہے کہ اس کے درخت پھل دینا بند کر دیں گے۔

اس نے کہا: مجھے ''بحیرۂ طبریہ''[1] کے بارے میں بتاؤ؟

ہم نے کہا: تم اس کی کس چیز کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہو؟

اس نے کہا: کیا اس میں پانی موجود ہے؟

انھوں نے کہا: اس میں بہت پانی ہے۔

اس نے کہا: عنقریب اس کا پانی ختم ہو جائے گا۔

اس نے کہا: مجھے ''زُغر''[2] کے چشمے کے بارے میں بتلاؤ؟

بحیرۂ طبریہ کی فضائی تصویر

[1] یہ اردن اور فلسطین کے درمیان واقع ہے۔

[2] ''زُغر'' اُردن میں بحیرۂ مردار کے کنارے پر واقع ایک بستی ہے۔ علامہ ابن اثیر کہتے ہیں: ''زُغر'' شام میں بلقاء کی سرزمین پر ایک چشمے کا نام ہے۔ دیکھیے: (النهاية:2/304) بعض اہل علم بحیرۂ مردار کو ''بحیرۂ زغر'' قرار دیتے ہیں۔

انھوں نے کہا: تم اس کی کس چیز کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہو؟

اس نے کہا: کیا اس چشمے میں پانی موجود ہے اور کیا اس کے باشندے اس پانی سے کاشت کاری کرتے ہیں؟

ہم نے کہا: ہاں، اس چشمے میں بہت پانی ہے اور اس کے باشندے اس سے کاشت کاری بھی کرتے ہیں؟

اس نے کہا: مجھے یہ بتاؤ کہ ان پڑھوں (امیین) کے نبی کا کیا حال ہے؟

انھوں نے کہا: وہ مکہ سے ہجرت کر چکے ہیں اور مدینہ میں قیام پذیر ہیں۔

اس نے کہا: کیا عربوں نے اس سے لڑائی کی ہے؟

ہم نے کہا: ہاں! کی ہے۔

اس نے کہا: پھر نتیجہ کیا رہا؟

ہم نے اسے خبر دی کہ وہ اردگرد کے تمام عربوں پر غالب آ گئے ہیں اور ان سب نے ان کی اطاعت قبول کر لی ہے۔

بحیرہ طبریہ (گلیلی)

اس نے کہا: کیا یہ سب ہو چکا؟

ہم نے کہا: بالکل۔

اس نے کہا: یہی ان کے لیے بہتر ہے کہ اس (نبی) کی اطاعت کرلیں۔ اب میں تمھیں اپنے بارے میں بتاتا ہوں۔ میں مسیح (دجال) ہوں۔ عنقریب مجھے کسی وقت خروج کا اذن مل جائے گا۔ میں نکلوں گا اور ساری زمین کے ہر شہر کا چالیس روز میں چکر لگا لوں گا سوائے مکہ اور مدینہ کے کیونکہ یہ دو شہر مجھ پر حرام کر دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کسی شہر میں بھی اگر میں داخل ہونے کی کوشش کروں گا تو میرا سامنا ایک فرشتے سے ہوگا جو ننگی تلوار سونت کر میری راہ میں کھڑا ہوگا۔ وہ مجھے ان شہروں میں داخل ہونے سے روک دے گا۔ مکہ اور مدینہ کے تمام راستوں اور شاہراہوں پر بھی فرشتے متعین ہوں گے۔ جو اس کی حفاظت کریں گے۔

فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا عصا منبر پر مارا اور فرمایا: ''یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے'' یعنی مدینہ منورہ، پھر آپ نے فرمایا:'' کیا یہ

بات میں تم سے پہلے ہی بیان نہیں کر چکا؟''

لوگوں نے کہا: جی ہاں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے تمیم داری کی بات اچھی لگی کیونکہ وہ میری اس بات کے مطابق تھی جو میں دجال کے بارے میں اور مکہ و مدینہ کے متعلق تم سے بیان کیا کرتا ہوں۔ خبردار رہو! دجال شام یا یمن کے سمندر میں ہے۔ بلکہ وہ مشرق کی جانب ہے۔ وہ مشرق کی جانب ہے۔ وہ مشرق کی جانب ہے۔'' اور آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ فرمایا۔[1]

حضرت فاطمہ بنت قیس کہتی ہیں: میں نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے براہ راست سنی اور یاد رکھی ہے۔[2]

میں نے مسیح دجال کے بارے میں لکھنے والے بعض مؤلفین کی کتب میں پڑھا ہے کہ انھوں نے مسیح دجال کی موجودگی کی جگہ اور برمودا مثلث (The Bermuda Triangle) کے درمیان ربط قائم کرنے کی کوشش کی ہے، حالانکہ برمودا مثلث کی حقیقت آج تک ایک سربستہ راز ہے جو کسی پر منکشف نہیں ہو سکا۔

[1] مدینۃ الرسول ﷺ سے مشرق کی جانب عراق اور ایران واقع ہیں۔ [2] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2942.

برمودا مثلث کی حقیقت اور اس کا مسیح دجال سے تعلق

برمودا مثلث کے بارے میں گفتگو بے ہودہ حکایات اور فرضی واقعات کی طرح ہے۔

جغرافیائی محل وقوع

برمودا مثلث بحرِ اوقیانوس کے مغرب اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ریاست فلوریڈا کے جنوب مشرقی جانب ہے۔ اس علاقے کی شکل مثلث ہے۔ یہ مغرب کی طرف خلیج میکسیکو سے شروع ہو کر جنوب میں جزیرۂ لیورڈ (ویسٹ انڈیز) تک، پھر شمال میں برمودا (تین سو چھوٹے جزیروں کا مجموعہ جن کی آبادی پینسٹھ ہزار نفوس پر مشتمل ہے) تک اور پھر خلیج میکسیکو اور جزائر بہامازتک پھیلا ہوا ہے۔

نقشے میں خراسان کا مقام دکھایا گیا ہے جہاں دجال کا ظہور ہو گا اور مغرب میں برمودہ ٹرائی اینگل کا مقام جہاں کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ دجال اس وقت موجود ہے

جزائرِ برمودا میں مقامِ مزاحمت

بحرِ اوقیانوس کے شمال مغرب میں ایک خاص مقام ہے جو ''بحیرۂ سرگاسو'' (Sargasso Sea) کہلاتا ہے۔اس کے پانیوں کی ایک خاص بات یہ ہے کہ ان میں سمندری نباتات کی ایک مخصوص قسم پائی جاتی ہے جسے ''سرگاسم'' کہا جاتا ہے۔ یہ بہت بڑی مقدار میں گول شکل میں پانیوں پر تیرتی رہتی ہے اور بحری جہازوں کے آگے رکاوٹ بن کر ان کی آمد و رفت کو مشکل بنا دیتی ہے۔

''بحیرۂ سرگاسو'' اپنی مکمل اور پرسکون خاموشی کے باعث مشہور ہے۔اس میں ہوا کی موجیں اور سمندری طوفان شاذ و نادر ہی آتے ہیں۔ اس کو ''دہشت ناک سمندر'' اور ''اوقیانوس کا قبرستان'' بھی کہا جاتا ہے۔بعض تحقیقی رپورٹوں سے پتہ چلتا ہے کہ اس سمندر کی تہہ میں بہت سے بحری جہاز، کشتیاں اور آبدوزیں موجود ہیں جو مختلف زمانوں میں اس میں غرقِ آب ہوتی رہیں۔

جزائر برمودا میں گمشدگی کا نقطۂ آغاز

1850ء اس مخصوص جگہ یا اس کے قرب وجوار میں قریباً پچاس بحری جہاز لاپتہ ہو گئے، البتہ ان میں سے بعض جہازوں کے کپتان آخری لمحات میں خطرے کا ادراک ہونے پر پیغامات ارسال کرنے میں کامیاب

رہے مگر یہ اس قدر مبہم اور غیر واضح تھے کہ انھیں کوئی بھی نہ سمجھ سکا۔

ان گم ہو جانے والے جہازوں اور آبدوزوں کی اکثریت ریاست ہائے متحدہ امریکہ سے تعلق رکھتی تھی۔ سب سے پہلے جو جہاز لا پتہ ہوا اس کا نام "انسرجنٹ" (Insurgent) تھا۔ اس پر 340 افراد سوار تھے۔ اس کے بعد ایک آبدوز لا پتہ ہوگئی جس کا نام "اسکورپین" (Scorpion) تھا۔ اس پر دریاؤں اور سمندروں میں کام کرنے والے 99 افراد سوار تھے۔

طیاروں کی گمشدگی کے واقعات

گمشدگی کا یہ سلسلہ بحرِ اوقیانوس کی فضاؤں تک بھی جا پہنچا۔ جیسے ہی کوئی طیارہ بحرِ اوقیانوس خصوصاً جزائر برمودا کی فضائی حدود میں داخل ہوتا لا پتہ ہو جاتا۔

1945ء میں امریکی ریاست "فلوریڈا" (Florida) کے نیول ائر بیس سے پانچ بمبار لڑاکا طیارے معمول کی تربیتی پرواز پر روانہ ہوئے۔ یہ پانچوں طیارے ایک

ساتھ مثلث شکل میں اڑان بھرتے جا رہے تھے اور ایک غرق شدہ بحری جہاز کے سطحِ سمندر پر تیرتے ہوئے ملبے کی طرف جانا چاہتے تھے۔ ائربیس کا عملہ ان طیاروں کی جانب سے کسی ایسے پیغام کا منتظر تھا جس میں ان کے پائلٹوں کو یہ بتانا تھا کہ وہ کس جگہ اور کس طریقے سے اُتریں گے کہ اچانک ان کو گروپ کمانڈر کی طرف سے ایک عجیب وغریب پیغام ملا۔ گروپ کمانڈر چارلس ٹیلر (Charles Taylor) نے ائربیس کنٹرول ٹاور کو یہ پیغام ارسال کیا:

"ہم اس وقت ایمرجنسی کی حالت میں ہیں۔ ہم اپنا روٹ مکمل طور پر کھو چکے ہیں۔ میں زمین کو دیکھنے سے قاصر ہوں۔ میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ اس وقت ہم کہاں ہیں۔ ہم فضا میں گم ہو چکے ہیں۔ یہاں ہر چیز عجیب وغریب اور تشویش انگیز ہے۔ میں کسی سمت کا تعین بھی نہیں کرسکتا حتی کہ میرے سامنے جو سمندر ہے وہ بھی عجیب اور نامانوس سا ہے اور میں اس کی تعیین بھی نہیں کرسکتا کہ یہ کون سا سمندر ہے۔ اس کے فوراً بعد کنٹرول ٹاور سے فضائی بیڑے کا ہر قسم کا رابطہ منقطع ہو گیا۔

اس کے بعد بھی کئی ایک طیارے اس جگہ گم ہوئے۔

اس مثلث کی گتھی سلجھانے کے لیے بعض تشریحات:

زلزلوں کا نظریہ اور مثلث برمودا پر وقوع پذیر ہونے والے حوادث سے اس کا تعلق:

اس نظریے کے مطابق کہ سمندر کی تہہ میں واقع ہونے والے زمینی زلزلوں اور جھٹکوں کے باعث سمندر کی موجوں میں شدید طوفانی اور ہنگامی نوعیت کی لہریں پیدا ہوتی ہیں جو بحری جہازوں کو ڈبو دیتی ہیں۔ اور انھیں آناً فاناً پوری قوت سے سمندر کی گہرائی کی طرف کھینچتی ہیں۔ جہاں تک فضا میں اڑنے والے طیاروں کا تعلق ہے، ان جھٹکوں اور موجوں کی وجہ سے فضا میں بھی کچھ ایسی ہوائی لہریں پیدا ہوتی ہیں جن سے طیاروں کا توازن خراب ہو جاتا ہے اور پائلٹ کا طیارے پر کنٹرول برقرار نہیں رہتا۔

2004ء میں انڈونیشیا اور ہمسایہ ریاستوں کے ساتھ ٹکرانے والا سونامی جو کہ زیر بحر آنے والے زلزلے کا نتیجہ تھا۔

کشش ثقل کا نظریہ اور جزائر برمودا میں ہونے والے واقعات سے اس کا تعلق

جزائر برمودا کے اوپر سے گزرتے وقت طیارے میں موجود قطب نما اور دیگر آلات عجیب وغریب شکل میں حرکت کرنے لگتے ہیں۔ یہی صورت حال بحری جہاز کے کپتان کو بھی پیش آتی ہے جو اس امر کی دلیل ہے کہ وہاں ایک شدید مقناطیسی قوت یا جذب کی ایک شدید اور عجیب وغریب طاقت موجود ہے۔

خروجِ دجال سے قبل پیش آنے والے واقعات

عربوں کی قلت

سیدہ ام شریک رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

«لَيَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَّالِ فِي الْجِبَالِ. قَالَتْ أُمُّ شَرِيكٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! فَأَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: هُمْ قَلِيلٌ»

''لوگ دجال سے ڈر کر پہاڑوں کی طرف بھاگ جائیں گے۔ ام شریک رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس دن عرب کہاں ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: وہ بہت تھوڑے ہوں گے۔''[1]

شدید لڑائی اور فتح قسطنطنیہ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«عُمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَابُ يَثْرِبَ، وَخَرَابُ يَثْرِبَ خُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ، وَخُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ الْقُسْطَنْطِينِيَّةِ، وَفَتْحُ قُسْطَنْطِينِيَّةَ خُرُوجُ الدَّجَّالِ»

''بیت المقدس کی آبادی دراصل مدینہ کی بربادی ہوگی۔ مدینہ کی بربادی ہوئی تو ایک عظیم معرکہ شروع ہو جائے گا۔ وہ معرکہ شروع ہوا تو قسطنطنیہ فتح ہو جائے گا اور جب قسطنطنیہ فتح ہوگیا تو پھر جلد ہی دجال ظاہر ہو جائے گا۔''[2]

---

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2945. [2] مسند أحمد: 232/5، وسنن أبي داود، الملاحم، حديث:4294.

فتوحات

حضرت نافع بن عتبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ہم لوگ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ جہاد کے ایک سفر پر نکلے۔ نبی کریم ﷺ کے پاس مغرب کی جانب سے ایک قوم آئی، ان کے بدن پر اون کے کپڑے تھے۔ ان کی ملاقات اللہ کے رسول ﷺ سے ایک ٹیلے پر ہوئی۔ وہ کھڑے تھے اور اللہ کے رسول ﷺ بیٹھے تھے۔ مجھے خیال آیا کہ مجھے جا کر ان کے اور اللہ کے رسول ﷺ کے درمیان کھڑے ہونا چاہیے، مبادا وہ اللہ کے رسول ﷺ کو دھوکے سے قتل کر دیں، پھر میں نے کہا کہ شاید اللہ کے رسول ﷺ ان سے کوئی خفیہ بات چیت کر رہے ہوں۔ بہر حال میں آیا اور ان کے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان کھڑا ہو گیا۔ میں نے آپ ﷺ سے چار باتیں سیکھیں جنھیں میں انگلیوں پر گن سکتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

«تَغْزُونَ جَزِيرَةَ الْعَرَبِ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ فَارِسَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ الرُّومَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ الدَّجَّالَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ»

”تم جزیرۂ عرب میں جنگ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے فتح کر دے گا، پھر تم ایران پر حملہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے فتح کر دے گا، پھر تم روم پر حملہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے بھی فتح کر دے گا، پھر تم دجال پر حملہ کرو گے تو

اللہ تعالیٰ اسے بھی فتح کردے گا۔'' [1] یعنی جس جگہ دجال لڑے گا اس جگہ پر اور اس کے ساتھیوں پر تمھیں فتح حاصل ہو جائے گی۔

بارش اور پیداوار کا رک جانا

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
''خروجِ دجال سے قبل کے تین برس بہت سخت ہوں گے۔ لوگ ان سالوں میں شدید بھوک میں مبتلا ہوں گے۔ پہلے برس اللہ تعالیٰ آسمان کو حکم دے گا کہ وہ اپنی ایک تہائی بارش روک لے اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ اپنی ایک تہائی پیداوار روک لے، پھر دوسرے برس آسمان کو حکم ہوگا کہ وہ اپنی دو تہائی بارش روک لے اور زمین کو حکم ہوگا کہ وہ اپنی دو تہائی پیداوار روک لے۔ تیسرے سال اللہ تعالیٰ آسمان کو حکم دے گا کہ وہ اپنی تمام بارش روک لے تو اس سے بارش کا ایک قطرہ بھی نہ گرے گا اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ اپنی کل پیداوار

[1] صحیح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حدیث:2900.

روک لے تو زمین سے کوئی سبز چیز پیدا نہ ہوگی۔ روئے زمین پر جو بھی کھُر والا جانور (گائے، بھینس، بکری وغیرہ) ہو گا ہلاک ہو جائے گا مگر جسے اللہ چاہے گا بچالے گا۔" [1]

فتنوں کی کثرت (فتنۂ احلاس، فتنۂ سرّاء، فتنۂ دُہیماء) اور لوگوں کا باہمی اختلاف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ایک طویل حدیث میں ارشاد فرمایا:

«ثُمَّ فِتْنَةُ السَّرَّاءِ، دَخَنُهَا مِنْ تَحْتِ قَدَمَيْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي، يَزْعُمُ أَنَّهُ مِنِّي، وَلَيْسَ مِنِّي، وَإِنَّمَا أَوْلِيَائِي الْمُتَّقُونَ۔ ثُمَّ يَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلٰى رَجُلٍ كَوَرِكٍ عَلٰى ضِلَعٍ ثُمَّ فِتْنَةُ الدُّهَيْمَاءِ، لَا تَدَعُ أَحَدًا مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً، فَإِذَا قِيلَ: انْقَضَتْ تَمَادَتْ؛ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، حَتّٰى يَصِيرَ النَّاسُ إِلٰى فُسْطَاطَيْنِ -أَيْ قِسْمَيْنِ- فُسْطَاطُ إِيمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيهِ، وَفُسْطَاطُ نِفَاقٍ لَا إِيمَانَ فِيهِ، فَإِذَا كَانَ ذَاكُمْ فَانْتَظِرُوا الدَّجَّالَ مِنْ يَوْمِهِ أَوْ مِنْ غَدِهِ»

---

[1] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4077، وفي سنده مقال، وله شاهد من حديث أسماء بنت يزيد الأنصارية عند أحمد وأبي داود.

''پھر خوشحالی کا فتنہ ظاہر ہوگا جو ایک ایسے شخص کے قدموں سے اٹھے گا جو میرے اہل بیت سے ہوگا۔ وہ خود کو میرے خاندان میں خیال کرے گا مگر درحقیقت اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہ ہوگا کیونکہ میرے دوست تو فقط متقی ہیں، پھر لوگ ایک ایسے شخص پر متفق ہو جائیں گے جو ایسے ہوگا جیسے پسلی پر سرین (لوگ ایک ایسے شخص کو اپنا بادشاہ بنانے پر متفق ہو جائیں گے جو اپنی جہالت کے باعث بادشاہت کے لیے کسی صورت موزوں نہ ہوگا اور نہ وہ امور و معاملات پر قابو پانے کی اہلیت رکھتا ہوگا۔ جس طرح کہ ایک پسلی بڑی بھاری سرین کا وزن برداشت نہیں کر سکتی) آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اس کے بعد ایک بہت ہولناک فتنہ شروع ہوگا، اس فتنے کا اثر اور ضرر میری امت کے ہر شخص کو پہنچے گا، کوئی بھی اس سے محفوظ نہ رہے گا۔ جب بھی کہا جائے گا کہ یہ فتنہ ختم ہو گیا ہے تو وہ پہلے سے بھی زیادہ شدت اختیار کر جائے گا۔ آدمی صبح کو مومن ہوگا اور شام کو کافر ہو جائے گا حتی کہ لوگ دو گروہوں میں بٹ جائیں گے۔ ایک ایمان والے جو نفاق سے یکسر پاک ہوں گے اور دوسرے نفاق والے جو ایمان سے یکسر خالی ہوں گے۔ جب یہ حالات ہو جائیں تو اس وقت دجال کا انتظار کرنا، اسی روز آجائے یا اگلے روز ظاہر ہو جائے۔''[1]

[1] سنن أبي داود، الفتن والملاحم، حديث:4242.

تیس دجالوں اور کذابوں کا خروج

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«وَإِنَّهُ وَاللّٰهِ! لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ ثَلَاثُونَ كَذَّابًا، آخِرُهُمُ الْأَعْوَرُ الدَّجَّالُ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ الْيُسْرٰى»

''اللہ کی قسم! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تیس جھوٹے ظاہر نہ ہو جائیں۔ ان میں سب سے آخری کانا دجال ہوگا جس کی بائیں آنکھ ممسوح (مٹی ہوئی) ہوگی۔'' [1]

دجال کیسے ظاہر ہوگا؟

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کی دجال اور جساسہ والی حدیث میں گزر چکا ہے کہ دجال اس وقت ایک سمندری جزیرے میں قید ہے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں زندہ تھا۔ وہ ایک عظیم الجثہ شخص ہے۔ تمیم داری اور ان کے تیس ساتھیوں نے اسے دیکھا کہ وہ زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ ان کے اور دجال کے درمیان گفتگو بھی ہوئی ۔ اس نے انھیں بتایا کہ وہ دجال ہے۔ اور عنقریب شدید غصے کے عالم میں اس کی زنجیریں ٹوٹ جائیں گی اور وہ اپنی قید سے باہر آ جائے گا۔ [2]

اس کے خروج کا سبب

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں مدینہ کے ایک راستے پر

---

[1] مسند أحمد: 5/16. [2] اس کی تفصیل ابھی گزشتہ صفحات میں گزر چکی ہے۔

ابنِ صائد [1] سے ملا۔ میں نے اس سے ایک ایسی بات کہی جس سے وہ غصے میں آ کر اس قدر پھول گیا کہ اس کے وجود سے سارا راستہ بھر گیا۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما سیدہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما کے گھر میں داخل ہوئے تو ابنِ عمر کی طرف سے ابن صائد کو غصہ دلانے کی خبر انھیں مل چکی تھی۔ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اللہ آپ پر رحم فرمائے! آپ نے اسے غصہ کیوں دلایا؟ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:

«إِنَّمَا يَخْرُجُ مِنْ غَضْبَةٍ يَغْضَبُهَا»

''دجال صرف اس وقت اپنی قید سے نکل پائے گا جب اسے شدید غصہ آئے گا۔'' [2]

زمین پر اس کی رفتار

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: دجال کی زمین پر رفتار کیا ہوگی؟

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«كَالْغَيْثِ اسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيحُ»

''وہ اس بارش کی طرح ہوگا جس کے پیچھے ہوا ہو۔'' [3]

مطلب یہ ہے کہ وہ بہت تیزی سے زمین کے ہر حصے میں پہنچ جائے گا اور پوری زمین پر گھومے گا۔

---

[1] یعنی ابن صیاد، اس کا تفصیلی ذکر پہلے گزر چکا ہے۔ [2] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2932. [3] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2937.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''دجال اس وقت نکلے گا جب لوگوں میں دین کی کمی ہو گی اور علم ختم ہو چکا ہوگا۔ وہ زمین میں چالیس روز تک پھرے گا۔ ان میں سے ایک دن ایک سال کی طرح، ایک دن ایک مہینے کی طرح اور ایک دن ایک ہفتے کے برابر ہوگا۔ بعدازیں باقی ایام تمھارے عام دنوں کی طرح ہوں گے۔ اس کے پاس ایک گدھا ہوگا جس پر وہ سوار ہوگا۔ اس کے دونوں کانوں کے درمیان چالیس ہاتھ کا فاصلہ ہوگا۔ وہ لوگوں کے پاس آ کر کہے گا: میں تمھارا رب ہوں، حالانکہ وہ ایک آنکھ سے کانا ہوگا اور تمھارا رب ہرگز ایسا نہیں ہے۔ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''ک، ف، ر'' لکھا ہوا ہوگا۔ ہر مومن اسے پڑھ لے گا چاہے وہ پڑھا لکھا ہو یا نہ ہو۔ وہ ہر پانی اور چشمے کے پاس سے گزرے گا مگر مکہ اور مدینہ میں داخل نہ ہو سکے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں شہروں کو اس پر حرام کر دیا ہے اور فرشتے ان شہروں کے دروازوں پر پہرہ دیں گے۔'' [1]

احد پہاڑ کا فضائی منظر

[1] مسند أحمد: 181/4، و المستدرك للحاكم: 538/4، وصححه، وقال الهيثمي في مجمع الزوائد: رواه أحمد بإسنادين رجال أحدهما رجال الصحيح.

وہ مقامات جہاں دجال آئے گا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ»

”مکہ اور مدینہ کے سوا دجال دنیا کے ہر ملک کو تاراج کرے گا۔“ [1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«عَلٰى أَنْقَابِ الْمَدِينَةِ مَلَائِكَةٌ لَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُونُ وَلَا الدَّجَّالُ»

”مدینہ کے دروازوں پر فرشتے متعین ہیں، اس میں نہ تو طاعون کا مرض

[1] صحيح البخاري، فضائل المدينة، حديث: 1881، وصحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2943.

داخل ہو سکے گا اور نہ ہی دجال۔"[1]

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"مسیح دجال مشرق کی جانب سے آئے گا۔ اس کا ارادہ مدینہ میں داخل ہونے کا ہوگا مگر جب جبل احد کے پیچھے پہنچے گا تو فرشتے اس کے آگے آجائیں گے اور اس کا منہ شام کی طرف پھیر دیں گے اور وہ وہیں جا مرے گا۔"[2]

ایک دوسری روایت میں ہے جو محجن بن ادرع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک روز لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:

"نجات کا دن! اور کیا ہے نجات کا دن؟" "نجات کا دن! اور کیا ہے نجات کا دن؟" "نجات کا دن! اور کیا ہے نجات کا دن؟" آپ نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی۔ آپ سے پوچھا گیا: نجات کے دن سے کیا مراد ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: دجال آئے گا، وہ جبلِ احد پر چڑھ کر مدینہ کی طرف دیکھے گا اور اپنے ساتھیوں سے کہے گا: کیا تمھیں یہ سفید محل نظر آرہا ہے؟ یہ احمد کی مسجد ہے، پھر جب مدینہ کی طرف آئے گا تو ہر راستے پر ایک فرشتے کو مستعد پائے گا جو ننگی تلوار سونت کر کھڑا ہوگا، چنانچہ وہ شام کی جانب جُرف کے مقام پر ایک شور دار زمین پر جا ٹھہرے گا اور وہاں اپنا خیمہ لگائے گا۔ اس کے بعد مدینہ تین دفعہ لرز اٹھے گا جس کے اثر سے تمام فاسق ومنافق مرد اور عورتیں مدینہ کو چھوڑ کر دجال کی

[1] صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7133، وصحيح مسلم، الحج، حديث: 1379.

[2] صحيح مسلم، الحج، حديث: 1380، ومسند أحمد: 457/2.

مسجد نبوی کا فضائی منظر جس میں وہ قصر ابیض کی طرح نظر آ رہی ہے۔

طرف نکل آئیں گے، یہی یوم نجات ہو گا۔"[1]

آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا:

«وَ إِنَّهُ لَا يَبْقَىٰ شَيْءٌ مِنَ الْأَرْضِ إِلَّا وَطِئَهُ وَظَهَرَ عَلَيْهِ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ، لَا يَأْتِيهِمَا مِنْ نَقْبٍ مِنْ نِقَابِهِمَا إِلَّا لَقِيَتْهُ الْمَلَائِكَةُ بِالسُّيُوفِ صَلْتَةً»

"دجال مکہ اور مدینہ کے سوا ہر شہر کو پامال کرے گا اور اپنا تسلط جمائے گا کیونکہ ان دونوں شہروں کے ہر راستے پر تلواریں سونتے ہوئے فرشتے ان کی حفاظت کریں گے۔"

«حَتَّىٰ يَنْزِلَ عِنْدَ الظُّرَيْبِ الْأَحْمَرِ عِنْدَ مُنْقَطَعِ السَّبَخَةِ، فَتَرْجُفُ

[1] مسند أحمد:4/338، وبعضه في الصحيحين.

الْمَدِينَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، فَلَا يَبْقَى مُنَافِقٌ وَ لَا مُنَافِقَةٌ إِلَّا خَرَجَ إِلَيْهِ»

''پھر دجال سرخ ٹیلے کے پاس جہاں شوریلی زمین ختم ہو جاتی ہے، پڑاؤ ڈالے گا۔ سرزمینِ مدینہ اپنے باسیوں کو تین جھٹکے دے گی جس کی وجہ سے ہر منافق مرد اور منافق عورت مدینہ سے نکل کر دجال کے پاس آ جائیں گے۔'' [1]

ایک روایت کے الفاظ ہیں «فَيَأْتِي سَبْخَةَ الْجُرُفِ فَيَضْرِبُ رُوَاقَهُ»

''(جب وہ مدینہ میں داخل نہ ہو سکے گا تو) ''جرف'' کے مقام پر شوریلی زمین پر پڑاؤ ڈالے گا اور وہاں خیمے نصب کرے گا۔'' [2]

«السَّبَخة» نمک والی شور دار زمین کو کہا جاتا ہے۔ مدینہ کی زمین بالعموم ایسی ہی ہے لیکن شمالی جانب کی زمین بہت شوریلی ہے۔

«الجُرُف» یہ مدینہ کا ایک نواحی مقام ہے جو مدینہ کی شمالی جانب تین میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ بعض اہل علم نے کہا ہے کہ جرف ، محجة الشام اور صاصين (منطقہ برکہ کی جانب ایک مقام) کے درمیان واقع ہے۔ محجة الشام مل میں ھیس کو کہتے ہیں جو شام کے حجاجِ کرام کا راستہ ہے۔ یہ راستہ مخیض ایک پہاڑ کا نام) سے غرابات اور غراب الضائلة (اسے جبل جبشی بھی کہتے ہیں) کی طرف آتا ہے۔ جرف کا کچھ حصہ ایسا بھی ہے جسے آج کل ''ازہری محلّہ'' کہا جاتا

[1] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4077. [2] صحيح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حديث: 2943.

ہے۔لیکن جو احادیث ہم نے بیان کی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ جرف مرّ قناة تک پھیلا ہوا ہے۔

قناة وادیِ حمض کو کہا جاتا ہے اور یہ سیلابی پانی کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔''تبع یمانی'' نے جب اپنے گھر سے پانی کی نالی کو دیکھا تو اس نے اس سارے علاقے کو جرف الأرض کے نام سے موسوم کر دیا تھا۔

سابقہ تفصیلات کا خلاصہ یہ ہے کہ دجال جبلِ احد کے پیچھے شوریلی زمین میں اترے گا۔ وہ اپنا خیمہ یا قبہ جبل ثور کے شمال میں ''صادقیہ'' میں لگائے گا۔ اس علاقے میں چھوٹی چھوٹی سرخ پہاڑیاں ہیں جو دیکھنے والوں کو اللہ کے رسول ﷺ کی حدیث یاد دلاتی ہیں۔

تمیم داری کے ساتھ جساسہ اور دجال کے قصہ میں ہے کہ

دجال نے تمیم داری رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں سے کہا: قریب ہے کہ مجھے کسی وقت خروج کا اذن مل جائے۔ میں نکلوں گا اور پوری زمین کا چکر لگاؤں گا۔ مکہ مدینہ کے سوا دنیا کی تمام بستیوں کا چالیس راتوں میں دورہ مکمل کر لوں گا۔ کیونکہ یہ دو شہر مجھ پر حرام کر دیے گئے ہیں۔ میں جب بھی ان میں داخل ہونے کی کوشش کروں گا تو میرے سامنے ایک ایسا فرشتہ آ جائے گا جس کے ہاتھ میں سونتی ہوئی تلوار ہوگی، وہ مجھے ان شہروں میں داخل ہونے سے روک دے گا۔ مکہ اور مدینہ کے تمام راستوں اور شاہراہوں پر بھی فرشتے متعین ہوں گے جو ان کی حفاظت کریں گے۔[1]

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2942.

دجال کے فتنے

آگ اور پانی

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَعَهُ جَنَّةٌ وَنَارٌ، فَنَارُهُ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهُ نَارٌ»

''اس کے ساتھ جنت اور آگ بھی ہوگی۔ اس کی آگ اصل میں جنت ہوگی اور اس کی جنت حقیقت میں آگ ہوگی۔'' [1]

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا:

«إِنَّ مَعَهُ مَاءً وَنَارًا، فَنَارُهُ مَاءٌ بَارِدٌ وَمَاؤُهُ نَارٌ»

''اس کے ہمراہ پانی اور آگ ہوگی۔ اس کی آگ اصل میں ٹھنڈا پانی

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2934.

ہوگا اور اس کا پانی درحقیقت آگ ہوگی۔"[1]

آپ نے فرمایا: "میں جانتا ہوں کہ دجال کے ساتھ کیا کیا ہوگا۔ اس کے ساتھ دو بہتی ہوئی نہریں ہوں گی، آنکھ سے دیکھنے میں ایک سفید پانی اور دوسری بھڑکتی ہوئی آگ ہوگی۔ اگر کوئی اسے پالے تو وہ اس نہر پر جائے جسے وہ آگ دیکھ رہا ہو۔"

ایک روایت میں ہے:

"جو کوئی اس کی آگ کو دیکھے وہ اس کی طرف جائے اور آنکھیں بند کر کے اپنا سر جھکا کر اس آگ میں ڈال دے اور اس میں سے پینا شروع کر دے کیونکہ وہ آگ نہیں بلکہ ٹھنڈا پانی ہوگا۔"[2]

ایک اور روایت میں نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں:

لوگوں کو جو پانی نظر آئے گا وہ دراصل جلانے والی آگ ہوگی اور لوگوں کو جو آگ نظر آئے گی وہ ٹھنڈا میٹھا پانی ہوگا۔ تم میں سے جو کوئی دجال کو پائے تو اسے چاہیے کہ وہ اس کی آگ میں کود جائے کیونکہ وہ میٹھا اور عمدہ پانی ہوگا۔"[3]

[1] صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7130، وصحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2934. [2] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2934. [3] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2934.

جمادات وحیوانات پر اثر

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
''دجال ایک قوم کے پاس آئے گا اور انھیں اپنی طرف بلائے گا، وہ اس پر ایمان لے آئیں گے۔ پھر دجال آسمان کو حکم دے گا تو وہ بارش برسانا شروع کر دے گا۔ زمین کو حکم کرے گا تو وہ پیداوار دینا شروع کر دے گی۔ ان کی بھیڑ بکریاں جو چرنے کے لیے نکلی ہوں گی وہ اس حال میں واپس آئیں گی کہ ان کے بال پہلے سے لمبے، تھن دودھ سے لبریز، پیٹ بھرے اور باہر کو نکلے ہوئے ہوں گے۔ ان کے بعد دجال ایک دوسری قوم کے پاس آئے گا، انھیں اپنی دعوت دے گا مگر وہ اس کا انکار کر دیں گے، وہ ان کے پاس سے چلا آئے گا۔ وہ لوگ جب صبح کے وقت اٹھ کر اپنی کھیتیوں کو دیکھیں گے تو وہ بنجر ہو چکی ہوں گی اور ان کی فصلیں برباد ہو چکی ہوں گی، پھر دجال کا گزر ایک بنجر زمین کے پاس سے ہو گا۔ وہ اس زمین سے کہے گا کہ اپنے خزانے نکالو تو زمین سے خزانے نکل کر شہد کی مکھیوں کی طرح جمع ہو

کر اس کے پیچھے پیچھے چلیں گے۔ [1]

ایک اور فتنہ

وہ ایک دیہاتی سے کہے گا: اگر میں تمھارے فوت شدہ ماں باپ کو زندہ کر دوں تو مجھے رب مان لو گے؟ وہ کہے گا: ہاں، چنانچہ دو شیطان اس کے ماں باپ کی شکل میں سامنے آجائیں گے اور اعرابی سے کہیں گے: ہمارے پیارے بیٹے! اس کی اتباع کرو، یہی تمھارا رب ہے۔ [2]

ایک اور فتنہ

وہ ایک ایسے نوجوان کو بلائے گا جو اپنی بھرپور جوانی میں ہوگا اور اسے تلوار مار کر دو ٹکڑے کر دے گا، پھر لوگوں سے کہے گا: میرے اس بندے کو دیکھو، اسے میں ابھی زندہ کروں گا لیکن یہ پھر بھی میرے سوا کسی اور کو رب مانے گا۔ دجال اس شخص سے کہے گا: اٹھو، زندہ ہو کر کھڑے ہو جاؤ۔ وہ کھڑا ہو

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2937. [2] سنن ابن ماجه، الفتن، حدیث: 4077، وصحیح الجامع للألباني: 1300/2، حدیث: 7875.

جائے گا۔ درحقیقت اسے اللہ نے زندہ کیا ہوگا نہ کہ دجال نے۔ مگر دجال کے زعم میں اس نے اسے زندہ کیا ہو گا اور اس مقتول نوجوان کے دونوں ٹکڑے آپس میں جڑ گئے ہوں گے، پھر یہ خبیث کہے گا: بتا تیرا رب کون ہے؟ وہ کہے گا: میرا رب اللہ ہے۔ تو اللہ کا دشمن ہے۔ تو دجال ہے۔ [1]

دجال کے سلسلے میں بعض غلط عقائد

یہ عقیدہ رکھنا غلط ہے کہ اس کے ساتھ روٹی اور کھانے کا ایک پہاڑ ہو گا جبکہ اس وقت دنیا میں قحط اور فاقہ کشی کا عالم ہوگا۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

''دجال کے بارے میں اللہ کے رسول ﷺ سے جتنا میں نے پوچھا، کسی اور نے نہ پوچھا حتی کہ آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

''میرے بچے! تجھے دجال سے کیا خوف وخطرہ ہے؟ وہ تجھے نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ میں نے عرض کی: لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ اس کے ساتھ پانی کی نہریں اور روٹی کے پہاڑ ہوں گے؟ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

«هُوَ أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ»

''وہ اللہ کے نزدیک اس سے کہیں زیادہ بے وقعت ہے۔'' [2]

---

1 اس نوجوان کا قصہ تفصیل سے آگے چل کر ''دجال سے بچاؤ کے طریقے'' میں آئے گا۔

2 صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7122، وصحيح مسلم، كتاب الآداب، حديث: 2152.

دجال کے پیروکار

اس میں شک نہیں کہ دجال کے پاس بہت سی طاقتیں اور بہت سے فتنے ہوں گے۔ وہ لوگوں کو راہ راست سے بھٹکانے اور اپنے پیچھے لگانے کے لیے مختلف اسلوب استعمال کرے گا۔ وہ خود کو لوگوں کا رب سمجھے گا۔ اس میں ذرا شک نہیں کہ اس کی ان باتوں سے بہت سے لوگ فتنوں میں مبتلا ہو جائیں گے۔ وہ اس سے فوائد حاصل کرنے اور اس کی سزا سے بچنے کی خاطر یا پھر اسلام اور مسلمانوں سے جنگ کرنے کے لیے اس کی پیروی کریں گے۔ ان میں درج ذیل لوگ شامل ہوں گے:

یہودی

حضرت انس بن مالک بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«يَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ يَهُودِ إِصْبَهَانَ سَبْعُونَ أَلْفًا، عَلَيْهِمُ الطَّيَالِسَةُ»

ایک یہودی ربّی شال نما لبادہ (Ttallit-Taylasaan) اوڑھے ہوئے۔

”اصفہان [1] کے ستر ہزار (چھوٹی چادر کی مانند) جُبّہ پوش یہودی دجال کے پیروکار بن جائیں گے۔“ [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيَنْزِلَنَّ الدَّجَّالُ خُوزَ وَكَرْمَانَ فِي سَبْعِينَ أَلْفًا وُجُوهُهُمْ كَالْمَجَانِّ الْمُطْرَقَةِ»

”دجال خوز [3] اور کرمان [4] میں اترے گا۔ اس کے ساتھ ستر ہزار لوگ ہوں گے جن کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالوں کی مانند ہوں گے۔“ [5]

«المجان المطرقة» منڈھی ہوئی ڈھالوں جیسے یعنی ان کے سر چھوٹے، چہرے بیضوی یا گول ہوں گے اور وہ رخساروں کی ہڈیوں، آنکھوں اور ناک کے نقوش کے ابھرے ہونے کے سبب چپٹے معلوم ہوں گے جس سے آنکھ کا محور نمایاں نظر آئے گا۔

(المجان) مجنّ کی جمع ہے۔ اس کے معنی ہیں ڈھال اور (المُطرقة) (چمڑے سے منڈھی ہوئی) یہ ڈھالوں کی صفت ہے، یعنی ان لوگوں کے چہرے چوڑے اور

[1] اصفہان ایرانی شہر ہے جو ایران کے وسط میں واقع ہے۔ یہ ایرانی دار الحکومت تہران سے جنوب کی جانب قریباً 340 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ سرکاری اعلان کے مطابق اس میں پچیس سے تیس ہزار یہودی آباد ہیں۔ اصفہان کا رقبہ 105,937 کلومیٹر ہے۔ [2] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2944. [3] ”خوز“ مغربی ایران کا شہر ہے اور آج کل خوزستان کہلاتا ہے۔

[4] ”کرمان“ ایران کے جنوب مشرق میں ایک صوبہ ہے۔

[5] مسند أحمد: 2/337، بإسناد حسن.

شال نما لبادے اوڑھے یہودی۔

گوشت سے پُر ہوں گے۔

ایک سوال

دجال کے پیروکاروں میں زیادہ تر یہودی ہی کیوں ہوں گے؟

جواب

اس لیے کہ ان کا عقیدہ ہے کہ دجال یہودیوں کا مسیحِ منتظَر ہے۔

یہودیوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے ایک بادشاہ کے ظہور کا وعدہ کیا ہے جو حضرت داود علیہ السلام کی اولاد سے ہوگا۔ وہ یہودیوں کی مملکت قائم کرے گا۔ اس بادشاہ کا نام ان کی کتب میں ''میسیاہ'' ہے۔

یہودیوں کی مذہبی رسوم میں کچھ خاص دعائیں اور نمازیں بھی ہیں جن میں وہ مسیح دجال سے ظاہر ہونے کی استدعا کرتے ہیں۔ انھوں نے ''عید فصح'' کی رات کو ان خاص دعاؤں کے لیے مختص کیا ہوا ہے۔

ان کی مذہبی کتاب ''تلمود'' میں ہے:

جب مسیح (دجال) آئے گا تو زمین سے تازہ روٹیاں، اون کے کپڑے اور گندم نکلے گی، اس کے دانے اس قدر موٹے ہوں گے جس طرح بیلوں کے بڑے بڑے

گردے ہوتے ہیں۔ اس زمانے میں حکومت وسلطنت یہودیوں کے قبضے میں ہوگی۔ دنیا کی تمام اقوام اس مسیح کی خدمت اور فرماں برداری کریں گی۔ اس وقت ہر یہودی کے قبضے میں دو ہزار آٹھ سو (2800) غلام ہوں گے جو اس کی خدمت پر مامور ہوں گے۔ اور تین سو دس کائناتیں اس کے زیر تصرف ہوں گی۔ لیکن مسیح اسی وقت آئے گا جب شریروں کی حکومت ختم ہو جائے گی اور اسرائیل کی آمد سے یہودی امت کے منتظر کی امید پوری ہو گی اور جب وہ آ جائیں گے تو یہودی امت باقی اقوامِ عالم پر حکومت اور اقتدار حاصل کرلے گی۔[1]

کفار ومنافقین

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ، إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ، وَلَيْسَ نَقْبٌ مِنْ أَنْقَابِهَا إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّينَ تَحْرُسُهَا، فَيَنْزِلُ بِالسَّبَخَةِ، فَتَرْجُفُ الْمَدِينَةُ ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، يَخْرُجُ إِلَيْهِ مِنْهَا كُلُّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ»

”مکہ اور مدینہ کے سوا کوئی شہر ایسا نہیں ہوگا جس میں دجال نہ جائے۔ مکہ و مدینہ کے ہر راستے پر فرشتے گھیرا ڈالے اس کی حفاظت کر رہے ہوں گے۔ (جب وہ مدینہ میں داخل نہ ہو سکے گا تو) ایک شور دار زمین

[1] یہ عبارت کتاب «الكنز المرصود في قواعد التلمود» فصل ہفتم « المسيح وسلطان اليهود» سے نقل کی گئی ہے۔

پر جا ڈیرا لگائے گا۔ سرزمینِ مدینہ اپنے باسیوں کو تین جھٹکے دے گی اور ہر کافر و منافق مدینہ سے نکل کر دجال کے پاس چلا جائے گا۔'' [1]

اس حدیث کے بارے میں پہلے گفتگو ہو چکی ہے۔

جاہل اور گنوار دیہاتی

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طویل حدیث میں یہ بھی فرمایا:

(دجال کا) ایک فتنہ یہ بھی ہوگا کہ وہ ایک دیہاتی سے کہے گا: اگر میں تمھارے فوت شدہ ماں باپ کو زندہ کر دوں تو مجھے رب مان لو گے؟ وہ کہے گا: ہاں، چنانچہ دو شیطان اس کے ماں باپ کی شکل میں سامنے آجائیں گے اور اعرابی سے کہیں گے: ہمارے پیارے بیٹے! اس کی اتباع کرو کہ یہی تمھارا رب ہے۔ [2]

بدوؤں کا ایک گروہ صحرا میں خیمہ زن ہے۔

[1] صحيح البخاري، فضائل المدينة، حديث: 1881، وصحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2943 واللفظ له. [2] سنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4077.

وہ لوگ جن کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالوں کی طرح ہوں گے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ الدَّجَّالَ يَخْرُجُ مِنْ أَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ يُقَالُ لَهَا: خُرَاسَانُ، يَتْبَعُهُ أَقْوَامٌ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ»[1]

”دجال مشرق کے ایک علاقے سے نکلے گا جسے ”خراسان“ کہا جاتا ہے۔ اس کی پیروکار ایسی قومیں ہوں گی جن کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالوں کی طرح ہوں گے۔“[2]

---

[1] «المُطرَقَة» راء کی تخفیف کے ساتھ، یہ إطراق سے مفعول کا صیغہ ہے۔ اور المُطرَق اس ڈھال کو کہا جاتا ہے جس کی پشت پر طِراق لگایا جائے۔ ”طراق“ اس کھال کو کہتے ہیں جسے ڈھال کی پیمائش کے مطابق کاٹ کر اس کی پشت پر چپکا دیا جاتا ہے۔ اس قوم کے چہروں کو ڈھالوں سے تشبیہ اس لیے دی گئی کہ ان کے چہرے کشادہ اور گول ہوں گے۔ اور ”مُطرقہ“ انھیں اس لیے کہا گیا کہ چہروں کی کھال موٹی ہوگی اور ان پر گوشت زیادہ ہوگا۔

[2] مسند أحمد: 4/1، وجامع الترمذي، الفتن، حديث: 2237، وحسنه، وسنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4072، والحاكم: 527/4، وصححه ووافقه الذهبي وصححه الألباني في صحيح ابن ماجه.

عورتیں

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«يَنْزِلُ الدَّجَّالُ فِي هٰذِهِ السَّبَخَةِ بِمَرِّ قَنَاةَ، فَيَكُونُ أَكْثَرَ مَنْ يَخْرُجُ إِلَيْهِ النِّسَاءُ، حَتّٰى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَرْجِعُ إِلٰى حَمِيمِهِ وَإِلٰى أُمِّهِ وَابْنَتِهِ وَأُخْتِهِ وَعَمَّتِهِ فَيُوثِقُهَا رِبَاطًا مَخَافَةَ أَنْ تَخْرُجَ إِلَيْهِ»

''دجال اس شور دار زمین میں مرِ قناة کے مقام پر اترے گا۔ اس کی طرف نکلنے والوں کی اکثریت عورتوں پر مشتمل ہوگی حتی کہ آدمی اپنے کسی قریبی رشتہ دار، ماں، بیٹی، بہن، یا پھوپھی کو گھر میں اس خوف سے باندھ کر رکھے گا کہ کہیں وہ دجال کی طرف نہ چلی جائے۔'' [1]

دجال کے ٹھہرنے کی مدت

اللہ کے رسول ﷺ سے سوال کیا گیا کہ دجال زمین میں کتنا عرصہ رہے گا؟ تو اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

«أَرْبَعُونَ يَوْمًا، يَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ، وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ، وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ»

''وہ چالیس روز تک زمین میں رہے گا۔ اس کا پہلا دن ایک سال کے

[1] مسند أحمد: 67/2، قال الشيخ الألباني في «قصة المسيح الدجال»، ص: 88، إسناده حسن لولا عنعنة محمد بن إسحاق.

برابر، دوسرا دن ایک ماہ کے برابر اور تیسرا دن ایک جمعہ کے برابر ہوگا۔
اس کے بعد والے دن تمھارے عام دنوں کے برابر ہوں گے۔'' [1]

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ کے رسول! کیا سال کے برابر دن میں ایک دن کی (پانچ) نمازیں ہمارے لیے کافی ہوں گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نہیں بلکہ تم ہر نماز کے لیے وقت کا اندازہ کر لینا۔'' [2]

فتنۂ دجال سے نجات کیسے پائیں؟

اس سے دور رہنا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَنْ سَمِعَ بِالدَّجَّالِ فَلْيَنْأَ عَنْهُ، فَوَاللّٰهِ! إِنَّ الرَّجُلَ لَيَأْتِيهِ وَهُوَ يَحْسِبُ أَنَّهُ مُؤْمِنٌ فَيَتْبَعُهُ مِمَّا يُبْعَثُ بِهِ مِنَ الشُّبُهَاتِ»

''جو کوئی دجال کے بارے میں سنے تو وہ اس سے دور رہے۔ اللہ کی قسم! ایک شخص، جو خود کو مومن سمجھتا ہوگا، جب اس کے نزدیک آئے گا تو اس

---

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2937. [2] ''تم اندازہ کر لینا'' کے معنی یہ ہیں کہ اس طویل دن میں جب طلوع فجر کے بعد اتنا وقت گزر جائے جتنا عام دنوں میں فجر اور ظہر کے درمیان ہوتا ہے تو اس وقت تم ظہر کی نماز ادا کر لینا، پھر جب ظہر کے بعد اتنا وقت گزر جائے جتنا ظہر اور عصر کے درمیان ہوتا ہے تو اس وقت عصر کی نماز ادا کر لینا، پھر جب اتنا وقت گزر جائے جتنا عصر اور مغرب کے درمیان ہوتا ہے تو اس وقت مغرب کی نماز پڑھ لینا۔ اسی طریق پر عشاء اور فجر کی نمازیں بھی وقت کا اندازہ کر کے ادا کرنا، پھر ظہر، پھر عصر، پھر مغرب ...... اور اسی طرح پڑھتے رہنا حتی کہ وہ دن اپنے اختتام کو پہنچ جائے۔ دیکھیے: شرح صحیح مسلم للإمام النووي.

کے پیدا کردہ شبہات سے متاثر ہو کر اس کے پیروکاروں میں شامل ہو جائے گا۔"[1]

اس حدیث کے معنی یہ ہیں کہ جسے دجال کے نکلنے کا پتہ چلے وہ اس سے دور رہے اور اس کے نزدیک نہ جائے۔ ایک شخص، جو خود کو قوی الایمان خیال کرتا ہوگا، جب وہ دجال کے پاس آئے گا تو اس کے پھیلائے ہوئے جال میں پھنس جائے گا۔ جب وہ اس کا جادو اور مردوں کو زندہ کرنے جیسے کام دیکھے گا تو اس کے پیروکاروں میں شامل ہو جائے گا۔

سیدہ ام شریک رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَالِ فِي الْجِبَالِ»

"لوگ دجال (کے فتنہ) سے (بچنے کے لیے) بھاگ کر پہاڑوں میں روپوش ہو جائیں گے۔"[2]

اس زمانے میں مسلمانوں کا ایک امام، یعنی خلیفہ بھی ہوگا اور اس سے مراد خلیفہ عادل امام مہدی ہیں۔

---

[1] مسند أحمد: 4/431، وسنن أبي داود، الملاحم، حديث: 4319، والمستدرك للحاكم: 4/531، وصححه على شرط مسلم، وصححه الألباني في صحيح أبي داود.

[2] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2945.

اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرنا

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَنِ ابْتُلِيَ بِنَارِهِ فَلْيَسْتَغِثْ بِاللّٰهِ»

''جو شخص اس کی آگ کے فتنے میں مبتلا ہو جائے وہ اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرے۔''[1]

اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات کا علم حاصل کرنا

دجال ایک آنکھ سے کانا ہوگا اور اللہ تعالیٰ ہرگز ایسا نہیں ہے۔ بلکہ وہ حسین وجمیل اور تمام تر نقائص وعیوب سے پاک ہے وہ قدوس اور ہر عیب سے مبرا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ﴾

''اس جیسی کوئی چیز نہیں، وہ سب کچھ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔''[2]

سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیات کی تلاوت

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ»

---

[1] سنن ابن ماجه، الفتن، حدیث: 4077. [2] الشوریٰ 42:11.

”جو کوئی سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیات یاد کرلے گا وہ دجال کے فتنے سے بچالیا جائے گا۔“ [1]

یہ دس آیات درج ذیل ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۝ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝ مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۚ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝﴾

”ساری حمد اللہ ہی کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر کتاب نازل کی اور اس میں کوئی کجی نہیں رکھی۔ نہایت سیدھی (بغیر افراط و تفریط کے

[1] صحیح مسلم، الصلاۃ، حدیث: 809.

اتاری) تاکہ وہ اس (اللہ) کی طرف سے سخت عذاب سے ڈرائے اور مومنوں کو، جو نیک عمل کرتے ہیں، بشارت دے کہ بے شک ان کے لیے اچھا اجر ہے۔ اس میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔ اور ان لوگوں کو ڈرائے جنھوں نے کہا کہ اللہ نے کوئی اولاد بنائی ہے۔ نہ انھیں اس (بات) کا کوئی علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو، بڑی (ہی خطرناک) بات ہے جو ان کے مونہوں سے نکلتی ہے، وہ تو سراسر جھوٹ ہی بکتے ہیں۔ پھر شاید آپ تو خود کو ان کے پیچھے غم سے ہلاک کرنے والے ہیں اگر یہ (کافر) اس بات (قرآن) پر ایمان نہ لائیں۔ بلاشبہ ہم نے جو کچھ روئے زمین پر ہے، اسے اس (زمین) کی زینت بنایا ہے تاکہ ہم انھیں آزمائیں کہ ان میں عمل کے لحاظ سے کون زیادہ اچھا ہے۔ اور جو کچھ اس (زمین) پر ہے یقیناً ہم اسے چٹیل میدان بنا دینے والے ہیں۔ کیا آپ نے خیال کیا ہے کہ غار اور کتبے والے ہماری نشانیوں میں سے ایک عجیب (نشانی) تھے؟ جب ان نوجوانوں نے غار کی طرف پناہ لی تو انھوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے لیے ہمارے معاملے میں صحیح رہنمائی مہیا فرما۔''[1]

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

[1] الکہف 18:1-10۔

«مَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُورَةِ الْكَهْفِ»

’’تم میں سے جو کوئی دجال کو پائے اسے چاہیے کہ وہ اس کے سامنے سورۂ کہف کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرے۔‘‘ [1]

اس کا سبب یہ ہے کہ

اس سورۃ کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے کہ اس نے غار والے نوجوانوں کو اس ظالم بادشاہ کی دست برد سے بچایا جو ان کو گرفتار کرنا چاہتا تھا۔
بعض اہل علم کا قول ہے کہ ان دس آیات میں غار والوں کے قصے کے عجائب ذکر ہوئے ہیں کہ انھیں کس طرح نجات ملی۔ ایک مسلمان کو دجال کا سامنا کرتے وقت ان واقعات کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔

پوری سورۂ کہف کی تلاوت

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

[1] صحیح مسلم، الفتن، حدیث: 2937.

«مَنْ قَرَأَ سُورَةَ الْكَهْفِ كَمَا أُنْزِلَتْ، ثُمَّ أَدْرَكَ الدَّجَّالَ، لَمْ يُسَلَّطْ عَلَيْهِ أَوْ لَمْ يَكُنْ لَهُ عَلَيْهِ سَبِيلٌ»

''جو شخص سورۂ کہف کی اس طرح تلاوت کرے جس طرح وہ اتری ہے، پھر اس کا سامنا دجال سے ہو جائے تو وہ اس پر مسلط نہیں ہو سکے گا۔ یا اسے اس مومن پر کوئی غلبہ حاصل نہیں ہو سکے گا۔''[1]

حرمین شریفین میں سے کسی ایک میں پناہ حاصل کرنا

اس لیے کہ دجال مکہ اور مدینہ میں داخل ہی نہیں ہو سکے گا۔

نماز کے آخر میں فتنۂ دجال سے پناہ طلب کرنا

آخری تشہد میں سلام پھیرنے سے پہلے یہ دعا پڑھنی چاہیے:

«اَللّٰهُمَّ! إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ[2] وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ»

---

[1] المستدرك للحاكم: 4/ 511، وقال: حديث صحيح الاسناد، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 6/312، حديث: 2651. [2] «فتنة المحيا» وہ فتنے ہیں جو انسان کی زندگی میں »

”اے اللہ! میں تجھ سے آتش دوزخ کے عذاب سے، قبر کے عذاب سے، حیات وموت کے فتنے سے اور مسیح دجال کے فتنے سے پناہ مانگتا ہوں۔“ [1]

لوگوں کو دجال کے بارے میں آگاہ کیا جائے تاکہ وہ اس سے بچ سکیں

حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَا يَخْرُجُ الدَّجَّالُ حَتّٰى يَذْهَلَ النَّاسُ عَنْ ذِكْرِهِ»

”دجال اس وقت تک نہیں نکلے گا جب تک لوگ اس کے ذکر سے غافل نہ ہو جائیں۔“ [2]

یعنی کوئی بھی شخص دجال کا نہ تو ذکر کرے گا اور نہ اس کے بارے میں سوچے گا۔ جب لوگ اس کو بھول جائیں گے اور اس کی صفات ذہنوں سے نکل جائیں گی اور کثرتِ فتن کے باوجود لوگ اس کے بارے میں احتیاط ترک کر دیں گے تو اس وقت دجال ظاہر ہوگا۔

» اس کو پیش آتے ہیں، جیسے: دنیا کے مال اور اس کی شہوتوں کا فتنہ۔ اگر اس میں انسان کا صبر زائل ہوجائے تو یہ ایک آزمائش ہے۔ اور «الممات» سے مراد وہ فتنے ہیں جو انسان کو اس کی موت کے وقت پیش آتے ہیں، یا پھر اس سے مراد قبر کا فتنہ ہے کہ جب فرشتے قبر میں آکر سوال کریں گے اور انتہائی سختی کے ساتھ سوال کریں گے۔ عذابِ قبر بھی اس فتنے میں شامل ہے۔ [1] صحيح البخاري، الجنائز، حديث: 1377، وصحيح مسلم، المساجد ومواضع الصلاة، حديث: 588.

[2] مسند أحمد: 4/71.

علم شریعت سے خود کو مسلح کرنا

اللہ تعالیٰ پر ایمان کے ساتھ ساتھ علم شرعی ہر فتنے کے مقابلے کے لیے مؤثر ہتھیار ہے۔ انھی میں سے فتنۂ دجال بھی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے مدینہ کے ایک بہادر مومن نوجوان کا قصہ بیان فرمایا ہے جو (ایمانی قوت اور علم کے ساتھ) دجال کا سامنا کرے گا۔ اس قصے سے ہمارے سامنے فتنوں سے بچاؤ کے سلسلے میں ایمان کے ساتھ ساتھ علم شرعی کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

دجال آئے گا۔ مدینہ میں داخل ہونا اس کے لیے حرام کردیا جائے گا، چنانچہ وہ مدینہ کے قریب ایک شوریلی زمین میں پڑاؤ ڈالے گا۔ ایک شخص اس کے پاس آئے گا جو اس وقت کا بہترین انسان ہوگا۔ وہ دجال سے کہے گا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تم وہی دجال ہو جس کے بارے میں اللہ کے رسول ﷺ نے اپنی حدیث میں ہمیں بتایا تھا۔

شوریلی دلدلیں۔

دجال اپنے ہمراہیوں سے کہے گا کہ اگر میں اس شخص کو قتل کردوں اور اسے دوبارہ زندہ کردوں تو کیا پھر بھی تمھیں میرے بارے میں کوئی شک وشبہ باقی رہے گا؟

شوریلی دلدلوں کی قریبی زمین۔

وہ کہیں گے: بالکل نہیں۔

دجال اسے قتل کرے گا، پھر اسے زندہ کردے گا۔ ایک روایت میں ہے کہ دجال اسے قتل کرکے دو ٹکڑوں میں تقسیم کردے گا اور مقتول کے جسم کے دونوں ٹکڑوں میں تیر پھینکے جانے کے برابر مسافت ہوگی، پھر دجال اسے (زندہ کرکے) بلائے گا تو وہ نوجوان اس طرح آئے گا کہ اس کے چہرے پر رونق ہوگی اور وہ ہنس رہا ہوگا۔

وہ نوجوان کہے گا: اللہ کی قسم! تمھارے کذاب اور دجال ہونے کے بارے میں

مجھے جس قدر بصیرت اب حاصل ہوئی ہے پہلے کبھی اس طرح حاصل نہ تھی۔

ایک روایت میں ہے:

دجال نکلے گا تو ایک مومن نوجوان اس کی جانب چلے گا۔ راستے میں اسے دجال کے پہریدار اور کارندے ملیں گے اور اس نوجوان سے پوچھیں گے:

کہاں کا ارادہ ہے؟

نوجوان کہے گا: میں اس کی طرف جا رہا ہوں جو ظاہر ہوا ہے۔

وہ کہیں گے: کیا تم ہمارے رب پر ایمان نہیں رکھتے؟

نوجوان کہے گا: ہمارے رب کی صفات کوئی پوشیدہ تو نہیں ہیں (میں دجال کو دیکھتے ہی اس کی صفات سے اسے پہچان لوں گا۔)

وہ کہیں گے: اسے قتل کر ڈالو۔

پھر وہ آپس میں ایک دوسرے سے کہیں گے: کیا تمھارے رب نے تمھیں منع نہیں کر رکھا کہ اس کے حکم کے بغیر کوئی کسی کو قتل نہ کرے؟

وہ اس نوجوان کو لے کر دجال کے پاس آئیں گے اور جب وہ مومن اسے دیکھے گا تو کہے گا: اے لوگو! یہ وہی مسیح دجال ہے جس کا رسول اللہ ﷺ نے ذکر فرمایا تھا۔

دجال حکم دے گا تو اس نوجوان کو (مارنے کے لیے) لٹا دیا جائے گا۔

وہ کہے گا: اسے پکڑو اور اس کی ہڈیاں توڑ دو۔

اس نوجوان کے پیٹ اور پشت پر شدید ضربیں لگائی جائیں گی۔

دجال پوچھے گا: کیا تم مجھ پر ایمان لاتے ہو؟

نوجوان کہے گا: تو مسیح کذاب ہے۔

پھر دجال کے حکم سے ایک آرا لایا جائے گا اور اس نوجوان کے سر پر رکھ کر اس کے پورے بدن کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ دجال اس کے بدن کے دونوں حصوں کے درمیان فخر و تکبر سے ٹہلے گا اور اس سے کہے گا: اٹھو!

وہ نوجوان زندہ ہو کر سیدھا کھڑا ہو جائے گا۔

دجال کہے گا: کیا تم مجھ پر ایمان لاتے ہو؟

وہ کہے گا: اب تو مجھے تیرے بارے میں پہلے سے بھی زیادہ یقین ہو گیا ہے۔

پھر وہ مومن نوجوان کہے گا: اے لوگو! میرے بعد اب یہ کسی کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا۔

دجال اسے ذبح کرنے کے لیے پھر پکڑ لے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی گردن سے لے کر ہنسلی کی ہڈی تک کو پیتل کا بنا دے گا جس وجہ سے دجال اسے قتل نہ کر سکے گا۔ بالآخر اسے اس کے دونوں پاؤں اور دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اپنی آگ میں پھینک دے گا۔ لوگ یہ سمجھ رہے ہوں گے کہ اسے آگ میں پھینکا گیا ہے لیکن حقیقت یہ ہو گی کہ اسے تو جنت میں پھینکا گیا ہو گا۔

پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

یہ نوجوان اللہ رب العالمین کے نزدیک عظیم ترین شہید ہو گا۔[1]

---

1 صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2938.

فائدہ

یہ حدیث علم شرعی حاصل کرنے کی اہمیت کی دلیل ہے۔ اگر اس مومن نوجوان کے پاس دجال کی صفات کے بارے میں پہلے سے علم موجود نہ ہوتا تو یہ دجال کو کبھی نہ پہچان سکتا، لہٰذا ہر وہ شخص جو باطل کا مقابلہ کرنا چاہتا ہے، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے آپ کو علم شریعت سے مسلح کرے۔

اس نوجوان کو یقین ہوگا کہ یہ دجال ہے اور وہ اس کے علاوہ کسی اور کو قتل نہیں کر سکے گا، اس لیے کہ یہ نوجوان علم نبوت سے فیض یافتہ ہوگا اور اسے علم ہوگا کہ حدیث میں جس نوجوان کا ذکر کیا گیا ہے، اس سے بذات خود وہی نوجوان مراد ہے۔

دجال سے لڑائی کے لیے اہلِ ایمان تیاری کریں گے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«فَبَيْنَمَا هُمْ يُعِدُّونَ لِلْقِتَالِ يُسَوُّونَ الصُّفُوفَ، إِذْ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَيَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ......»

''جب (مسلمان) جنگ کی تیاری کر رہے ہوں گے اور صفیں مرتب کر لیں گے تو نماز کی اقامت ہوگی اور اسی وقت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نازل ہوں گے......''[1]

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے خروجِ دجال کے

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2897.

بارے میں اور امام مہدی کے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اس کے خلاف جہاد کی تیاری کے سلسلے میں ارشاد فرمایا:

''دجال مدینہ کے قریب آکر اس کے بیرونی علاقے پر قابض ہو جائے گا اور مدینہ والوں کو باہر نکلنے سے روک دے گا، پھر وہ بیت المقدس میں جبل ایلیاء کے پاس آئے گا اور مسلمانوں کی ایک جماعت کا محاصرہ کرلے گا۔ مسلمان اس کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کریں گے۔ بالآخر مسلمانوں کے امراء کہیں گے: تم لوگ کس بات کا انتظار کر رہے ہو؟ اٹھو اور اس شیطان کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے رب سے جا ملو، یا پھر تمھیں فتح نصیب ہو جائے گی۔ وہ دجال سے لڑائی کے بارے میں مشورہ کریں گے، جیسے ہی صبح ہوگی، عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام بھی تشریف لے آئیں گے۔ [1]

دجال کا سامنا کرتے وقت مسلمان کو کیا کرنا چاہیے؟

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''...... اس کی آنکھوں کے درمیان ''ک، ف، ر'' لکھا ہوا ہوگا، ہر مومن اسے آسانی سے پڑھ لے گا۔ تم میں سے جو کوئی اسے پائے اسے چاہیے کہ اس کے چہرے پر تھوک دے اور سورۂ کہف کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرے۔ اسے ایک (مومن) آدمی پر تسلط دیا جائے گا جسے وہ قتل کر کے

[1] المستدرك للحاكم: 4/529، وصححه، وقال الذهبي: على شرط البخاري ومسلم.

پھر زندہ کر دے گا۔‘‘ [1]

حضرت ابو قلابہ رضی اللہ عنہ ایک صحابیِ رسول ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

’’تمھارے دنیا سے جانے کے بعد گمراہ کن دجال ظاہر ہوگا۔ اس کے سر کے بال سخت کھردرے اور موٹے ہوں گے۔ وہ کہے گا: میں تمھارا رب ہوں۔ جس نے یہ سن کر کہا: بلکہ اللہ ہمارا رب ہے، اسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، اسی کی طرف ہم نے رجوع کیا اور تجھ سے بچنے کے لیے ہم اللہ تعالیٰ ہی کی پناہ مانگتے ہیں تو ایسے شخص پر دجال کو کوئی غلبہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ [2]

بلادِ شام میں دجال کی ہلاکت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يَأْتِي الْمَسِيحُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، هِمَّتُهُ الْمَدِينَةُ، حَتّٰى يَنْزِلَ دُبُرَ أُحُدٍ، ثُمَّ تَصْرِفُ الْمَلَائِكَةُ وَجْهَهُ قِبَلَ الشَّامِ، وَهُنَالِكَ يَهْلِكُ»

’’مسیح دجال مشرق کی جانب سے آئے گا۔ اس کا ارادہ مدینہ میں داخل ہونے کا ہوگا مگر وہ جبل اُحد کے پیچھے ہی ڈیرا لگا لے گا، پھر فرشتے اس کا رخ شام کی طرف پھیر دیں گے۔ وہاں ہی وہ ہلاک کر دیا جائے گا۔‘‘ [3]

[1] المستدرك للحاكم : 580/4، وقال: صحيح على شرط مسلم . [2] مسند أحمد: 410/5، بإسناد حسن . [3] صحيح مسلم، الحج، حديث: 1380.

دجال کو حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام قتل کریں گے

حضرت مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«يَقْتُلُ ابْنُ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ بِبَابِ لُدٍّ» [1]

''عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام دجال کو ''باب لد'' میں قتل کریں گے۔'' [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''مسلمان جنگ کی تیاری کر رہے ہوں گے، جب صفیں درست کر لیں گے تو نماز کا وقت ہو جائے گا۔ عین اسی وقت حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نزول فرمائیں گے۔''

ایک دوسری روایت میں ہے:

حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام مشرقی دمشق میں سفید مینار کے قریب دو رنگ دار کپڑوں میں ملبوس، دو فرشتوں کے پروں پر اپنی ہتھیلیاں رکھے ہوئے نزول فرمائیں گے۔ وہ جب سر جھکائیں گے تو اس سے پانی کے قطرے ٹپکیں گے اور جب سر مبارک کو اوپر اٹھائیں گے تو اس سے پانی کے چمکدار قطرے موتیوں کی طرح جھڑیں گے۔ جیسے ہی کوئی کافر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سانس کی خوشبو پائے گا اسی وقت مر جائے گا۔ ان کے سانس کی خوشبو

---

1 ''باب لد''، فلسطین کے نواح میں واقع بیت المقدس کی ایک بستی ہے۔

2 جامع الترمذي، الفتن، حديث: 2244، وقال: حديث حسن صحيح

حد نگاہ تک جائے گی۔ مطلب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ کی حدِ نگاہ تک جو کوئی بھی کافر ہوگا زندہ نہ رہ سکے گا۔

نبی کریم ﷺ نے یہ بھی خبر دی کہ نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے وقت مسلمان نماز کی تیاری کر چکے ہوں گے، ان کے قائد و امام مہدی ہوں گے۔ امام مہدی نماز کی امامت کے لیے مصلے پر کھڑے ہی ہوں گے کہ عیسیٰ علیہ السلام نزول فرمائیں گے۔ امام مہدی فوراً الٹے پاؤں پیچھے آ جائیں گے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام امام مہدی سے افضل ہیں اس لیے امام مہدی چاہیں گے کہ افضل شخصیت نماز میں امامت کرائے) لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنا ہاتھ مہدی کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ کر فرمائیں گے: آپ آگے بڑھ کر امامت کرائیے، یہ اقامت آپ ہی کے لیے کہی گئی ہے۔ (یہ اس اُمت کے لیے اللہ کی طرف سے ایک خاص اعزاز ہوگا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسا جلیل القدر پیغمبر اس امت کے ایک فرد کی امامت میں نماز ادا کرے گا۔) امام مہدی نماز پڑھائیں گے اور جب وہ نماز سے فارغ ہو جائیں گے تو عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: دروازہ کھولو۔ جب دروازہ کھولا جائے گا تو اس کے پیچھے دجال اپنے ستر ہزار یہودی ساتھیوں کے ہمراہ موجود ہوگا۔ ہر ایک کے پاس منقش تلوار اور سر پر تاج ہوگا۔

دجال جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف دیکھے گا تو اس طرح پگھلنا شروع ہو جائے گا جس طرح کہ پانی میں نمک۔ وہ فوراً

ہی بھاگ کھڑا ہوگا۔ عیسیٰ علیہ السلام اسے باب لدّ (یہ فلسطین میں ایک معروف مقام ہے جہاں آج کل یہودیوں نے فوجی اڈا بنایا ہوا ہے) کے قریب جا پکڑیں گے۔ دجال خبیث نمک کی طرح پگھلنے لگے گا۔ مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسے پکڑ لیں گے اور نیزے سے موت کے گھاٹ اتار دیں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کو دجال کا خون نیزے پر لگا ہوا دکھائیں گے۔

غرقد کا درخت۔

پھر اللہ تعالیٰ یہود کو شکست اور ذلت سے دو چار کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے ہر اس چیز کو قوتِ گویائی عطا فرمائے گا جس کے پیچھے یہودی چھپیں گے سوائے غرقد کے۔ کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے۔[1]

حضرت مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"دجال مدینہ کے قریب آئے گا اور اس کے بیرونی علاقے پر قابض ہو جائے گا مگر اسے مدینہ کے اندر داخل ہونے سے روک دیا جائے گا، پھر وہ بیت المقدس میں جبل ایلیاء کے پاس آئے گا اور مسلمانوں کی ایک جماعت کا محاصرہ کرلے گا۔ مسلمان اس کے باعث شدید مشکلات سے دوچار ہوں گے۔ بالآخر مسلمانوں کے امراء کہیں گے: تم لوگ کس بات

[1] سنن ابن ماجہ، الفتن، حدیث: 4077 بإسناد حسن.

کے انتظار میں ہو؟ اٹھو اور اس شیطان کا مقابلہ کرتے ہوئے یا تو اللہ سے جا ملو، یا پھر تمھیں فتح نصیب ہو جائے گی۔ وہ دجال سے لڑائی کے بارے میں مشورہ کریں گے پر جیسے ہی صبح ہوگی تو عیسیٰ علیہ السلام تشریف لے آئیں گے۔ جب وہ رکوع سے اپنا سر اٹھائیں گے تو کہیں گے: اللہ نے اس کی بات سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔ اللہ نے مسیح دجال کو ہلاک کر دیا اور مسلمان غالب آ گئے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کر دیں گے اور اس کے ساتھی شکست کھا جائیں گے۔ یہاں تک کہ درخت، پتھر اور مٹی بول بول کر کہیں گے: اے مومن! یہ میرے پیچھے ایک یہودی ہے آؤ اور اسے قتل کر دو۔[1]

اور ایک روایت میں ہے: ''حتی کہ عیسیٰ علیہ السلام اسے باب لدّ پر جا پکڑیں گے اور قتل کر دیں گے۔''[2]

پھر عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام ایک ایسی قوم کے پاس آئیں گے جنھیں اللہ نے دجال سے بچا لیا ہوگا۔ وہ ان کے چہروں کو پونچھیں گے اور انھیں جنت میں ان کے درجات کے بارے میں بتائیں گے، پھر اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی نازل فرمائیں گے کہ میں نے اپنے کچھ ایسے بندے پیدا فرمائے ہیں جن کا مقابلہ کرنے کی ہمت کسی میں نہیں ہے، اس لیے تم میرے بندوں (اپنے ساتھیوں) کو لے کر کوہِ طور پر چلے جاؤ۔

[1] المستدرك للحاكم: 4/529 وصححه . [2] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2937.

یعنی اس وقت اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو بھیجے گا۔ ان کا تفصیلی ذکر آگے آئے گا۔[1]

دجال کے مقابلے میں سب سے زیادہ سخت لوگ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بنو تمیم کے بارے میں تین باتیں سنی ہیں، میں ان سے بہت محبت کرتا ہوں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''وہ میری امت میں دجال کے خلاف سب سے زیادہ سخت ہیں۔''

ان کی طرف سے صدقے کا مال آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ ہماری قوم کے صدقات ہیں۔'' بنو تمیم کی ایک لونڈی سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اسے آزاد کردو کہ یہ اولادِ اسماعیل میں

بنو تمیم کا شجرہ		
عمرو	عمرو	زید مناۃ
الحارث الحبط	انبار	مالک
سعد	جندب	حنظلہ
نیار	عدی	مالک
عمرو	جہمہ	ابو سعود
جلدہ	منذر	ربیعہ
سیف	عبداللہ	شہاب
اوس	نما	زُہیر
عمرو	عمرو	شدّاد
یزید	حارث	نہشل
حسین	جندب	سنائی
عبّاد	عدی	عقبہ
ناصر ابو بصر	عبادہ	مسعود
رحمہ ابو رحمہ	سلمہ	موسیٰ
	مخرب	قاسم
	حماد	وہاب
		علاوی
		محمد

[1] دیکھیے: علامات کبریٰ میں علامت نمبر 4۔

سے ہے۔“[1]

حضرت عکرمہ بن خالد کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس بنو تمیم کا ذکر ہوا تو ایک شخص نے کہا: یہ بنو تمیم تو اس کام سے پیچھے رہ گئے۔ اللہ کے نبی ﷺ نے مزینہ کے لوگوں کی طرف دیکھا اور فرمایا: بنو تمیم پیچھے نہیں رہے، یہ انھی میں سے ہیں۔ ایک شخص نے کہا: بنو تمیم اپنے صدقات میں پیچھے رہ گئے ہیں۔ اتنے میں بنو تمیم کے سرخ اور سیاہ اونٹ آئے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: یہ میری قوم کے اونٹ ہیں۔

ایک شخص نے اللہ کے نبی ﷺ کی موجودگی میں بنو تمیم کے بارے میں کوئی نامناسب بات کہی تو اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَقُلْ لِبَنِي تَمِيمٍ إِلَّا خَيْرًا؛ فَإِنَّهُمْ أَطْوَلُ النَّاسِ رِمَاحًا عَلَى الدَّجَّالِ»

”بنو تمیم کے بارے میں اچھی بات ہی کہو، دجال کے مقابلے میں ان کے نیزے سب سے لمبے ہوں گے۔“[2]

خروجِ دجال کا انکار کرنے والے

زمانۂ قدیم میں خروجِ دجال کا انکار کرنے والے بعض گمراہ فرقوں (معتزلہ اور

[1] صحيح البخاري، العتق، حديث: 2543، و صحيح مسلم، فضائل الصحابة، حديث: 2525. [2] مسند أحمد: 4/168، وقال الهيثمي في مجمع الزوائد: رجاله رجال الصحيح.

جہمیہ) کے ساتھ ساتھ جدید لوگوں میں سے دجال کا انکار کرنے والے حسب ذیل ہیں:

شیخ محمد عبدہ [1]

یہ کہتے ہیں: ”دجال کی حقیقت کچھ نہیں یہ صرف خرافات، دجل وفریب اور شعبدہ بازی ہے۔“ [2]

محمد فہیم ابو عبیہ [3]

انھوں نے کتاب الملاحم: (119,118/1) میں احادیث دجال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے: ”اس سے مراد فساد اور شر کا پھیلاؤ ہے۔“

بعض نے یہ کہا: دجال ظاہر تو ہوگا مگر اس کے ہمراہ فتنے اور جنت ودوزخ وغیرہ نہیں ہوں گے۔ انھی لوگوں میں علامہ محمد رشید رضا [4] بھی شامل ہیں۔ یہ صاحبِ علم وفضل ہیں مگر اس مسئلے میں غلطی کھا گئے ہیں۔ علامات قیامت میں سے کسی بھی چیز کا انکار کرنا بہت سخت غلطی ہے۔

---

[1] ان کا نام محمد عبدہ بن حسن خیر اللہ آل ترکمانی ہے۔ یہ اپنے عہد میں مصر کے مفتی اعظم تھے۔ ان کی وفات 1905ء میں ”اسکندریہ“ میں ہوئی اور ”قاہرہ“ میں دفن کیے گئے۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے: الأعلام للزرکلي: 252/6. [2] ان کا یہ قول صاحب تفسیر المنار نے (317/3) پر نقل کیا ہے۔ [3] یہ علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ کی مشہورِ زمانہ کتاب النهاية في الفتن والملاحم کے محقق ہیں۔
[4] ان کا نام ونسب اس طرح ہے: محمد رشید بن علی رضا بن محمد شمس الدین بن محمد بہاء الدین بن منلا علی خلیفہ قلمونی بغدادی الحسینی۔ یہ شام کے شہر ”طرابلس“ کے نواحی علاقے ”قلمون“ میں پیدا ہوئے ◂◂

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ خطبے میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا:

''خبردار! تمھارے بعد کچھ ایسے لوگ آنے والے ہیں جو رجم، دجال، شفاعت اور عذابِ قبر کا انکار کریں گے۔ وہ اس بات کا بھی انکار کریں گے کہ اللہ تعالیٰ ایک قوم کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل فرما دے گا جبکہ وہ جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔''[1]

''رجم کا انکار کریں گے'' یعنی شادی شدہ زانی اور زانیہ کو پتھروں سے سنگسار کرنے کے شرعی حکم کا انکار کریں گے۔

''اور لوگوں کے جہنم سے نکال لیے جانے کا انکار کریں گے'' یعنی ان موحدین کے حق میں شفاعت کا انکار کریں گے جنھیں اللہ تعالیٰ مناسب سزا دے کر جہنم سے نکال لے گا۔

◂◂ اور وہیں پلے بڑھے۔ ابتدائی تعلیم ''قلمون'' اور ''طرابلس'' میں حاصل کی، پھر 1315ھ میں مصر کی طرف سفر اختیار کیا اور شیخ محمد عبدہ کے ساتھ منسلک ہوئے اور ان کی شاگردی اختیار کی۔ ایک بار گاڑی میں ''سویس'' سے ''قاہرہ'' آرہے تھے کہ دورانِ سفر گاڑی ہی میں انتقال کر گئے۔ ان کی مشہور ترین علمی خدمات میں سے ''مجلّہ المنار'' ہے جس کی (34) جلدیں شائع ہوئیں۔ اس کے علاوہ بارہ جلدوں میں قرآن کریم کی ''تفسیر المنار'' بھی ہے جسے وہ مکمل نہ کر سکے۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے: الأعلام للزركلي: 126/6۔ مسیح دجال کے بارے میں ان کا کلام تفسیر المنار: (490/9) میں موجود ہے۔ [1] مسند أحمد: 23/1.

دجال کے متعلق آخری پانچ مسائل

① حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَا هُوَ أَخْوَفُ عَلَيْكُمْ عِنْدِي مِنَ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ؟ قَالَ: قُلْنَا: بَلٰى، فَقَالَ: اَلشِّرْكُ الْخَفِيُّ؛ أَنْ يَّقُومَ الرَّجُلُ يُصَلِّي فَيُزَيِّنُ صَلَاتَهُ لِمَا يَرٰى مِنْ نَظَرِ رَجُلٍ»

”کیا میں تمھیں ایک ایسی بات نہ بتاؤں جس کا مجھے تمھارے بارے میں دجال سے بھی زیادہ خوف ہے! وہ شرکِ خفی ہے، یعنی آدمی نماز کے لیے کھڑا ہو اور کوئی شخص اسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ رہا ہو تو وہ اسے دکھانے کے لیے اپنی نماز کو خوبصورت طریقے سے ادا کرنا شروع کر دے۔“[1]

ریا کاری ایک بہت خطرناک چیز ہے۔ ریا کاری یہ ہے کہ آدمی کوئی نیک عمل اس ارادے سے کرے کہ لوگ اس نیک عمل کے باعث اس کی تعریف وتوصیف کریں۔ یہ شرک خفی ہے اور اعمال کو برباد کر دینے والی چیز ہے۔ قیامت کے دن ریا کاروں سے کہا جائے گا کہ ان لوگوں کے پاس جاؤ جنھیں دکھانے کے لیے تم دنیا میں اعمال کیا کرتے تھے، دیکھو کیا ان کے پاس تمھارے لیے کوئی جزا ہے؟[2]

[1] مسند أحمد: 30/3، وسنن ابن ماجه، الزهد، حديث: 4204، وحسنه الألباني في صحيح الترغيب والترهيب، حديث: 27. [2] مسند أحمد: 428/5، ومجمع الزوائد، للهيثمي:290/1، و قال: رجاله رجال الصحيح.

② حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ عَلٰى أُمَّتِي مِنَ الدَّجَّالِ الْأَئِمَّةُ الْمُضِلُّونَ»

''دجال کے فتنے سے بڑھ کر مجھے اپنی امت پر جس چیز کا خوف ہے وہ گمراہ کن پیشوا ہیں۔'' [1]

گمراہی پھیلانے والے ائمہ اور قائدین امت کے لیے ایک عظیم خطرے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جب معاشرے کے بڑے اور مؤثر لوگ ہی گمراہ ہوں گے تو ان کے ماتحت لوگ بھی یقیناً گمراہی میں مبتلا ہوں گے۔ گمراہ کن قائدین کبھی تو دنیوی امور سے تعلق رکھنے والے ہوتے ہیں، جیسے: بادشاہ، امراء اور وزراء اور کبھی ان کا تعلق دینی امور سے ہوتا ہے، جیسے: علماء، واعظین اور دین کی دعوت کا کام کرنے والے لوگ۔ جب لوگوں پر گمراہ قائدین مسلط ہو جائیں تو وہ سب تباہ و برباد ہو جاتے ہیں۔

③ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ عَلٰى مَنْ نَاوَءَهُمْ حَتّٰى يُقَاتِلَ آخِرُهُمُ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ»

''میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق کی خاطر مخالفین سے لڑتا رہے گا اور ان پر

[1] مسند أحمد: 145/5، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 624/4، حديث: 1989.

غالب رہے گا، یہاں تک کہ ان کا آخری شخص مسیح دجال سے لڑائی کرے گا۔“[1]

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس امت میں جہاد کی تحریک ایک مسلسل تحریک ہے۔ اس کے ابتدائی اور آخری لوگ آپس میں ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ جہاد کبھی منقطع نہیں ہوگا حتی کہ امت کا آخری فرد دجال سے قتال کرے گا۔

④ فتنوں میں ثابت قدم رہنا شریعت کا ایک بنیادی اصول ہے، یہی وجہ ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فتنۂ دجال کا ذکر کیا تو فرمایا:

«يَا عِبَادَ اللهِ! فَاثْبُتُوا»

”اللہ کے بندو! ثابت قدم رہنا۔“[2]

یہ بھی خیال رہے کہ فتنوں والی ان احادیث سے ہم نا امیدی اور عدم اعتماد کا شکار نہ ہو جائیں بلکہ ہمیں ایمان اور ثابت قدمی میں اضافے کے متمنی رہنا چاہیے۔

⑤ حدیث دجال سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ آخری زمانے میں جنگ سفید ہتھیاروں سے ہوگی۔ سفید ہتھیاروں سے تلواریں، تیر اور گھوڑے مراد ہیں۔[3]

---

[1] مسند أحمد: 437/4، وسنن أبي داود، الجهاد، حديث: 2484، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. [2] صحيح مسلم، الفتن، وأشراط الساعة، حديث: 2937. [3] اس کی تفصیل علامت نمبر (109) میں گزر چکی ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول
508

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يَٰمَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۖ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○﴾

''زکریا جب بھی محراب (عبادت خانے) میں داخل ہوتے تو اس کے پاس کچھ کھانے پینے کی چیزیں پاتے، وہ کہتے: اے مریم! تیرے پاس یہ کہاں سے آئیں؟ وہ کہتی: یہ اللہ کی طرف سے (آئی) ہیں، بے شک اللہ جسے چاہے، بے حساب رزق دیتا ہے۔'' [1]

[1] آل عمرٰن 3:37.

حضرت زکریا علیہ السلام نے مریم علیہا السلام کے لیے مسجد کا ایک عمدہ حصہ خاص کر دیا تھا، جہاں مریم علیہا السلام کے سوا کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہ تھی۔ مریم علیہا السلام اس حجرے میں دن رات اللہ کی عبادت میں مصروف رہتیں۔ جب کبھی اللہ کے نبی حضرت زکریا علیہ السلام اس عبادت والی جگہ میں جاتے تو مریم کے پاس بے موسمے پھل پاتے۔ آپ پوچھتے: ﴿ اَنّٰی لَكِ هٰذَا ﴾ ''اے مریم! یہ بے موسمے پھل کہاں سے آ گئے؟'' سیدہ مریم جواب میں کہتیں: ﴿ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ﴾ ''یہ اللہ کی طرف سے ہے۔'' ﴿ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴾ ''اللہ جسے چاہتا ہے، بے حساب رزق عطا فرماتا ہے۔''

ایک بار ایسا ہوا کہ فرشتوں نے آ کر سیدہ مریم علیہا السلام کو ایک خوش خبری سنائی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ ﴾

''اور جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! اللہ نے تجھے برگزیدہ کر لیا اور تجھے پاک کر دیا اور سارے جہان کی عورتوں میں سے تیرا انتخاب کر لیا۔ اے مریم! تو اپنے رب کی اطاعت کر اور سجدے کر اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کر۔''[1]

اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے کہ فرشتوں نے مریم علیہا السلام کو اس بات کی خوش خبری

[1] آل عمرٰن 3:42،43.

زکریا علیہ السلام کی محراب جو کہ مسجد اقصیٰ کی مشہور آتش زنی میں تباہ ہوگئی تھی۔ اور بعد میں دوبارہ تعمیر ہوئی۔ یہ بات یقینی نہیں کہ یہی وہ جگہ ہے جس کا قرآن میں ذکر ہے

دی کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اس زمانے کی تمام خواتین میں سب سے اعلیٰ مقام پر فائز کر دیا ہے اور اسے چن لیا ہے کہ اس کے ہاں بن خاوند کے ایک بیٹا پیدا ہوگا جو نبی ہوگا اور یہ خوش خبری بھی دے دی:

﴿وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا﴾

''اور وہ ماں کی گود میں اور پختہ عمر کا ہو کر (دونوں حالتوں میں) لوگوں سے (یکساں) گفتگو کرے گا۔'' [1]

یعنی وہ اپنے بچپن میں لوگوں کو اللہ وحدہ لا شریک کی عبادت کی طرف دعوت دے گا۔ اسی طرح وہ بڑی عمر میں بھی انھیں عبادت الٰہی کی طرف بلائے گا۔ سیدہ مریم علیہا السلام کو کثرت سے عبادت، اطاعت اور کثرتِ سجود کا حکم دیا گیا تاکہ وہ اس عزت افزائی کی مستحق بن جائیں اور اس نعمت عظمیٰ کا شکر ادا کریں۔ اللہ ان سے راضی ہو، ان پر رحم فرمائے اور ان کے والدین پر بھی رحم فرمائے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«حَسْبُكَ مِنْ نِّسَاءِ الْعَالَمِينَ بِأَرْبَعٍ: مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَخَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ»

''دنیا بھر کی عورتوں میں چار عورتیں افضل ترین ہیں: مریم بنت عمران،

[1] آل عمرٰن 3:46.

آسیہ زوجۂ فرعون، خدیجہ بنت خویلد اور فاطمہ بنت محمد ﷺ۔'' [1]

مریم علیہا السلام کا اللہ کے حکم سے حاملہ ہونا

جب فرشتوں نے مریم علیہا السلام کو خوش خبری دی کہ اللہ نے اسے منتخب کرلیا ہے اور وہ اسے ایک ایسا بیٹا عطا فرمانے والا ہے جو عزت والا، پاکیزہ، معزز و محترم نبی ہوگا، نیز اس کی معجزات کے ساتھ مدد اور تائید بھی کی جائے گی۔ یہ سن کر مریم بہت متعجب ہوئیں کہ بغیر باپ کے بچہ کس طرح پیدا ہوگا! ان کا کوئی شوہر ہی نہیں تو بچہ کیسے ہوگا! فرشتوں نے انھیں بتلایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ وہ جب کسی کام کا ارادہ کرلیتا ہے تو فقط یہ کہتا ہے کہ ہوجا تو وہ ہو جاتا ہے۔

مریم علیہا السلام نے اس پر سرِ تسلیم خم کردیا، اللہ کی طرف متوجہ ہوئیں اور اس کے حکم کے سامنے سپر انداز ہوگئیں۔ انھیں اندازہ ہوگیا کہ اس کام میں وہ ایک بڑی کڑی آزمائش سے دو چار ہونے والی ہیں۔ لوگ ان کے بارے میں طرح طرح کی باتیں کریں گے کیونکہ وہ حقیقت سے بے خبر ہوں گے اور بلا سوچ سمجھے ان کی نظر صرف ظاہری حالات ہی پر ہوگی۔ مریم علیہا السلام مسجد اور اپنی عبادت گاہ سے صرف اپنے ماہواری کے ایام میں باہر نکلتیں یا پھر اس وقت جب انھیں مسجد سے باہر پانی لینے یا غذا کے حصول جیسی کوئی ضرورت لاحق ہوتی۔

ایک روز وہ ایسی ہی کسی ضرورت کے تحت مسجد سے نکلیں، اللہ تعالیٰ نے بیان

[1] جامع الترمذي، المناقب، حديث: 3878، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 13/4، حديث: 1508.

فرمایا ہے کہ ﴿اِذِ انْتَبَذَتْ﴾ یعنی جب مسجد اقصیٰ کی مشرقی جانب وہ اکیلی رہ گئیں۔ عین اسی وقت اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف جبریل امین علیہ السلام کو بھیجا ﴿فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا﴾ ''وہ اس کے سامنے پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا۔'' جیسے ہی مریم علیہا السلام کی نگاہ اس پر پڑی تو بے اختیار بول اٹھیں: ﴿اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا﴾ ''میں تیرے شر سے رحمٰن کی پناہ چاہتی ہوں اگر تو کچھ بھی اللہ سے ڈرنے والا ہے۔'' یعنی اگر تم اللہ کا خوف رکھنے والے متقی انسان ہو تو میں نے جو تمھارے شر سے اللہ کی پناہ طلب کی ہے، اس کا لحاظ کرو اور یہاں سے چلے جاؤ۔ فرشتے نے مریم علیہا السلام سے مخاطب ہو کر کہا: ﴿اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا﴾ ''میں تو اللہ کا بھیجا ہوا قاصد ہوں تا کہ میں تمھیں ایک پاک باز لڑکا عطا کروں۔'' یعنی ڈرو نہیں، میں کوئی بشر نہیں ہوں بلکہ اللہ کا فرشتہ ہوں۔ مجھے اللہ نے تمھاری طرف بھیجا ہے تجھے ایک پاکیزہ لڑکا دینے آیا ہوں۔ ﴿قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ﴾ ''کہنے لگیں: بھلا میرے ہاں بچہ کیسے ہو سکتا ہے؟'' یعنی بچے کی پیدائش کے جو ظاہری اسباب ہوتے ہیں وہ میرے ہاں مفقود ہیں۔ ﴿وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا﴾ ''مجھے تو کسی انسان نے ہاتھ تک نہیں لگایا اور نہ میں بدکار ہوں۔'' یعنی نہ میں شادی شدہ ہوں، نہ ہی میں کسی بے حیائی کی مرتکب ہوئی ہوں۔ ﴿قَالَ كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ﴾ ''اس نے کہا: بات تو یہی ہے لیکن تیرے پروردگار کا ارشاد ہے کہ یہ مجھ پر بہت آسان ہے۔'' یعنی فرشتے نے اس کے تعجب کو دور کرنے کے لیے کہا: یہ اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ تم سے ایک بیٹا پیدا کرے گا۔

﴿هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ﴾ یعنی یہ کام اس کے لیے بہت آسان اور معمولی ہے کیونکہ وہ ہر ایک چیز پر قادر ہے۔اور فرمایا: ﴿وَلِنَجْعَلَهٗۤ اٰيَةً لِّلنَّاسِ﴾ ''اور تاکہ ہم اسے لوگوں کے لیے ایک نشانی بنا دیں۔'' یعنی ہم اس بچے کی پیدائش کو انواع واقسام کی مخلوق پیدا کرنے کی اپنی قدرت پر ایک دلیل بنا دیں گے۔ اللہ عزوجل نے:

* آدم علیہ السلام کو مرد و عورت کے بغیر پیدا کر دیا۔
* حوا علیہا السلام کو عورت کے بغیر صرف مرد سے پیدا کیا۔
* عیسیٰ علیہ السلام کو عورت سے بلا مرد کے پیدا کر دیا۔
* باقی سب انسانوں کو مرد اور عورت دونوں سے پیدا کیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْۤ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا﴾

''اور (مثال بیان فرمائی) مریم بنت عمران کی جس نے اپنی ناموس کی حفاظت کی، پھر ہم نے اپنی طرف سے اس میں جان پھونک دی۔''[1]

یعنی جبریل امین علیہ السلام نے مریم علیہا السلام کے گریبان میں پھونک مار دی جس سے وہ فوراً حاملہ ہوگئیں۔ ارشاد ہوتا ہے:

﴿فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا﴾

''تو ہم نے اس میں اپنی طرف سے روح پھونک دی۔''

[1] التحریم 12:66.

آگے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

﴿فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ۝﴾

''تو وہ اس (بچے) کے ساتھ حاملہ ہوگئیں اور اسے لے کر ایک دور جگہ چلی گئیں۔'' [1]

یہ اس لیے کہ سیدہ مریم علیہا السلام جب حاملہ ہوگئیں تو سخت پریشان ہوئیں۔ انھیں علم تھا کہ لوگ ان کے بارے میں بھانت بھانت کی بولیاں بولیں گے۔ جب ان پر حمل کی علامات ظاہر ہونے لگیں تو وہ لوگوں سے چھپ گئیں اور ان سے کنارہ کش ہوکر ایک دور دراز جگہ جا کر ٹھہر گئیں۔

عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت

اللہ عزوجل فرماتے ہیں:

﴿فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ۝﴾

''پھر دردِ زہ اسے ایک کھجور کے تنے کے پاس لے آیا اور وہ کہنے لگی: کاش! میں اس سے پہلے ہی مرگئی ہوتی اور (لوگوں کی یاد سے بھی) بھولی بسری ہو جاتی۔'' [2]

یعنی ولادت کے درد کی شدت انھیں بیت اللحم میں کھجور کے ایک درخت کے

[1] مریم 19:22. [2] مریم 19:23.

پاس لے آئی۔ اس وقت مریم علیہا السلام نے مذکورہ الفاظ کہے، اس لیے کہ انھیں معلوم تھا کہ لوگ ان کی بات کو سچ نہیں مانیں گے اور انھیں جھٹلائیں گے بلکہ جب وہ ان کے ہاتھوں میں نومولود کو دیکھیں گے تو اس پر بدکرداری کا الزام عائد کریں گے، حالانکہ وہ ان کے نزدیک مسجد میں رہنے والی ایک زاہدہ اور عابدہ خاتون تھیں اور ان کا تعلق نبوت اور دیانت والے خاندان سے تھا، اس وجہ سے انھیں اس قدر غم ہوا کہ وہ تمنا کرنے لگیں کہ اے کاش! وہ اس حال میں پہنچنے سے قبل ہی مرچکی ہوتیں یا پھر پیدا ہی نہ ہوئی ہوتیں۔ ﴿فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ﴾ ”تو اسے نیچے ہی سے آواز دی۔“ یعنی فرشتے نے نیچے سے آواز دی:

﴿اَلَّا تَحْزَنِیْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِیًّا﴾ ”آزردہ خاطر نہ ہو، تیرے رب نے تیرے نیچے سے چشمہ جاری

کر دیا ہے۔" یعنی اللہ نے تمھارے نیچے نہر جاری کر دی ہے جو رواں دواں ہے۔

﴿ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴾ "اور تو کھجور کا تنا اپنی طرف ہلا، وہ تجھ پر تازہ پکی ہوئی کھجوریں گرائے گا، چنانچہ تو کھا اور پی اور (اپنی) آنکھیں ٹھنڈی کر، پھر اگر تو انسانوں میں سے کسی کو دیکھے تو اس سے کہہ دینا: بے شک میں نے رحمٰن کے لیے (چپ کے) روزے کی نذر مانی ہے، لہٰذا آج میں کسی انسان سے ہرگز کلام نہیں کروں گی۔"

یعنی کھاؤ، پیو، پھر اپنے بچے کو اٹھاؤ اور قوم کے پاس چلی جاؤ۔ اگر تمھیں کوئی شخص نظر آئے تو اسے اشارے کے ساتھ کہنا: "میں نے آج اللہ کی خاطر روزہ رکھا ہوا ہے، لہٰذا میں آج کسی انسان سے بات نہیں کروں گی۔" ﴿ فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَـيْـــًٔـا فَرِيًّا ۝ يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ۝ ﴾ "اب وہ اسے (عیسیٰ کو) لیے ہوئے اپنی قوم کے پاس آئیں۔ سب کہنے لگے: مریم! تو نے بڑی بری حرکت کی۔ اے ہارون کی بہن! نہ تو تیرا باپ برا آدمی تھا اور نہ ہی تیری ماں بدکار تھی۔"[1]

(الفریۃ) کے معنی ہیں: کوئی بہت ہی برا اور ناگوار کام۔

[1] مریم 19: 24-28.

عیسیٰ علیہ السلام گہوارے میں باتیں کرتے ہیں

جب حضرتِ مریم علیہا السلام بہت آزردہ خاطر ہوئیں اور ان کے بارے میں قوم کی باتیں بہت شدت اختیار کر گئیں تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿فَاَشَارَتۡ اِلَیۡهِ﴾ ''مریم نے اس بچے کی طرف اشارہ کیا۔'' یعنی مجھ سے سوال نہ کرو بلکہ اسی بچے سے پوچھ لو۔ تو وہ کہنے لگے: ﴿کَیۡفَ نُکَلِّمُ مَنۡ کَانَ فِی الۡمَهۡدِ صَبِیًّا﴾ ''لو بھلا ہم گود کے بچے سے کیسے باتیں کریں؟'' یعنی تم جواب کو اس بچے کے سپرد کر رہی ہو جو ابھی گود میں دودھ پیتا ہے اور کچھ نہیں جانتا۔

اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو قوتِ گویائی عطا فرمائی:

﴿قَالَ اِنِّیۡ عَبۡدُ اللّٰهِ ؕ اٰتٰنِیَ الۡکِتٰبَ وَ جَعَلَنِیۡ نَبِیًّا ۙ○ وَّ جَعَلَنِیۡ مُبٰرَکًا اَیۡنَ مَا کُنۡتُ ۪ وَ اَوۡصٰنِیۡ بِالصَّلٰوۃِ وَ الزَّکٰوۃِ مَا دُمۡتُ حَیًّا ۪○ وَّ بَرًّۢا بِوَالِدَتِیۡ ۫ وَ لَمۡ یَجۡعَلۡنِیۡ جَبَّارًا شَقِیًّا ○ وَ السَّلٰمُ عَلَیَّ یَوۡمَ وُلِدۡتُّ وَ یَوۡمَ اَمُوۡتُ وَ یَوۡمَ اُبۡعَثُ حَیًّا○﴾

''وہ (بچہ) بول اٹھا: بلاشبہ میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا ہے۔ اور اس نے مجھے بابرکت بنایا جہاں بھی میں ہوں اور جب تک میں زندہ رہوں، مجھے نماز اور زکاۃ کی پابندی کا حکم دیا ہے۔ اور اپنی والدہ سے نیکی کرنے والا بنایا ہے اور اس نے مجھے سرکش (اور) بدبخت نہیں بنایا۔ اور سلام ہے مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن میں مروں گا اور جس دن میں زندہ (کرکے) اٹھایا جاؤں گا۔'' [1]

[1] مریم 19: 29-33.

سب سے پہلی بات جو عیسیٰ علیہ السلام کے منہ سے نکلی وہ یہ تھی: ﴿اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ﴾ ''میں اللہ کا بندہ ہوں۔'' اور یہ نہیں کہا کہ میں اللہ کا بیٹا ہوں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، نہ اس نے کسی کو اپنی بیوی بنایا اور نہ ہی کسی کو بیٹا بنایا۔ پاک ہے وہ ذات جس نے ساری مخلوق کو پیدا کیا اور ہر ایک جان کی رہنمائی فرمائی۔

یہی عیسیٰ علیہ السلام کی اصل حقیقت ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ○ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۚ اِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○﴾

''یہ ہے عیسیٰ ابن مریم، (یہی ہے) وہ حق کی بات جس میں وہ لوگ شک کرتے ہیں۔ اللہ کے لائق ہی نہیں کہ وہ کوئی بھی اولاد بنائے، وہ پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ کر لیتا ہے تو اس کے لیے بس یہی کہتا ہے کہ ہو جا، تو وہ ہو جاتا ہے۔'' [1]

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۭ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○﴾

''بے شک اللہ کے نزدیک عیسیٰ کی مثال آدم کی سی ہے، اللہ نے اسے مٹی سے پیدا کیا، پھر اس سے کہا کہ ہو جا، تو وہ ہو گیا۔'' [2]

[1] مریم 19:34،35. [2] آل عمران 3:59.

اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام پر اپنا انعام کیا اور ارشاد فرمایا:

﴿إِذْ قَالَ اللَّهُ يَٰعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۖ وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتَٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَىٰةَ وَالْإِنجِيلَ ۖ وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًۢا بِإِذْنِي ۖ وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَٰٓءِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَٰتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّـۧنَ أَنْ ءَامِنُوا بِي وَبِرَسُولِي قَالُوٓا ءَامَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ۝﴾

”جب اللہ کہے گا: اے عیسیٰ ابن مریم! تو خود پر اور اپنی ماں پر میری نعمت یاد کر، جب میں نے تجھے روح القدس (جبریل) کے ساتھ قوت دی، تو (ماں کی) گود میں اور پختہ عمر میں لوگوں سے کلام کرتا تھا اور جب میں نے تجھے کتاب وحکمت اور تورات اور انجیل کی تعلیم دی اور جب تو میرے حکم سے گارے سے پرندے کی سی مورت بناتا تھا، پھر تو اس میں پھونک مارتا تھا تو وہ میرے حکم سے پرندہ بن جاتا تھا اور تو پیدائشی اندھے کو اور پھلبہری والے کو میرے حکم سے تندرست کرتا تھا اور جب تو مردوں کو میرے حکم سے (زندہ کر کے) نکال کھڑا کرتا تھا اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روکا جب تو ان کے پاس واضح نشانیاں لایا تھا۔ تب ان لوگوں میں سے جنھوں نے کفر کیا، انھوں نے کہا تھا: یہ تو کھلے جادو کے سوا کچھ نہیں اور جب میں نے حواریوں کو الہام کیا کہ تم مجھ

پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ۔ انھوں نے کہا: ہم ایمان لائے اور تو گواہ رہ کہ بے شک ہم فرماں بردار ہیں۔''[1]

عیسیٰ علیہ السلام نے حضرت محمد ﷺ کے بارے میں بشارت دی۔ ارشادِ الٰہی ہے:

﴿وَ اِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ﴾

''اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا: اے بنی اسرائیل! بے شک میں تمھاری طرف اللہ کا رسول ہوں، اس (کتاب) تورات کی جو مجھ سے پہلے ہے، تصدیق کرنے والا ہوں اور ایک رسول کی بشارت دینے والا ہوں جو وہ میرے بعد آئے گا۔ اس کا نام احمد ہوگا، پھر جب وہ (رسول) ان کے

[1] المآئدة 5: 111,110.

پاس کھلی نشانیوں کے ساتھ آیا تو وہ بولے: یہ تو کھلا جادو ہے۔" [1]

حضرت عیسیٰ علیہ السلام انبیائے بنی اسرائیل میں سے آخری نبی ہیں۔تمام انبیاء نے اپنی اپنی قوم پر اتمامِ حجت کے لیے اور اللہ کی طرف سے انعام کے طور پر انھیں خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت سنائی، آپ کا نام اور صفات اپنی قوم کو بتائیں تاکہ وہ جب بھی آپ کو دیکھیں تو پہچان سکیں، فوری ایمان لائیں اور آپ کی فرماں برداری کر سکیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنزِلَ مَعَهُ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾

"(یعنی) وہ لوگ جو اس رسولِ اُمی نبی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جس کا ذکر وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا پاتے ہیں، وہ انھیں اچھے کاموں کا حکم دیتا اور انھیں برے کاموں سے روکتا ہے اور وہ ان کے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کرتا اور ان پر ناپاک چیزیں حرام ٹھہراتا ہے اور ان پر سے ان کے بوجھ اور وہ طوق اتارتا ہے جو ان پر گراں تھے، چنانچہ جو لوگ اس پر ایمان لائے اور انھوں نے اس کی تعظیم کی اور اس کی

[1] الصف 6:61.

مدد کی اور اس نور (ہدایت) کی پیروی کی جو اس پر نازل کیا گیا، وہی فلاح پانے والے ہیں۔“ [1]

رسول اللہ ﷺ کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک روز عرض کی: یا رسول اللہ! ہمیں اپنے بارے میں کچھ بتلائیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

«دَعْوَةُ أَبِي إِبْرَاهِيمَ وَبِشَارَةُ عِيسٰى بِي، وَرُؤْيَا أُمِّي الَّتِي رَأَتْ»

”میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا نتیجہ ہوں۔ میں عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت اور اپنی والدہ کا خواب ہوں۔“ [2]

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان کی طرف اٹھایا جانا

اللہ عزوجل فرماتے ہیں:

﴿وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ○ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ﴾

”اور انھوں نے مکر کیا تو اللہ نے بھی تدبیر کی اور اللہ سب سے بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔ جب اللہ نے کہا: اے عیسیٰ! بے شک میں تجھے پورا لے لوں گا اور اپنی طرف اٹھا لوں گا اور ان کافروں سے تجھے پاک کر دوں گا اور جن لوگوں نے تیری پیروی کی انھیں کافروں پر قیامت تک غالب رکھوں گا۔“ [3]

---

[1] الأعراف 157:7. [2] مسند أحمد: 127/4. [3] آل عمرٰن 3 : 55,54.

شجرۂ طیبہ
محمد رسول اللہ ﷺ اور دیگر انبیاءِ کرام
عیسیٰ
یحییٰ
مریم سے
زکریا
سلیمان
الیاس
الیاس کے ہم زمانہ ساتھی، ان کا نسب یوسف سے ملتا ہے
اہل نینویٰ کی طرف مبعوث ہوئے
داود
ہارون
الیسع
خاتم النبیین
جو سب قوموں کی طرف مبعوث ہوئے
یونس
موسیٰ
عمران
بنیامین
روبن
شمعون
یہودا
لاوی
آشر
زبولون
دان
نفتالی
جاد
اشکار
ان سے قبائل بنی اسرائیل نکلے
محمد رسول اللہ ﷺ
یہ جرہم، عمالیق اور یمن وغیرہ کی طرف بھیجے گئے
ذوالکفل
یوسف
ایوب
یعقوب
اسماعیل
زمران
یقشان
معان
اسباق
سوخ
مدین
انھیں مدین کے عربوں کی طرف بھیجا گیا
شعیب
عیص
اسحاق
ابراہیم
انھیں احقاف والوں کی طرف بھیجا گیا
انھیں اہل دمشق اور مضافات کی طرف بھیجا گیا
لوط
ہاران
آزر
ہود
سام
عرب بائدہ
یافث
نوح
حام
صالح
انھیں ثمود الحجر کی طرف بھیجا گیا
اہل سوڈان، اہل ہند، قبطی وغیرہ
اولوالعزم پیغمبر
محمد ﷺ، نوح، ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ
ادریس
اس میں انبیاء ورسل کے نام درج ہیں
باپ کی بلاواسطہ اولاد
جد امجد کی بالواسطہ اولاد
آدم
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تمام لوگ آدم سے پیدا کیے گئے اور آدم مٹی سے پیدا ہوئے تھے۔"
شیخ البانی نے الصحیحہ میں اسے صحیح قرار دیا ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ○ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ○﴾

’’اور ان کے یہ کہنے کی وجہ سے کہ ہم نے اللہ کے رسول مسیح عیسیٰ ابن مریم کو قتل کیا، حالانکہ انھوں نے نہ انھیں قتل کیا اور نہ انھیں سولی پر چڑھایا بلکہ انھیں شبہے میں ڈال دیا گیا اور بے شک جنھوں نے عیسیٰ کے بارے میں اختلاف کیا، وہ ضرور ان کے متعلق شک میں ہیں۔ ان لوگوں کے پاس ان کے بارے میں کوئی علم نہیں سوائے گمان کی پیروی کے اور انھوں نے یقیناً انھیں قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے انھیں اپنی طرف اٹھالیا اور اللہ بڑا زبردست، بہت حکمت والا ہے۔‘‘ [1]

[1] النسآء 4:157-159.

اللہ عزوجل نے ان آیاتِ کریمہ میں اس بات کی خبر دی ہے کہ اس نے عیسیٰ علیہ السلام پر نیند طاری کر کے انھیں اپنی طرف اٹھا لیا اور انھیں ان یہودیوں کی اذیت سے بچا لیا جنھوں نے اس زمانے کے ایک کافر بادشاہ کے پاس چغلی کرنے کی کوشش کی تھی۔ بادشاہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کرنے اور انھیں سولی پر لٹکانے کا حکم جاری کر دیا، اس کے لیے انھیں بیت المقدس کے ایک گھر میں قید کر دیا گیا۔ جب وہ لوگ مذموم ارادے سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی مشابہت وہاں موجود لوگوں میں سے ایک کے چہرے پر ڈال دی اور عیسیٰ علیہ السلام کو ایک روشندان میں سے آسمان کی طرف اٹھا لیا۔

سپاہی گھر میں داخل ہوئے تو انھوں نے اس نوجوان کو پایا جس پر عیسیٰ علیہ السلام کی مشابہت ڈال دی گئی تھی۔ انھوں نے اس نوجوان کو عیسیٰ سمجھ کر پکڑ لیا، اسے سولی پر چڑھا دیا اور اس کی توہین کرنے کے لیے کانٹوں کا ایک تاج اس کے سر پر رکھ دیا۔ یہودیوں کے اس دعوے کو عام عیسائیوں نے بھی تسلیم کر لیا، حالانکہ ان میں سے کسی ایک نے بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی چڑھتے ہوئے نہ دیکھا تھا۔ اس غلط عقیدے

کے باعث عیسائی واضح گمراہی میں مبتلا ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں خبر دی ہے کہ ﴿وَإِنْ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ﴾ ”اور کوئی اہل کتاب نہیں ہو گا مگر ان کی موت سے پہلے اُن پر ضرور ایمان لے آئے گا۔“ یعنی آخری زمانے میں قیامِ قیامت سے پہلے جب وہ آسمان سے زمین پر نزول فرمائیں گے تو وہ خنزیر کو قتل کریں گے، صلیب کو توڑ دیں گے، جزیہ ختم کر دیں گے اور کسی سے بھی اسلام کے سوا کوئی دوسرا دین قبول نہ کریں گے۔

مسیح کی وجہ تسمیہ

”مسیح“، فعیل کے وزن پر ہے۔ کبھی اس سے فاعل، یعنی مَاسِحٌ ”ہاتھ پھیرنے والا“ اور کبھی مفعول، یعنی مَمْسُوحٌ ”جس پر ہاتھ پھیرا جائے“ مراد ہوتا ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام مسیح بمعنی ماسح ہیں اور انھیں اس لیے مسیح کہا گیا کہ وہ جس کسی بیمار یا معذور کے بدن پر ہاتھ پھیرتے تھے، وہ شفایاب ہو جاتا تھا۔ ان کی وجہ تسمیہ میں یہی بات راجح ہے۔

یہودیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل نہیں کیا

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے وفات نہیں پائی بلکہ انھیں اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف اٹھا لیا تھا۔ قرآن کریم کی اس موضوع سے متعلق آیات کے بارے میں بعض لوگوں کو شبہ ہو گیا ہے، مثلاً:

﴿وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ﴾

’’جب اللہ نے کہا: اے عیسیٰ! بے شک میں تجھے پورا پورا لے لوں گا اور اپنی طرف اٹھا لوں گا اور ان کافروں سے تجھے پاک کر دوں گا اور جن لوگوں نے تیری پیروی کی انھیں کافروں پر قیامت تک غالب رکھوں گا۔‘‘ [1]

اس آیت کریمہ میں فرمان باری تعالیٰ: ﴿اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ﴾ میں ’’توفي‘‘ کا معنی موت نہیں بلکہ نیند ہے جیسا کہ ارشاد ربانی ہے:

﴿اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا﴾

’’اللہ ہی موت کے وقت جانیں قبض کرتا ہے اور جس کی موت نہیں آئی ہوتی، اسے اس کی نیند میں (قبض کرتا ہے)۔‘‘ [2]

نیز ارشادِ الٰہی ہے:

﴿وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ﴾

’’اور وہی ہے (اللہ) جو رات کو تمھیں سلاتا ہے۔‘‘ [3]

اور دوسرا قول یہ ہے کہ ﴿اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ﴾ یعنی میں تجھے اپنی طرف لینے والا اور اپنے قبضے میں کرنے والا ہوں۔

---

[1] آل عمرٰن 3:55. [2] الزمر 39:42. [3] الأنعام 6:60.

عرب کہتے ہیں (تَوَفّٰی فُلَانٌ دَیْنَہٗ مِنْ فُلَانٍ) یعنی جب کوئی اپنا دیا ہوا قرض پورا لے لے اور اس کو اپنے قبضہ میں کر لے تو کہتے ہیں کہ فلاں شخص نے فلاں سے اپنا پورا قرض وصول کر لیا۔

اس لیے مذکورہ بالا دونوں معانی کو جمع کر لینے میں کوئی ہرج نہیں۔

② فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۝﴾

''اور اہل کتاب میں سے کوئی بھی ایسا نہ بچے گا جو عیسیٰ پر ان کی موت سے پہلے ایمان نہ لے آئے اور قیامت کے دن وہ ان سب پر گواہ ہوں گے۔'' [1]

اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ کے معنی یہ ہیں کہ جب آخری زمانے میں وہ دنیا میں نزول فرمائیں گے تو کوئی اہل کتاب ایسا نہ ہو گا جو عیسیٰ علیہ السلام کی وفات سے پہلے پہلے ان پر ایمان نہ لے آئے، اس لیے کہ عیسیٰ علیہ السلام اسلام کے سوا کوئی دین قبول نہیں کریں گے۔ جو کافر بھی انھیں دیکھے گا، مر جائے گا۔ [2]

یہ بھی کہا گیا ہے کہ ﴿قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ سے مراد یہ ہے کہ اہل کتاب کا ہر فرد اپنی موت سے پہلے عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے گا۔ اہل کتاب میں سے ہر شخص کو جب موت آئے گی تو اس پر واضح ہو جائے گا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے رسول اور بندے ہیں۔

[1] النسآء 159:4. [2] اس پر مزید وضاحت اگلے صفحات پر ملاحظہ کریں۔

وہ بشر ہیں، الٰہ یا رب نہیں ہیں، چنانچہ وہ کتابی شخص اپنی موت سے قبل اس درست عقیدہ کا اقرار کرے گا مگر اس کا یہ ایمان اسے فائدہ نہیں دے سکے گا کیونکہ موت کی ہچکی شروع ہونے کے بعد جو توبہ کی جائے، وہ قبول نہیں ہوتی۔

ایک سوال

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی اور دیگر انبیاء کی زندگی میں کیا فرق ہے؟ کیا سارے انبیاء زندہ نہیں ہیں؟ جیسا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«اَلْأَنْبِيَاءُ أَحْيَاءٌ فِي قُبُورِهِمْ»

''انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں۔''[1]

جواب

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وقت آسمانوں میں زندہ ہیں۔ ان کی زندگی جسم اور روح کے ساتھ حقیقی زندگی ہے۔ لیکن دیگر انبیاء کی زندگی ایک خاص قسم کی برزخی زندگی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابھی تک فوت نہیں ہوئے، اس لیے وہ عالم برزخ اور قبر میں بھی داخل نہیں ہوئے۔ وہ اللہ کے نزدیک جسم اور روح کی زندگی کے ساتھ آسمانوں میں موجود ہیں۔

جہاں تک دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کا معاملہ ہے تو وہ سکراتِ موت کا سامنا کر

[1] فتح الباري شرح صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3447، أخرجه البيهقي في كتاب حياة الأنبياء في قبورهم وصححه.

چکے ہیں، ان کی روحیں جسموں سے جدا ہو چکی ہیں اور انھیں اپنی قبروں میں ایک خاص قسم کی زندگی حاصل ہے جس کا ہمیں شعور نہیں۔

نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں دلائل

یہ بات قبل ازیں بیان کی جا چکی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو جب یہودی قتل کرنے کے لیے آئے تو اللہ تعالیٰ نے انھیں اپنی طرف اٹھا لیا۔ شرعی دلائل سے ثابت ہے کہ وہ آخری زمانے میں نازل ہوں گے اور ان کا نزول علاماتِ قیامت میں سے ایک علامت ہے۔ ان کے قربِ قیامت نازل ہونے کے بارے میں بہت سے دلائل موجود ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں:

قرآنِ کریم سے دلائل

اللہ عزوجل کا ارشاد ہے:

﴿وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ۝ وَقَالُوا أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ ۚ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَلَائِكَةً فِي الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ۝ وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ۝﴾

”اور جب (عیسیٰ) ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو آپ کی قوم اس (خوشی) سے چلا اٹھی۔ اور انھوں نے کہا: کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ (عیسیٰ)؟ انھوں نے آپ سے یہ مثال محض جھگڑے کے لیے بیان

کی۔ بلکہ یہ لوگ نرے جھگڑالو ہیں۔ وہ (عیسیٰ) تو صرف ایک بندہ ہے جس پر ہم نے انعام کیا اور اسے بنی اسرائیل کے لیے (اپنی قدرت کا) ایک نمونہ بنا دیا۔ اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے بنا دیتے جو زمین میں (تمھارے) جانشین ہوتے۔ اور بے شک وہ (عیسیٰ علیہ السلام) قیامت کی ایک نشانی ہے، لہٰذا تم اس (قیامت کے آنے) میں شک نہ کرو اور تم میری پیروی کرو، یہی سیدھا راستہ ہے۔" [1]

آیت کریمہ کے الفاظ: ﴿وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ کے معنی ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہیں۔ اور ایک دوسری قراءت میں اس طرح سے ہے: «وَإِنَّهُ لَعَلَمٌ لِّلسَّاعَةِ» عین اور لام پر زبر کے ساتھ، یعنی قیامت کی علامت اور نشانی ہیں۔ یہ قیامت کے قریب آنے اور اس کے قیام کے نزدیک ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

﴿وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا﴾ "وہ (عیسیٰ) قربِ قیامت کی نشانی ہیں۔ تم اس میں شک نہ کرو۔" ﴿وَاتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ﴾ "اور میری اتباع کرو کہ یہی سیدھی راہ ہے۔"

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما آیت کریمہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

﴿وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ یعنی عیسیٰ علیہ السلام کا قیامت سے پہلے تشریف لانا قیامت کی نشانی ہے۔ [2]

---

[1] الزخرف 43:57-61. [2] مسند أحمد: 1/317، وصححه أحمد شاكر.

امام طبری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ”اس کے معنی یہ ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام کا ظاہر ہونا ایک نشانی ہوگی، اس سے لوگوں کو علم ہو جائے گا کہ قیامت اب بہت جلد آنے والی ہے، اس لیے کہ ان کا آنا قیامت کی نشانیوں میں سے ہے۔“ [1]

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۝ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۝﴾

”اور ان کے یہ کہنے کی وجہ سے کہ ہم نے اللہ کے رسول مسیح عیسیٰ ابن مریم کو قتل کیا، حالانکہ انھوں نے نہ انھیں قتل کیا اور نہ انھیں سولی پر چڑھایا بلکہ انھیں شبہے میں ڈال دیا گیا اور بے شک جنھوں نے عیسیٰ کے بارے میں اختلاف کیا، وہ ضرور ان کے متعلق شک میں ہیں۔ ان لوگوں کے پاس ان کے بارے میں کوئی علم نہیں سوائے گمان کی پیروی کے اور انھوں نے یقیناً انھیں قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ نے انھیں اپنی طرف اٹھالیا اور اللہ بڑا زبردست، بہت حکمت والا ہے۔“ [2]

ارشادِ باری تعالیٰ: ﴿لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ﴾ اور ﴿قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ پر غور فرمائیں:

مفسرین کرام کی اکثریت کے بقول ”به“ اور ”موته“ میں دونوں جگہ ”ہ“ ضمیر

---

[1] تفسير الطبري، الزخرف 43:61. [2] النسآء 4:157،158.

سے مراد عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

ابو مالک رحمہ اللہ آیت کریمہ: ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ﴾ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: ”یہ اس وقت ہوگا جب عیسیٰ علیہ السلام نزول فرمائیں گے، اس وقت اہل کتاب میں سے ہر شخص ان پر ایمان لے آئے گا۔“ [1]

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

”اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کا معاملہ اس طرح نہیں تھا۔ ان لوگوں کے لیے مشابہت پیدا کر دی گئی تھی۔ انھیں پتہ ہی نہ چل سکا اور انھوں نے ان سے ملتے جلتے شخص کو قتل کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ اس نے عیسیٰ علیہ السلام کو تو اپنی طرف اٹھا لیا، وہ زندہ سلامت ہیں اور قیامت سے قبل نازل ہوں گے۔ اس پر وہ متواتر احادیث دلالت کرتی ہیں، جن کا ذکر ہم ان شاء اللہ ابھی کریں گے۔ مسیح علیہ السلام گمراہی کو ختم کر دیں گے، صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ ختم کر دیں گے، یعنی کسی بھی غیر مسلم سے جزیہ قبول کر کے اسے اسلام سے باہر رہنے کی اجازت نہیں دیں گے، وہ صرف اسلام یا تلوار ہی کو قبول فرمائیں گے۔ آیت کریمہ خبر دے رہی ہے کہ اس وقت تمام اہل کتاب عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئیں گے اور ان میں سے کوئی ایسا بھی نہ ہوگا جو ان کی تصدیق نہ کرے۔“ [2]

[1] تفسير الطبري، النسآء 4:161. [2] تفسير ابن كثير، النسآء 4:159.

سنت سے دلائل

حضرت حذیفہ بن اُسید غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار ہم لوگ بیٹھے قیامت کا تذکرہ کر رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دیکھا اور فرمایا کہ تم کس چیز کا تذکرہ کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم قیامت کا ذکر کر رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّهَا لَنْ تَقُومَ حَتّٰى تَرَوْا قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ: فَذَكَرَ الدُّخَانَ، وَالدَّجَّالَ وَالدَّابَّةَ وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا، وَنُزُولَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَيَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَثَلَاثَةَ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذٰلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ تَطْرُدُ النَّاسَ إِلٰى مَحْشَرِهِمْ»

”بلاشبہ وہ اس وقت تک قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تم اس سے پہلے دس نشانیاں دیکھ لو آپ نے ذکر کیا: دُھواں، دجال، خروجِ دابہ، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، عیسیٰ علیہ السلام کا نزول، خروج یأجوج ومأجوج اور تین جگہ زمین کے دھنسنے کے واقعات: مشرق میں زمین کا دھنس جانا، مغرب میں زمین کا دھنس جانا، جزیرہ نمائے عرب میں زمین کا دھنس جانا۔ سب سے آخر میں جو علامت ظاہر ہوگی، وہ یمن (میں عدن) کی جانب سے نکلنے والی ایک آگ ہے جو لوگوں کو زمینِ محشر (شام) کی طرف ہانک کر لے جائے گی۔“ [1]

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث:2901.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَيُوشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا، فَيَكْسِرُ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيرَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ، وَيُفِيضُ الْمَالَ حَتَّى لَا يَقْبَلَهُ أَحَدٌ، حَتَّى تَكُونَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا»

''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! قریب ہے کہ تمھارے درمیان عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام عادل حکمران بن کر نزول فرمائیں گے۔ وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے۔ خنزیر کو قتل کردیں گے اور جزیہ کو ختم کر دیں گے، اس وقت مال کی اس قدر کثرت ہوجائے گی کہ کوئی شخص اسے قبول ہی نہیں کرے گا۔ اس زمانے میں ایک سجدہ دنیا اور اس کے تمام خزانوں سے زیادہ قیمتی ہوگا۔'' [1]

ایک دوسری روایت میں ہے:

«وَاللّٰهِ! لَيَنْزِلَنَّ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَادِلًا فَلَيَكْسِرَنَّ الصَّلِيبَ، وَلَيَقْتُلَنَّ الْخِنْزِيرَ، وَلَيَضَعَنَّ الْجِزْيَةَ، وَلَتُتْرَكَنَّ الْقِلَاصُ، فَلَا يُسْعٰى عَلَيْهَا، وَلَتَذْهَبَنَّ الشَّحْنَاءُ وَالتَّبَاغُضُ وَالتَّحَاسُدُ، وَلَيُدْعَوُنَّ إِلَى الْمَالِ فَلَا يَقْبَلُهُ أَحَدٌ»

[1] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3448، وصحيح مسلم، الإيمان، حديث: 155.

''اللہ کی قسم! عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام عادل منصف بن کر ضرور نازل ہوں گے۔ وہ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ کو ختم کر دیں گے، نوجوان اونٹنیوں کو کھلا چھوڑ دیا جائے گا، پر کوئی انھیں پکڑنا گوارا نہیں کرے گا۔ آپس کی دشمنی، باہمی بغض اور حسد ناپید ہو جائے گا۔ لوگوں کو مال کی طرف بلایا جائے گا مگر کوئی اسے لینے کو تیار نہ ہوگا۔''[1]

حدیث کے معانی کا بیان

(یکسر الصلیب) صلیب معروف چیز ہے۔ عیسائیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر چڑھا کر قتل کیا گیا تھا۔ یہ ان کا مذہبی شعار ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام اس صلیب کو توڑ ڈالیں گے۔

(یقتل الخنزیر) خنزیر ایک معروف جانور ہے۔[2] اسلام نے اس کا کھانا حرام قرار دیا ہے۔

---

[1] صحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 155. [2] خنزیر ایک خبیث اور ست جانور ہے۔ یہ نباتاتی چیزیں، جانور، مردار اور گندگی کھاتا ہے، نیز اپنے بول و براز کے ساتھ ساتھ دیگر حیوانات کی گندگی بھی کھا جاتا ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام کے خنزیر کو قتل کرنے کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے خنزیر کو کسی حکمت کے بغیر پیدا کیا ہے۔ ہر ایک جانور کو اللہ نے محض اس لیے نہیں پیدا کیا کہ اس کا گوشت کھایا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے کتوں، بھیڑیوں، مچھروں اور مکھیوں کو اس لیے نہیں پیدا کیا کہ ان کو کھایا جائے بلکہ ان کو پیدا کرنے میں خالق کی بہت سی دیگر حکمتیں ہیں۔ اسی طرح خنزیر کو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی کسی خاص حکمت کے تحت پیدا کیا ہے مگر تمام آسمانی مذاہب میں اس کا گوشت کھانا حرام قرار دیا گیا ہے۔

خنزیر کے بارے میں اسلامی تعلیمات

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝﴾

''اللہ نے تو تم پر صرف مردار، خون، خنزیر کا گوشت اور وہ چیز حرام کی ہے جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے، پھر جو شخص ناچار کر دیا گیا جبکہ وہ سرکشی کرنے والا اور حد سے گزرنے والا نہ ہو تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔''[1]

نیز ارشادِ الٰہی ہے:

﴿اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝﴾

''اللہ نے تو بس تم پر مردار، خون، خنزیر کا گوشت اور جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو حرام کیا ہے، پھر جو شخص لاچار کر دیا جائے جبکہ نہ وہ باغی ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔''[2]

[1] البقرة 2:173. [2] النحل 16:115.

خنزیر کے بارے میں یہودیت کی تعلیمات

تورات میں ہے: ''اور خنزیر بھی کیونکہ اس کا کھر دو حصوں میں منقسم تو ہوتا ہے لیکن وہ جگالی نہیں کرتا، چنانچہ وہ تمھارے لیے نجس (ناپاک) ہے۔ تم نہ تو اس کا گوشت کھاؤ اور نہ اس کے جسم کو ہاتھ لگاؤ۔'' [1]

نیز ''اور خنزیر بھی کیونکہ اس کے کھر دو حصوں میں منقسم تو ہوتے ہیں لیکن وہ جگالی نہیں کرتا، وہ تمھارے لیے پلید ہے۔ اس کا گوشت تم نہ کھاؤ اور ان کے جسموں کو بھی نہ چھوؤ، یہ تمھارے لیے ناپاک ہے۔'' [2]

خنزیر کے بارے میں عیسائیت کی تعلیمات

انجیل میں ہے: ''پطرس نے کہا: ہرگز نہیں، اے رب! میں نے کبھی کوئی گندی یا ناپاک چیز نہیں کھائی۔'' [3]

نیز ''میں نے کہا: ہرگز نہیں، میرے رب! کیونکہ میرے منہ میں کبھی کوئی گندی یا نجس چیز داخل نہیں ہوئی۔'' [4]

وہ عیسائی بھی خنزیر کا گوشت نہیں کھاتے جن کا یہ عقیدہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھائے جانے کے بعد ساتویں دن دوبارہ تشریف لے آئے تھے۔

ہندومت میں بھی خنزیر کا گوشت کھانے کی ممانعت ہے۔ اونچی ذات کے ہندو خنزیر کا گوشت کھانے کو باعث عار سمجھتے ہیں۔ صرف گھٹیا اور نچلی ذات کے ہندو،

[1] استثناء 14:8. [2] احبار 11:7,8. [3] اعمال 10:14. [4] اعمال 11:8.

یعنی اچھوت وغیرہ ہی خنزیر کا گوشت کھاتے ہیں۔

زردشت مذہب کے لوگ بھی خنزیر کا گوشت کھانے سے پرہیز کرتے ہیں۔

بدھ مت کے پیروکار بھی خنزیر کو ہاتھ لگانے سے مکمل گریز کرتے ہیں۔

خیال رہے کہ خنزیر انسانوں میں بہت سی بیماریاں منتقل کرنے کا سبب بھی بنتا ہے۔

پچھلے بیس برسوں میں محققین نے انسان کی خوراک، اس کے معمولات اور سوچ بچار کے درمیان تعلق تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔ وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ہم جب اپنے کھانے پینے کی نوعیت تبدیل کرتے ہیں تو ہماری عادات اور معمولات میں بھی تبدیلی واقع ہو جاتی ہے۔ انھوں نے اس امر کا مشاہدہ کیا کہ جو لوگ مضر صحت کھانے زیادہ کھاتے ہیں، وہ ملکی قوانین کی خلاف ورزیاں بھی زیادہ کرتے ہیں۔ ایمرجنسی کے مراکز کا جائزہ لینے پر انھیں معلوم ہوا کہ جو لوگ پھلوں اور سبزیوں کا استعمال کثرت سے کرتے ہیں، وہ قوانین کی پابندی بھی زیادہ کرتے ہیں۔

خنزیر ایک ایسا جانور ہے جو نہ صرف گندگی کھاتا ہے بلکہ اسے اس امر کی بھی پروا نہیں ہوتی کہ اس کی موجودگی میں دوسرے نر اس کی مادہ کے ساتھ کیا سلوک کر رہے ہیں۔ یہ ایک بے غیرت جانور ہے۔ جبکہ اس کے برعکس دیگر جانور اپنی مادہ کا دفاع کرتے نظر آتے ہیں، چنانچہ یہ دیکھا گیا ہے کہ خنزیر کا گوشت کھانے والوں کی غیرت عام طور پر کمزور پڑ جاتی ہے اور انھیں اس بات کی کوئی پروا نہیں ہوتی کہ ان کی خواتین کے معمولات اور حرکات وسکنات کیا ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے خنزیر کے گوشت کے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ وہ ''رجس'' یعنی گندگی ہے۔ خنزیر انسانوں کی طرف خطرناک جراثیم کی بہت سی اقسام منتقل کرتا رہتا ہے۔ خنزیروں میں بہت سے وبائی امراض پائے جاتے ہیں جن کی تعداد کم از کم 450 ہے اور یہ جن متعدی امراض کے انتشار کا باعث بنتا ہے، ان کی تعداد 75 سے زیادہ ہے۔ یہ تعداد ان عام بیماریوں کے علاوہ ہے جو خنزیر کا گوشت کھانے سے پیدا ہوتی ہیں۔ ان میں تلیُّف جگر[1] (Cirrhosis of Liver)، بدہضمی (Dyspepsia)، شریانوں کی سختی، بال گرنا، بانجھ پن اور یادداشت کی کمزوری شامل ہیں۔ ذہنی دباؤ (Depression) اور اپنی خواتین بیوی، بہن، بیٹی وغیرہ کے بارے میں بے غیرتی کا مظاہرہ ان کے علاوہ ہے۔

خنزیر کے گوشت اور اس سے بنی ہوئی دیگر اشیاء کے استعمال سے سولہ (16) سے زائد بیماریاں خنزیر سے انسان میں منتقل ہوجاتی ہیں۔ ان میں (Cysticercosis)، مالٹا فیور (Malta fever)، جگر کا کیڑا (Hepatic Worm)، سل (T.B)، داء الیرقات الشریطیة (Diabetes Larvel Tapworm) وغیرہ شامل ہیں۔

خنزیر کے تعلق سے تیار ہونے والی مصنوعات کے ساتھ اختلاط، پرورش اور تعامل کے ذریعے جن امراض کے لگنے کا اندیشہ ہے ان کی تعداد (32) کے

[1] تلیُّف جگر، جگر کی ایک مزمن بیماری جس میں خلیوں کے گل جانے سے آس پاس کی نسیں سخت ہو جاتی ہیں، یہ بیماری عموماً شراب نوشی کی کثرت سے پیدا ہوتی ہے، Oxford English Urdu Dictionary ،p:256. (سیف)

قریب ہے۔ ان میں خبیث پھوڑا (Anthrex)، منہ اور پاؤں کا گلنا (Foot-and-Mouth disease)، خون کا زہریلا پن (Toxemia)، جاپانی بخار (Yellow Fever) اور تیز خارش جیسے امراض شامل ہیں۔

جبکہ اٹھائیس (28) امراض ایسے ہیں جو کھانے پینے کی اشیاء میں خنزیر کی بنی ہوئی اشیاء کے شامل ہونے کے باعث پیدا ہوتے ہیں۔

خنزیر کے گوشت کے کھانے کی شدید حرمت کے باعث حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کے وجود کے مٹا دینے اور اس کے مکمل طور پر ختم کر دینے کا حکم دیں گے۔

(ویضع الجزیة) جزیہ ایک ٹیکس ہے جو مسلم ممالک میں رہنے والے اہل کتاب سے ان کی حفاظت اور ان کے لیے پیش کی گئی سہولتوں کے عوض وصول کیا جاتا ہے۔ یہ انتہائی عدل وانصاف پر مبنی ٹیکس ہے۔ جبکہ اسلامی مملکت کے مسلمان تاجروں سے زکاۃ وصول کی جاتی ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام جب نزول فرمائیں گے اور لوگوں کے درمیان حکومت کریں گے تو وہ اسلام کے سوا ہرگز کوئی دوسرا دین قبول نہیں کریں گے۔ عیسائی جو خود کو عیسیٰ علیہ السلام کا پیروکار سمجھتے ہیں، جب عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے اور ان کے ساتھ گفتگو کریں گے تو ان کے دلوں سے یہ عقیدہ ختم ہو جائے گا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں۔ یہ لوگ صحیح دین پر ایمان لے آئیں گے جیسا کہ اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں خبر دی ہے:

﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾

''اہل کتاب میں سے ایک بھی ایسا نہ بچے گا جو عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے

پہلے ان پر ایمان نہ لائے۔“ [1]

یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد ان کی موت واقع ہونے سے پہلے پہلے تمام اہل کتاب ان پر ایمان لے آئیں گے اور جو کوئی ایمان لانے سے انکار کرے گا، اس کے خلاف عیسیٰ علیہ السلام جنگ کریں گے۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

«وَتَكُونُ الدَّعْوَةُ وَاحِدَةً» [2]

یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے عہد مبارک میں دعوت صرف اسلام کی ہوگی۔ کوئی دوسرا دین روئے زمین پر باقی ہی نہیں رہے گا، یعنی دنیا میں کوئی ہندو، بدھ، یہودی، عیسائی، سکھ یا مجوسی نہ رہے گا۔

(تَكُونُ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِّنَ الدُّنْيَا وَ مَا فِيْهَا) یعنی لوگوں کا نماز اور دیگر تمام نیکیوں میں رغبت اور شوق بہت بڑھ جائے گا، اس لیے کہ ان کی خواہشات کم ہو جائیں گی، وہ دنیا سے بے رغبت ہو جائیں گے اور انھیں قربِ قیامت کا یقین ہو چکا ہوگا۔ اور اس لیے بھی کہ اس وقت ہر شخص کے پاس رزق وافر مقدار میں موجود ہوگا اور فکرِ معاش ان کے لیے عبادتِ الٰہی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنے گی۔

(وَلَتُتْرَكَنَّ الْقِلَاصُ، فَلَا يُسْعٰى عَلَيْهَا) (القلاص) ان جوان اونٹنیوں کو کہا جاتا ہے جو بہت نفیس اور قیمتی ہوتی ہیں۔ عربوں کے ہاں یہ سب سے عمدہ مال ہوتا تھا۔ اس زمانے میں لوگ ایسے قیمتی جانور بھی چھوڑ دیں گے۔ ان سے بے پروا ہو

---

[1] النسآء 4:159. [2] مسند أحمد:394/2، وحسنه الأرنؤوط في تعليقه على المسند.

جائیں گے۔ کوئی انھیں پالنے پوسنے اور کھلانے پلانے کی کوشش کرے گا نہ ان کی خرید وفروخت میں دل چسپی لے گا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَيَقُولُ أَمِيرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ بِنَا، فَيَقُولُ: لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ أُمَرَاءُ؛ تَكْرِمَةَ اللّٰهِ هٰذِهِ الْأُمَّةَ»

''عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نازل ہوں گے اور مسلمانوں کے امیر ان سے کہیں گے: آیئے ہمیں نماز پڑھائیں۔ مگر عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے: نہیں، تم خود ہی ایک دوسرے کے امام ہو، اللہ تعالیٰ نے اس امت کو یہ عزت بخشی ہے۔'' [1]

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«مِنَّا الَّذِي يُصَلِّي عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ خَلْفَهُ»

''عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام جس امام کے پیچھے نماز پڑھیں گے، وہ ہم میں سے ہوگا۔'' [2]

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی احادیث متواتر ہیں

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نازل ہونے کے بارے میں ہمارے نبی کریم ﷺ سے

---

[1] صحيح مسلم، الإيمان، حديث: 156. [2] سلسلة الأحاديث الصحيحة: 371/5، حديث: 2293.

جو احادیث ہم تک پہنچی ہیں، وہ متواتر ہیں اور ان کے تواتر کا ذکر کرنے والوں میں امام احمد بن حنبل [1] امام ابو الحسن اشعری [2] امام طبری [3] علامہ ابن کثیر [4] علامہ سفارینی [5] رحمہم اللہ شامل ہیں۔ اسی طرح امام شوکانی رحمہ اللہ نے بھی اپنی کتاب ''التوضیح في ماجاء في المنتظر والدجال والمسیح'' میں ان احادیث کو متواتر قرار دیا ہے۔

امام ابن کثیر نزول عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں وارد احادیث کے بارے میں فرماتے ہیں:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ احادیث متواتر ہیں۔ ان میں عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی کیفیت اور اترنے کی جگہ کی بھی وضاحت موجود ہے۔ اور ان کا نزول شام میں دمشق کے مشرقی مینارے کے پاس ہوگا اور یہ اس وقت ہوگا جب نماز کے لیے اقامت ہو چکی ہوگی۔ وہ آکر خنزیر کو قتل کریں گے، صلیب کو توڑ دیں گے اور جزیہ ختم کردیں گے۔ وہ اسلام کے سوا کوئی دین قبول نہ کریں گے جیسا کہ صحیحین کی احادیث کے حوالے سے یہ باتیں قبل ازیں بیان کی جا چکی ہیں اور یہ تمام خبریں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔ اہل کتاب کے تمام اعتراضات اور شبہات ختم ہو جائیں گے، اس لیے وہ سب کے سب عیسیٰ علیہ السلام کی اتباع کرتے ہوئے اسلام میں داخل ہو جائیں گے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

[1] طبقات الحنابلة:1/241-243. [2] مقالات الإسلاميين واختلاف المصلين:1/345.

[3] تفسير الطبري:3/291. [4] تفسير ابن كثير:7/223. [5] لوامع الأنوار البهية:1/94,95.

﴿وَاِنۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤۡمِنَنَّ بِهٖ قَبۡلَ مَوۡتِهٖ﴾

''اہل کتاب میں سے ایک بھی ایسا نہ بچے گا جو عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے ان پر ایمان نہ لائے۔'' [1]

یہ آیت کریمہ بھی اس آیت کی طرح ہے جس میں فرمایا گیا ہے: ﴿وَاِنَّهٗ لَعِلۡمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ (الزخرف 61:43) (لَعِلْم) کو ایک قراءت میں (لَعَلَمٌ) بھی پڑھا گیا ہے، یعنی عیسیٰ علیہ السلام قربِ قیامت کی ایک نشانی ہیں۔ چونکہ وہ مسیح دجال کے ظہور کے بعد تشریف لائیں گے اور اللہ تعالیٰ دجال کو عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے قتل کروائے گا۔ عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ہی یاجوج وماجوج نکل آئیں گے اور عیسیٰ مسیح علیہ السلام کی دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ انھیں ہلاک کردے گا۔ [2]

امت میں اس امر پر اجماع ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہیں۔ اس عقیدے کی اہل علم میں سے کسی نے مخالفت نہیں کی سوائے ان شاذ لوگوں کے جن کی بات قابل التفات نہیں اور جن کے اختلاف کی کوئی حیثیت نہیں۔

ایک سوال

عیسیٰ علیہ السلام جب نازل ہوں گے تو کیا وہ شریعت محمدی کے مطابق حکومت کریں گے یا کوئی نئی شریعت لے کر آئیں گے؟

جواب

[1] النسآء 159:4. [2] تفسیر ابن کثیر، النسآء 159:4.

امام سفارینی کا قول

امام سفارینی رحمہ اللہ آخری زمانے میں نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں لکھتے ہیں:

''صرف فلسفیوں اور بے دین لوگوں نے ان کے نزول کا انکار کیا ہے۔ مگر ان کے اختلاف کو کوئی اہمیت حاصل نہیں۔ امت کا اس امر پر اجماع ہے کہ وہ ضرور تشریف لائیں گے اور اسی شریعت محمدیہ کے مطابق فیصلے کریں گے۔ وہ آسمان سے نازل ہوتے وقت کوئی مستقل شریعت اپنے ساتھ نہیں لائیں گے۔[1]

نواب صدیق حسن خان کہتے ہیں

''حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بارے میں احادیث بہت زیادہ ہیں۔ علامہ شوکانی رحمہ اللہ نے ان میں سے 29 احادیث کا ذکر کیا ہے جو یا تو صحیح ہیں یا حسن، یا پھر ایسی ہیں کہ ان میں ضعف تو پایا جاتا ہے مگر وہ شواہد کی بنا پر درجۂ حسن کو پہنچ جاتی ہیں۔ ان میں سے بعض مسیح دجال کے بارے میں ہیں اور بعض مہدی منتظر کے بارے میں ہیں۔ ان کے علاوہ صحابہ سے بھی اس کے متعلق ایسے آثار منقول ہیں جو مرفوع احادیث کے حکم میں ہیں کیونکہ ایسی باتیں اجتہاد سے نہیں کہی جا سکتیں۔ یہ تمام احادیث ذکر کرنے کے بعد وہ کہتے ہیں کہ اصحابِ علم پر مخفی نہیں کہ وارد شدہ احادیث حدِ تواتر تک پہنچی ہوئی ہیں۔''[2]

[1] لوامع الأنوار البهية:1/95,94. [2] الإذاعة لما كان وما يكون بين يدي الساعة لصديق حسن خان، ص:160.

شیخ احمد شاکر رقمطراز ہیں

''آخری زمانے میں عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ان مسائل میں سے ہے جن کے بارے میں مسلمانوں میں کوئی اختلاف نہیں کیونکہ اس ضمن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت سی صحیح احادیث وارد ہیں۔ یہ چیز دین کے بنیادی عقائد میں سے ہے اور جو شخص اس کا انکار کرے، وہ مومن نہیں۔''[1]

شیخ محمد ناصر الدین البانی کا بیان

''اچھی طرح جان لیجیے! خروجِ دجال اور نزولِ عیسیٰ کے بارے میں وارد احادیث متواتر ہیں۔ ان پر ایمان لانا واجب ہے، چنانچہ آپ ان لوگوں کے قول سے فریب نہ کھائیں جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ احادیث خبر واحد ہیں۔ ایسا سمجھنے والے دراصل علم حدیث سے جاہل ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس نے ان احادیث کی سندوں کی تحقیق کی ہو۔ اگر وہ تحقیق کرتے تو انھیں معلوم ہو جاتا کہ یہ احادیث متواتر ہیں، جیسے کہ اس علم کے ائمہ، مثلاً: حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ اور دیگر نے شہادت دی ہے۔ یہ امر یقیناً افسوس ناک ہے کہ بعض لوگ ایسے موضوع کے بارے میں گفتگو کی جرأت کرتے ہیں جو ان کا میدان ہی نہیں ہے۔ یہ بات اس وقت اور بھی زیادہ افسوسناک ہو جاتی ہے جب اس معاملے کا تعلق دین اور عقیدے سے ہو۔''[2]

---

[1] تفسير الطبري، آل عمرٰن 3:55، تعليق الشيخ أحمد شاكر. [2] شرح العقيدة الطحاوية، بتحقيق الشيخ الألباني، ص:565.

سوال

کیا عیسیٰ علیہ السلام کا شمار امتِ محمدیہ میں ہوتا ہے؟

جواب

عیسیٰ علیہ السلام اولو العزم رسول ہیں۔ اللہ کے نزدیک انھیں بلند مقام حاصل ہے۔ انھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔ انھوں نے شبِ معراج میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ان پر ایمان کی حالت میں ملاقات کی اور اسی پر ان کی وفات ہوگی۔

حدیث معراج میں ذکر ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''پھر مجھے اوپر اٹھایا گیا حتی کہ دوسرا آسمان آ گیا۔ جبریل نے آسمان کے پہرہ داروں سے دروازہ کھولنے کے لیے کہا۔

پوچھا گیا: کون ہے؟

جبریل: میں جبریل ہوں۔

دربان: آپ کے ساتھ کون ہے؟

جبریل: میرے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

دربان: کیا انھیں بلایا گیا ہے؟

جبریل: جی ہاں۔

دربان: انھیں خوش آمدید، وہ کیا ہی خوب تشریف لانے والے ہیں!

چنانچہ دروازہ کھول دیا گیا۔ جب میں داخل ہوا تو یحییٰ اور عیسیٰ علیہما السلام سے ملاقات ہوئی ۔ یہ دونوں آپس میں خالہ زاد ہیں۔

جبریل امین نے کہا: یہ یحییٰ اور عیسیٰ علیہما السلام ہیں، انھیں سلام کہیے۔ میں نے انھیں سلام کہا اور انھوں نے سلام کا جواب دیا۔

پھر ان دونوں نے کہا: ہمارے نیک بھائی اور صالح نبی کی تشریف آوری مبارک ہو، انھیں خوش آمدید۔[1]

نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں عیسائیوں کا عقیدہ

ان کا عقیدہ یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں (اللہ تعالیٰ کی ذات اس بات سے بہت بلند و بالا اور ارفع و اعلیٰ ہے کہ کوئی اس کا بیٹا ہو) اور انھیں قتل کیا گیا اور سولی دی گئی، پھر تین روز کے بعد انھیں آسمان پر اٹھایا گیا۔ اور وہ اپنے باپ (رب) کے پہلو میں جا کر بیٹھ گئے۔ وہ آخری زمانے میں نزول فرمائیں گے۔

قبل ازیں ان کے اٹھائے جانے کا ذکر ہو چکا ہے اور اس بات کا بھی کہ نہ تو وہ قتل کیے گئے اور نہ ہی سولی دیے گئے بلکہ یہودیوں کو محض ایک شبیہ دکھائی گئی جسے انھوں نے عیسیٰ سمجھ کر قتل کر دیا۔

اہل کتاب دو مسیحوں کے اثبات پر متفق ہیں

① مسیحِ ہدایت، وہ داود علیہ السلام کی اولاد میں سے عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

---

[1] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3430.

② مسیحِ گمراہی، اس کے بارے میں اہل کتاب کا کہنا ہے کہ وہ یوسف علیہ السلام کی اولاد میں سے ہے [1] اور وہ مسیح دجال ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں عیسائیوں کا عقیدہ مسلمانوں سے درج ذیل امور میں مختلف ہے

① عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ وہ بشر، اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

② عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ یہودیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کیا ہے اور انھیں سولی چڑھایا ہے۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ انھوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو نہ قتل کیا اور نہ سولی چڑھایا بلکہ اللہ تعالیٰ نے انھیں صحیح سالم زندہ آسمانوں پر اٹھالیا۔

③ عیسائیوں کا اعتقاد ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دیے جانے کے تین روز بعد آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ انھیں سولی یا قتل کے بغیر ہی آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا تھا۔

عیسائیوں کے مندرجہ بالا اعتقادات سراسر باطل اور حقیقت کے برخلاف ہیں۔ صحیح وہی ہے جو قرآنِ کریم نے ان کے متعلق بتلایا ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام کن حالات میں نازل ہوں گے؟

مسلمان اس وقت ایک بہت بڑے معرکے سے لوٹ رہے ہوں گے۔ انھوں

[1] دیکھیے: شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی کتاب: «الجواب الصحیح لمن بدل دین المسیح»

نے شہر قسطنطنیہ کو فتح کر کے عیسائیوں کے قبضے سے آزاد کرا لیا ہوگا اور یہ بات گزر چکی ہے کہ مسلمان قسطنطنیہ کو کسی ہتھیار کے ذریعے نہیں بلکہ تہلیل (لا الہ الا اللہ) اور تکبیر (اللہ اکبر) کے ذریعے سے ہی فتح کر لیں گے۔ اچانک شیطان ان کے درمیان اعلان کرے گا کہ دجال نکل آیا ہے۔ یہ سنتے ہی مسلمان قسطنطنیہ سے واپس دمشق کا رخ کریں گے کیونکہ مسلمانوں کا مرکز اس وقت دمشق ہی میں ہوگا۔ اور اس کے بعد واقعی مسیحِ گمراہی دجال نکل آئے گا۔ وہ پوری زمین میں گھومے گا اور ایک عظیم فتنہ برپا کرے گا۔[1]

ایک دوسری مفصل روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دجال کے بارے میں بات کرتے ہوئے فرمایا:

''دجال مدینہ کی بنجر زمین میں وارد ہوگا۔ مدینہ کے اندر داخل ہونا اس کے لیے ممنوع ہوگا۔ مدینہ اپنے رہنے والوں کو زلزلے کے ایک یا دو جھٹکے دے گا۔ اس کا اثر یہ ہوگا کہ تمام منافق مرد اور عورتیں مدینہ سے نکل کر دجال کی طرف چلے جائیں گے، پھر دجال شام کی طرف رخ کرلے گا اور اس کے بعض پہاڑوں کے پاس ٹھہر کر ان کا محاصرہ کرلے گا، کچھ مسلمان جو شام کے ایک پہاڑ کی چوٹی پر موجود ہوں گے، دجال اس پہاڑ کے نیچے جا کر ان کا بھی محاصرہ کر لے گا۔ جب یہ محاصرہ طویل ہو جائے گا تو ایک مسلمان پکار کر ساتھیوں سے کہے گا: اے مسلمانوں کی جماعت! تم کب تک اس حالت میں رہو گے۔ اللہ کا دشمن دجال تمھاری سرزمین پر

---

[1] دجال کے بارے میں تفصیل سے بات گزر چکی ہے۔ دیکھیے: علامات کبریٰ میں علامت نمبر(۱)۔

شوری دلدل کی تصویر۔

ڈیرا جما چکا ہے۔ اٹھو باہر نکلو، تم دو بھلائیوں میں سے ایک ضرور پا لو گے: اللہ تعالیٰ تمھیں شہادت نصیب فرمائے گا یا پھر تم اس پر غلبہ پا لو گے۔ وہ سب خلوصِ دل سے موت پر بیعت کر لیں گے، پھر ان پر ایسا اندھیرا چھا جائے گا کہ ایک انسان اپنی ہتھیلی تک کو نہیں دیکھ سکے گا۔ اسی دوران اچانک ابن مریم علیہ السلام تشریف لے آئیں گے۔ مومنوں کی آنکھوں سے ظلمت کے پردے ہٹ جائیں گے۔ عیسیٰ علیہ السلام ان کے درمیان موجود ہوں گے۔ انھوں نے زرہ پہن رکھی ہوگی۔[1]

لوگ کہیں گے: اللہ کے بندے! آپ کون ہیں؟ عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے میں اللہ کا بندہ، اس کا رسول، اس کی طرف سے روح اور اس کا کلمہ عیسیٰ ابن مریم ہوں۔ اس موقع پر عیسیٰ علیہ السلام مومنوں سے فرمائیں گے: تم لوگ دجال سے نجات پانے کی

[1] مطلب یہ ہے کہ جب مومن اس بات پر متفق ہو جائیں گے کہ وہ فجر کی نماز کے بعد دجال سے جہاد کے لیے نکل پڑیں گے تو نماز کے لیے اقامت کہی جائے گی۔ امام نماز پڑھانے کے لیے آگے بڑھ چکا ہوگا کہ اچانک تکبیر تحریمہ سے قبل ان پر اندھیرا چھا جائے گا، جب اندھیرا چھٹے گا تو وہ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو زرہ پہنے اپنے درمیان موجود پائیں گے۔

تین صورتوں میں سے ایک کا انتخاب کرلو جو تمھیں زیادہ پسند ہو۔ پہلی یہ کہ اللہ تعالیٰ دجال پر اور اس کے لشکروں پر آسمان سے کوئی عذاب نازل کر دے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اللہ انھیں زمین میں دھنسا دے اور تیسری صورت یہ ہے کہ اللہ تمھارے ہتھیاروں کو ان پر مسلط کر دے اور ان کے ہتھیار تم سے روک لے۔ وہ کہیں گے: اے اللہ کے نبی! یہ تیسری صورت ہمارے لیے سب سے بڑھ کر اطمینان بخش ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے فرمایا: اس دن آپ دیکھیں گے کہ ایک عظیم الجثہ، لمبا تڑنگا، بہت زیادہ کھانے پینے والا یہودی اس حالت سے دوچار ہو جائے گا کہ کپکپاہٹ کی وجہ سے اس کا ہاتھ تلوار کو تھامنے سے قاصر رہے گا۔ اہل ایمان دجال کی طرف اٹھ کھڑے ہوں گے اور اس پر فتح پا لیں گے۔ وہ جب ابن مریم علیہ السلام کو دیکھے گا تو سیسے کی طرح پگھلنا شروع ہو جائے گا، یہاں تک کہ عیسیٰ علیہ السلام اس کو جا لیں گے اور قتل کر ڈالیں گے۔[1] عیسیٰ علیہ السلام کے دجال کو قتل کرنے کا قصہ تفصیل سے پچھلے صفحات میں گزر چکا ہے۔[2]

---

[1] المصنف لعبدالرزاق: 397/11. [2] دیکھیے: علاماتِ کبریٰ میں علامت نمبر (۱)۔

عیسیٰ علیہ السلام کیسے اور کہاں نازل ہوں گے؟

ان کا نزول دمشق کے مشرق میں ایک سفید مینار کے قریب ہوگا۔ ان کے بدن پر ورس [1] اور زعفران سے رنگے ہوئے دو کپڑے ہوں گے اور وہ دو فرشتوں کے پروں پر اپنی ہتھیلیاں رکھے ہوئے تشریف لائیں گے۔

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ مشہور ترین بات یہی ہے کہ وہ دمشق میں سفید مشرقی مینار پر اتریں گے۔ اس وقت نماز کے لیے اقامت ہو چکی ہوگی، مسلمانوں کا امام ان سے عرض کرے گا: اے روح اللہ! آئیے نماز پڑھائیے مگر وہ کہیں گے: آپ خود امامت کرائیں کیونکہ یہ اقامت آپ ہی کے لیے کہی گئی ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ تم میں سے بعض بعض پر امیر ہیں، یہ اللہ کی طرف سے اس امت کا اعزاز ہے۔

[1] تل کی مانند ایک قسم کی گھاس جس سے کپڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے۔ (سیف)

اونٹ کٹارا کی قسم کی ایک خاردار جھاڑی جس میں نارنجی پھول لگتے ہیں۔

علامہ ابن کثیر کا بیان ہے کہ اس مینار کی تعمیر ہمارے زمانے (741ھ) میں سفید پتھر کے ساتھ نئے سرے سے کی گئی۔ اس مینار کی تعمیران عیسائیوں کے مال سے کی گئی جنھوں نے اس جگہ پر موجود پہلے مینار کو جلا دیا تھا۔غالباً یہ بھی شاید نبی کریم ﷺ کی نبوت کے واضح دلائل میں سے ایک ہے کہ اس مینار کی تعمیر عیسائیوں کے مال سے کی گئی، جس پر عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوکر خنزیر کو قتل کریں گے، صلیب کو توڑ دیں گے اور ان سے جزیہ قبول نہیں کریں گے۔[1]

میں (مؤلف) نے (1412ھ) میں بذات خود دمشق کے مشرقی علاقے میں اس سفید مینار کا مشاہدہ کیا ہے جس کے بارے میں وہاں کے لوگوں میں مشہور ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام اسی مینار پر نزول فرمائیں گے۔ میں نے اس کی تصویر بھی بنالی ہے۔ یہ مینار مسجد میں نہیں بلکہ ایک بازار میں داخل ہوتے ہی نصب ہے۔ جس محلے میں یہ مینار ہے، وہاں کی آبادی کی اکثریت عیسائیوں پر مشتمل

[1] النهاية في الفتن والملاحم: 192/1.

ہے۔ میں نے کتاب میں بھی یہاں اس کی تصویر لگا دی ہے۔ اب یہ بات اللہ ہی کو معلوم ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام اس مینار پر نازل ہوں گے یا کسی اور مینار پر تشریف لائیں گے۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کا نزول دمشق کی جامع مسجد اموی کے میناروں میں سے کسی ایک پر ہوگا۔ میں اس بارے میں کوئی بات پورے وثوق سے نہیں کہہ سکتا۔ واللہ اعلم۔

عیسیٰ علیہ السلام کی جسمانی صفات

سفید مینار

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ علیہ السلام کی مکمل صفات امت کے سامنے پیش کر دی ہیں اور ان حالات کا بھی تعین کر دیا ہے جن میں وہ تشریف لائیں گے تاکہ ایک مسلمان کی معلومات میں ان کے متعلق کوئی شک و شبہ نہ رہے۔

آپ نے فرمایا کہ وہ ایک ایسے شخص ہوں گے جو:

- درمیانے قد کے ہوں گے، یعنی نہ بہت زیادہ لمبے اور نہ چھوٹے۔
- ان کے چہرے کا رنگ سفید سرخی مائل ہوگا۔
- وہ چوڑے سینے والے ہوں گے۔
- ان کے بال سیدھے ہوں گے، یعنی گھنگھریالے نہ ہوں گے۔ گویا کہ ان کے

سر سے پانی کے قطرات گر رہے ہیں مگر بال گیلے نہیں ہوں گے۔

* لوگوں میں عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ کی شکل ان کے ساتھ سب سے زیادہ ملتی تھی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جس رات مجھے آسمانوں کی سیر کرائی گئی، میں موسیٰ علیہ السلام سے ملا اور عیسیٰ علیہ السلام سے بھی ملاقات ہوئی......، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا حلیہ بیان کرتے ہوئے فرمایا: وہ درمیانے قد اور سرخ رنگ کے تھے۔ گویا کہ وہ حمام سے نکل کر آرہے ہوں۔'' [1]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میں نے عیسیٰ، موسیٰ اور ابراہیم علیہم السلام کو دیکھا۔ عیسیٰ سرخی مائل، گھنگریالے بالوں والے اور چوڑے سینے والے تھے......'' [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میں حطیم میں تھا اور قریش مجھ سے میرے سفرِ معراج کے بارے میں سوالات کر رہے تھے۔ انھوں نے مجھ سے بیت المقدس سے متعلق بعض ایسی چیزوں کے بارے میں سوال کیا جن کے متعلق مجھے وثوق سے یاد نہ تھا، اس سے مجھے اس قدر کوفت ہوئی جس کی کوئی مثال نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ پھر اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو اس طرح میرے سامنے کر دیا کہ میں اس کی طرف دیکھتا جاتا اور

[1] صحیح البخاري، أحادیث الأنبیاء، حدیث:3437، وصحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 168. [2] صحیح البخاري، أحادیث الأنبیاء، حدیث:3438.

قریش جو کچھ اس کے بارے میں پوچھتے، میں بتاتا جا رہا تھا۔ میں نے (معراج کی شب) خود کو انبیاء کی ایک جماعت کے درمیان پایا۔ موسیٰ علیہ السلام کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ اچانک ایک شخص میرے سامنے آگیا جو ہلکے گوشت والا، گٹھے ہوئے جسم والا تھا گویا کہ وہ ازدشنوءہ قبیلے کا کوئی فرد ہو۔ میں نے جب دیکھا تو وہ عیسیٰ علیہ السلام تھے جو حالت نماز میں کھڑے تھے۔ ان سے زیادہ مشابہت رکھنے والے عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ ہیں۔ اچانک میری نگاہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر پڑی، وہ بھی نماز میں کھڑے تھے۔ ان کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھنے والا شخص تمھارا یہ ساتھی ہے، یعنی خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نماز کا وقت ہوا تو میں نے ان سب کی امامت کرائی۔ جب میں نماز سے فارغ ہوا تو ایک کہنے والے نے کہا: اے محمد! یہ جہنم کا داروغہ مالک ہے، اسے سلام کہیے۔ میں اس کی طرف متوجہ ہوا تو اس نے مجھے سلام کرنے میں پہل کی۔'' [1]

---

[1] صحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 169.

آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا:

”میں نے خواب میں خود کو کعبہ کے نزدیک پایا، اچانک میری نگاہ ایک گندم گوں شخص پر پڑی۔ وہ گندمی رنگ کا خوبصورت ترین شخص تھا۔ اس کے لمبے لمبے بال دونوں کندھوں کو چھو رہے تھے۔ اس کے بال نہ بہت گھنگھریالے اور نہ بالکل سیدھے تھے، بلکہ دونوں کے بین بین تھے۔ اس کے سر سے پانی کے قطرات گر رہے تھے۔ وہ دو آدمیوں کے کندھوں پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے ہوئے بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ کہنے لگے: یہ مسیح ابن مریم علیہ السلام ہیں۔

ان کے پیچھے میں نے ایک اور شخص کو چلتے ہوئے دیکھا جو سخت گھنگھریالے بالوں والا اور دائیں آنکھ سے کانا تھا۔ میں نے جن لوگوں کو دیکھا ہے، ان میں سے وہ ابن قطن (عبدالعزیٰ بن قطن بن عمرو خزاعی) سے بہت مشابہت رکھتا تھا۔ وہ بھی دو شخصوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ کہنے لگے: یہ مسیح دجال ہے۔“ [1]

ایک اشکال

بعض لوگوں کو یہ بات سمجھنے میں دشواری ہو سکتی ہے کہ عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام اور دجال ایک جگہ اکٹھے کیسے ہو سکتے ہیں کیونکہ دجال تو جب عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھے گا نمک کی مانند پگھل جائے گا؟ اور پھر دجال کا کعبہ کے نزدیک پایا جانا کس طرح ممکن

[1] صحیح البخاري، أحادیث الأنبیاء، حدیث:3440، وصحیح مسلم، الإیمان، حدیث:169

ہے، جب کہ اس کے لیے مکہ میں داخل ہونا بھی حرام ہے؟

جواب

یہ ایک خواب ہے جو نبی ﷺ نے دیکھا، امرِ واقع میں ایسا نہیں ہوا تھا۔ لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرات انبیائے کرام علیہم السلام کے خواب تو وحی ہوتے ہیں؟ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام کے خواب اگرچہ وحی ہوتے ہیں لیکن ان میں سے بعض خواب ایسے ہوتے ہیں جو شرمندۂ تعبیر ہو جاتے ہیں اور بعض نہیں۔ بعض نے یہ جواب بھی دیا ہے کہ ویسے تو دجال مکہ اور مدینہ میں داخل ہو سکتا ہے لیکن جب وہ بطور دجال اور فتنۂ عظیم کے نکلے گا تو اس وقت وہ مکہ و مدینہ میں داخل نہیں ہو سکے گا، لہٰذا اس میں کوئی اشکال نہیں ہے۔[1]

1 فتح الباري: 13/123، مطبوعه دارالسلام.

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کام اور ان کے دور کے واقعات

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے نزول اور دجال کو قتل کرنے کے بعد جب مومنوں کے امور و معاملات کو درست فرما لیں گے تو مندرجہ ذیل کام سرانجام دیں گے۔

* اسلامی حکومت کا قیام، لوگوں کو شریعت کے تابع کرنا اور منحرف مذاہب کا خاتمہ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَيُوشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا، فَيَكْسِرُ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيرَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ»

''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! قریب ہے کہ تمھارے درمیان عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام عادل حکمران بن کر نزول فرمائیں، وہ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کر دیں گے اور جزیہ ختم کر دیں گے (اسے کسی کافر سے قبول نہیں کریں گے)۔''[1]

* اللہ کے کلمہ کو بلند کرنا، یہود و نصاریٰ کی دعوت کو باطل قرار دینا اور جزیہ کو ختم کرنا۔
* مسیح دجال کو قتل کرنا۔
* لوگوں کے درمیان حکومت کرنا اور عدل و سلامتی کو پھیلانا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

1 صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3448، وصحيح مسلم، الإيمان، حديث:155.

”تمام انبیاء علاتی (باپ شریک) بھائیوں کی طرح ہیں۔ ان کی مائیں الگ الگ ہیں مگر سب کا دین ایک ہی ہے۔ میں عیسٰی ابن مریم علیہما السلام کے سب سے زیادہ قریب ہوں کیونکہ میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں۔ وہ بلاشبہ نازل ہوں گے، جب انھیں دیکھو تو پہچان لینا کہ وہ درمیانے قد اور سرخ سفیدی مائل رنگ کے ہوں گے۔ ان کے اوپر ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑے ہوں گے۔ ان کے سر سے پانی کے قطرے ٹپکتے ہوئے معلوم ہوں گے مگر ان کا سر گیلا نہ ہوگا۔ وہ صلیب کے ٹکڑے کر دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ ختم کر دیں گے اور لوگوں کو اسلام کی طرف دعوت دیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے دور میں سوائے اسلام کے تمام مذاہب کو ختم کر دے گا۔ ان کے عہد میں اللہ تعالیٰ مسیح دجال کو ہلاک کر دے گا اور زمین میں امن وامان کا دور دورہ ہوگا حتی کہ شیر اونٹوں کے ساتھ، چیتے گایوں کے ساتھ اور بھیڑیے بکریوں کے ساتھ اکٹھے چریں گے۔ بچے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے مگر وہ انھیں کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے۔ ان کی حکومت چالیس (40) برس تک رہے گی، پھر وہ وفات پا جائیں گے اور مسلمان ان کی نمازِ جنازہ ادا کریں گے۔[1]

[1] مسند أحمد: 2/406، المستدرك للحاكم: 2/595، وقال: صحيح الإسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبي.

* خوشحالی اور امن کا عام ہو جانا۔
* قریش کی حکمرانی کا خاتمہ ہو جانا۔

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام میری امت میں عادل حاکم اور انصاف پرور امام بن کر تشریف لائیں گے۔ وہ صلیب کے ٹکڑے کر دیں گے، خنزیر کو ہلاک کریں گے، جزیہ ختم کر دیں گے اور صدقہ ترک کر دیں گے۔'' [1]

بکریوں اور اونٹوں کی زکاۃ نہیں لی جائے گی۔ آپس کی دشمنی اور بغض اٹھا لیا جائے گا۔ ہر ایک ڈنگ والے جانور کا ڈنگ نکال دیا جائے گا [2] حتی کہ بچہ سانپ کے منہ میں ہاتھ ڈالے گا اور وہ اسے کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔ چھوٹی بچی شیر کے ساتھ کھیلے گی مگر وہ اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ بھیڑیا بکریوں کے ساتھ اس طرح رہے گا جیسے کہ وہ ان کا محافظ کتا ہو۔ زمین امن و سلامتی سے اس طرح بھر جائے گی جس طرح برتن پانی سے بھرا ہوتا ہے۔ سب لوگ ایک ہی کلمے پر متفق ہوں گے اور اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کی جائے گی۔ جنگ و جدل ختم ہو جائے گا۔ قریش کی حکومت ختم ہو جائے گی۔ زمین چاندی کے ایک برتن جیسی ہو جائے گی۔ یہ اپنی پیداوار اس طرح دے گی جس طرح آدم علیہ السلام کے عہد میں دیتی تھی حتی کہ کئی لوگ انگور کے ایک گچھے پر اکٹھے ہوں گے تو وہ ایک ہی گچھا ان سب کو شکم

[1] مطلب یہ ہے کہ مال کی کثرت اس قدر ہو جائے گی کہ کوئی شخص صدقہ قبول نہیں کرے گا، اس لیے کہ ہر ایک غنی ہو جائے گا۔ [2] یعنی زہریلے جانور، جیسے: سانپ اور بچھو وغیرہ کا ڈنگ چھین لیا ◄◄

سیر کردے گا۔اسی طرح بہت سے لوگ ایک انار پر اکٹھے ہوں گے تو وہ ان سب کو سیر کردے گا۔ بیل کی قیمت بہت تھوڑی ہوگی اور گھوڑا چند درہم میں مل جائے گا۔ [1]

* آپس کے بغض کو ختم کر دیا جائے گا۔حسد اور کینہ دلوں سے مٹا دیا جائے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''مسیح علیہ السلام کی آمد کے بعد زندگی گزارنے والوں کو مبارک ہو۔آسمان کو بارش برسانے اور زمین کو نباتات اگانے کی عام اجازت دے دی جائے گی حتی کہ آپ کسی صاف پتھر پر بھی کوئی بیج ڈال دیں گے تو وہ بھی اگ آئے گا۔ آدمی شیر کے پاس سے گزرے گا تو وہ اسے کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔کوئی سانپ پر پاؤں رکھ دے گا تو وہ اسے کوئی گزند نہیں پہنچائے گا۔اس وقت آپس میں دشمنی ہوگی نہ حسد اور نہ بغض پایا جائے گا۔'' [2]

جائے گا اور یہ زہریلے جانور زہریلے نہ رہیں گے۔ [1] سنن ابن ماجه، الفتن، حدیث: 4077. [2] مسند الفردوس للديلمي: 450/2، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 559/4، حديث: 1926.

لڑائی اور قتل وغارت کا رک جانا:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام عادل امام اور انصاف پرور حاکم بن کر نازل ہوں گے۔ وہ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کر دیں گے، امن و سلامتی لوٹ آئے گی اور تلواروں کو ''درانتیاں'' [1] بنا دیا جائے گا۔

ہر زہریلے جانور کا زہر ختم کر دیا جائے گا، آسمان اپنا رزق نازل کرے گا، زمین اپنی برکات نکالے گی حتی کہ بچہ سانپ کے ساتھ کھیلے گا، بھیڑیا بکریاں چرائے گا اور انھیں کوئی نقصان نہیں دے گا اور شیر گائیں چرائے گا اور انھیں کوئی نقصان نہیں دے گا۔ [2]

[1] ''درانتی'' ایک آلہ ہے جس سے فصل کی کٹائی کی جاتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ کفر کے خاتمے، جنگوں کے رک جانے، ہر طرف امن وخوشحالی ہونے اور دلوں کی سلامتی کے باعث لوگوں کو تلوار کی ضرورت ہی نہیں رہے گی، چنانچہ وہ تلوار سے درانتی کا کام لینا شروع کر دیں گے اور اس سے فصلیں کاٹیں گے۔ [2] مسند أحمد: 482/2، وقال الهيثمي في مجمع الزوائد: ورجاله رجال الصحيح.

حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کے ساتھیوں کا مقام

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«عِصَابَتَانِ مِنْ أُمَّتِي أَحْرَزَهُمَا اللّٰهُ مِنَ النَّارِ: عِصَابَةٌ تَغْزُو الْهِنْدَ، وَعِصَابَةٌ تَكُونُ مَعَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ»

”میری امت کی دو جماعتیں ایسی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے جہنم سے بچا لیا ہے: ایک وہ جماعت جو ہندوستان پر حملہ کرے گی اور دوسری وہ جماعت جو عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہوگی۔“ [1]

[1] سنن النسائي، الجهاد، حديث: 3175، وسلسلة الأحاديث الصحيحة: 570/4، حديث: 1934.

تمام انبیاء میں سے صرف عیسیٰ علیہ السلام کے نازل ہونے میں حکمت

شاید آپ کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہو کہ آخری زمانے میں نزول کے لیے دیگر انبیاء کے سوا حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی کو کیوں منتخب کیا گیا ہے؟

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول میں کیا حکمت ہے؟ اس بارے میں اہل علم کے چند اقوال درج ذیل ہیں:

* یہود کے اس دعوے کا رد مقصود ہے کہ ہم نے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس جھوٹ کو واضح کر دیا ہے۔ یہود نے انھیں قتل نہیں کیا بلکہ وہ یہودیوں کو اور ان کے رئیس دجال کو قتل کریں گے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کے نزدیک یہ قول دیگر اقوال کی نسبت راجح ہے۔[1]

* حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انجیل میں امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کے بارے میں پڑھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ﴾

''اور ان کی مثال انجیل میں اس کھیتی کی طرح بیان ہوئی جس نے اپنا پٹھا نکالا، پھر اسے مضبوط کیا اور وہ موٹا ہو گیا، پھر اپنے تنے پر سیدھا کھڑا ہو گیا۔''[2]

تو انھوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ وہ انھیں اس امت کا فرد بنا دے۔ اللہ

[1] فتح الباري، شرح صحيح البخاري، الجهاد، حديث:3449. [2] الفتح 48:29.

تعالیٰ نے ان کی دعا کو قبول فرماتے ہوئے انھیں باقی رکھا تاکہ وہ آخری زمانے میں حضرت محمد ﷺ کے دین اسلام کے مٹ جانے والے شعائر کے مجدد بن کر تشریف لائیں۔

* حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمین پر نازل ہونا ان کی موت کا وقت قریب آجانے کے باعث ہوگا تاکہ وہ زمین میں دفن کیے جاسکیں، اس لیے کہ مٹی سے پیدا کی گئی کسی بھی مخلوق کے لائق یہی ہے کہ وہ زمین ہی پر وفات پائے اور اسی میں دفن کی جائے۔ ان کا نزول خروجِ دجال کے زمانے میں ہوگا اور وہ اسے (دجال کو) قتل کریں گے۔

* وہ عیسائیوں کی تکذیب کے لیے نزول فرمائیں گے۔ ان کی آمد سے نصاریٰ کے اس دعوے کا جھوٹ ظاہر ہوجائے گا کہ وہ اللہ کے بیٹے ہیں۔ اللہ ان کے عہد مبارک میں اسلام کے سوا تمام ادیان و مذاہب کو ختم کردے گا۔ وہ صلیب کو توڑیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے اور جزیہ ختم کردیں گے۔

* حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد ﷺ کے درمیان ایک خاص قسم کا ربط ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ فرماتے ہیں:

«أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ»

''میں عیسیٰ علیہ السلام کے سب سے زیادہ قریب ہوں کیونکہ میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں۔''[1]

[1] مسند أحمد:2/463، قال المناوي: إسناده حسن.

رسول اللہ ﷺ تمام لوگوں سے بڑھ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ایک خاص تعلق رکھنے والے اور ان سے قریب ترین ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے لوگوں کو حضرت محمد ﷺ کی آمد کی خوشخبری دی کہ وہ ان کے بعد تشریف لائیں گے۔ انھوں نے لوگوں کو حضرت محمد ﷺ کی تصدیق کرنے اور ان کے ساتھ ایمان لانے کی دعوت دی جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَٰبَنِيٓ إِسْرَٰٓءِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَىٰةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِنۢ بَعْدِي اسْمُهُۥٓ أَحْمَدُ ۖ فَلَمَّا جَآءَهُم بِالْبَيِّنَٰتِ قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝﴾

"اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا: اے بنی اسرائیل! بے شک میں تمھاری طرف اللہ کا رسول ہوں، تصدیق کرنے والا ہوں اس (کتاب) تورات کی جو مجھ سے پہلے ہے اور ایک رسول کی بشارت دینے والا ہوں، وہ میرے بعد آئے گا۔ اس کا نام احمد ہوگا، پھر جب وہ (رسول) ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا تو وہ بولے: یہ تو کھلا جادو ہے۔" [1]

اور حدیث میں ہے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ کے رسول! ہمیں اپنے بارے میں بتائیں تو آپ ﷺ نے فرمایا: "ہاں میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا اور اپنے بھائی عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں۔ [2]

[1] الصف 61:6. [2] مسند أحمد: 5/262.

ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم عیسیٰ علیہ السلام کو آپ ﷺ کا سلام پہنچائیں

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«يُوشِكُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ أَنْ يَنْزِلَ حَكَمًا قِسْطًا وَّإِمَامًا عَدْلًا، فَيَقْتُلَ الْخِنْزِيرَ، وَيَكْسِرَ الصَّلِيبَ وَتَكُونَ الدَّعْوَةُ وَاحِدَةً فَأَقْرِءُوهُ أَوْ أَقْرِئْهُ السَّلَامَ مِنْ رَّسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَأُحَدِّثُهُ فَيُصَدِّقُنِي»

''عنقریب عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام انصاف پرور حاکم اور عادل امام بن کر تشریف لائیں گے۔ وہ خنزیر کو قتل کر دیں گے، صلیب کو توڑ دیں گے اور اس وقت دعوت صرف ایک ہو گی۔ تم رسول اللہ ﷺ کی طرف سے انھیں سلام کہنا۔ میں جو بیان کروں گا، وہ اس کی تصدیق کریں گے۔'' [1]

ایک دوسری روایت میں یوں ہے:

«إِنِّي لَأَرْجُو إِنْ طَالَ بِي عُمُرٌ أَنْ أَلْقَى عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ فَإِنْ عَجِلَ بِي مَوْتٌ فَمَنْ لَّقِيَهُ مِنْكُمْ فَلْيُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ»

''مجھے امید ہے کہ اگر مجھے لمبی عمر ملے تو میں عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام سے ملاقات کروں لیکن اگر مجھے جلد موت آجائے تو تم میں سے جو بھی عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام سے ملاقات کرے، وہ انھیں میری طرف سے سلام کہے۔'' [2]

[1] مسند أحمد: 394/2 [حسن]. [2] مسند أحمد: 298/2 [إسناده صحيح].

نزول کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کتنی مدت زمین پر قیام کریں گے؟

عیسیٰ علیہ السلام زمین میں چالیس(40) برس تک رہیں گے۔ ان کے زمانے میں لوگ خوشحالی، سلامتی اور عدل کے ساتھ رہیں گے۔ اس پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث دلالت کرتی ہے جو قبل ازیں بیان کی جا چکی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«اَلْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ أُمَّهَاتُهُمْ شَتّٰى وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ، وَأَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ...... إِلَى أَنْ قَالَ: فَيَمْكُثُ أَرْبَعِينَ سَنَةً ثُمَّ يُتَوَفّٰى وَيُصَلِّي عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ»

''تمام انبیاء علاتی (باپ شریک) بھائی ہیں، ان کی مائیں الگ الگ ہیں مگر دین سب کا ایک ہے۔ میں تمام لوگوں سے بڑھ کر عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے قریب ہوں کیونکہ ان کے اور میرے درمیان کوئی نبی نہیں......

یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: وہ زمین میں چالیس برس رہیں گے، پھر وفات پا جائیں گے اور مسلمان ان کی نمازِ جنازہ پڑھیں گے۔'' [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس آیت کریمہ: ﴿وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

''اس سے مراد عیسیٰ علیہ السلام کا خروج ہے۔ وہ زمین میں چالیس برس تک رہیں گے، یہ چالیس برس چار برسوں کی طرح ہوں گے۔ وہ حج اور عمرہ بھی کریں گے۔'' [2]

---

[1] مسند أحمد: 406/2 [صحيح]. [2] مسند عبد بن حميد، یہ اثر مرفوع حدیث کے حکم میں ہے، کیونکہ اس قسم کی بات صحابی اپنی رائے سے نہیں کہہ سکتا۔

عیسیٰ علیہ السلام حج کریں گے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَيُهِلَّنَّ ابْنُ مَرْيَمَ بِفَجِّ الرَّوْحَاءِ حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ لَيَثْنِيَنَّهُمَا»

”اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ضرور ”فجِ روحاء“ کے مقام سے حج یا عمرہ کا احرام باندھیں گے یا پھر ان دونوں کو ایک ساتھ ادا کریں گے۔“

مطلب یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام حج کے لیے ”فج روحاء“ کے مقام سے تلبیہ پکاریں گے۔ یہ مقام مکہ اور مدینہ کے درمیانی راستے پر واقع ہے۔ ان کا احرام یا تو حج تمتع کا ہوگا، یعنی پہلے عمرہ کرکے احرام کھول دیں گے اور حج کے لیے دوبارہ احرام باندھیں گے، یا پھر حج قران کریں گے، یعنی ایک ہی احرام سے عمرہ اور حج ادا کریں گے۔

1 صحیح مسلم، الحج، حدیث: 1252.

خروجِ یاجوج وماجوج

ضروری بات

یاجوج وماجوج[1] بنی آدم کے دو بڑے شریر قبیلے یا قومیں ہیں جیسا کہ حدیث پاک میں نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے۔

اولادِ آدم میں سے ہیں اور انسان ہیں۔ یہ لوگ ذوالقرنین کے زمانے میں ایک فسادی قوم کی صورت میں سامنے آئے، ان کے پڑوسیوں نے ذوالقرنین سے مطالبہ کیا کہ وہ ان کے اور یاجوج وماجوج کے درمیان ایک مضبوط دیوار بنادیں تاکہ وہ ان کے ضرر اور شر سے محفوظ رہ سکیں اور وہ لوگ زمین میں فساد نہ کرسکیں تو ذوالقرنین نے دیوار بنادی۔

[1] یاجوج وماجوج کے بارے میں جو یہ مشہور ہے اور بعض ناقابل اعتماد کتابوں میں بھی ذکر ہے کہ ان میں بعض بہت چھوٹے اور بعض بہت بڑے ہیں حتیٰ کہ ان میں سے کوئی ایک اپنا ایک کان زمین پر بچھا کر دوسرے کان کو اپنے جسم پر اوڑھ لیتا ہے۔ یہ اور اس طرح کی دیگر تمام باتیں بے اصل ہیں۔

نبی کریم ﷺ نے یہ خبر دی ہے کہ آخری زمانے میں
نزولِ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے بعد یاجوج وماجوج لوگوں کی
طرف نکلیں گے اور زمین میں پھیل جائیں گے۔ وہ عیسیٰ علیہ السلام
اور ان کے مومن ساتھیوں کا جبل بیت المقدس میں محاصرہ کر
لیں گے اور مومنین کو بہت مشکل صورت حال سے دوچار کر
دیں گے۔
اس وقت اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج پر ایک کیڑا بھیجے گا جو
ان کی گردنوں کو کھا جائے گا۔ اس کی وجہ سے وہ سب کے
سب اکٹھے ہلاک ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام اور
ان کے ساتھیوں کو یاجوج وماجوج کے شر سے بچا لے گا۔
ذیل میں ان واقعات کی تفصیل دی جا رہی ہے۔

یاجوج وماجوج پر بنائی جانے والی دیوار کا قصہ

اللہ تعالیٰ نے اپنی مقدس کتاب قرآنِ مجید میں ایک نیک بادشاہ ذوالقرنین کا قصہ بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:

﴿ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ○ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ○ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ○ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ○ اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ○ فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ○﴾

”پھر وہ پیچھے لگا ایک (اور) راہ کے۔ حتی کہ جب وہ دو دیواروں کے درمیان پہنچا تو اس نے ان دونوں کے اس طرف ایک قوم پائی جو قریب نہ تھا کہ کوئی بات سمجھیں۔ وہ کہنے لگے: اے ذوالقرنین! بے شک یاجوج و ماجوج اس سرزمین میں فساد کرنے والے ہیں تو کیا ہم تیرے لیے کچھ مال (جمع) کر دیں اس (شرط) پر کہ تو ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا دے۔ اس نے کہا: میرے رب نے مجھے اس میں جو قدرت دی ہے، بہت بہتر ہے، چنانچہ تم میری (افرادی) قوت سے مدد کرو، میں تمھارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط بند بنا دوں گا۔ تم مجھے لوہے کے تختے لا دو حتی کہ جب اس نے دونوں پہاڑوں کے درمیانی خلا کو برابر

کر دیا (تو) کہا: (اب اس میں) دھونکو حتی کہ جب اس نے اسے آگ (جیسا) بنادیا تو کہا: میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ کہ اس پر ڈال دوں، پھر وہ (یاجوج و ماجوج) استطاعت نہ رکھتے تھے کہ اس پر چڑھ جائیں اور نہ استطاعت رکھتے تھے کہ اس میں نقب لگائیں۔" [1]

ذوالقرنین کون تھا؟

اہل علم کے راجح قول کے مطابق وہ ایک نیک مومن بادشاہ تھا، نبی نہیں تھا۔ اسے ذوالقرنین اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ مشرق و مغرب کا سفر کر کے ایسی جگہوں پر پہنچا جہاں سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع اور غروب ہوتا ہے۔ ذوالقرنین "سکندر مقدونی" نہیں بلکہ اس کے علاوہ اور شخصیت ہے کیونکہ سکندر کافر تھا اور اس کا زمانہ ذوالقرنین سے دو ہزار سے کچھ زیادہ برس بعد کا ہے۔ واللہ اعلم۔

اللہ تعالیٰ نے اس کا قصہ سورۂ کہف میں بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ اس نے پوری زمین کا سفر کیا۔ ہم یہاں صرف ان آیات کا مطلب بیان کریں گے جو ذوالقرنین اور یاجوج و ماجوج کے قصے سے متعلق ہیں:

﴿ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا﴾ یعنی وہ مشرق و مغرب کے درمیان ایک اور راستے پر چلا جو اسے بلند پہاڑوں والے شمالی علاقے میں لے گیا۔

﴿حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ﴾ یہاں تک کہ وہ ایک ایسے علاقے میں پہنچا جو ترکوں کی سرزمین میں آرمینیا اور آذربائیجان کی سرحد کے قریب واقع تھا۔

---

[1] الکھف 18:92-97.

(السدّان) کے معنی ہیں: دو پہاڑ، ان کے درمیان خالی جگہ تھی، جہاں سے یاجوج وماجوج نکل کر آتے تھے، وہ ترکوں کے علاقے میں فساد انگیزی کرتے اور کھیتی اور نسل کو تباہ کر دیتے تھے۔[1]

جب ان ترکوں نے ذوالقرنین کے پاس قوت دیکھی تو انھوں نے اندازہ لگا لیا کہ یہ بادشاہ صاحب اختیار اور باصلاحیت ہے۔ انھوں نے اس سے درخواست کی کہ وہ ان کے اور یاجوج وماجوج کے درمیان اس راستے کو بند کرنے کے لیے ایک دیوار کھڑی کر دے تاکہ وہ ان پر حملہ نہ کرسکیں۔ اس کام کے عوض ترکوں نے بادشاہ کو مال کی پیشکش بھی کی۔ لیکن اس نیک بادشاہ نے بغیر کسی معاوضے کے محض بھلائی کے طور پر اور اللہ سے اجر و ثواب لینے کے لیے دیوار بنانے کا فیصلہ کیا اور وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ اس مسئلے کا آسان ترین حل یہ ہے کہ دونوں پہاڑوں کے درمیان کی گزرگاہ کو ایک مضبوط دیوار سے بند کر دیا جائے، چنانچہ اس نے ترکوں سے کہا کہ وہ افرادی قوت سے اس کی مدد کریں:

سدِ ذوالقرنین جیسی پہاڑی دیوار

[1] تفسیر ابن کثیر، الکھف 18: 93,92.

﴿فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا﴾ بادشاہ نے لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے دونوں پہاڑوں کے درمیان ترتیب سے کھڑے کر دیے اور پھر ان سے کہا: ﴿اِنْفُخُوْا﴾ یعنی دھونکنیوں سے ان پر آگ جلاؤ ﴿حَتّٰٓي اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا﴾ یعنی جب لوہے کی وہ چادریں شدتِ حرارت سے آگ کی طرح سرخ ہو گئیں۔ ﴿قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا﴾ تو اس نے کہا کہ اب مجھے پگھلا ہوا تانبا فراہم کرو تاکہ میں اسے ان چادروں پر ڈال دوں۔ اس سے لوہے کے ٹکڑے آپس میں مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑ گئے اور ایک سخت پہاڑ کی طرح ناقابل تسخیر بن گئے۔

اس دیوار کی بلندی کے باعث یاجوج وماجوج کے لیے اس پر چڑھنا یا اس کے اوپر سے جھانکنا ناممکن ہو گیا۔ دیوار کی مضبوطی اور موٹائی کے سبب اسے نیچے سے کھودنا یا اس میں سوراخ کرنا بھی ان کے لیے ممکن نہ رہا۔ اس مضبوط و مستحکم دیوار کے ذریعے سے ذوالقرنین نے یاجوج وماجوج کے راستے کو بند کر دیا۔

یاجوج وماجوج کون ہیں؟

یاجوج وماجوج طالوت اور جالوت کی طرح عجمی نام ہیں۔ یہ آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں اور نوعِ بشر سے تعلق رکھتے ہیں۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ وہ یافث بن نوح کی اولاد میں سے دو قبیلے ہیں۔[1]

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ انھوں

[1] فتح الباري، شرح صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث: 3346-3348 و 106/13.

نے روایت کیا ہے کہ

''نبی کریم ﷺ ایک بار سفر میں تھے کہ صحابہ اور ان کے درمیان کچھ فاصلہ پیدا ہو گیا۔ آپ ﷺ نے ان دو آیات کریمہ کی بلند آواز میں تلاوت فرمائی:

﴿يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝﴾

''اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، بے شک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی (ہولناک) چیز ہے۔ جس دن تم اسے دیکھو گے (یہ حال ہوگا) کہ ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچے سے غافل ہو جائے گی اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی اور آپ لوگوں کو نشے میں (مدہوش) دیکھیں گے، حالانکہ وہ نشے میں نہیں ہوں گے اور لیکن اللہ کا عذاب (بڑا ہی) شدید ہوگا۔''[1]

[1] الحج 22:1,2.

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے آواز سنی تو اپنی سواریوں کو حرکت دی اور سمجھ گئے کہ اللہ کے رسول وہاں ہیں جہاں سے یہ آواز آ رہی ہے۔ جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد جمع ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا تم لوگ جانتے ہو کہ وہ دن کیسا ہو گا؟ اس دن آدم علیہ السلام کو آواز دی جائے گی اور ان کا رب ان سے فرمائے گا: اے آدم! ایک گروہ کو آگ کی طرف روانہ کرو۔ وہ سوال کریں گے: اے میرے رب! جہنم رسید ہونے والا گروہ کتنا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے لوگ جہنم میں جائیں گے اور ایک جنت میں جائے گا۔'' حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مارے خوف اور حیرت کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی زبانیں گنگ ہو گئیں اور ان کی ہنسی غائب ہو گئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انھیں اس پریشانی میں دیکھا تو فرمایا: ''عمل کرتے رہو اور خوش ہو جاؤ، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے! تم لوگ دو ایسی مخلوقوں کے ساتھ ہو کہ وہ جب بھی کسی چیز

کے مقابلے میں ہوتی ہیں تو کثرت میں اس پر غالب آ جاتی ہیں: ایک تو یاجوج وماجوج اور دوسرے بنو آدم اور بنو ابلیس میں سے ہلاک ہونے والے۔'' عمران کہتے ہیں کہ اس پر صحابہ کا خوف و پریشانی جاتی رہی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمل کرو اور خوش ہو جاؤ، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے! تم لوگوں

لوگوں کے درمیان اس طرح ہو، جس طرح اونٹ کے پہلو میں سیاہ نشان یا کسی جانور کے بازو میں ایک چھوٹا سا دائرہ ہوتا ہے۔'' [1]

جسمانی کیفیت

حضرت خالد بن عبد اللہ بن حرملہ اپنی خالہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ اس حال میں خطبہ دیا کہ آپ ﷺ نے بچھو کے کاٹنے کے سبب اپنا سر مبارک کپڑے سے باندھ رکھا تھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

«إِنَّكُمْ تَقُولُونَ: لَا عَدُوَّ، وَإِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوا تُقَاتِلُونَ عَدُوًّا حَتّٰى يَأْتِيَ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ عِرَاضُ الْوُجُوهِ، صِغَارُ الْعُيُونِ، صُهْبُ الشِّعَافِ، مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ، كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ»

ڈھال، جنگجو لڑائی کے دوران تلواروں اور کلہاڑیوں سے بچاؤ کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

''تم کہتے ہو کہ کوئی دشمن نہیں، حالانکہ تم ہمیشہ لڑائی کرتے رہو گے حتی کہ یاجوج وماجوج آجائیں، چوڑے چہروں والے، چھوٹی چھوٹی آنکھوں والے اور سرخی مائل سیاہ بالوں والے۔ وہ ہر ایک بلندی سے دوڑتے

[1] مسند أحمد: 4/435، جامع الترمذي، تفسير القرآن، حديث: 3169، وقال: حديث حسن صحيح.

ہوئے آئیں گے، ان کے چہرے گویا منڈھی ہوئی ڈھالیں ہیں۔" [1]

«صُهْبُ الشِّعاف» یعنی ان کے بالوں کا رنگ سیاہ ہوگا جس میں سرخی بھی شامل ہوگی۔

«كأن وجوههم المَجانُّ المُطْرَقَةُ» "المجن" ڈھال کو کہتے ہیں۔ ان کے چہروں کو ڈھال سے تشبیہ اس لیے دی گئی کہ وہ کشادہ اور گول ہوں گے۔ اور "المُطْرَقَة" اس لیے کہا گیا کہ وہ موٹے اور گوشت سے بھرے ہوئے ہوں گے۔

(من كل حدب ينسلون) یعنی ہر بلند جگہ سے وہ تیزی سے نکلیں گے اور زمین میں پھیل جائیں گے۔

وہ دیوار میں سوراخ کیسے کریں گے؟

یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ یاجوج وماجوج دو قبیلے ہیں ۔ وہ زمین میں انواع واقسام کا فتنہ و فساد برپا کرتے تھے حتی کہ ذوالقرنین نے ان کو روکنے کے لیے دیوار بنادی۔ یہ دیوار ان کے اور عام لوگوں میں حائل ہوگئی۔ بلا شبہ وہ پسِ دیوار موجود ہیں اور ان کے پاس کھانا پینا بھی ہے۔ ان کی زندگی اور نظامِ معیشت خاص طرز کے ہیں۔ یاجوج وماجوج ہمہ وقت اس دیوار کو گرانے کی کوشش میں مشغول رہتے ہیں، چنانچہ وہ اسے کھودنے کی اور اس میں نقب لگانے کی کوشش جاری رکھتے ہیں۔

[1] مجمع الزوائد: 13/8، ومسند أحمد: 271/5، والطبراني ورجالهما رجال الصحيح.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس دیوار کے بارے میں فرمایا:

''یاجوج وماجوج ہر روز اسے کھرچتے ہیں، جب اس میں سوراخ کرنے کے قریب پہنچ جاتے ہیں تو ان کا سردار کہتا ہے: لوٹ چلو! تم کل اسے توڑنے میں کامیاب ہو جاؤ گے۔ جب وہ لوٹ جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اسے پہلے سے بھی زیادہ مضبوط کر دیتا ہے مگر جب ان کی مدت پوری ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ انھیں لوگوں کی طرف بھیجنے کا ارادہ فرمالے گا تو اس روز ان کا سردار کہے گا: لوٹ چلو! ان شاء اللہ تم کل اس میں سوراخ کر لو گے۔ [1] ان کا سردار یہ کہتے ہوئے ان شاء اللہ کے الفاظ بھی کہے گا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ اس روز بھی لوٹ جائیں گے۔

اگلے دن جب آئیں گے تو دیوار کو گزشتہ حالت پر ہی پائیں گے۔ [2] تو وہ دیوار کو توڑ کر نکلیں گے اور لوگوں پر چڑھ دوڑیں گے۔ وہ لوگوں کا سارا پانی پی جائیں گے۔ لوگ انھیں دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوں گے۔ وہ اپنے تیر آسمان کی طرف چلائیں گے تو ان کے تیر خون سے رنگین ہو کر واپس آئیں گے۔'' [3]

[1] یعنی جب وہ ان شاء اللہ کہے گا اور تصرف اور فیصلے کو اپنی جانوں کے بجائے اللہ کی طرف منسوب کرے گا تو وہ تمام کامیاب ہو جائیں گے۔ [2] یعنی جس قدر وہ کھود کر گئے تھے، اللہ تعالیٰ اسے ٹھیک نہیں کرے گا بلکہ وہ کھدی ہوئی ہی رہے گی۔ [3] مسند أحمد: 510/2، وجامع الترمذي تفسير القرآن، حديث: 3153، والمستدرك للحاكم: 488/4، وقال: صحيح على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي.

اس حدیث سے تین باتیں واضح ہوتی ہیں

- اللہ تعالیٰ نے انھیں رات دن مسلسل کھدائی سے منع کر رکھا ہے۔ اگر وہ ایسا کرتے تو ممکن تھا کہ اس میں سوراخ کر دیتے۔
- اللہ تعالیٰ نے ان سے یہ توفیق بھی چھین رکھی ہے کہ وہ سیڑھی یا کسی اور آلے کے ذریعے دیوار پر چڑھنے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے خیال میں یہ بات آنے ہی نہیں دی اور نہ انھیں یہ طریقہ سکھلایا ہے۔ ممکن ہے انھوں نے ایسا کرنے کی کوشش کی ہو مگر دیوار کی بلندی اور ہمواری کے سبب ایسا کرنے سے قاصر رہے ہوں۔
- اللہ تعالیٰ انھیں وقت متعین اور قرب قیامت تک ان شاء اللہ کہنے کی توفیق عطا نہیں فرمائے گا۔

حدیث پاک سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان میں کاریگر اور حکمران وسلاطین بھی ہیں اور ان کی رعیت ایک نظام اور بالائی کنٹرول کے تحت کام کرتی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ ان میں بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی ذات کو پہچانتے ہیں اور اس کی قدرت ومشیت کا اعتراف کرتے ہیں۔

اس امر کا بھی امکان ہے کہ ان کے حکمران کی زبان پر کلمہ ''ان شاء اللہ'' اس کے معانی کو جانے بغیر ہی آجائے اور اس کی برکت سے انھیں مقصد حاصل ہو جائے۔[1]

[1] فتح الباري، شرح صحيح البخاري، الفتن، حديث: 7135.

یاجوج وماجوج کے بارے میں آیاتِ قرآنیہ

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ۝ اِنَّا مَكَّنَّا
لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۝ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓي
اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا
قَوْمًا ڛ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ۝
قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا
نُّكْرًا ۝ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَاۗءَۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ
مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ۝ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓي اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا
تَطْلُعُ عَلٰي قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ۝ كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا
لَدَيْهِ خُبْرًا ۝ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓي اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ
دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ۝ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ
وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓي اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا
وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ۝ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ
بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۝ اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا سَاوٰى بَيْنَ
الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ
قِطْرًا ۝ فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ۝﴾

”اور (یہ لوگ) آپ سے ذوالقرنین کے متعلق پوچھتے ہیں۔ آپ کہہ دیجیے: عنقریب میں اس کا کچھ ذکر تمھارے سامنے تلاوت کروں گا۔

بے شک ہم نے اسے زمین میں اقتدار دیا اور اسے ہر چیز کے اسباب دیے۔ چنانچہ وہ پیچھے لگا ایک راہ کے۔ حتی کہ جب وہ غروبِ آفتاب کی جگہ پہنچا، اس نے اسے پایا کہ وہ سیاہ کیچڑ (دلدل) والے چشمے میں غروب ہو رہا ہے اور اس نے اس کے پاس ایک قوم پائی۔ ہم نے کہا: اے ذوالقرنین! (تجھے اختیار ہے) خواہ تو (انھیں) سزا دے، خواہ ان سے اچھا برتاؤ کرے۔ اس نے کہا: جو شخص ظلم کرے گا، اسے تو ہم عنقریب سزا دیں گے، پھر وہ اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا، چنانچہ وہ اسے سخت ترین عذاب دے گا۔ اور رہا وہ جو ایمان لایا اور نیک عمل کیے تو اس کے لیے (اللہ کے ہاں) بدلے میں خوب تر بھلائی ہے اور ہم لازماً اپنے کام میں سے اس کے لیے نہایت آسانی کا حکم دیں گے۔ پھر وہ ایک (اور) راہ کے پیچھے لگا۔ حتی کہ جب وہ طلوعِ شمس کی جگہ پہنچا، اس نے اسے پایا کہ وہ ایسی قوم پر طلوع ہو رہا ہے جس کے لیے ہم نے سورج کے آگے کوئی پردہ نہیں رکھا۔ (واقعہ) ایسا ہی ہے اور یقیناً اس کے پاس جو کچھ تھا علم کے اعتبار سے ہم نے اس کا احاطہ کر لیا تھا۔ حتی کہ جب وہ دو دیواروں کے درمیان پہنچا تو اس نے ان دونوں کے اس طرف ایک قوم پائی جو قریب نہ تھا کہ کوئی بات سمجھیں۔ انھوں نے کہا: اے ذوالقرنین! بے شک یاجوج و ماجوج اس سرزمین میں فساد کرنے والے ہیں تو کیا ہم تیرے لیے کچھ مال (جمع) کر دیں، اس (شرط) پر کہ تو ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا دے۔ اس نے کہا:

میرے رب نے اس میں جو مجھے قدرت دی ہے، بہت بہتر ہے، چنانچہ تم میری (افرادی) قوت سے مدد کرو۔ میں تمھارے اور ان کے درمیان مضبوط بند بنا دوں گا۔ تم مجھے لوہے کے تختے لا دو حتیٰ کہ جب اس نے دونوں پہاڑوں کے درمیان خلا کو برابر کر دیا (تو) کہا: (اب اس میں) دھونکو حتیٰ کہ جب اس نے اسے (آگ) جیسا بنا دیا تو کہا: میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ کہ اس پر ڈال دوں، پھر وہ (یاجوج و ماجوج) استطاعت نہ رکھتے تھے کہ اس پر چڑھ جائیں اور نہ استطاعت رکھتے تھے کہ اس میں نقب لگائیں۔'' [1]

اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلًا﴾ کے یہ معنی ہیں کہ وہ لوگ ان سے مخاطب ہونے والے کی بات کو بہت مشکل اور بڑی دیر سے سمجھتے تھے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿حَتَّىٰ إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ ۝﴾

''حتی کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے تیزی سے (دوڑتے) آئیں گے۔'' [2]

فرمانِ الٰہی: ﴿مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ﴾ کے معنی یہ ہیں کہ وہ ہر بلند جگہ سے تیزی سے اترتے ہوئے آئیں گے اور زمین میں پھیل جائیں گے۔

[1] الکہف 18:83-99. [2] الأنبیآء 21:96.

احادیث مبارکہ

ام المومنین سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ان کے پاس گھبرائے ہوئے تشریف لائے اور آپ فرمارہے تھے:

«لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هٰذِهِ۔ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعَيْهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِي تَلِيهَا۔ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ»

''اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں ۔عربوں کے لیے تباہی ہے، اس شر سے جو بہت قریب آچکا ہے۔ آج یاجوج وماجوج کی دیوار میں اتنا سوراخ کھول دیا گیا ہے، آپ ﷺ نے انگوٹھے اور ساتھ ملی ہوئی انگلی کا حلقہ بنا کر دکھایا۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کہنے لگیں: یارسول اللہ! کیا ہم اس وقت ہلاک ہو جائیں گے، جبکہ ہم میں نیک لوگ موجود ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، جب خباثت بہت زیادہ ہو جائے گی۔'' [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے یاجوج وماجوج کی دیوار میں اتنا سا سوراخ کھول دیا ہے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے نو (9) کی گرہ بنا کر دکھائی۔'' [2]

---

[1] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3346، وصحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2880. [2] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3347.

❋ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم! وہ کہیں گے: اے اللہ! میں حاضر ہوں، تیری اطاعت پر قائم ہوں اور ساری خیر و بھلائی تیرے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جہنم والوں کو الگ کر دو۔ وہ کہیں گے: یا اللہ! جہنمیوں کا گروہ کتنا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے۔ یہ وہ وقت ہو گا کہ (خوف و غم کی وجہ سے) بچے بوڑھے ہو جائیں گے اور حمل والیوں کے حمل گر جائیں گے اور تم دیکھو گے کہ لوگ مدہوش ہیں، حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب بہت سخت ہوگا۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ کے رسول! وہ ہم میں سے ایک کون ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش ہو جاؤ! تم میں سے ایک شخص ہوگا اور (باقی ایک کم) ہزار یاجوج وماجوج میں سے ہوں گے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! میں اللہ سے امید کرتا ہوں کہ تم اہل جنت کی کل تعداد کا ایک چوتھائی ہو گے۔ ہم نے خوش ہو کر (بلند آواز سے) اللہ اکبر کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے امید کرتا ہوں کہ تم اہل جنت کا ایک تہائی ہو گے۔ ہم نے خوش ہو کر (بلند آواز سے) اللہ اکبر کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ تم اہل جنت کا نصف ہو گے۔ ہم نے پھر خوشی سے (بلند آواز سے) اللہ اکبر کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں میں اس طرح ہو جیسے ایک سفید بیل کے جسم میں سیاہ بال ہوتا ہے یا پھر سیاہ بیل کے بدن میں سفید بال ہوتا ہے۔ [1]

[1] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3348، وصحيح مسلم، الإيمان، حديث:222.

* حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک بار سفر میں تھے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے درمیان کچھ فاصلہ پیدا ہوگیا۔ آپ ﷺ نے بلند آواز سے ان دو آیتوں کو پڑھا:

﴿يَاأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَا هُم بِسُكَارَىٰ وَلَٰكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيدٌ ۝﴾

”اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، بے شک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی (ہولناک) چیز ہے۔ جس دن تم اسے دیکھو گے (یہ حال ہوگا) کہ ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچے سے غافل ہوجائے گی اور ہر حمل والی اپنا حمل گرا دے گی اور آپ لوگوں کو نشے میں (مدہوش) دیکھیں گے، حالانکہ وہ نشے میں نہیں ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب (بڑا ہی) شدید ہوگا۔“ [1]

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے آواز سنی تو اپنی سواریوں کو حرکت دی اور سمجھ گئے کہ اللہ کے رسول وہاں ہیں جہاں سے یہ آواز آرہی ہے۔ جب وہ آپ ﷺ کے گرد جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا:

”کیا تم لوگ جانتے ہو کہ وہ دن کیسا ہوگا؟ اس دن آدم علیہ السلام کو آواز دی جائے گی اور ان کا رب تبارک وتعالیٰ ان سے فرمائے گا: اے آدم! جہنمیوں کو آگ کی

[1] الحج 22:1,2.

طرف روانہ کرو۔ وہ سوال کریں گے: اے میرے رب! جہنم والے کتنے ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے لوگ جہنم میں جائیں گے اور ایک جنت میں جائے گا۔'' حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ خوف اور حیرت کے مارے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی زبانیں گنگ ہوگئیں اور ان کی ہنسی غائب ہوگئی۔ نبی کریم ﷺ نے جب انھیں اس پریشانی میں دیکھا تو فرمایا: ''عمل کرتے رہو اور خوش ہو جاؤ، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے! تم لوگ دو ایسی مخلوقوں کے ساتھ ہو کہ وہ جب بھی کسی چیز کے ساتھ ہوتی ہیں تو کثرت کے اعتبار سے اس پر غالب آجاتی ہیں۔ ایک تو یاجوج وماجوج اور دوسرے بنو آدم اور بنو ابلیس میں سے ہلاک ہونے والے۔'' عمران کہتے ہیں کہ یہ بات سن کر صحابہ کا خوف اور پریشانی جاتی رہی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عمل کرو اور خوش ہو جاؤ، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے! تم لوگوں کے درمیان اس طرح ہو گے جس طرح اونٹ کے پہلو میں سیاہ علامت ہوتی ہے یا کسی جانور کے بازو میں ایک چھوٹا سا دائرہ ہوتا ہے۔ [1]

* نبی کریم ﷺ نے علاماتِ قیامت، عیسیٰ علیہ السلام کے نازل ہونے اور حکومت کرنے کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے فرمایا:

«فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ أَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى عِيسٰى: إِنِّي قَدْ أَخْرَجْتُ عِبَادًا لِّي، لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ فَحَرِّزْ عِبَادِي إِلَى الطُّورِ»

''وہ اسی حال میں ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی نازل

[1] مسند أحمد: 4/435، وجامع الترمذي، حديث: 3169، وقال: حديث حسن صحيح.

کوہ طور سے لیا گیا یروشلم کا فضائی منظر جو کہ سطح سمندر سے 826 میٹر بلند ہے۔

فرمائے گا کہ میں نے اپنے کچھ ایسے بندے نکالے ہیں جن سے لڑائی کرنے کی کسی میں طاقت نہیں ہے۔ آپ میرے بندوں کو لے کر کوہِ طور کی طرف چلے جائیں۔'' [1]

❊ حضرت نواس بن سمعان سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُونَ، فَيَمُرُّ أَوَائِلُهُم عَلٰى بُحَيْرَةِ طَبَرِيَّةَ، فَيَشْرَبُونَ مَا فِيهَا، وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُولُونَ: لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهِ مَرَّةً مَّاءٌ»

''اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو بھیجے گا، وہ ہر بلندی سے دوڑتے بھاگتے آئیں گے۔ ان کا پہلا گروہ جب ''جھیل طبریہ'' (Sea of Galilee) سے گزرے گا تو اس کا سارا پانی پی جائے گا، جب ان کا آخری گروہ

1 صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث: 2937.

وہاں پہنچے گا تو وہ کہیں کہ گے کبھی اس جگہ پانی ہوا کرتا تھا۔"[1]

"جھیل طبریہ" کو "بحیرۂ جلیل" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ مقبوضہ فلسطین کے شمال میں واقع ہے۔ اس میں دریائے اردن آکر گرتا ہے جو اپنے بہاؤ کو جاری رکھتے ہوئے اس میں سے اردن کے زیریں علاقے کے درمیان میں جاکر نکلتا ہے۔ اس کا حجم کچھ اس طرح سے ہے کہ: "بحیرۂ طبریہ" کا طول 23 کلو میٹر اور سب سے زیادہ چوڑائی 13 کلو میٹر ہے۔ اس کی گہرائی کہیں بھی 44 میٹر سے زیادہ نہیں ہے۔ یہ سطح سمندر سے 210 میٹر نیچے واقع ہے۔

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2937.

طبریہ کی جھیل

اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا:

''پھر یاجوج وماجوج چلتے چلتے ''جبل خمر'' تک جا پہنچیں گے۔ [1] اب وہ کہیں گے: ہم نے زمین والوں کو تو قتل کر دیا ہے، آؤ اب ہم آسمان والوں کو قتل کریں، وہ اپنے تیر آسمان کی طرف چلانا شروع کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے تیر خون سے رنگین کر کے واپس کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا محاصرہ کر لیا جائے گا حتی کہ بیل کا سر ان کے لیے اس سے بھی قیمتی ہو جائے گا۔ [2] جیسے آج تم میں سے کسی کو سو دینار مل جائے۔''

پھر عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں گے تو اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کی گردنوں پر ایک کیڑا بھیج دے گا۔ [3] جس سے وہ سب کے سب آنِ واحد میں مر جائیں گے، پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی (پہاڑ سے) زمین کی طرف اتریں گے تو زمین میں ایک بالشت برابر جگہ بھی ایسی نہ ہو گی جو ان کی چربی اور بدبو سے متعفن نہ ہو۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ایسے پرندے بھیجے گا جو دو کوہانوں والے بڑے

---

[1] (خَمَر) خاء اور میم کے زبر کے ساتھ گھنے درخت کو کہتے ہیں۔ یہ دراصل جبل بیت المقدس ہے اور فلسطین میں واقع ہے۔ [2] یعنی انھیں اس قدر سختی، حاجت اور بھوک لاحق ہو گی کہ اگر ان میں سے کسی کو بیل کا سر مل جائے گا تو اسے اس قدر خوشی ہو گی جس قدر خوشی کسی صحابی کو سو دینار ملنے سے ہوتی تھی۔ [3] ''نغف'' دراصل ایک کیڑا ہوتا ہے جو اونٹوں اور بکریوں کی گردن میں پیدا ہوتا ہے اور انھیں ہلاک کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کی گردنوں پر بھی یہی کیڑا بھیجے گا۔

اونٹوں کی گردنوں کی طرح ہوں گے۔ وہ ان کی لاشوں کو اٹھا کر جہاں اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوگی، وہاں پھینک دیں گے، پھر اللہ تعالیٰ ایک ایسی بارش برسائے گا جس سے مٹی، گارے، اون اور بالوں کے بنے تمام گھر تباہ ہو جائیں گے، وہ بارش ساری زمین کو دھو کر چکنی اور سپاٹ بنا دے گی پھر زمین سے کہا جائے گا کہ اپنا پھل اگاؤ اور اپنی برکت لوٹاؤ۔ اس وقت ایسی برکت ہوگی کہ ایک انار پوری جماعت کے لیے کافی ہو جائے گا۔ انار کا خول اتنا بڑا ہوگا کہ وہ جماعت اس کے سایے میں بیٹھ سکے گی۔ دودھ میں اس قدر برکت ڈالی جائے گی کہ دودھ دینے والی اونٹنی ایک بڑی جماعت کے لیے کافی ہو جائے گی۔ دودھ دینے والی گائے ایک پورے قبیلے کے لیے کافی ہوگی۔ دودھ دینے والی بکری ایک پورے گھرانے کو کافی ہوگی۔ اسی حال میں اللہ تعالیٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا۔ وہ انھیں بغلوں کے نیچے سے پکڑے گی اور ہر مومن اور مسلم کی روح قبض کر لے گی۔ زمین پر اس وقت صرف شریر لوگ باقی رہ جائیں گے جو گدھوں کی طرح علانیہ طور پر لوگوں کی موجودگی میں مباشرت کریں گے، انھی لوگوں پر قیامت قائم ہوگی۔[1]

[1] صحیح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حدیث:2937.

ایک روایت میں ہے کہ پھر عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ان پر ایسے پرندے بھیجے گا جن کی گردنیں دو کوہانوں والے بڑے اونٹوں کی گردنوں کی طرح ہوں گی۔ وہ یاجوج وماجوج کی نعشیں اٹھائیں گے اور انھیں ایک گہرے گڑھے میں پھینک دیں گے۔ مسلمان ان کی کمانوں، تیروں اور ترکشوں سے سات برس تک آگ جلاتے رہیں گے۔[1]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

''جس رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کروایا گیا اور آپ نے ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام سے ملاقات کی تو انھوں نے قیامت کا ذکر کیا تو سب نے یہ بات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹا دی۔ انھوں نے دجال کے قتل کا ذکر کیا اور پھر کہا کہ لوگ اپنے شہروں اور گھروں کی طرف لوٹ رہے ہوں گے کہ ان کا سامنا یاجوج وماجوج سے ہو جائے گا۔[2]

جھیل طبریہ سے نکلنے والا دریائے اردن

وہ ہر بلندی سے دوڑتے آ رہے ہوں گے جس پانی سے گزریں گے، اسے پی کر ختم کر دیں گے اور جس چیز کو دیکھیں گے، اسے تباہ کر دیں گے۔ لوگ مجھ سے دعا

[1] جامع الترمذي، الفتن، حديث:2240 وهو حديث صحيح . [2] یعنی جب وہ دجال سے بھاگ کر پہاڑوں میں چھپ جائیں گے اور عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کر دیں گے تو یہ خبر سن کر لوگ واپس اپنے شہروں اور گھروں کو آ جائیں گے مگر آتے ہی ان کو یاجوج وماجوج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

کا مطالبہ کریں گے، میں اللہ سے دعا مانگوں گا تو وہ ان سب کو ہلاک کردے گا۔ ان کی لاشوں کی بو سے زمین میں تعفن پھیل جائے گا، مسلمان پھر مجھ سے دعا کی التجا کریں گے، میں اللہ سے دعا کروں گا تو اللہ تعالیٰ آسمان سے بارش برسائے گا، بارش کا وہ پانی ان کے جسموں کو اٹھا کر سمندر میں پھینک دے گا۔ [1]

* حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یاجوج وماجوج کے بارے میں بات کرتے ہوئے فرمایا:

''وہ لوگوں پر نکلیں گے تو ان کا سارا پانی پی لیں گے۔ لوگ ان سے (خوفزدہ ہوکر) بھاگ جائیں گے۔ یاجوج وماجوج اپنے تیر آسمان کی طرف چلائیں گے تو وہ خون سے رنگین ہوکر واپس آئیں گے، وہ کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں پر بھی غلبہ پا لیا اور آسمان والوں پر بھی اپنی قوت اور عظمت کے باعث غالب آچکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی گردنوں میں ایک کیڑا بھیج دے گا جو ان سب کو ہلاک کردے گا۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے! زمین کے جانور ان کا گوشت کھا کھا کر سیر ہوں گے اور موٹے تازے ہوجائیں گے۔'' [2]

---

[1] المستدرك للحاكم:4/489,488، وقال: صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي في تلخيصه وأخرجه الإمام أحمد في المسند: 4/182. [2] جامع الترمذي، تفسير القرآن، حديث: 3153، وحسنه، وسنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4080، والمستدرك للحاكم: 4/488، وصححه الألباني، ووافقه الذهبي في التلخيص .

یاجوج وماجوج کے بارے میں وارد ایک ضعیف حدیث

یاجوج وماجوج کے بارے میں بہت سی آیات اور احادیث موجود ہیں۔ لیکن ان کے بارے میں بہت سی ضعیف احادیث بھی مشہور ہوگئی ہیں۔ ان میں سے یہ حدیث نہایت ضعیف ہے:

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ سے یاجوج و ماجوج کے بارے میں پوچھا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

''یاجوج ایک امت ہے اور ماجوج ایک امت ہے، ان میں سے ہر ایک امت میں چار لاکھ امتیں ہیں۔ ان میں سے کوئی شخص اس وقت تک فوت نہیں ہوتا جب تک وہ اپنی اولاد میں سے ایک ہزار افراد کو اپنے سامنے مسلح شکل میں نہ دیکھ لے۔ میں نے عرض کی: اللہ کے رسول! ہمیں ان کے متعلق کچھ بتائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کی تین اقسام ہیں۔ ان میں سے ایک قسم ''اُرز'' کی طرح ہے۔ میں نے کہا: ''ارز'' کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ شام میں ایک درخت ہے جس کی بلندی آسمان کی طرف ایک سو بیس ہاتھ ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جن کے سامنے کوئی تدبیر یا لوہا کارگر نہیں ہوگا۔ ان میں سے ایک قسم ایسی ہے جو اپنا ایک کان زمین پر بچھا کر دوسرے کان کو بدن پر لپیٹ لے گی۔ وہ جس کے پاس سے گزریں گے، اسے کھا جائیں گے، چاہے وہ ہاتھی ہو، وحشی جانور ہو، اونٹ ہو یا خنزیر ہو۔ یاجوج وماجوج میں سے جو کوئی مر جاتا ہے، وہ اسے بھی کھا جاتے ہیں۔ ان کے لشکر کا اگلا حصہ شام میں ہوگا تو آخری حصہ خراسان میں ہوگا۔ وہ مشرق

کے سب دریاؤں کا اور ''بحیرہ طبریہ'' کا پانی پی جائیں گے۔ [1]

یاجوج و ماجوج کی ہلاکت

یاجوج وماجوج کے مرد، عورتیں اور بچے زمین میں قتل وغارتگری اور فساد کرتے ہوئے لوگوں کی عزتیں پامال کرتے ہوئے اودھم مچا دیں گے حتی کہ ان کا کفر اس قدر بڑھ جائے گا کہ وہ آسمان پر تیر چلانا شروع کردیں گے تاکہ جس طرح زمین پر ان کا قبضہ ہوا ہے، اسی طرح آسمان پر بھی ہو جائے۔ اہل زمین میں سے ان کی دست برد سے وہی بچے گا جو قلعہ بند ہوگا یا کہیں چھپا ہوا ہوگا۔ ان قلعہ بند لوگوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے مومن ساتھی بھی ہوں گے اور وہ شدید بھوک، حاجت اور سخت مشکلات کا شکار رہوں گے۔

اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے جیسا کہ سابقہ احادیث میں گزر چکا ہے۔ دعا کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ ایک مہلک کیڑا یاجوج وماجوج کی گردنوں میں پیدا کردے گا جس سے وہ سب کے سب مر جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ دو کوہانوں والے بڑے اونٹوں کی گردنوں جیسے پرندے بھیجے گا جو یاجوج و ماجوج کے مردہ جسموں کو اٹھا کر لے جائیں گے اور جہاں اللہ تعالیٰ چاہے گا، انھیں پھینک دیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ ایسی بارش برسائے گا جو زمین کو دھو کر صاف ستھری کردے گی، پھر زمین سے کہا جائے گا کہ اپنے پھل اگاؤ اور

---

[1] مجمع الزوائد للهيثمي: 13/8..

اپنی برکتیں لوٹاؤ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''یاجوج وماجوج کو کھول دیا جائے گا۔ وہ لوگوں پر چڑھ دوڑیں گے جیسا کہ فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ﴾ ''وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے آئیں گے۔'' زمین میں خوب غارت گری کریں گے، مسلمان اپنے شہروں اور قلعوں میں پناہ گزین ہو جائیں گے اور اپنے مویشی بھی اپنے ساتھ رکھیں گے۔ یاجوج وماجوج زمین کا سب پانی پی جائیں گے یہاں تک کہ ان کا لشکر ایک دریا کے پاس سے گزرے گا تو اس کا سارا پانی پی جائے گا حتیٰ کہ وہ خشک ہو جائے گا۔ جب ان کا ایک دوسرا گروہ وہاں پہنچے گا تو کہے گا: اس جگہ کبھی پانی ہوتا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب زمین کے سب لوگ شہروں یا پناہ گاہوں میں محصور ہو جائیں گے تو یاجوج وماجوج میں سے ایک شخص کہے گا: زمین والوں سے تو ہم فارغ ہو گئے ہیں، اب آسمان والے رہ گئے ہیں، پھر ان کا ایک شخص اپنا نیزہ لہرائے گا اور اسے آسمان کی طرف اچھال دے گا اور وہ خون سے آلودہ ہو کر واپس آئے گا، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے لیے آزمائش اور فتنہ ہوگا۔ اسی حالت میں اللہ تعالیٰ ان پر ایک کیڑا بھیج دے گا جو ان کی گردنوں میں پیدا ہوگا، اس کے اثر سے یہ سب مر جائیں گے اور ان کی آہٹ تک سنائی نہ دے گی۔ مسلمان کہیں گے کہ ہے کوئی ایسا شخص جو ہماری خاطر اپنی جان خطرے میں ڈال کر معلوم کرے کہ ہمارے اس دشمن کا کیا انجام ہوا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اہل اسلام میں سے ایک شخص مرنے کی تیاری

کر کے اٹھے گا، وہ اپنے قلعے سے نیچے اتر کر دیکھے گا، تو ان سب کو اوپر تلے گرے ہوئے مردہ پائے گا۔ وہ خوشی سے پکار اٹھے گا: اے مسلمانو! مبارک ہو! اللہ تعالیٰ نے تمھارے دشمن کا صفایا کر دیا ہے۔ مسلمان اپنے شہروں اور قلعوں سے نکل آئیں گے۔ ان کے مال مویشی آزادی سے چریں گے۔ ان کے جانوروں کے لیے اس وقت یاجوج وماجوج کے گوشت کے سوا کوئی چارہ نہ ہو گا، اسے کھا کر وہ اس قدر موٹے ہو جائیں گے، جتنا کوئی جانور کسی اچھے سبزے اور چارے کو کھا کر موٹا ہوتا ہے۔[1]

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"یاجوج وماجوج زمین میں موجود ہر شخص کو ہلاک کر ڈالیں گے، صرف وہی بچے گا جو کسی قلعے میں پناہ گزیں ہو گا۔ جب یاجوج وماجوج زمین والوں کی ہلاکت سے فارغ ہو جائیں گے تو آپس میں ایک دوسرے سے کہیں گے کہ اب صرف وہی لوگ بچے ہیں جو قلعوں میں ہیں یا آسمان والے رہ گئے ہیں، وہ اپنے تیر آسمان کی طرف چلائیں گے، تو وہ خون سے آلودہ ہو کر واپس آئیں گے۔ وہ کہیں گے کہ تم نے آسمان والوں سے بھی راحت حاصل کر لی ہے، اب صرف وہی رہ گئے ہیں جو قلعوں میں چھپے ہوئے ہیں۔ یہ ان کا محاصرہ کر لیں گے حتی کہ ان کے لیے محاصرے کی مشکلات بہت بڑھ جائیں گی، ابھی وہ اسی سوچ بچار میں ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ ان پر ایک کیڑا مسلط کر دے گا جو ان کی

[1] مسند أحمد: 77/3، وسنن ابن ماجه، الفتن، حديث: 4079، والمستدرك للحاكم: 489/4، وقال: حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه.

گردنوں میں پیدا ہوگا اور وہ ان کی گردنوں کو توڑ ڈالے گا۔ وہ ایک دوسرے پر گریں گے اور مر جائیں گے ۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں میں سے ایک کہے گا: کعبہ کے رب نے انھیں قتل کردیا ہے۔ بعض دوسرے کہیں گے: نہیں نہیں، یہ ہمارے ساتھ دھوکا کررہے ہیں تاکہ ہم ان کی طرف نکلیں اور یہ ہمیں بھی اسی طرح ہلاک کردیں جس طرح انھوں نے ہمارے بھائیوں کو ہلاک کر دیا۔ وہ کہے گا کہ تم مجھے قلعے کا دروازہ کھول دو میں باہر جا کر ان کی خبر لاتا ہوں۔ وہ کہیں گے کہ ہم نہیں کھولیں گے۔ وہ کہے گا کہ مجھے کوئی رسی دے دو۔ وہ رسی کے ذریعے نیچے اترے گا تو ان سب کو مردہ پائے گا۔" [1]

[1] المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية:18/443، حديث:4523.

یاجوج وماجوج کے بعد کوئی لڑائی نہیں

جب اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو ہلاک کردے گا تو زمین میں سوائے مومنوں کے کوئی نہیں بچے گا۔ برکات وخیرات ہر طرف پھیل جائیں گی، ان کے دل آپس میں صاف ہوں گے اور جدال وقتال اور جنگیں ختم ہو جائیں گی۔

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک شخص آیا اور اس نے عرض کی: اللہ کے رسول! گھوڑوں کو چھوڑ دیا گیا ہے، ہتھیار رکھ دیے گئے ہیں، لوگوں کا خیال ہے کہ اب کوئی لڑائی نہیں ہوگی اور جنگیں اختتام پذیر ہوگئی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''انھوں نے غلط کہا، لڑائی تو اب آئی ہے۔ میری امت میں ایک جماعت ہمیشہ ایسی رہے گی جو اللہ کے راستے میں لڑتی رہے گی، ان کے مخالفین ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں کو جنھیں اللہ رزق دے رہا ہوگا، ٹیڑھا کردے گا۔ وہ جماعت قیامِ قیامت تک اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتی رہے گی۔ لڑائی یاجوج وماجوج کے نکلنے تک موقوف نہ ہوگی۔'' [1]

[1] السنن الكبرىٰ للنسائي: 218/5، و سلسلة الأحاديث الصحيحة: 571/4، حديث: 1935.

یاجوج وماجوج کے بعد حج باقی رہے گا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوجِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ»

''خروجِ یاجوج ماجوج کے بعد بھی بیت اللہ شریف کا حج اور عمرہ کیا جائے گا۔'' [1]

[1] صحيح البخاري، الحج، حديث: 1593.

ذوالقرنین کی یاجوج و ماجوج کے لیے بنائی ہوئی دیوار کو کسی نے دیکھا ہے؟ یا کسی کے لیے دیکھنا ممکن بھی ہے؟

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص نے اسے دیکھا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں اسے تعلیقاً صیغۂ جزم کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: میں نے اس دیوار کو دیکھا ہے، وہ ایک دھاری دار چادر کی طرح ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بات کی تصدیق کرتے ہوئے فرمایا: ''واقعی تم نے اسے دیکھا ہے۔''

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''اس حدیث کو ابن ابی عمر نے اہل مدینہ کے ایک شخص سے موصولاً روایت کیا ہے کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے یاجوج و ماجوج کی دیوار دیکھی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: ''وہ کیسی تھی؟'' اس نے عرض کی: دھاری دار چادر کی طرح، ایک دھاری سرخ اور ایک دھاری سیاہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرمایا: ''واقعی تم نے اسے دیکھا ہے۔'' [1]

[1] فتح الباري شرح صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث:3348.

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے دیوار اور بعض بادشاہوں کے اس تک پہنچنے کی کوشش کا قصہ ذکر کرتے ہوئے کہا ہے:

''خلیفہ واثق باللہ [1] نے اپنی حکومت کے زمانے میں اپنے کچھ امراء کو تیار کیا اور ان کے ساتھ ایک لشکر بھی روانہ کیا تاکہ وہ اس دیوار کا جائزہ لیں، اس کا معائنہ کریں اور واپسی پر خلیفہ کو اس کی رپورٹ پیش کریں۔ یہ لشکر ایک ملک سے دوسرے ملک، ایک شہر سے دوسرے شہر کا سفر کرتا رہا حتی کہ اس دیوار تک پہنچ گیا۔ انھوں نے دیکھا کہ دیوار کو لوہے اور تانبے سے بنایا گیا ہے۔ اس رپورٹ میں یہ بھی ذکر کیا کہ اس میں ایک دیوہیکل دروازہ بھی ہے جس پر بہت بڑے بڑے تالے لگے ہوئے تھے، نیز دیکھا کہ وہاں مٹی اور پتھر سے ایک برج تعمیر کیا گیا تھا۔ اس کے پاس اس کے پڑوسی ملکوں کے بادشاہوں کی طرف سے کچھ پہریدار بھی تھے۔ یہ دیوار بلند وبالا، پرشکوہ اور عظیم ہے، اس پر کوئی چڑھ نہیں سکتا، نہ اس کے اردگرد کے پہاڑوں پر چڑھا جا سکتا ہے۔ یہ مشن قریباً دو سال تک اپنے کام میں مشغول رہنے کے بعد واپس لوٹا اور بہت سے عجیب وغریب امور کا مشاہدہ کرکے آیا۔ [2]

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اس قصے کی کوئی سند بیان نہیں کی اور نہ صحت وضعف کے اعتبار سے اس پر کوئی تبصرہ کیا ہے۔ واللہ اعلم۔

---

[1] خلیفہ واثق باللہ نے عہد عباسی میں (227 تا 232ھ بمطابق 842 تا 847ء) حکومت کی۔ عباسی خلفاء میں ترتیب کے لحاظ سے ان کا نواں نمبر بنتا ہے۔ [2] البداية و النهاية: 126/7.

کیا سدِ ذوالقرنین کا دیوارِ چین [1] سے کوئی تعلق ہے؟

سدِ ذوالقرنین اور دیوارِ چین میں کئی اعتبار سے فرق ہے۔

① ذوالقرنین نے یہ دیوار یاجوج وماجوج کے حملوں کو روکنے کے لیے بنائی تھی لیکن دیوارِ چین کو وہاں کے حکمرانوں نے اپنی مملکت کی حفاظت کے لیے تعمیر کیا۔

[1] عظیم دیوارِ چین تاریخِ انسانی میں طویل ترین تعمیر کا نادر نمونہ ہے۔ اس کی لمبائی 6400 کلومیٹر ہے۔ اس پر 4 قبل مسیح میں کام شروع ہوا اور 17ء تک جاری رہا۔ اس دیوار کو چینیوں نے شمالی حملہ آوروں سے حفاظت کے لیے تعمیر کیا تھا۔ یہ دیوار چین کے شمال مشرقی ساحل سے شروع ہو کر وسطِ چین تک چلی گئی ہے۔ ماہ وسال کے گزرنے سے اس کے کچھ اجزاء گر بھی گئے تھے۔ بعد میں ان کی مرمت کر دی گئی۔ اس کے بنیادی حصے کی لمبائی (3460) کلومیٹر ہے۔ دیوار کی بلندی (7.5) میٹر ہے اور موٹائی بنیاد سے (7.5) میٹر جبکہ اوپر جا کر یہ (4.6) میٹر رہ جاتی ہے۔ پوری دیوار میں ہر (180) میٹر کے فاصلے پر نگرانی کے لیے برج بنائے گئے ہیں۔ گزشتہ صدیوں میں اس دیوار کے بعض حصے منہدم ہو گئے تھے جنھیں 1949ء میں چینیوں نے دوبارہ تعمیر کر لیا۔

② سد ذو القرنین کی بناوٹ لوہے اور تانبے سے ہے جبکہ دیوار چین کو پتھر، اینٹوں اور چونے سے بنایا گیا ہے۔

③ یاجوج و ماجوج کی دیوار دو پہاڑوں کے درمیان ان کا راستہ بند کرنے کے لیے بنائی گئی تھی جب کہ دیوار چین مختلف پہاڑوں کی چوٹیوں سے ہوتی ہوئی مشرقی چین سے مغربی چین تک ہزاروں میلوں پر محیط ہے۔

④ سد یاجوج و ماجوج کو آخری زمانے میں جب اللہ تعالیٰ چاہے گا، توڑ ڈالے گا لیکن دیوار چین تو ماضی میں کئی جگہ سے ٹوٹ چکی ہے۔

مصنوعی سیارے (Satellite) یاجوج وماجوج کو کیوں نہیں دیکھ سکتے؟

زمین کے تمام حصوں کی معرفت اور ان میں موجود ساری مخلوقات کا احاطہ کرنا تو محض اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے جس نے اپنے علم سے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے۔ اگر ہم یاجوج و ماجوج کی دیوار، یا دجال کی جگہ یا اور دیگر مخلوقات کو معلوم نہیں کر سکے تو اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ وہ موجود ہی نہیں ہیں، ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود ہی لوگوں سے یاجوج و ماجوج اور ان کی دیوار کو اوجھل کر رکھا ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اور لوگوں کے درمیان بعض ایسی اشیاء حائل کردی ہوں جو انھیں دیکھنے میں مانع ہوں جیسا کہ بنی اسرائیل کے

ساتھ ہوا کہ جب اللہ تعالیٰ نے انھیں میدانِ ''تیہ''[1] میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دیا تو وہ زمین کے چند کلومیٹر کے علاقے میں ہی چالیس برس تک بھٹکتے رہے اور لوگوں کو ان کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلا حتی کہ وہ مدت ختم ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک چیز پر قدرت رکھنے والا ہے، اس نے ہر چیز کے لیے ایک متعین وقت اور مدت مقرر کر رکھی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

[1] یعنی جب بنی اسرائیل میدان تیہ میں بھٹک گئے، نہ انھیں راستے کا پتہ چلتا تھا اور نہ اطمینان حاصل ہوتا تھا۔ بنی اسرائیل کے زمین میں بھٹکنے کا واقعہ اس طرح ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام ◂◂

﴿وَ كَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَ هُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۫ وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝﴾

''اور اس (قرآن) کو آپ کی قوم نے جھٹلایا، حالانکہ وہ حق ہے، کہہ دیجیے: میں تم پر نگران نہیں ہوں۔ ہر ایک خبر کا وقت مقرر ہے اور جلد ہی تم جان لو گے۔'' [1]

اور ان کی قوم کو (آلِ فرعون سے) نجات عطا فرمائی تو موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: ﴿اُدْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾ ''اس مقدس زمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ تعالیٰ نے تمھارے نام لکھ دی ہے۔'' وہ زمین بیت المقدس کی تھی مگر انھوں نے اس میں داخل ہونے سے انکار کر دیا اور کہا: ﴿اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ وَ اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ۝﴾ ''وہاں تو زور آور سرکش لوگ ہیں اور جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں ہم تو ہرگز وہاں نہ جائیں گے۔ ہاں، اگر وہ وہاں سے نکل جائیں تو ہم بخوشی چلے جائیں گے۔'' کہنے لگے: وہ تو بڑی سرکش اور جابر قوم ہے، یعنی ان کے پاس قوت و جبروت ہے۔ ہم اس بستی میں کبھی داخل نہ ہوں گے۔ جب انھوں نے اس ارضِ مقدس میں داخل ہونے سے انکار کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں یہ فیصلہ کر دیا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ﴾ ''کہ اب یہ زمین ان پر چالیس برس کے لیے حرام کر دی گئی ہے، چنانچہ یہ (خانہ بدوش) ہو کر چالیس برس تک اس زمین میں بھٹکتے رہے۔ وہ ایک جگہ ہوتے، دن بھر سفر کرتے مگر جب رات ہوتی تو خود کو پھر اسی جگہ پاتے جہاں کل رات گزاری تھی۔ انھیں کچھ معلوم نہ تھا کہ کدھر جائیں۔ سارا دن اپنی سواریوں اور قدموں پر چلتے مگر اس کے باوجود کوئی مسافت طے نہ ہوتی بلکہ اس وحشت ناک صحرا میں چالیس برس تک ایک ہی جگہ گھومتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر یہ سزا اس لیے مسلط کی تھی کہ انھوں نے اس وقت سرکشی کا مظاہرہ کیا، جب انھیں ارض مقدس میں داخل ہونے کا حکم دیا گیا تھا، حکم ماننے کے بجائے انھوں نے یہاں تک کہہ دیا: ﴿فَاذْهَبْ اَنْتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ﴾ ''اے موسیٰ! تم اور تمھارا رب جا کر دونوں ہی لڑ بھڑ لو، ہم تو یہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔''

[1] الأنعام 6:66,67.

جس چیز کے اکتشاف سے پہلے لوگ قاصر رہے، اسے بعد والے بھی معلوم نہ کر سکے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہر چیز کا وقت مقرر ہے۔ [1]

آخری بات یہ کہ قاضی عیاض رحمہ اللہ کہتے ہیں:

''یاجوج وماجوج کے بارے میں وارد یہ احادیث حقیقت پر مبنی ہیں۔ ان پر ایمان رکھنا واجب ہے کیونکہ یاجوج وماجوج کا خروج علاماتِ قیامت میں سے ہے۔ ان کے بارے میں وارد احادیث میں وضاحت سے یہ بتایا گیا ہے کہ ان کی کثرتِ تعداد کے باعث کسی کے پاس ان سے لڑنے کی طاقت نہیں ہوگی۔ وہ اللہ تعالیٰ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور دجال سے نجات پانے والے ان کے ساتھیوں کا محاصرہ کر لیں گے۔ عیسیٰ علیہ السلام یاجوج وماجوج کے خلاف اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان سب کی گردنوں میں ایک کیڑا پیدا کر دے گا جس کے اثر سے وہ سب کے سب ہلاک ہو جائیں گے۔ ہلاکت کے بعد ان کی لاشوں کے تعفن سے اہل زمین بہت اذیت میں ہوں گے۔ عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ایسے پرندے بھیج دے گا جو انھیں اٹھا کر ایسی جگہ جا پھینکیں گے جہاں اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ [2]

[1] دجال کے بارے میں تفصیلی کلام میں گزر چکا ہے کہ ''برمودا مثلث'' ابھی تک ایک معمہ ہے جس کی حقیقت کے متعلق سائنسی ترقی اور جدید وسائل کے باوجود اہل علم تا حال حیرت و پریشانی کا شکار ہیں۔ [2] قاضی عیاض کا یہ کلام ملا علی قاری نے مرقاة المفاتیح شرح مشکاة المصابیح: 2/16 میں ذکر کیا ہے۔

آخری بات

کیا مسلمانوں پر یاجوج وماجوج کے خلاف لڑنا واجب ہے؟

جواب

ہر شخص پر ان کے خلاف لڑنا واجب نہیں جیسا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے قصے میں گزر چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام سے فرمائیں گے: ''میں نے اپنے کچھ ایسے بندے بھیجے ہیں جن سے لڑنے کی کسی میں ہمت نہیں، لہٰذا آپ میرے مؤمن بندوں کو لے کر کوہِ طور پر چلے جائیں۔ [1]

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2937.

زمین میں دھنسنے کے تین واقعات

ڈنمارک کی ایک سڑک پر زمین دھنسنے کا عبرتناک منظر

زمین دھنس جانے کے چند اور مناظر

''خسف'' کے معنی

خسف کے معنی ہیں: زمین کا پھٹ جانا اور جو کچھ اس کے اوپر ہو، اس کا زمین کے اندر غائب ہو جانا۔

زمانۂ ماضی وحاضر میں بہت سے ایسے واقعات پیش آچکے ہیں جو قوت اور حجم میں ایک دوسرے سے مختلف تھے۔مگر وہ ''خسوف''جن کا ذکر احادیث میں آیا ہے ان کی ایک خاص حیثیت ہوگی اور ان کی خبر اور چرچا ہر طرف پھیل جائے گا۔

تین مقامات پر ہونے والے وہ ''خسوف'' جن کا ذکر احادیث میں وارد ہے، آخری زمانے میں واقع ہوں گے۔قرآن وسنت کی بہت سی نصوص ان پر دلالت کرتی ہیں۔

خسف کے بارے میں وارد احادیث

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم کس چیز کا تذکرہ کر رہے ہو؟'' ہم نے عرض کی: ہم قیامت کا ذکر کر رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّهَا لَنْ تَقُومَ حَتَّى تَرَوْا قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ: فَذَكَرَ الدُّخَانَ، وَالدَّجَّالَ وَالدَّابَّةَ وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَنُزُولَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَيَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَثَلَاثَةَ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذٰلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ تَطْرُدُ النَّاسَ إِلَى مَحْشَرِهِمْ»

''یقیناً وہ (قیامت) اس وقت تک قائم نہیں ہوگی حتیٰ کہ اس سے پہلے دس نشانیاں دیکھ لو، پھر آپ نے ذکر کیا: دھواں، خروجِ دجال، خروج دابہ، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول، خروجِ یاجوج وماجوج، مشرق، مغرب اور جزیرہ نمائے عرب میں زمین کا دھنس جانا اور سب سے آخر میں جو علامت ظاہر ہوگی، وہ یمن سے ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو ان کے محشر (شام) کی طرف ہانک کر لے جائے گی۔''[1]

[1] صحیح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حدیث:2901.

ایسی احادیث جن میں ''دھنسنے'' کے واقعات کا ذکر ہے جو گناہوں کی سزا کے طور پر ہوں گے

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میری امت کے کچھ لوگ کھانے پینے اور لہو و لعب میں رات گزاریں گے، جب صبح ہوگی تو سب کے سب خنزیر بن چکے ہوں گے۔ اس امت کے بعض قبائل کو ان کے گھروں سمیت زمین میں دھنسا دیا جائے گا، جب صبح ہوگی تو لوگ کہیں گے کہ آج رات بنو فلاں کو زمین میں دھنسا دیا گیا ہے۔ آج رات فلاں قبیلے کے گھروں کو زمین میں دھنسا دیا گیا ہے۔ ان پر پتھر برسائے جائیں گے اور ان پر منحوس ہوا بھیجی جائے گی جو انھیں اسی طرح ریزہ ریزہ کر کے اڑا دے گی جس طرح پہلی قوموں کو ان کے شراب پینے، سود کھانے، مردوں کے ریشم پہننے، گانے بجانے والی عورتیں اختیار کرنے اور قطع

رحمی کرنے کی وجہ سے بیخ و بن سے اڑا چکی ہے۔ ابو امامہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ان ہلاک ہونے والوں کی ایک اور خصلت بھی ذکر کی مگر میں اسے بھول گیا ہوں۔ [1]

* حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

«فِي أُمَّتِي خَسْفٌ وَّمَسْخٌ وَّقَذْفٌ»

''میری امت میں خسف و مسخ اور پتھروں کی بارش ہوگی۔'' [2]

* حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«بَيْنَمَا رَجُلٌ يَجُرُّ إِزَارَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ خُسِفَ بِهِ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْأَرْضِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ»

''ایک شخص تکبرانہ انداز میں اپنی چادر زمین پر گھسیٹتے ہوئے چل رہا تھا، اسے زمین میں دھنسا دیا گیا اور وہ اس میں قیامت تک دھنستا ہی چلا جائے گا۔'' [3]

(یتجلجل) کے معنی ہیں: آواز کے ساتھ حرکت کرنا۔

---

1 المستدرك للحاكم: 515/4، وقال: حديث صحيح على شرط مسلم. 2 أخرجه الحاكم: 492/4، وقال: إن كان أبو الزبير سمع من عبد الله بن عمر فإنه صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه. 3 صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث: 3485.

* حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ان سے فرمایا:

"اے انس! لوگ مختلف شہروں میں رہائش اختیار کریں گے، ان میں سے ایک شہر کا نام "بُصرہ" یا "بُصیرہ" ہے۔ اگر تمھارا وہاں گزر ہو یا اس میں داخل ہونے کا اتفاق ہو تو اس کی شوریلی زمینوں سے، اس کی زرعی پیداوار سے، اس کے بازاروں سے اور اس کے امراء کے دروازوں سے بچ کر رہنا۔ تم اس کے نواحی علاقوں تک ہی رہنا کیونکہ اس شہر والوں کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، ان پر پتھروں کی بارش ہوگی اور وہاں زلزلے آئیں گے۔ کچھ لوگ وہاں رات گزاریں گے مگر صبح ہونے سے قبل بندر اور خنزیر بن جائیں گے۔" [1]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں خبر دی ہے کہ لوگ مختلف شہروں میں جا کر رہیں گے، ان میں سے ایک "بصرہ" نامی شہر بھی ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو خبردار کیا کہ وہ اس شہر کی شوریلی زمین سے بچ کر رہیں، وہ اس کی نباتات سے اور اس کے بازاروں سے بھی بچ کر رہیں جہاں لوگ جمع ہوتے اور خرید وفروخت کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں ظالم حکام کے دروازوں پر جانے سے بھی ڈرایا کیونکہ شہر میں زمین دھنسنے، پتھر برسنے، زلزلے برپا ہونے اور شکلیں بدلنے کے واقعات ہوں گے۔

[1] سنن أبي داود، الملاحم، حديث:4307، وصححه الألباني.

آپ ﷺ نے انھیں بصرہ کے گرد ونواح میں رہنے کی ہدایت فرمائی تاکہ وہ ہلاکت سے بچ سکیں۔

❊ حضرت نافع سے روایت ہے کہ ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ فلاں شخص آپ کو سلام کہتا ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مجھے پتا چلا ہے کہ اس نے کوئی بدعت ایجاد کی ہے۔ اگر ایسا ہی ہے تو اسے میری طرف سے سلام نہ کہنا، میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میری امت کے قدریہ فرقے کے لوگوں کے ساتھ شکلیں بدلنے، زمین میں دھنسنے اور پتھروں کی بارش جیسے واقعات پیش آئیں گے۔''[1]

خلاصہ

آخری زمانے میں واقع ہونے والے تین بڑے ''خسوف'' میں سے ایک کے مقام اور سبب کا ذکر پہلی حدیث میں ہو چکا ہے۔ جہاں تک خسف کے باقی دو واقعات کا تعلق ہے تو وہ بھی آخری زمانے میں واقع ہوں گے۔ لیکن مجھے ان کے مقام یا سبب پر دلالت کرنے والی کوئی حدیث نہیں مل سکی۔ واللہ اعلم۔

---

[1] سنن ابن ماجه، الفتن حديث:4061، وجامع الترمذي، القدر، حديث:2152، وهو حديث صحيح.

دھوئیں کا اٹھنا
THE
SMOKE

علاماتِ قیامت مختلف نوعیت کی ہیں۔
بعض زمین سے تعلق رکھتی ہیں، جیسے:
خسف، خشک سالی وغیرہ۔ بعض ایسی ہیں
جن کا تعلق لوگوں سے ہے، جیسے: عورتوں کی
کثرت اور مردوں کی قلت۔ بعض کا تعلق
انسانی اخلاق سے ہے، جیسے: زنا کا پھیلنا۔
بعض وہ ہیں جن کا تعلق آسمان سے ہے،
انھی میں سے دھوئیں کا اٹھنا بھی ہے۔

- دھوئیں سے کیا مراد ہے؟
- کیا یہ علامت واقع ہو چکی ہے؟
- اس میں کیا حکمت ہے؟

اس کے علاماتِ قیامت میں سے ہونے کی دلیل حسب ذیل ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝﴾

”تو آپ اس دن کا انتظار کیجیے جب آسمان صاف دھواں لائے گا۔ جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا (کہا جائے گا:) یہ دردناک عذاب ہے۔ (کافر

دھویں کی فرضی تصویر، یہ قرآن میں مذکور دھواں نہیں ہے۔

کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم سے یہ عذاب ہٹا دے، بلاشبہ ہم ایمان لانے والے ہیں۔ان کے لیے نصیحت کیونکر ہوگی جبکہ ان کے پاس ایک کھول کھول کر بیان کرنے والا رسول آ گیا۔‘‘ [1]

آیت میں وارد ’’دخان‘‘ کے بارے میں علماء کے دو اقوال

① بعض اہل علم نے کہا ہے کہ اس دھوئیں سے مراد وہ دھواں ہے جو قریش کو شدتِ بھوک کی شکل میں اس وقت پہنچا جب نبی اکرم ﷺ نے ان کے لیے دعوت کو قبول نہ کرنے کی وجہ سے بد دعا فرمائی تھی۔ وہ اپنی آنکھوں کو آسمان کی طرف اٹھا کر دیکھتے تو انھیں بھوک اور قحط کی وجہ سے دھوئیں کے سوا کچھ نظر نہ آتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور سلف صالح کی ایک جماعت نے اسی قول کو اختیار کیا ہے اور ابن جریر طبری رحمہ اللہ نے بھی اسی قول کو ترجیح دی ہے۔ [2]

حضرت مسروق بن اجدع سے روایت ہے:

[1] الدخان 44:10-13. [2] أضواء البيان للشنقيطي، النحل 16:112.

''ہم ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص وہاں آیا اور کہا: اے ابوعبدالرحمٰن ! ایک قصہ گو یہ قصہ بیان کرتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ دھوئیں کی علامت جب ظاہر ہوگی تو کفار کی سانسیں بند ہو جائیں گی جب کہ مومنوں پر اس سے صرف زکام جیسی کیفیت طاری ہو گی۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور غصے کی حالت میں فرمایا: لوگو! اللہ سے ڈرو، تم میں سے جسے کسی چیز کا علم ہو تو صرف اسے اپنے علم کے مطابق بیان کرے اور جسے کسی چیز کا علم نہ ہو وہ ''اللّٰه أعلم'' کہے۔ اس نے تمھیں اس بات کی تعلیم دی ہے کہ جب کوئی کسی بات کو نہ جانتا ہو تو اس کے بارے میں ''اللّٰه أعلم'' کہہ دے۔

﴿قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴾

''(اے نبی!) کہہ دیجیے: میں تم سے اس (تبلیغِ دین) پر کوئی اجر نہیں مانگتا اور میں تکلف (بناوٹی کام) کرنے والوں میں سے نہیں۔''[1]

رسول اللہ ﷺ نے جب دیکھا کہ لوگ ان کی بات قبول نہیں کر رہے تو اللہ تعالیٰ سے ان کے بارے میں بددعا کی: «اَللّٰهُمَّ سَبْعًا كَسَبْعِ يُوسُفَ» ''اے اللہ! ان پر سات برس کا قحط بھیج جس طرح کہ یوسف علیہ السلام کی قوم پر بھیجا تھا۔''[2] ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ''انھیں ایسی قحط سالی نے آ پکڑا جس نے ہر چیز ختم کر دی۔

[1] صٓ 38:86. [2] یعنی نبی کریم ﷺ نے ان پر بددعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ انھیں اسی طرح مصیبت میں ڈالے جس طرح اہل مصر کو مصیبت میں ڈالا گیا تھا۔ ان کے سات برس خشک سالی اور قحط میں گزرے۔

حتیٰ کہ بھوک اور افلاس کی شدت کے باعث وہ چمڑے اور مردار کھانے پر مجبور ہو گئے۔ ان میں سے جب کوئی شخص آسمان کی طرف دیکھتا تو بھوک کے باعث اسے دھواں ہی دھواں نظر آتا۔“ [1]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بھی قول ہے کہ پانچ چیزیں گزر چکی ہیں: (اللِّزام) [2] (الروم) [3] (البطشة) [4] (القمر) [5] (الدخان) [6].

② بہت سے علمائے کرام اس طرف گئے ہیں کہ ”الدخان“ ان علامات قیامت میں سے ہے جن کا ابھی انتظار ہے، تا حال وہ ظاہر نہیں ہوئیں اور وہ قربِ

---

1 صحيح البخاري، الاستسقاء، حديث: 1007، وصحيح مسلم، صفة القيامة والجنة والنار، حديث: 2798. 2 ”اللِّزام“ سے مراد وہ عذاب ہے جس کا اس آیت کریمہ میں ذکر کیا گیا ہے: ﴿فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا﴾ (الفرقان 77:25) ”تم نے تکذیب کی ہے، سو اس کی وجہ سے عذاب تمھارے لیے لازم ہوگا۔“

3 اشارہ ہے ان آیات کریمہ کی طرف: ﴿الٓمٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّومُ ۝ فِيٓ أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ ۝﴾ (الروم 30:1-3) ”الٓمٓ۔ رومی مغلوب ہو گئے۔ قریب ترین سرزمین (شام و فلسطین) میں اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد جلد غالب ہوں گے۔“

4 اشارہ ہے اس ارشاد ربانی کی طرف: ﴿يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰٓ إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝﴾ (الدخان 44:16) اور (البطشة الكبرىٰ) سے مراد غزوۂ بدر ہے۔

5 اس فرمان باری تعالیٰ کی طرف اشارہ ہے: ﴿اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝﴾ (القمر 54:1) چاند کے دو ٹکڑے ہونے کی بات علاماتِ صغریٰ میں علامت نمبر (3) میں گزر چکی ہے۔

6 صحيح البخاري، التفسير، حديث: 4825، وصحيح مسلم، صفات المنافقين وأحكامهم، حديث: 2798.

قیامت واقع ہوگی۔ یہ قول حضرت علی بن ابی طالب، عبد اللہ بن عباس اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم کا ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اس آیت کریمہ سے متعلق قبل ازیں بیان کردہ احادیث سے استدلال کرتے ہوئے اسی قول کو ترجیح دی ہے۔

بعض دیگر اہل علم نے ان اقوال میں تطبیق دینے کی کوشش کی ہے۔ ان کا موقف یہ ہے کہ "دخان" دو ہیں: ان میں سے ایک تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ظاہر ہو چکا ہے اور دوسرا قربِ قیامت کو ظاہر ہوگا۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود کہا کرتے تھے: "دخان" دو ہیں: ایک تو گزر چکا[1] اور دوسرا وہ ہوگا جس سے زمین وآسمان کا خلا بھر جائے گا۔ مؤمن پر تو اس کا اثر زکام جیسا ہوگا مگر کافروں کے کان اس سے پھٹ جائیں گے۔[2]

راجح قول یہی ہے کہ جس "دخان" کا یہاں ذکر ہے، وہ ابھی ظاہر نہیں ہوا۔ وہ قربِ قیامت ہی کو ظاہر ہوگا۔ قرآنِ کریم کی آیت بھی اسی کی تائید کرتی ہے:

﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝﴾

"آپ اس دن کے منتظر رہیں جب آسمان ظاہر دھواں لائے گا۔"[3]

مطلب یہ ہے کہ آسمان میں ایک ایسا نمایاں اور واضح دھواں ظاہر ہوگا جسے ہر کوئی دیکھے گا۔

جہاں تک حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کا تعلق ہے کہ قریش اسے دیکھ چکے

[1] یعنی جو دھواں قریش نے دیکھا تھا۔ [2] التذكرة للقرطبي: 655. [3] الدخان 44:10.

ہیں تو قریش کو بھوک اور افلاس کی شدت کے باعث محض خیال ہوتا تھا کہ آسمان میں دھواں ہے لیکن وہ ان کا وہم تھا۔ یہ دھواں حقیقی ہوگا۔ ارشاد الٰہی ہے: ﴿یَّغْشَی النَّاسَ﴾ یعنی وہ دھواں حقیقت میں لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ اور ارشادِ الٰہی: ﴿هٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ﴾ کے معنی یہ ہیں کہ جب دھواں انھیں پریشان کرے گا تو لوگوں سے کہا جائے گا کہ یہ دردناک عذاب ہے۔

''دخان'' کے بارے میں وارد احادیث

* حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جب کہ ہم آپس میں قیامت کا ذکر کر رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیا گفتگو کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: قیامت کا ذکر کر رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّهَا لَنْ تَقُومَ حَتّٰى تَرَوْا قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ: فَذَكَرَ الدُّخَانَ، وَالدَّجَّالَ ـــ الحديث»

''بلا شبہ وہ (قیامت) ہرگز قائم نہ ہوگی حتی کہ تم اس سے پہلے دس نشانیاں دیکھ لو...... اور آپ نے دھوئیں اور دجال کا ذکر کیا......الحدیث۔''[1]

* حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا: طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، أَوِ الدُّخَانَ،

[1] صحيح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حديث:2901.

أَوِالدَّجَّالَ، أَوِ الدَّابَّةَ، أَوْ خَاصَّةَ أَحَدِكُمْ أَوْ أَمْرَ الْعَامَّةِ»

''چھ چیزوں کے واقع ہونے سے پہلے پہلے نیک اعمال میں جلدی کرلو: سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، یا دھوئیں کا ظاہر ہونا، یا دجال کا ظاہر ہونا، یا خروجِ دابہ، یا تم میں کسی کا خاص وقت (موت) آجانا، یا سب کے لیے واقع ہونے والا معاملہ (قیامت کا) قائم ہو جانا۔'' [1]

* حضرت عبداللہ بن ابی ملیکہ کہتے ہیں:

''ایک دن میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس گیا تو انھوں نے کہا: میں رات بھر سو نہیں سکا حتی کہ صبح ہو گئی۔ میں نے پوچھا: کس لیے؟ کہنے لگے: لوگوں نے بتلایا ہے کہ دم دار ستارہ طلوع ہو چکا ہے، مجھے خدشہ ہوا کہ کہیں دھواں نہ آپہنچا ہو، اسی خیال سے میں پوری رات نہ سو سکا۔'' [2]

اس اثر میں محلِ شاہد یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما دخان سے اس لیے خوفزدہ ہوئے کہ یہ علاماتِ قیامت میں سے ہے۔

---

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2947. [2] تفسیر ابن کثیر، الدخان 44:10.

خروجِ دابہ

(عجیب الخلقت جانور کا نکلنا)

آخری زمانے میں فساد پھیلنے، برائیوں کے ظاہر ہونے اور لوگوں کے ان کا عادی ہونے کے سبب اچھے برے لوگ خلط ملط ہو جائیں گے حتی کہ مومن و منافق اور مسلم و کافر کی پہچان مشکل ہو جائے گی۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ ایک جانور ظاہر کر دے گا۔

- دابہ کیا چیز ہے؟
- وہ کہاں اور کب ظاہر ہوگا؟
- اس کے ذمے کیا کیا کام ہوں گے؟

دابہ کا ذکر قرآن مجید میں

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ﴾

''اور جب ان پر (قربِ قیامت کے وعدے کی) بات پوری ہو جائے گی تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے، وہ ان سے کلام کرے گا۔ بے شک یہ لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں رکھتے تھے۔'' [1]

ارشاد باری تعالیٰ: ﴿تُكَلِّمُهُمْ﴾ کے ایک معنی یہ بیان کیے گئے ہیں کہ وہ ان سے مخاطب ہوگا اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ وہ انھیں زخمی کرے گا۔ سعید بن جبیر،

[1] النمل 27:82.

عاصم جحدری اور ابو رجاء عطاردی رحمہم اللہ کی قراءت (تَكْلِمُهُمْ، یعنی تَجْرَحُهُمْ) کہ وہ انھیں زخمی کرے گا، اسی معنی میں ہے۔"

اس دابہ کے اوصاف کے بارے میں کوئی صحیح حدیث ثابت نہیں ہے۔

علامہ ماوردی اور ثعلبی نے اس کے اوصاف کے بارے میں بعض ایسی عجیب و غریب باتیں بیان کی ہیں جن کی کوئی دلیل نہیں ہے، یہ کہ اس کا سر بیل کے سر کی طرح ہوگا اور اس کے کان ہاتھی کے کانوں جیسے ہوں گے، وغیرہ۔

لیکن ہم اس کی جو صفات جانتے ہیں وہ یہ ہیں

- وہ حقیقت میں ایک جانور ہی ہوگا۔
- وہ لوگوں سے باتیں کرے گا۔
- وہ زمین سے نکلے گا۔

وہ کہاں سے نکلے گا؟

اس کے نکلنے کی جگہ کے بارے میں کوئی صحیح حدیث ثابت نہیں ہے۔

ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ وہ اسی طرح نکلے گا جس طرح اللہ عز وجل نے خبر دی ہے لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ وہ کہاں سے نکلے گا۔

دابہ کیا کرے گا؟

یہ جانور لوگوں سے کہے گا: ''لوگ اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے۔'' یہی بات اس ارشاد باری تعالیٰ میں بیان فرمائی گئی ہے:

﴿وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ۠﴾

''اور جب ان پر (قربِ قیامت کے وعدے کی) بات پوری ہو جائے گی تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے، وہ ان سے کلام کرے گا۔ بے شک یہ لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں رکھتے تھے''[1]

وہ لوگوں کو آگ سے داغے گا

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''وہ جانور نکلے گا اور لوگوں کی ناکوں کو داغے گا، پھر وہ سب تم میں گھل مل جائیں گے حتی کہ ایک شخص اونٹ خریدے گا اور کوئی اس سے پوچھے گا

[1] النمل 27:82.

عربوں میں داغے جانے کا نمونہ، اسی طرح دابۃ الارض لوگوں کی ناک پر نشان لگائے گا۔ واللہ اعلم

کہ یہ اونٹ تم نے کس سے خریدا ہے؟ وہ کہے گا: ایک ایسے شخص سے جس کی ناک کو آگ سے داغ لگا ہوا تھا۔"[1]

* اس کے داغنے کی کیفیت کیا ہوگی اور یہ صورتِ حال کب تک جاری رہے گی؟
* کیا آنے والی نسلوں میں بھی یہ نشان باقی رہے گا؟
* جب دابہ لوگوں کو داغے گا تو حق باطل کے مقابلے میں واضح ہو جائے گا اور مومن کافر سے ممتاز ہو جائے گا، اس کے بعد کیا ہوگا؟

لوگ ایک عرصہ تک اسی حال میں رہیں گے، کچھ عرصے بعد لوگ ایک دوسرے کو اس طرح پکاریں گے: اے مومن، یا اے کافر۔

جب اللہ تعالیٰ قیامت قائم کرنا چاہے گا تو ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا جو مومنوں کی روحوں کو قبض کر لے گی کیونکہ قیامت صرف شریر لوگوں ہی پر قائم ہوگی۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"دجال میری امت میں ظاہر ہوگا اور چالیس کی مدت پوری کرے گا۔ میں نہیں جانتا کہ یہ چالیس دن ہوں گے، چالیس ماہ ہوں گے یا چالیس برس ہوں

[1] مجمع الزوائد للهيثمي: 14/8، ومسند أحمد: 268/5.

گے، پھر اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کو بھیجے گا، ان کی شکل وشباہت عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ سے ملتی جلتی ہوگی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو ہلاک کر ڈالیں گے، پھر لوگ سات برس اس طرح گزاریں گے کہ کہیں بھی دو شخصوں کے درمیان کوئی دشمنی نہیں ہوگی، پھر اللہ تعالیٰ شام کی جانب سے ایک ٹھنڈی ہوا بھیجے گا جو ہر اس شخص کی روح قبض کر لے گی جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان یا بھلائی موجود ہوگی۔ اگر تم میں سے کوئی کسی پہاڑ کی کھوہ میں بھی داخل ہو جائے گا تو یہ ہوا وہاں بھی اس کی روح قبض کر لے گی۔ اس کے بعد زمین پر صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جن کی شر انگیزی میں پرندوں کی سی تیزی ہوگی، انھیں نہ نیکی کا پتا ہوگا نہ برائی کا۔ ان کے پاس شیطان انسانی شکل میں آئے گا اور کہے گا: کیا تم میری بات نہیں مانو گے؟ وہ کہیں گے: تم کیا کہتے ہو؟ شیطان انھیں بتوں کی پوجا کی دعوت دے گا۔ وہ اس کی بات مان لیں گے۔ ان کے پاس رزق کی خوب فراوانی ہوگی، زندگی خوب مزے سے گزر رہی ہوگی کہ اچانک صور پھونک دیا جائے گا۔ جسے بھی یہ آواز پہنچے گی، وہ گردن ایک جانب جھکا کر آواز سننے کی کوشش کرے گا تو دوسری طرف کو اوپر اٹھا لے گا۔ سب سے پہلے یہ آواز وہ شخص سنے گا جو اپنے اونٹوں کے حوض کی لپائی کر رہا ہوگا۔ وہ سنتے ہی بے ہوش ہو کر گر جائے گا اور دوسرے لوگ بھی بے ہوش ہو جائیں گے۔'' [1]

---

[1] صحیح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حدیث: 2940.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ رِيحًا مِّنَ الْيَمَنِ أَلْيَنَ مِنَ الْحَرِيرِ، فَلَا تَدَعُ أَحَدًا فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ -أَوْ قَالَ: مِثْقَالُ ذَرَّةٍ- مِنْ إِيمَانٍ إِلَّا قَبَضَتْهُ»

''اللہ تعالیٰ یمن کی جانب سے ایک ہوا چلائے گا جو ریشم سے زیادہ نرم ہوگی۔ جس کے دل میں ایک دانے کے برابر، یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک ذرے کے برابر بھی ایمان ہوگا، یہ اس کی روح قبض کر لے گی۔'' [1]

اس ہوا کے چلنے کے بعد نیک لوگ ختم ہو جائیں گے، زمین پر صرف شریر رہ جائیں گے اور انھی پر قیامت قائم ہوگی۔

[1] صحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 117.

لوگ ایک صبح سورج کے مشرق سے طلوع ہونے کا انتظار کر رہے ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ نے جب سے سورج کو پیدا کیا ہے، وہ ہمیشہ مشرق ہی سے طلوع ہوتا آیا ہے مگر اس روز اچانک سورج مشرق کے بجائے مغرب سے طلوع ہو گا اور جب ایسا ہو جائے گا تو توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔

سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کا ذکر قرآن مجید میں

اللہ عزوجل کا ارشاد ہے:

﴿هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِن قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ﴾

”کیا وہ صرف اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں، یا آپ کا رب آئے، یا آپ کے رب کی بعض نشانیاں آئیں؟ جس دن آپ کے رب کی بعض نشانیاں آ جائیں گی تو کسی ایسے شخص کا ایمان لانا اسے فائدہ نہیں دے گا جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا تھا، یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیک عمل نہیں کیا تھا۔ کہہ دیجیے: تم انتظار کرو، بے شک ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں۔“ [1]

سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کے بارے میں احادیث

* حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«ثَلَاثٌ إِذَا خَرَجْنَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا، وَالدَّجَّالُ، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ»

”جب تین نشانیاں ظاہر ہو جائیں گی تو کسی ایسے شخص کو اس کا ایمان فائدہ نہ دے گا جو پہلے سے ایمان نہ لا چکا ہو یا اپنے ایمان میں کچھ بھلائی کے کام نہ کر چکا ہو: سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دجال کا ظاہر ہونا اور زمین سے جانور کا نکلنا۔“ [2]

اس موقع پر توبہ کا دروازہ بند کرنے میں حکمت یہ ہے کہ ایمان کے بہت سے پہلو ایمان بالغیب سے تعلق رکھتے ہیں مگر جب سورج مغرب سے طلوع ہو گیا تو وہ

[1] الأنعام 6:158. [2] صحيح مسلم، الإيمان، حديث: 158.

ایمان بالغیب نہ رہے گا بلکہ یہ فرعون کے اس ایمان کی طرح ہوگا کہ جب اسے غرق ہونے کا یقین ہو گیا تھا تو وہ ایمان لانے لگا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہو جائے، پس جب وہ طلوع ہو جائے گا اور سارے لوگ اسے دیکھ لیں گے تو سب کے سب ایمان لے آئیں گے مگر اس وقت کسی بھی ایسے شخص کا ایمان اسے فائدہ نہ دے گا جو پہلے سے ایمان نہ لا چکا ہوگا، یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی بھلائی کا کام نہ کیا ہوگا۔ قیامت اس حال میں قائم ہو گی کہ دو آدمیوں نے اپنا کپڑا پھیلایا ہو گا، وہ خرید و فروخت نہ کر سکیں گے اور نہ اس کپڑے کو لپیٹ سکیں گے کہ قیامت برپا ہو جائے گی۔ ایک شخص اپنے جانور کا دودھ دوہ کر لے جا رہا ہو گا اور وہ اسے استعمال نہ کر سکے گا کہ قیامت آ جائے گی۔ ایک شخص اپنے حوض کی لپائی کر رہا ہو گا، وہ اس میں اپنے جانوروں کو پانی نہیں پلا سکے گا کہ قیامت قائم ہو جائے گی اور ایک شخص نے لقمہ منہ کی طرف اٹھایا ہو گا، وہ اسے کھا نہیں سکے گا کہ قیامت رونما ہو جائے گی۔'' [1]

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''کیا تم جانتے ہو کہ یہ سورج کہاں جاتا ہے؟ انھوں نے کہا: اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سورج چلتا ہے

[1] صحیح البخاري، الرقاق، حدیث:6506.

حتی کہ عرش کے نیچے اپنے مستقر میں پہنچ جاتا ہے، پھر یہ سجدے میں گر پڑتا ہے اور اسی حال میں رہتا ہے حتی کہ اس سے کہا جاتا ہے: اٹھو اور جہاں سے تم آئے ہو وہیں لوٹ جاؤ۔ وہ لوٹتا ہے اور اپنے معمول کے مطلع سے طلوع ہو جاتا ہے، پھر دن بھر چلتے چلتے عرش کے نیچے اپنے مستقر میں جا پہنچتا ہے اور سجدے میں گر پڑتا ہے۔ وہ اسی حال میں رہتا ہے حتی کہ اس سے کہا جاتا ہے: اٹھو اور جہاں سے تم آئے ہو وہیں لوٹ جاؤ۔ وہ لوٹتا ہے اور اپنے معمول کے مطلع سے طلوع ہو جاتا ہے۔ ایک روز وہ چلے گا، لوگ اس میں کوئی نئی چیز نہیں دیکھیں گے حتی کہ وہ عرش الٰہی کے نیچے اپنے ٹھہرنے کی جگہ پہنچے گا اور اس سے کہا جائے گا: اٹھو اور آج مغرب سے جا کر طلوع ہو جاؤ، چنانچہ وہ صبح کے وقت مغرب سے طلوع ہو گا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم جانتے ہو یہ کب ہو گا؟ یہ اس وقت ہو گا جب کسی ایسے شخص کو ایمان فائدہ نہ دے گا جو پہلے ایمان نہیں لایا ہو گا یا جس نے اپنے ایمان کی حالت میں نیک عمل نہیں کیے ہوں گے۔" [1]

* حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوجًا: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ عَلَى النَّاسِ ضُحًى، وَأَيُّهُمَا مَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا، فَالْأُخْرٰى عَلٰى إِثْرِهَا قَرِيبًا»

"سب سے پہلے جو نشانی ظاہر ہوگی، وہ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا

1 صحیح مسلم، الإیمان، حدیث: 159.

اور چاشت کے وقت دابہ کا لوگوں کے لیے نکلنا ہے۔ ان میں سے جو بھی پہلے ظاہر ہوگی، دوسری اس کے فوراً بعد ظاہر ہو جائے گی۔'' [1]

ایک اشکال اور اس کا ازالہ

بعض لوگوں کو یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ اس حدیث میں نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا کہ سب سے پہلے جو نشانی ظاہر ہوگی، وہ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور چاشت کے وقت دابہ کا نکلنا ہے، جب کہ دیگر روایات میں دجال کے خروج یا امام مہدی کے ظہور کو قیامت کی سب سے پہلی نشانی قرار دیا گیا ہے۔ تو دونوں حدیثوں کے درمیان تطبیق کیسے ہوگی؟

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''جو بات تمام روایات کی روشنی میں راجح نظر آتی ہے، وہ یہ ہے کہ وہ بڑی علامات جو زمین کے رہنے والوں کے احوال کو بدل کر رکھ دیں گی، ان میں سب سے پہلی علامت خروج دجال ہوگی اور یہ علامت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے ساتھ ختم ہو جائے گی۔ وہ علامات جن کا تعلق بالائی نظام کی تبدیلی سے ہوگا، ان میں سب سے پہلے سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔ ان علامات کا اختتام قیامت کے قائم ہونے سے ہوگا۔ غالباً خروجِ دابہ بھی اسی روز واقع ہوگا جس دن سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔

[1] صحيح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حديث:2941.

امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوجًا: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا، وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ عَلَى النَّاسِ ضُحًى، وَأَيُّهُمَا مَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا فَالْأُخْرٰى عَلٰى إِثْرِهَا قَرِيبًا»

''سب سے پہلے جو نشانی ظاہر ہوگی، وہ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور چاشت کے وقت دابہ کا لوگوں کے لیے نکلنا ہے۔ ان میں سے جو بھی پہلے ظاہر ہو گی، دوسری اس کے فوراً بعد ظاہر ہو جائے گی۔'' [1]

علامات قیامت سے پہلے پہلے نیک اعمال کرنے کا حکم

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا: طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا، أَوِ الدُّخَانَ، أَوِالدَّجَّالَ، أَوِ الدَّابَّةَ، أَوْ خَاصَّةَ أَحَدِكُمْ أَوْ أَمْرَ الْعَامَّةِ»

''چھ چیزوں کے واقع ہونے سے پہلے پہلے نیک اعمال میں جلدی کرلو:

[1] فتح الباري شرح صحيح البخاري، الرقاق، حديث:6506،١١/٣٢

سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، یا دھوئیں کا ظاہر ہونا، یا دجال کا ظاہر ہونا، یا خروج دابہ، یا تم میں سے کسی کا خاص وقت (موت) آجانا، یا سب کے لیے واقع ہونے والا معاملہ (قیامت کا) قائم ہو جانا۔"[1]

[1] صحیح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حدیث: 2947.

آگ جو لوگوں کو میدانِ محشر کی طرف ہانک لے جائے گی

قیامت کی سب سے آخری علامت اور نشانی یہ ہوگی کہ یمن کی جانب سے ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو ارضِ محشر (شام) کی طرف لے جائے گی اور انھیں وہاں جمع کرے گی۔

- یہ آگ کیسی ہوگی؟
- یہ کس طرح نکلے گی؟
- کہاں سے نکلے گی؟
- اور اس کے بعد کیا واقعات ہوں گے؟

اس آگ کے بارے میں وارد احادیث

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت کہ ایک مرتبہ نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جب کہ ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کس چیز کا ذکر کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم قیامت کا ذکر کر رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّهَا لَنْ تَقُومَ حَتّٰى تَرَوْا قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ: فَذَكَرَ الدُّخَانَ، وَالدَّجَّالَ، وَالدَّابَّةَ، وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا، وَنُزُولَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَيَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَثَلَاثَةَ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذٰلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ تَطْرُدُ النَّاسَ إِلَى مَحْشَرِهِمْ»

’’بلاشبہ وہ (قیامت) قائم نہیں ہوگی حتیٰ کہ تم اس سے پہلے دس نشانیاں دیکھ لو: آپ نے ذکر فرمایا: دھواں، دجال، خروجِ دابہ، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، عیسیٰ علیہ السلام کا نزول، خروج یاجوج و ماجوج، تین جگہ زمین کے دھنسنے کے واقعات، یعنی مشرق میں زمین کا دھنس جانا، مغرب میں زمین کا دھنس جانا اور جزیرۃ العرب میں زمین کا دھنس جانا۔ سب سے آخر میں جو علامت ظاہر ہوگی، وہ یمن کی طرف سے نکلنے والی ایک آگ ہوگی جو لوگوں کو میدانِ حشر کی طرف لے جائے گی۔‘‘ [1]

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة، حدیث: 2901.

اور ایک روایت میں اس طرح ہے:

«نَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرَةِ عَدْنٍ تَرْحَلُ النَّاسَ»

''ایک آگ عدن کے دور دراز علاقے سے نکلے گی جو لوگوں کو چلائے گی۔'' [1]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«سَتَخْرُجُ نَارٌ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مِنْ بَحْرِ حَضْرَمُوتَ، أَوْ مِنْ حَضْرَمُوتَ تَحْشُرُ النَّاسَ۔ قَالُوا: فَبِمَ تَأْمُرُنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَلَيْكُم بِالشَّامِ»

''روزِ قیامت سے قبل بحیرہ حضرموت سے یا حضرموت سے ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو اکٹھا کرے گی۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی: (ان حالات میں) آپ ہمیں کس بات کا حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ملک شام میں رہائش اختیار کر لینا۔'' [2]

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ میں تشریف آوری کا علم ہوا تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: میں آپ سے تین چیزوں کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں جنھیں ایک نبی کے سوا کوئی جان ہی نہیں سکتا: قیامت کی پہلی علامت کیا ہوگی؟ اہل جنت کا

[1] صحیح مسلم، الفتن وأشراط الساعة ، حدیث:2901. [2] مسند أحمد: 53/2، وھو حدیث صحیح .

سب سے پہلا کھانا کیا ہوگا؟ وہ کیا سبب ہوتا ہے جس کے باعث بچہ اپنے والد یا اپنے ماموؤں (ماں) کے مشابہ ہوتا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابھی جبریل نے مجھے ان چیزوں کے بارے میں بتلایا ہے۔ عبداللہ بن سلام کہنے لگے: یہ فرشتہ تو یہودیوں کا دشمن ہے۔ [1] نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کی پہلی نشانی ایک آگ ہوگی جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف اکٹھا کرے گی۔ اہل جنت کا پہلا کھانا وہیل مچھلی کے جگر کا کنارہ ہوگا۔ جہاں تک بچے کی مشابہت کا معاملہ ہے تو مرد جب عورت سے جماع کرتا ہے اور اس کا پانی عورت کے پانی پر سبقت لے جاتا ہے تو بچہ باپ کے مشابہ ہوتا ہے اور اگر عورت کا پانی سبقت لے جائے تو بچہ ماں کے مشابہ ہوتا ہے۔ عبداللہ بن سلام نے کہا: میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ [2]

---

[1] ایک دفعہ یہودیوں نے رسول اللہ ﷺ سے کہا: ہر نبی کے پاس ایک فرشتہ آسمان سے خبریں لے کر آتا ہے، ہمیں بتائیے کہ آپ کے پاس کون آتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جبریل۔ کہنے لگے: وہ جبریل جو عذاب، لڑائی اور جنگ لے کر آتا ہے، وہ تو ہمارا دشمن ہے۔ اگر آپ میکائیل کہتے تو اچھا تھا کیونکہ وہ رحمت، نباتات اور بارش لے کر نازل ہوتا ہے۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی: ﴿ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَى قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرَى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰىلَ فَإِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ ﴾ (البقرة2: 97، 98) "(اے نبی!) کہہ دیجیے: جو کوئی جبریل کا دشمن ہے تو اُسی نے اِس قرآن کو اللہ کے حکم سے آپ کے دل پر نازل کیا ہے، یہ اس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو اس سے پہلے نازل ہوئی اور مومنوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔ جو کوئی اللہ کا، اس کے فرشتوں کا، اس کے رسولوں کا اور جبریل اور میکائیل کا دشمن ہے تو بے شک اللہ بھی کافروں کا دشمن ہے۔ [2] صحيح البخاري، أحاديث الأنبياء، حديث: 3329.

ایک اشکال اور اس کا ازالہ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوجًا: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ عَلَى النَّاسِ ضُحًى، فَأَيُّهُمَا خَرَجَتْ قَبْلَ الْأُخْرَى فَالْأُخْرَى مِنْهَا قَرِيبٌ»

''سب سے پہلے جو نشانی ظاہر ہوگی، وہ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور چاشت کے وقت دابہ کا لوگوں پر نکلنا ہے۔ ان میں سے جو بھی پہلے ظاہر ہوگی، دوسری اس کے بعد قریب ہی ہوگی۔''[1]

علاماتِ قیامت کے سلسلے میں جو ترتیب پہلے گزر چکی ہے، اس کی اس حدیث کے ساتھ موافقت کیسے ہوگی؟

اس حدیث سے مراد قیامِ قیامت کی علامات ہیں اور اس کی تائید بخاری کی دوسری روایت کے ان الفاظ سے بھی ہوتی ہے: «مَا أَوَّلُ أَمْرِ السَّاعَةِ؟» یعنی قیامِ قیامت کی ابتدا کیسے ہوگی؟

تنبیہ

یہ آگ جو لوگوں کو حشر کے لیے اکٹھا کرے گی، اس آگ کے علاوہ ہوگی جس کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ ارض حجاز میں ظاہر ہوگی اور جس سے بصری کے

[1] صحیح مسلم، الفتن و أشراط الساعة، حدیث:2941.

اونٹوں کی گردنیں روشن ہو جائیں گی۔ وہ آگ ساتویں صدی ہجری میں ظاہر ہو چکی ہے اور یہ قیامت کی علاماتِ صغریٰ میں سے ہے۔[1]

آگ لوگوں کو کیسے اکٹھا کرے گی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

لوگوں کو میدانِ حشر میں تین طریقوں سے لایا جائے گا۔ کچھ رغبت اور خوف سے آئیں گے۔ کچھ ایک اونٹ پر دو دو، تین تین، چار چار یا دس دس افراد ہوں گے۔ باقی لوگوں کو آگ اکٹھا کرے گی ۔ جہاں وہ قیلولہ کریں گے، آگ بھی ان کے ساتھ ٹھہرا کرے گی اور جہاں وہ رات گزاریں گے، آگ بھی وہاں رات گزارے گی۔ جہاں وہ صبح کریں گے ، آگ بھی وہاں صبح کرے گی اور جہاں شام کریں گے، آگ بھی وہاں شام کرے گی۔[2]

مطلب یہ ہے کہ اس آگ کا مقصد لوگوں کو جلانا نہیں ہوگا بلکہ انھیں محض شام میں واقع ارض محشر کی طرف چلانا ہوگا۔ جب لوگ تھک جائیں گے اور قیلولہ یا نیند کے لیے رکیں گے، اس وقت آگ بھی رک جائے گی لیکن جب قیلولہ سے بیدار ہوں گے تو آگ بھی انھیں لے کر چل پڑے گی حتی کہ انھیں شام میں پہنچا دے گی۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''لوگ روز قیامت تین گروہوں کی شکل میں اٹھائے جائیں گے۔ ایک گروہ تو

---

[1] یہ بات علامت نمبر (13) میں گزر چکی ہے۔ [2] صحيح مسلم، الجنة ونعيمها، حديث: 2861.

پُرامید، کپڑے پہنے ہوئے سواریوں پر سوار ہوگا۔ دوسرا گروہ ایسا ہوگا جو کبھی چلے گا کبھی دوڑے گا اور تیسرا گروہ ایسا ہوگا جسے فرشتے ان کے چہروں کے بل گھسیٹ کر لائیں گے۔ ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: ان دو گروہوں کو تو ہم نے معلوم کر لیا مگر یہ کون ہوں گے جو کبھی چلیں گے اور کبھی دوڑیں گے؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سواریوں پر ایسی آفت بھیجے گا کہ کوئی سواری باقی نہیں بچے گی حتی کہ ایک شخص جس کا ایک خوش نما باغ ہوگا، اسے ایک چھوٹے کجاوے والی عمر رسیدہ کمزور اونٹنی دی جائے گی مگر وہ اس پر سوار نہ ہو سکے گا۔" [1]

[1] مسند أحمد:5/164، وسنن النسائي: 2088، وهو حديث صحيح.

خاتمہ

میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرتا ہوں کہ اس نے مجھے اس کتاب کی تکمیل کے لیے سہولت اور اعانت سے سرفراز فرمایا، میں اللہ تعالیٰ کے حضور دست بدعا ہوں کہ وہ اس کتاب کو نفع بخش بنائے اور اس کے بارے میں نیت کو محض اپنی ذات پاک کے لیے خالص کر دے۔

میری خواہش تھی کہ میں علاماتِ قیامت کو جدید اور پُرکشش اسلوب میں پیش کروں تا کہ قاری کو گرانقدر فائدہ حاصل ہو۔ اُمید ہے کہ میری تمنا پوری ہوئی اور مجھے اپنے ارادے کی تکمیل کی توفیق میسر آ گئی ہے۔

اس کتاب کے قارئین کرام کے لیے یہ بہت خوب صورت بات ہوگی کہ وہ اس کے مطالعے کے بعد اپنی رائے یا ملاحظات یا اپنا نقطۂ نظر تحریر کر کے میرے ای میل ایڈریس پر یا SMS کے ذریعے سے ارسال فرمائیں۔ میں ان کے لیے بے حد ممنون اور غائبانہ طور پر دست بدعا ہوں گا۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ ہم سب کو توفیق فرمائے۔ آمین!

ڈاکٹر محمد بن عبدالرحمٰن العریفی
استاذ عقیدہ و معاصر اُدیان و مذاہب
شاہ سعود یونیورسٹی۔ ریاض

رکن سپریم کمیٹی برائے اسلامی ذرائع ابلاغ
ای میل: arefe5@yahoo.com
موبائل: 0096650584514

دنیا کے حالات بہت تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں۔ بڑے بڑے واقعات اور خطرناک حادثات کا ایک سیل رواں ہے جس نے انسانیت کو اپنی زد میں لے رکھا ہے۔ برائی کی قوتیں روز بروز طاقت ور ہوتی جا رہی ہیں۔ ہر زبان پر ایک ہی سوال ہے، کیا دنیا کا انجام قریب ہے؟!

ہر سوچنے سمجھنے والا انسان اس سوال کا جواب ڈھونڈنے کے لیے سرگرداں ہے۔ روز نئی پیشین گوئیاں شائع ہوتی ہیں، قیامت آنے کی تاریخیں تک دی جاتی ہیں اور گزر جاتی ہیں۔ سوال تشنۂ جواب ہی رہتا ہے۔

اس کائنات میں صرف اللہ کے رسول ﷺ کی ہی ہستی ہے جو صادق و مصدوق ہیں۔ انہوں نے جو کچھ بیان فرمادیا وہ عین حق اور سچ ہے۔ آپ ﷺ نے جو پیش گوئیاں فرمائیں وہ حرف بحرف پوری ہو رہی ہیں۔

اس کتاب میں آپ ﷺ کی سچی پیش گوئیاں صحیح اور مستند کتب سے حاصل کر کے خوبصورت ترتیب سے بیان کی گئی ہیں۔ مستقبل کا ہر نقش واضح ہے۔ آنے والے واقعات کی تصویر قاری کی آنکھوں کے سامنے پھرنے لگتی ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مہلک ترین فتنوں کے درمیان عافیت اور سلامتی کے اس راستے کی نشان دہی بھی کر دی گئی ہے جس پر چل کر ہر انسان منزل پر پہنچ سکتا ہے۔

دار السلام
کتاب و سنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ